محمد ﷺ
(کوئز بک)
سیرت النبی ﷺ
کا
انسائیکلوپیڈیا
محمد مسعود عبدہ
محمد الیاس عادل

سیرت النبی ﷺ کا انسائیکلوپیڈیا

(QUIZ BOOK)

محمد مسعود عبدہ

محمد الیاس عادل

ISLAMI

اسلامی کتاب گھر

۲۸۶۱، کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی۔۲

رابطہ 8010149415 ,9210029474

سیرت النبی ﷺ کا انسائیکلوپیڈیا

محمد مسعود عبدہ　　محمد الیاس عادل

ISBN No. : 978-93-81397-11-4

ایڈیشن 2014

تعداد : ۱۱۰۰

Published by:

Islami Kitab Ghar
Publishers & Distributors
2861, 1st Floor, Kucha Chelan
Darya Ganj, New Delhi - 110 002
Ph.: 08010149415, 09210029474
email :Islamikitabghar@hotmail.com
website : www.islamikitabghar.com

مرقع نبوت

سید لولاک

سرور کونین، سید الثقلین، صاحب قاب قوسین، فخر موجودات، فخر نوع انسانی، احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ، مزمل و مدثر، یٰسین و طٰہٰ ﷺ کی سیرت طیبہ "سوالاً جواباً"۔

جن کی ذات گرامی میں آدمؑ کی عظمت۔ اسحٰق اور لوطؑ کی حکمت۔ داؤدؑ کی لحن و غنائت۔ صالحؑ کی فصاحت۔ موسیٰؑ کا شکوہ۔ یوشعؑ کا جہاد۔ ایوبؑ کا صبر۔ یعقوبؑ کی محبت۔ دانیالؑ کی دانائی۔ یونسؑ کی طاعت۔ الیاسؑ کا وقار اور عیسیٰؑ کا یقین مرتکز ہو کے رہ گیا تھا۔

محمد مسعود عبدہٗ
محمد الیاس عادل

تہدیہ

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ میں کسی تمہید و تقریظ کی ضرورت نہیں جو منزل قرآن' ناشر اسلام' ناسخ شرک و اصنام تھے۔ جنہوں نے انسانوں کو دنیا میں جینے کے قرینے اور فلاح آخرت کے سلیقے سکھائے۔

وہ نور ہدایت جو حسن اخلاق' کمال عقل اور یقین محکم سے اس مقام پر جلوہ آرا ہوئے جس سے ماورا پر نظر' منزل برتر اور مقام بلند تر ممکن نہیں۔

بلغ العلیٰ بکمالہ
کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ
صلوا علیہ و آلہ

حضرت محمد ﷺ کی زندگی کے ابتدائی حالات

س :۔ آنحضرت ﷺ پیدا ہوئے تو جناب عبداللہ کا سایہ عظمت ان کے سر پر موجود نہ تھا۔ ان حالات میں حضورؐ کے کون کفیل ہوئے؟

ج :۔ جناب عبدالمطلب۔ لیکن حضورؐ آٹھ سال کے ہوئے تو آپؐ کے دادا محترم عبدالمطلب بمقام مکہ مکرمہ 110 سال کی عمر میں عام الفیل کے آٹھ سال بعد انتقال فرما گئے۔

س :۔ جناب عبدالمطلب نے رسول کریمؐ کے متعلق کیا وصیت کی تھی؟

ج :۔ آپ نے مرتے وقت جناب عبداللہ کے سگے بھائی جناب ابو طالب کی کفالت میں حضورؐ کو دے دیا۔

س :۔ جناب عبدالمطلب کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج :۔ مکہ کے ایک پہاڑ حجون میں۔ ان کے خاندانی قبرستان میں۔

س :۔ انتقال کے وقت حضرت عبدالمطلب اپنے بیٹوں میں تولیت کعبہ کے کون سے مناصب سپرد کر گئے؟

ج :۔ جناب ابوطالب کو سقایت' زمزم کا منصب اپنے بیٹے زبیر کو اور حکومت اور تولیت کعبہ کا منصب بھی انہی کے سپرد کیا۔

س :۔ جناب ابوطالب نے قریش کے قافلہ کے ساتھ شام جانے کا ارادہ کیا تو حضورؐ کو بھی ساتھ لے لیا تو بصریٰ میں کس نے حضورؐ کے متعلق پیش گوئی کی تھی؟

ج :۔ نصرانی راہب بحیرا نے۔

س :۔ بحیرا راہب کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :۔ جبرجیس

س :۔ بحیرا نے حضورؐ کے متعلق کیا پیش گوئی کی تھی؟

ج :۔ یہی کہ حضورؐ اللہ کے نبی اور رسول ہیں۔

س :۔ بحیرا کو کیسے معلوم ہوا حضورؐ نبی اور رسول ہیں؟

ج :۔ اس نے اپنے روحانی علم سے معلوم کر لیا تھا کہ حضورؐ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت ہے۔

س :۔ کیا جنگ فجار بھی اہل عرب کے جنگی سلسلوں کی ایک کڑی تھی؟

ج :۔ ہاں۔ دور جاہلیت کے عرب قبیلے ذرا سی بات پر جنگ و جدل پر آمادہ ہو جاتے اور یہ جنگ نسلوں تک جاری رہتی تھی۔

س :۔ یہ معرکہ کن کے درمیان ہوا؟

ج :۔ یہ معرکہ قریش اور قبیلہ قیس کے درمیان ہوا۔

س :۔ کیا نبی اکرم ﷺ نے اپنی خوشی سے اس جنگ میں شرکت کی؟

ج :۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے چچاؤں کے اصرار پر شرکت فرمائی تھی۔

س :۔ حضورؐ نے اس جنگ میں کون سا کارنامہ کیا؟

ج :۔ دشمن سے آئے ہوئے تیروں کو اٹھا اٹھا کر اپنے چچاؤں کو دیتے رہے۔

س :۔ اس جنگ کا نام فجار کیوں پڑا؟

ج :۔ اس میں حریف قبائل کنانہ اور قیس نے اپنے درمیان تعلقات میں بعض حرام کاموں کو حلال قرار دے لیا تھا۔

س :۔ اس جنگ میں کس قبیلے کی فتح ہوئی؟

ج :۔ فریقین میں صلح ہو گئی۔

س :۔ جنگ فجار میں قریش اور کنانہ کا قائد کون تھا؟

ج :۔ حرب بن امیہ بن عبدالشمس۔

س :۔ اس جنگ میں حضورؐ کی عمر کتنی تھی؟

ج :۔ ابن سعد کے نزدیک آپؐ کی عمر بیس سال تھی۔

س :۔ حلف الفضول سے متعلق تاریخ عرب کیا کہتی ہے؟

ج :۔ حرب فجار میں معمولی سی بات پر اتنی خونریزی کی وجہ سے بعض طبیعتوں میں یہ خیال پیدا ہوا کہ جن بنیادوں پر جرہمی دور میں انسداد قتل و غارت گری کے لئے تین اشخاص یعنی فضل بن فضالہ، فضل بن وداعۃ اور فضل بن حارث نے ایک معاہدہ مرتب کیا تھا جو انہی کے ناموں پر "حلف

الفضول" کے نام سے مشہور ہوا شوال میں جنگ فجار ختم ہوتے ہی حلف الفضول کے لئے سلسلہ جنبانی شروع ہوا۔

س :۔ اس سلسلہ جنبانی کا محرک کو تھا؟

ج :۔ زبیر بن عبدالمطلب ۔ بنو ہاشم۔ اور بنو تیم وغیرہ عبداللہ بن جدعان کے مکان پر ضیافت میں جمع ہوئے۔ اس مجلس میں سب نے مظلوم کی حمایت کا عہد کیا۔

س :۔ یہ عہد کرنے والے کون لوگ تھے؟

ج :۔ بنی ہاشم' بنی تیم' بنی عبدالمطلب' بنی زہرہ اور بنی حارث بن مہرؔ کے معززین اور سرداروں نے یہ عہد کیا تھا۔

س :۔ حضورؐ کو صادق اور امین جیسے لقب کفار نے بھی کیوں دیئے؟

ج :۔ حسن معاملہ کی بنا پر۔ آپؐ کی نیکی اور پاکبازی کی شہرت اہل عرب میں ضرب المثل بن گئی۔

س :۔ نبی اکرم ﷺ نے کس کے ایماء پر شام کا دوسرا تجارتی سفر کیا؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ نے آپ کی پاکبازی کی شہرت سنی تو پیغام بھیجا کہ ان کا مال لے کر شام جائیں۔

س :۔ اس تجارتی سفر میں حضرت خدیجہؓ کی طرف سے کیا کوئی شخص حضورؐ کے ساتھ تھا؟

ج :۔ حضرت خدیجہ کا غلام میسرہ اور ان کا ایک رشتہ دار خذیمہ

س :۔ دوسرے تجارتی سفر میں بصریٰ میں حضورؐ کی ملاقات کس سے ہوئی؟

ج :۔ کلیسا کے ایک راہب سطورا سے۔

س :۔ میسرہ نے اس سفر میں حضورؐ کے متعلق کیا دیکھا تھا؟

ج :۔ میسرہ کا بیان ہے کہ جب دوپہر کے وقت گرمی شدید ہو جاتی تو میں دیکھتا دو فرشتے آپ پر پروں کا سایہ کر لیتے۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ کون تھیں؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ خویلد کی بیٹی تھیں۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج :۔ ام ہند

س :۔ قصیٰ بن کلاب سے آپ کا کیا رشتہ تھا؟

ج :۔ آپ ان کی پوتی تھیں۔

س :۔ اہل مکہ شرافت نسبی، عفت اور پاکدامنی کی وجہ سے حضرت خدیجہؓ کو کس لقب سے پکارتے تھے؟

ج :۔ "طاہرہ" کے لقب سے۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ اوائل عمر میں کس سے منسوب تھیں؟

ج :۔ ورقہ بن نوفل سے لیکن نکاح کی نوبت نہ آئی۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج :۔ ہند بن بناس سے جو ابو ہالہ کے نام سے مشہور تھا۔

س :۔ ابو ہالہ سے حضرت خدیجہؓ کی کتنی اولادیں ہوئیں؟

ج :۔ تین لڑکے۔ ہالہ۔ طاہر۔ ہند

س :۔ ابو ہالہ کے انتقال کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کتنی تھی؟

ج :۔ اکیس بائیس سال۔

س :۔ ابوہالہ کے انتقال کے بعد حضرت خدیجہؓ کس کے عقد میں آئیں؟

ج :۔ عتیق بن عائذ مخزومی

س :۔ کیا عتیق سے حضرت خدیجہؓ کی کوئی اولاد پیدا ہوئی؟

ج :۔ ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام بھی ہند تھا۔

س :۔ عتیق کے انتقال کے بعد حضرت خدیجہؓ نے کس سے نکاح کیا؟

ج :۔ صیفی بن امیہ سے

س :۔ اس نکاح کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کتنی تھی؟

ج :۔ تیس اکتیس سال

س :۔ حضرت خدیجہؓ کو نبی اکرمؐ کی تمام ازواج مطہرات پر فوقیت کیوں حاصل ہے؟

ج :۔ آپ عورتوں میں سب سے پہلے حضورؐ پر ایمان لائیں۔

س :۔ آنحضرت ﷺ کے صلب سے حضرت خدیجہؓ سے کتنی اولادیں پیدا ہوئیں؟

ج :۔ دو لڑکے۔ حضرت قاسمؓ اور حضرت عبداللہؓ ایک لڑکی سیدہ زینب دوسری سیدہ رقیہؓ اور سیدہ ام کلثومؓ حضرت فاطمہؓ

س :۔ سیدہ زینبؓ نے کب انتقال کیا؟

ج :۔ آپ نے 8ھ میں انتقال کیا۔

س :۔ سیدہ زینب کی میت کو کس نے غسل دیا؟

ج :۔ حضرت ام سلمہؓ اور حضرت ام عطیہؓ نے۔

س :۔ حضرت عثمانؓ کو ذوالنورین کیوں کہتے ہیں؟

ج :۔ حضرت عثمانؓ کا حضورؐ کی دو بیٹیوں سے نکاح ہوا۔

س :۔ حجراسود کو اپنے مقام پر رکھنے کی سعادت کس کو حاصل ہوئی؟

ج :۔ آنحضرت ﷺ

س :۔ تعمیر کعبہ کے دوران رسول کریم ﷺ کی کس بیٹی کی پیدائش ہوئی؟

ج :۔ سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالٰی عنہا۔

التوائے وحی

زمانہ فترت

س :- التوائے وحی اور زمانہ فترت سے کیا مراد ہے؟
ج :- پہلی وحی کے کچھ دنوں وحی کا آنا بند رہا۔ اسی کو التوائے وحی اور زمانہ فترت کہتے ہیں۔
س :- التوائے وحی کے دوران آنحضرت ﷺ کی کیا حالت و کیفیت تھی؟
ج :- التوائے وحی کے زمانہ میں حضورؐ سخت پریشان رہتے تھے۔ اسی کیفیت میں ایک دن جبل حرا پر چڑھ گئے اور جی میں آیا کہ نیچے گر کر جان دے دیں۔
س :- دوسری وحی کتنی مدت کے بعد حضورؐ پر نازل ہوئی؟
ج :- ڈھائی برس کے بعد دوسری وحی نازل ہوئی۔ حضرت جبریل سے دوسری ملاقات۔
س :- اس موقع پر حضرت جبریلؑ نے کیا کہا؟
ج :- اے درست کرنے والے۔ اٹھو اور گندے اعمال والوں کو ڈراؤ۔ اپنے پروردگار کی بزرگی پھیلاؤ۔
س :- وحی اور تنزیل میں بالترتیب کتنی منزلیں پیش آتی ہیں؟
ج :- وحی اور تنزیل دو بالترتیب منزلیں پیش آتی ہیں۔ پہلی منزل یہ ہوتی ہے کہ وجود نبوت کو وحی کی جانب مخاطب کرے اور اس سے علاقہ وحی قائم کرے۔
س :- اس منزل کو کیا کہتے ہیں اور دوسری منزل کیا ہے؟
ج :- اس منزل کو منزل نبوت کہتے ہیں اور دوسری منزل یہ ہے کہ جب رابطہ قائم ہو گیا تو اب کام کرنے کا حکم دیا جائے۔ یہ منزل رسالت ہے۔ یعنی احکام الٰہی کی تبلیغ اور اللہ کا حکم انسانوں تک پہنچانا۔

جب وجود معلم خود تعلیم پاکر مستعد ہو گیا تو اسے تبلیغ دین کا حکم دیا گیا کہ اب تم پڑھانے کے لئے تیار ہو گئے۔ انسانوں کو دین حق کا سبق سکھاؤ۔ لہٰذا سب سے پہلا سبق' سب سے پہلی تعلیم جو دی گئی وہ سورۂ فاتحہ کا جامع و اکمل درس تھا۔ اس کے ساتھ ہی پیغام حق کی تبلیغ شروع ہو گئی۔

س :- حضورؐ کو آخری وحی کب ہوئی؟
ج :- آپؐ کی وفات سے نو دن پہلے ۳ ربیع الاول ۱۱ھ یوم شنبہ کو۔

س :۔ وحی کسے کہتے ہیں؟
ج :۔ لغوی معنی میں مخفی طور پر سرعت کے ساتھ کسی بات کو بتلا دینے کو وحی کہتے ہیں۔
س :۔ وحی ربانی کی کتنی صورتیں ہو سکتی ہیں؟
ج :۔ تین صورتیں۔ الاوحیا“۔ اپنا کلام فرشتے کی وساطت کے بغیر نبی و رسول کے دل میں القا کر دے۔ اومن ور آء حجاب پردے کے پیچھے سے اللہ کا کلام سنائی دے۔ اویرسل رسولا“ فیوحی باذنہ مایشآء اللہ کسی پیغامبر کو بھیجے اور وہ اللہ کی اجازت سے اللہ جو چاہے پیغام پہنچائے۔
س :۔ وحی کی کتنی اقسام ہیں؟
ج :۔ دو طرح کی۔ وحی متلو اور وحی غیر متلو
س :۔ وحی متلو سے کیا مراد ہے؟
ج :۔ وہ وحی جس کے الفاظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتے ہیں۔
س :۔ وحی غیر متلو سے کیا مراد ہے؟
ج :۔ وہ وحی جس کے الفاظ نازل نہیں ہوتے صرف معانی و مفاہم یا خیالات و تصورات القا کئے جاتے ہیں۔
س :۔ وحی کی دو قسموں متلو اور غیر متلو کے علاوہ بھی کوئی قسمیں ہیں؟
ج :۔ چار قسمیں اور بھی ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

وحی ظاہر:۔ جو وحی رسول اللہ ﷺ کے پاس حضرت جبریل کے ذریعے آتی تھی۔

وحی ظاہر خفی :۔ وہ وحی غیر متلو جو بذریعہ فرشتہ کے یا القا کی صورت میں فی القلب آپؐ کے پاس آتی تھی۔

وحی باطنی:۔ پیش آمدہ مسائل و واقعات و جزئیات میں کافی غور و خوص کے بعد جو علم یقین آپؐ کے قلب منور میں من جانب اللہ پیدا کر دیا جاتا تھا اور آپ تذبذب میں حکم فرما دیتے تھے۔

مایشبہ الوحی یا وحی مانا:۔ ہر قسم کی وحی نہ ہونے کی صورت میں نزول وحی کا انتظار کر چکنے کے بعد آپؐ نے جو احکام اپنی رائے یعنی اجتہاد سے یا صحابہؓ کے مشورہ سے نافذ کئے اور اللہ تعالیٰ نے انہیں برقرار رکھا۔ اس کے خلاف کوئی تنبیہہ نہیں کی گئی۔

س :۔ القا و الہام کی کتنی قسمیں ہیں؟
ج :۔ تین قسمیں۔ جبلی ادراک۔ واردات۔ رویائے صالحہ
س :۔ واردات قلب کسے کہتے ہیں؟

ج :- اس صورت میں الفاظ نازل نہیں ہوتے۔ دل میں کسی فکر و استدلال کے بغیر بے تامل ایک واضح خیال اترتا ہے۔

احکام قرآنی

س :- احکامات قرآنی کیا ہیں؟

ج :- بتوں کو مت پوجو۔

زمین میں فساد مت کرو۔

قرابت والے کو اس کا حق دو۔

کسی کے ساتھ دشمنی کی بنا پر ناانصافی مت کرو۔

لوگوں کے درمیان صلح کرا دیا کرو۔

معافی دے دیا کرو۔ درگزر کرو۔

سب مسلمان آپس میں بھائی ہیں۔

کسی کو ناحق قتل مت کرو

ناپ تول انصاف کے ساتھ پورا کرو۔

اگر تکلیف دو تو اتنی جتنی تم کو دی گئی ہے

اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ لو اور آپس میں اختلاف نہ کرو۔

نیکی کا بدلہ نیکی ہے۔

اصطلاحات قرآنیہ

س :- آیت کسے کہتے ہیں؟

ج :- قرآن کے اس جملہ کو جو اپنے ماقبل و مابعد منقطع ہو۔ اس کا نشان ○ یہ ہے۔

س :- سور کیا ہے؟

ج :- حد کو کہتے ہیں۔ اس لئے قرآن کے ہر محدود جز کا نام سورۃ ہے۔ چند آیتوں کا مجموعہ۔

س :- منزل کسے کہتے ہیں؟

ج :- قرآن کے روزانہ ورد کو منزل کہتے ہیں۔

س :- قرآن میں کتنی منزلیں ہیں؟

ج :- قرآن میں سات منزلیں ہیں۔

س :- سبع طوال کیا ہے؟

ج :- قرآن کریم کی سات بڑی آیتیں۔ بقرہ۔ آل عمران۔ نساء۔ مائدہ۔ انعام۔ اعراف۔ انفال۔ توبہ

س :- سبع المعین؟

ج :- سورۂ یونس سے سورہ فاتحہ تک کی آیات۔

س :- سبع المثانی؟

ج :- سورہ یسٓ سے سورہ قٓ تک۔ مثانی اس لئے کہتے ہیں کہ ان میں قصص کو دہرایا گیا ہے۔

س :- سیپارہ کسے کہتے ہیں؟

ج :- قرآن کریم کے تیس حصے ہیں۔ ہر حصہ پارہ کہلاتا ہے

س :- قرآن حکیم کا پہلا پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- الم کے نام سے۔

س :- پہلے پارہ میں کتنی آیات ہیں؟

ج :- سورۂ فاتحہ اور سورۂ بقر کی ایک سو اکتالیس آیات۔

س :- قرآن کریم کے اور کونسے نام ہیں؟

ج :- ام القرآن۔ اساس القرآن۔ الکافیہ۔ الشافیہ

س :- سورۂ فاتحہ کو سورۂ فاتحہ کیوں کہتے ہیں؟

ج :- یہ قرآن مجید کی افتتاحی سورہ ہے۔

س :- سورہ فاتحہ کتنی آیات پر مشتمل ہے؟

ج :- سات آیات پر

س :- قرآن حکیم کے دسویں پارے کا کیا عنوان ہے۔

ج :- واعلموا

س :- قرآن حکیم کا تیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے۔

ج :- عم یتساء لون

آیات و سور

س :- قرآن حکیم میں کتنی سورتیں ہیں؟

ج :- 114 سورتیں

س :- سورت کے لغوی معنی کیا ہیں؟
ج :- شرف۔ منزلت۔ بلندی
س :- قرآن کریم کی سور سے کیا مراد ہے؟
ج :- ایک مستقل قطعہ یا باب۔
س :- سورت کی جمع کیا ہے؟
ج :- سورت کی جمع سور ہے۔
س :- ہر سورت کس سے ترتیب پاتی ہے؟
ج :- ہر سورت آیات سے ترتیب پاتی ہے۔
س :- آیت کے لفظی معنی کیا ہیں؟
ج :- علامت۔ نشانی۔ معجزہ
س :- نبی کریم ﷺ پر سب سے پہلی سورت کونسی نازل ہوئی؟
ج :- سورۂ فاتحہ
س :- کس سورت کو ام القرآن کہتے ہیں؟
ج :- سورۂ فاتحہ ام القرآن ہے۔
س :- قرآن حکیم کتنے عرصے میں نازل ہوا؟
ج :- قرآن حکیم تیس سال کے عرصہ میں جستہ جستہ نازل ہوا
س :- مکی سورتوں سے کیا مراد ہے؟
ج :- جو سورتیں ہجرت سے پہلے مکہ میں نازل ہوئیں۔
س :- مدنی سورتوں سے کیا مراد ہے؟
ج :- جو سورتیں مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں مدنی ہیں۔
س :- محکمات اور متشابہات سے کیا مراد ہے؟
ج :- محکمات وہ سورتیں ہیں جو صاف سمجھ میں آ جاتی ہیں۔ متشابہات وہ سورتیں ہیں جن کی حقیقت کو انسان نہیں پا سکتا۔

حفظ القرآن

س :- حفظ القرآن سے کیا مراد ہے؟
ج :- وہ صحابہ جنہوں نے قرآن کریم حفظ کیا۔ جب کوئی آیت یا سورت نازل ہوتی تو آپؐ فوراً صحابہ کو لکھا دیتے۔ صحابہ حفظ کر لیتے۔

س :- چند مشہور اصحاب کے نام بتائیں؟
ج :- حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت خذیفہ بن الیمانؓ۔ حضرت ابو موسیٰؓ اشعری۔
س :- کیا مردوں کے علاوہ عورتیں بھی حافظ قرآن تھیں ان کے نام بتائیں؟
ج :- حضرت عائشہؓ۔ حضرت ام سلمہؓ۔ حضرت ام ورقہؓ۔
س :- کیا حضورؐ قرآن مجید کا درس فرماتے رہے؟
ج :- ہاں جب تک حضورؐ مکہ میں مقیم رہے ارقم مخزومیؓ کے مکان میں قرآن کا درس دیتے رہے۔ جب مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو مسجد میں درس دیتے رہے۔ حضورؐ نے فرمایا تم میں وہ شخص افضل ہے جو قرآن پڑھے اور پڑھائے۔ جو شخص نیا مسلمان ہوتا حضورؐ اس کو قرآن شناسی کے لئے صحابہؓ کے سپرد کرتے تھے۔

کاتبان قرآن

کاتبان وحی

س :- کاتبان وحی سے کیا مراد ہے؟
ج :- قرآن نویس
س :- رسول کریمؐ نے کتنے صحابہؓ کو کتابت قرآن کی خدمت پر مامور کر رکھا تھا؟
ج :- چالیس صحابہ کو۔
س :- چند مشہور کاتبان وحی کے نام بتاؤ۔
ج :- حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت خالد بن ولیدؓ۔ حضرت زبیرؓ بن العوام۔ حضرت عبداللہ بنؓ سلول۔ حضرت معاویہؓ بن ابو سفیان۔
س :- عہد رسالت میں فن کتابت کیسا تھا؟
ج :- عرب فن کتابت کے موجد تھے۔ وہی ساری دنیا کے استاد تھے
س :- اس دور کے چند مشہور خوش نویسوں کے نام بتائیں؟
ج :- حضرت ابو سفیانؓ بن حرب۔ حضرت ابن الارتؓ۔ حضرت شرجیلؓ حضرت عبداللہ بنؓ سعید مشہور خوشنویس تھے۔
س :- آنحضرتؐ کے عہد زریں میں سامان کتابت کیا تھا؟

ج :۔ اہل عرب ایک کپڑے کو روغن دے کر لکھنے کے لئے مسطر بناتے تھے۔
س :۔ لخاف اور عیب کس کو کہتے ہیں؟
ج :۔ سفید پتھروں کی پتلی چکنی چکور تختیاں بناتے تھے۔ ان کو عرب لخاف کہتے تھے۔

اعلانیہ تبلیغ

س :۔ آنحضرت ﷺ کتنے سال چپکے تبلیغ فرماتے رہے؟
ج :۔ تین سال
س :۔ ابتدا میں کونسی جگہ تبلیغ کا مرکز بنی؟
ج :۔ دارارقم
س :۔ نماز چھپ کر اس دور میں کہاں پڑھی جاتی تھی؟
ج :۔ گھروں میں اور پہاڑوں کی گھاٹیوں میں۔
س :۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ملتے ہی حضورؐ نے اعلانیہ تبلیغ کا اعلان کیسے کیا؟
ج :۔ آنحضرتؐ نے خاندان عبدالمطلب کی دعوت کی۔ سب لوگ کھانے سے فارغ ہو گئے تو آنحضرتؐ نے مدعوئین میں اعلانیہ تبلیغ کا اعلان کیا۔
س :۔ اس موقع پر حضورؐ نے کیا اعلان کیا تھا؟
ج :۔ "مجھے اللہ نے حکم دیا ہے کہ اس کی طرف آپ لوگوں کو متوجہ کروں۔ بولئے آپ میں سے کون کون میرا ساتھ دے گا" آپ کا یہ مبارک خطاب سن کر حاضرین مجلس کو بے ساختہ ہنسی آ گئی اور وہ اٹھ کر گھروں کو چلے گئے۔
س :۔ اس موقع پر کیا حیرت انگیز واقعہ پیش آیا۔
ج :۔ حضرت علیؓ جو اس وقت کم سن تھے بولے میں آپؐ کا ساتھ دوں گا۔

تبلیغی مساعی

س :۔ یہ دور آنحضرت ﷺ کے لئے بڑا کٹھن دور تھا۔ اس میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟
ج :۔ آپ کی تبلیغی مساعی سے مسلمانوں کی تعداد چالیس سے تجاوز کر گئی۔
س :۔ مسلمانوں کی تعداد چالیس ہو جانے پر حضورؐ نے کس بات کا اعلان کیا؟

ج :۔ توحید کا اعلان کیا۔ کفار کے نزدیک یہ حرم کعبہ کی توہین کے مترادف تھا۔ کفار آپ کو مارنے پر تل گئے۔

س :۔ اس موقعہ پر کیا افسوس ناک واقعہ پیش آیا؟

ج :۔ حضرت حارثؓ بن ابی ہالہ آپ کی مدد کو دوڑے اور آپ کفار کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ حضرت حارثؓ بن ابی ہالہ اسلام میں سب سے پہلے شہید ہیں۔

س :۔ آنحضرتؐ نے اپنی تبلیغی سرگرمیوں کا دائرہ کیسے وسیع کیا؟

ج :۔ آپؐ عکاظ، مجنہ اور ذی المجاز جیسے بڑے بڑے میلوں میں جاتے اور وعظ فرماتے۔ لوگوں کو الہ واحد کی طرف بلاتے۔

س :۔ قریش آیات قرآنی سنتے تو کیا کرتے؟

ج :۔ لڑائی جھگڑا شروع کر دیتے۔

س :۔ تبلیغ کے ابتدائی دور میں کفار قریش نے کیا الزامات لگائے؟

ج :۔ کفار نے حضورؐ پر جادوگری کا الزام لگایا۔ آپؐ کو نعوذ باللہ جادوگر کہتے۔ جو کوئی بلند آواز سے قرآن پڑھتا اس کو مارتے۔

س :۔ جن لوگوں کو اسلام لانے پر تکلیفیں دی گئیں ان میں سر فہرست کون ہیں؟

ج :۔ حضرت بلالؓ

س :۔ اسلام لانے پر حضرت بلالؓ کو کیا کیا سزائیں دی گئیں؟

ج :۔ سورج بڑا تیز ہوتا تو آپ کا مالک آپ کو تپتی ریت پر لٹا دیتا۔ بوجھل پتھر آپؐ کے سینہ پر رکھ دیتا۔

س :۔ اس ظلم سے حضرت بلالؓ کو کس نے نجات دلائی؟

ج :۔ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت بلالؓ کو خرید کر غلامی سے آزاد کر دیا۔

س :۔ حضرت بلالؓ تپتی ریت پر پتھر کے بوجھ تلے کیا نعرہ لگاتے تھے؟

ج :۔ احد۔ احد

س :۔ حضرت بلالؓ کے مالک کا کیا نام تھا؟

ج :۔ امیہ بن خلف

س :۔ حضرت عمار بن یاسرؓ بھی تو غلام تھے ان پر مسلمان ہو جانے کی حالت میں کیا ستم توڑے گئے؟

ج :۔ کفار آپ کو تپتی ریت پر چلچلاتی دھوپ میں پہروں لٹا دیتا۔

س :۔ حضرت بلالؓ کے علاوہ اور کس کس پر کفار نے ظلم کیا۔ ان کے نام بتائیں؟

ج :۔ خباب بن الارتؓ۔ صہیب ابن سنان الرومیؓ۔ عامر بن فہیرہؓ

س :۔ حضرت لبینہ کون تھیں؟

ج :۔ آپ بنی مومل بن حبیب بن کعب کی لونڈی تھیں۔ آپ کا کافر مالک آپ کو بڑی سخت سزائیں دیتا تھا۔

س :۔ حضرت لبینہ کو کس نے غلامی سے آزاد کرایا؟

ج :۔ حضرت ابوبکرؓ نے۔

س :۔ اسلام سے منحرف کرنے کے لئے کفار نے آنحضرتؐ کو کیا کیا لالچ دیئے؟

ج :۔ محمدؐ اگر تم ریاست اور حکومت چاہتے ہو۔ اگر تم عرب کی سب سے حسین عورت سے شادی کرنا چاہتے ہو۔ تو ہم تمہاری ہر خواہش پوری کرنے کو تیار ہیں۔

س :۔ کفار کے لالچ دینے پر حضورؐ کیا فرماتے تھے؟

ج :۔ اگر تم میرے ایک ہاتھ پر چاند اور دوسرے پر سورج رکھ دو تب بھی میں سلام کو نہیں چھوڑوں گا۔

قرآن و سیرت صاحب قرآن

س :۔ قرآن اور سیرت نبویہ میں کیا فرق ہے؟

ج :۔ قرآن و نبوت ایک ہی چیز ہیں۔ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور حضورؐ کی سیرت اس کی تشریح و تفسیر۔ قرآن علم ہے اور سیرت اس کا عمل۔ ایک مجسم و ممثل قرآن۔

س :۔ کتاب نور قرآن پاک کس لئے نازل کیا گیا۔

ج :۔ یہ اس لئے نازل کیا گیا کہ انسانوں کو تاریکی سے نکالے ۔ انہیں روشنی میں لائے۔ سلامتی کے راستے پر چلائے۔ قرآن انسانوں کے لئے مژدہ رحمت ہے۔

س :۔ حضورؐ کے صفاتی نام اور ان کے مطالب بیان کریں۔

ج :۔ احمدؐ و محمدؐ ------ ساری کائنات انہی کی تابع

ہے۔

مطلوب ------ ساری کائنات انہی کی طالب ہے۔

برہان ------ کھلی ہوئی دلیل۔

امی ------ جو پڑھے لکھے نہ تھے لیکن کائنات کے علم و فنون کی معرفت و عرفان کا پرتو ہیں۔

خطیب الانبیاء ------ کمال خطابت حضورؐ کی ذات گرامی سے پیدا ہوا۔

افصح العرب ------ عرب کے سب سے فصیح انسان۔

خافض ------ شرم و حیا کے پیکر

سراج منیر ------ جن سے زمین و آسمان روشن و منور ہے۔

روح الحق ------ حضرت عیسیٰؑ نے حضورؐ کو اسی خطاب سے پکارا۔

صادع ------ حق گو۔ حق نویس۔ حق پرست۔ حق شناس۔ حق بیں۔

صاحب ------ صاحب لولاک۔ صاحب امم۔ صاحب کتاب۔ یٰسین۔ سید البشر۔ سید الناس

س :۔ آنحضرت ﷺ کے حالات مبارکہ اور اخلاق فاضلہ معلوم کرنے کا سب سے زیادہ یقینی' سب سے زیادہ مستند اور سب سے زیادہ صحیح ذریعہ کون سا ہے؟

ج :۔ قرآن کریم

س :۔ حضور علیہ الصلواۃ و السلام کے واقعات حیات معلوم کرنے کا دوسرا ماخذ کیا ہے؟

ج :۔ احادیث نبویؐ

س :۔ سیرت نبویؐ کا تیسرا ماخذ کونسا ہے؟

ج :۔ مغازی و سیرت کی وہ کتابیں جو مسلمان محققین اور مورخین نے مرتب کیں۔

س :۔ سیرت نبویؐ کا چوتھا ماخذ کیا ہے؟

ج :۔ قرآن حکیم کی وہ تفاسیر جو علمائے کرام اور محدثین عظام نے لکھیں۔

س :۔ سیرت نبویؐ کا پانچواں ماخذ کیا ہے؟

ج :۔ عالم اسلام کی وہ قدیم اور ضخیم تاریخیں جو مورخین نے لکھیں۔

س :۔ سیرت نبویؐ کا چھٹا ماخذ کیا ہے؟
ج :۔ اسماء الرجال کی کتابیں۔
س :۔ رسول کریم ﷺ کی ولادت باسعادت کب اور کہاں ہوئی؟
ج :۔ آنحضرت ﷺ کی ولادت ربیع الاول بروز جمعہ 1 ء عام الفیل شہر مکہ سوق اللیل کے مشہور مکان میں ہوئی۔
س :۔ آپؐ کا ظہور کس کے ہاتھوں سے ہوا؟
ج :۔ آپؐ کا ظہور شفا ام عبدالرحمٰن کے ہاتھوں ہوا۔
س :۔ آپؐ کی پیدائش پر رونما ہونے والے عجیب و غریب واقعات کیا ہیں؟
ج :۔ ایوان کسریٰ میں زلزلہ آ گیا۔ اس کے کنگرے گر گئے۔ فلسطین میں بحرۂ طبریہ خشک ہو گیا۔ ایک ہزار سال سے روشن فارس کا آتش کدہ بجھ گیا۔
س :۔ آنحضرت ﷺ کے کتنے اسمائے گرامی ہیں؟
ج :۔ حضورؐ نے خود فرمایا میرے بہت سے نام ہیں مثلاً محمدؐ۔ احمدؐ۔ ماحیؐ حاشرؐ۔ عاقبؐ۔ ملاحمؐ۔ مقفی۔
س :۔ قرآن مجید میں آپؐ کو کن الفاظ سے یاد کیا گیا ہے؟
ج :۔ رسولاً" ۔ شاہداً"۔ مبشراً"۔ نذیراً"۔ داعیاً"۔ سراجاً"۔ منیراً"۔ المدثرؐ المزمل۔ طٰہٰ یٰسین۔ خاتم الانبیا۔ محبوب الکبریا۔
س :۔ آنحضرت ﷺ کی کنیت کی تھی؟
ج :۔ آپکی کنیت ابوالقاسم تھی۔
س :۔ رسول کریم ﷺ کو کتنی عورتوں نے دودھ پلایا؟
ج :۔ رسول کریم ﷺ کو چار عورتوں نے دودھ پلایا۔
س :۔ رسول کریم ﷺ کو دودھ پلانے والیوں کا نام کیا ہیں؟
ج :۔ آپؐ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ۔ ثویبہ الاسلیمہ۔ خولہ بنت المنذر۔ ام ایمن، حلیمہ سعدیہ۔
س :۔ آنحضرت ﷺ کو سب سے زیادہ کس نے دودھ پلایا؟
ج :۔ بی بی حلیمہؓ سعدیہ نے۔
س :۔ بی بی حلیمہؓ سعدیہ کے شوہر کا کیا نام تھا؟
ج :۔ حارث بن عبدالعزی
س :۔ بی بی حلیمہؓ سعدیہ نے کب تک آپؐ کو دودھ پلایا؟

ج :۔ دو سال

س :۔ حضورؐ کتنا عرصہ حلیمہؓ سعدیہ کے پاس رہے۔

ج :۔ چھ سال

س :۔ آنحضرت ﷺ کی رضائی بہن کا کیا نام تھا؟

ج :۔ شیماالسعدیہ بنت حارث۔

س :۔ حضورؐ کی والدہ کا انتقال کب ہوا؟

ج :۔ قبیلہ بنی سعد سے واپسی کے بعد۔

س :۔ آنحضرتؐ کے والد ماجد کا نام کیا تھا؟

ج :۔ عبداللہ بن عبدالمطلب۔

س :۔ آنحضرت ﷺ کے دادا کا کیا نام تھا۔

ج :۔ عبدالمطلب۔

س :۔ عبدالمطلب کی کنیت کیا تھی؟

ج :۔ شیبہ

س :۔ ان کا نام شیبہ کیوں پڑا؟

ج :۔ ان کے سر پر کچھ سفید بال تھے۔ اور عربی میں شیبہ بوڑھے کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کا نام شیبہ پڑ گیا۔

س :۔ آنحضرت ﷺ کا شجرہ نسب کیا ہے؟

ج :۔ محمدؐ بن عبداللہ بن المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن زہرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہرالمقلب قریش بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

س :۔ حضور ﷺ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج :۔ بنو ہاشم

س :۔ جناب عبدالمطلب کے کتنے بیٹے تھے؟

ج :۔ بارہ بیٹے

س :۔ جناب عبدالمطلب کے بیٹوں کے نام بتائیں۔

ج :۔ عبداللہ۔ ابوطالب۔ زبیر۔ عباس۔ ضرار۔ قثم۔ المقوم۔ مغیرہ۔ ابولہب۔ حارث۔ غیداق۔

س :۔ حضورؐ کا چچا ابولہب چیچک میں مبتلا ہو کر مرا تھا۔ بتایئے کب؟

ج :۔ غزوہ بدر سے آٹھ روز قبل۔

س :۔ اس شاعر کا نام بتایئے جسے حضورؐ نے انعام دیا تھا؟

ج :۔ حضرت کعب بن زبیرؓ کو چادر انعام میں دی تھی۔

س :۔ حضورؐ نے کس کے بارے میں کہا تھا کہ عرب کے جس شخص کی میرے سامنے تعریف کی گئی وہ دیکھنے میں کم نکلا مگر اس سے بڑھ کر نکلا جو سنا تھا۔

ج :۔ زید الخیل۔ اسلامی نام زید الخیرؓ رکھا گیا تھا۔

س :۔ پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کرنے کا حکم 55ء میں آیا تھا۔ بتایئے کہ یہ کس سورۃ میں ہے۔

ج :۔ سورۃ النساء میں۔

س :۔ حضورؐ نے پہلا اسلام کا علم کسے دیا تھا؟

ج :۔ حضرت حمزہؓ

س :۔ کیا آپ اسلام کے اس پہلے علم کا رنگ بتا سکتے ہیں؟

ج :۔ سفید رنگ کا تھا۔

س :۔ حضورؐ کے زمانہ جاہلیت کے اس دوست کا نام بتائیں جو مکہ آئے تو سنا کہ محمدؐ کو معاذ اللہ جنون ہو گیا ہے۔ وہ جادو ٹونا کرتے تھے۔

ج :۔ حضرت معاذ بن علبہ

س :۔ جھوٹے نبی مسیلمہ کذاب کے پاس حضورؐ نے کسے بھیجا تھا؟

ج :۔ حضرت حبیبؓ بن زید کو۔

س :۔ مسیلمہ کذاب نے حضرت حبیبؓ بن زید کو اپنی امامت ماننے پر مجبور کیا اور ان کے انکار پر کیا سلوک کیا تھا۔

ج :۔ حضرت حبیب بنؓ زید کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کاٹ کر شہید کر دیا۔

س :۔ حضورؐ اکثر اپنی تحریروں کو کن کلمات سے شروع کرتے تھے؟

ج :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم محمد رسول اللہ ﷺ کی جانب سے۔

س :۔ حضورؐ نے نامہ مبارک پر مہر لگانے کے لئے چاندی کی ایک انگوٹھی بنوائی تھی اس پر محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔ بتایئے کس ترتیب سے؟

ج :۔ اللہ رسول محمد ﷺ

س :۔ حضورؐ کے پاس کتنے خود تھے؟

ج :۔ دو خود تھے۔ ایک کا نام موشح اور دوسرے کا نام ذوالبوع تھا۔

س :۔ حضورؐ کے تین ڈھالیں تھیں ان کا نام بتائیں۔

ج :۔ فتق۔ ذلوق۔ دولغہ

س :۔ حضورؐ کی اس ڈھال کا نام بتائیں جو آپؐ کو پسند نہ آئی تھی اور اللہ تعالیٰ نے اسے غائب کر دیا۔

ج :۔ اس ڈھال کا نام دوفر تھا۔

س :۔ حضورؐ کا مشہور نیزہ الغزہ کونسے صحابیؓ اٹھا کر چلتے تھے؟

ج :۔ حضرت بلالؓ

س :۔ حضورؐ نے آخری حج کب ادا کیا تھا؟

ج :۔ ذوالحجہ 10 ہجری کو۔

س :۔ حضورؐ حج کے ارادے سے مدینہ سے کب روانہ ہوئے تھے؟

ج :۔ 25 ذیعقد 10 ہجری کو۔

س :۔ اس موقع پر حضورؐ کے ہمراہ کتنی ازواج مطہراتؓ تھیں؟

ج :۔ ساری ازواج مطہراتؓ

س :۔ حضورؐ کب مکہ معظمہ میں داخل ہوئے تھے؟

ج :۔ 4 ذوالحجہ 10ھ کو

س :۔ مدینہ سے روانگی کے بعد حضورؐ نے کس مقام پر پہنچ کر احرام باندھا تھا؟

ج :۔ ذی الحلیفہ کے مقام پر

س :۔ ذی الحلیفہ مکہ مکرمہ سے کتنی دور ہے؟

ج :۔ چند میل دور

س :۔ حجتہ الوداع سے واپسی پر حضورؐ نے کس مقام پر اپنے رفقاء خاص سے خطاب فرمایا تھا؟

ج :۔ غدیر خم

س :۔ حضور کب علیل ہوئے تھے؟

ج :۔ ماہ صفر کے آخری ایام 11ھ میں۔

س :۔ حضورؐ نے آخری نماز مغرب کی پڑھائی تھی بتایئے کب؟

ج :۔ چہار شنبہ کو۔

س :۔ اس عورت کا نام بتایئے جس نے حضورؐ کے زمانہ میں جھوٹی نبوت کا

دعویٰ کیا تھا؟

ج :- سجاح نامی عورت نے۔

س :- حضورؐ پر پہلی وحی میں قرآن مجید کی کتنی آیات نازل ہوئی تھیں؟

ج :- پانچ آیات

س :- حضورؐ کی کونسی دو صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ سے نکاح میں آئی تھیں؟

ج :- حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ

س :- جب حضورؐ نے کوہ صفا پر دعوت عام دی تھی تو وہ کون سا شخص تھا جس نے سب سے پہلے دعوت حق کی مخالفت کی تھی؟

ج :- ابولہب

س :- حضورؐ کی صاحبزادی ام کلثومؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج :- خود حضور نے۔

س :- حضورؐ نے اپنی بیماری کے ایام میں کس کے گھر میں قیام کیا تھا؟

ج :- حضرت عائشہ صدیقہ کے گھر میں۔

س :- حضورؐ کو آخری غسل کس نے دیا تھا؟

ج :- حضرت علی کرم اللہ وجہ نے۔

س :- حضورؐ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج :- حضورؐ کی وفات کی خبر سن کر لوگ گروہ در گروہ آ رہے تھے۔ پہلے مردوں نے نماز پڑھی پھر عورتوں نے۔ ان کے بعد لڑکوں نے۔ پھر غلاموں نے نمازہ جنازہ پڑھی۔

س :- حضورؐ کے آخری الفاظ کیا تھے؟

ج :- اے اللہ بیشک تو ہی سب سے بڑا دوست ہے۔

س :- حضورؐ نے کعب دنیا سے پردہ فرمایا تھا؟

ج :- 12 ربیع الاول 11 ھ کو۔

س :- حضورؐ کی آمد سے پہلے خانہ کعبہ میں بہت سے بت تھے۔ ان میں سب سے بڑا بت کونسا تھا؟

ج :- ہبل کا بت

س :- ہبل کا بت خانہ کعبہ میں کہاں نصب تھا؟

ج :۔ صحن کعبہ میں

س :۔ اس بت کو لانے والا کون تھا؟

ج :۔ عمرو بن لحی

س :۔ حضورؐ کے کونسے جدامجد نے سب سے پہلے مکہ کی سرداری سنبھالی تھی؟

ج :۔ قصی بن کلاب

س :۔ حضورؐ کی تدفین کے موقع پر کونسی چار شخصیات قبر میں اتری تھیں؟

ج :۔ حضرت علیؓ۔ حضرت فضل بن عباسؓ۔ حضرت اسامہؓ بن زید اور حضرت اویس بن حولی انصاری۔

س :۔ مکہ مکرمہ میں پہلی عمارت آپؐ کے جد امجد جناب قصیٰ نے تعمیر کی تھی اس عمارت کا نام کیا تھا؟

ج :۔ دارالندوہ

س :۔ جناب قصیٰ نے اپنے بعد کسے مکہ کا سردار بنایا تھا؟

ج :۔ اپنے بڑے بیٹے عبدالدار کو۔

س :۔ حضورؐ کے ان جدامجد کا نام بتایئے جنھوں نے سب سے پہلے قریش کے لئے تجارت کے مال محفوظ بنانے کے لئے شام اور یمن کے راستے سے قبیلوں کے معاہدے کئے تھے؟

ج :۔ جناب ہاشم

ہجرت حبشہ

س :۔ ہجرت حبشہ کب واقع ہوئی؟

ج :۔ ماہ رجب 5 نبوی۔

س :۔ ہجرت حبشہ کے اسباب کیا تھے؟

ج :۔ جب رسول کریمؐ اور آپؐ کے اصحاب پر کفار کے ظلم و ستم بڑھ گئے تو آپؐ نے ہجرت حبشہ کا مقد کیا۔ ہجرت کرنے والے مسلمان پوشیدہ طور پر حبشہ کی طرف روانہ ہوئے۔

س :۔ اس وقت کے بادشاہ حبشہ کا نام کیا تھا؟

ج :۔ نجاشی اصحمہ بن ابجر

س :- ہجرت کرنے والوں میں کتنے مرد اور کتنی عورتیں تھیں؟
ج :- بارہ مرد اور چار عورتیں۔
س :- حبشہ کے رہنے والوں نے مسلم مہاجرین کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟
ج :- بڑا اچھا سلوک کیا۔
س :- اس ہجرت کی کیا اہمیت ہے؟
ج :- اس ہجرت کی تاریخ اسلام میں عظیم حیثیت ہے۔

محصوری شعب ابو طالب

س :۔ شعب ابی طالب میں مسلمانوں کی محصوری کا مطلب کیا تھا؟

ج :۔ مسلمانوں کا معاشی مقاطعہ

س :۔ اس محصوری میں حضرت خدیجہؓ نے اپنا سارا مال صرف کر دیا اور نوبت فقر و فاقہ تک پہنچ گئی تو پھر کیا ہوا؟

ج :۔ ہشام بن عمروؓ نے اپنی کوشش سے یہ معاہدہ ختم کیا۔

س :۔ ہشام بن عمروؓ نے اس معاہدہ کے بارے میں کیا کہا تھا؟

ج :۔ جب تک یہ ظالمانہ معاہدہ ختم نہیں کیا جائے گا میں آرام سے نہیں بیٹھوں گا۔

س :۔ رسول کریمؐ اور ابو طالب کتنا عرصہ اس شعب میں محصور رہے؟

ج :۔ تین سال

عام الحزن

س :۔ تاریخ اسلام میں عام الحزن کیا ہے؟

ج :۔ جس سال ابوطالبؓ اور خدیجہؓ کا انتقال ہوا اس سال کو تاریخ اسلام میں عام الحزن کہتے ہیں۔

س :۔ جناب ابو طالب کا انتقال کب ہوا؟

ج :۔ جناب ابو طالب تین سال کی محصوری کے بعد نکلے ہی تھے کہ آپ کا انتقال ہو گیا۔

س :۔ ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ کی رحلت کب ہوئی؟

ج :۔ جناب ابو طالب سے پانچ دن بعد۔

س :۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج :۔ اس وقت نماز جنازہ فرض نہ ہوئی تھی۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج :- حجون کے مقام پر جو مکہ کے قریب ہی ایک ٹیلہ ہے۔
س :- حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے بعد حضورؐ نے کس سے نکاح کیا؟
ج :- حضرت سودہ سے۔
س :- حضرت سودہ کس کی بیٹی تھیں؟
ج :- زمعہ بن قیس بن عبد شمس کی بیٹی تھیں۔
س :- کیا رسول اکرم صلعم سے حضرت سودہؓ کی کوئی اولاد ہوئی؟
ج :- کوئی اولاد نہیں ہوئی۔
س :- حضرت سودہؓ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج :- شموس بن قیس۔
س :- حضرت عائشہؓ کا نکاح آنحضرتؐ سے کب ہوا تھا؟
ج :- ہجرت سے تین سال پہلے شوال میں۔
س :- نکاح کے وقت حضرت عائشہ کی کیا عمر تھی؟
ج :- چھ سال
س :- حضورؐ کے انتقال کے بعد حضرت عائشہ کی کیا عمر تھی؟
ج :- اٹھارہ سال
س :- حضرت عائشہ کا لقب کیا تھا؟
ج :- لقب صدیقہ تھا۔
س :- حضرت عائشہ کی کنیت کیا تھی؟
ج :- ام عبداللہ
س :- یہ کنیت کس تعلق سے قرار پائی؟
ج :- آپ کے بھانجے حضرت عبداللہؓ زبیرؓ کے تعلق سے۔
س :- حضرت عائشہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج :- ام رومانؓ
س :- وفات کے وقت حضرت عائشہ کی عمر کتنی تھی؟
ج :- 66 سال
س :- آپ نے اپنی تدفین کے بارے میں کیا وصیت کی تھی؟
ج :- آپ کی وصیت تھی کہ آپ کو رات کو دفن کیا جائے۔
س :- حضرت عائشہؓ کی نمازہ جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج :۔ حضرت ابوہریرہؓ نے۔

س :۔ حضرت عائشہ کی میت کو لحد میں کس نے اتارا؟

ج :۔ عمروہ بن زبیرؓ۔ عبداللہ زبیرؓ۔ قاسمؓ بن محمد

س :۔ حضرت عائشہؓ کی وفات کس کے زمانہ خلافت میں ہوئی؟

ج :۔ حضرت امیر معاویہؓ کے زمانہ خلافت میں۔

س :۔ حضرت عائشہؓ کی رخصتی کب ہوئی؟

ج :۔ رخصتی مدینہ میں ہجرت کے پہلے سال اھ میں ہوئی۔

سفر طائف

س :۔ آنحضرت ﷺ نے سفر طائف کب کیا؟

ج :۔ ماہ شوال 10 نبوت میں۔

س :۔ اس سفر میں حضورؐ کا شریک سفر کون تھا؟

ج :۔ حضرت زیدؓ بن حارثہ آپ کے شریک سفر تھے۔

س :۔ حضورؐ کا سفر طائف کرنے میں مقصد کیا تھا؟

ج :۔ مکہ معظمہ اور طائف کے درمیان آباد قبائل کو اسلام کا پیغام دینا

س :۔ طائف کہاں واقع ہے؟

ج :۔ طائف مکہ سے چالیس پنتالیس میل دور پہاڑوں میں ایک سرسبز مقام ہے۔

س :۔ جن دنوں حضورؐ نے طائف کا تبلیغی سفر کیا طائف کا سردار کون تھا؟

ج :۔ عمرو بن عوف کے بیٹے۔ عبدیالیل۔ مسعود اور حبیب۔

س :۔ طائف پہنچ کر حضورؐ نے تبلیغ کا کیا لائحہ عمل اختیار کیا؟

ج :۔ آپؐ مسعود اور حبیب کے پاس گئے اور اسلام کی دعوت دی۔

س :۔ ان بھائیوں پر دعوت اسلام کا کیا اثر ہوا؟

ج :۔ دعوت اسلام قبول کرنے سے انکار کیا اور ناشائستہ زبان میں گفتگو کی۔

س :۔ ان دونوں بھائیوں کے نازیبا الفاظ کیا تھے؟

ج :۔ ہم کعبہ کے سامنے داڑھی منڈوا دیں گے اگر اللہ نے تجھے رسول بنایا ہو کیا اللہ کو تیرے سوا اور کوئی رسول بنانے کو نہ ملا جسے سواری بھی میسر نہیں۔

س :۔ طائف کے سرداروں کے توجہ نہ دینے کی صورت میں آپؐ نے مایوسی کی حالت میں کیا طریق اختیار کیا؟

ج :- حضورؐ نے وعظ فرمانا شروع کیا۔
س :- اس وعظ کا طائف کے سرداروں پر کیا اثر ہوا؟
ج :- منفی۔ گمراہ کن۔ انہوں نے شہر کے لڑکوں کو اکسا کر حضورؐ کے پیچھے کر دیا کہ پتھر ماریں۔ انہوں نے حضورؐ پر پتھر برسائے۔
حضورؐ زخمی ہوئے۔ ایک باغ میں پناہ لی۔
س :- یہ باغ کس کی ملکیت تھا؟
ج :- یہ باغ عتبہ بن ربیعہ کی ملکیت تھی۔
س :- باغ میں پناہ لینے پر عتبہ بن ربیعہ نے حضورؐ کے ساتھ سلوک کیا؟
ج :- باوجود کافر ہونے کے شریف الطبع تھا۔ اس نے اپنے غلام عداسؓ کو انگوروں کا خوشہ دے کر حضورؐ کو پیش کیا۔
س :- حضورؐ کے زخمی ہو جانے کی صورت میں حضرت زیدؓ نے کیا کیا؟
ج :- حضرت زیدؓ آپؐ کو پیٹھ پر اٹھا کر آبادی سے باہر لے گئے۔
آپؐ کے چہرہ مبارک پر پانی کے چھینٹے مارے۔
س :- سفر طائف میں بے انتہا تکلیفیں اٹھانے کے باوجود حضورؐ کا رد عمل کیا تھا؟
ج :- حضورؐ نے زخم کھا کر بھی اہل طائف کو کوئی بددعا نہ دی۔
بلکہ دعا کی۔
س :- اس دعا کو کیا کہتے ہیں؟
ج :- اس کو دعا الطائف کہتے ہیں۔
س :- طائف نبی کریم ﷺ کتنے دن ٹھہرے؟
ج :- دس دن ٹھہرے۔
س :- واپسی پر حضورؐ نے کہاں قیام کیا؟
ج :- دس دن قیام کیا۔ اور وادی نخلہ میں قیام کیا۔
س :- حضورؐ کی طائف سے واپسی پر ایک محیرالعقول واقعہ پیش آیا وہ کیا تھا؟
ج :- جنوں کی ایک جماعت نے حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔
س :- طائف سے حرا میں واپسی آنے پر حضور نے کس کو اپنی حمائت کے لئے پیغام بھیجا تھا؟
ج :- مطعم بن عدی کو۔
س :- حضورؐ کا پیغام ملنے پر مطعم عدی کا رد عمل کیا تھا؟

ج :۔ مطعم اور اس کے بیٹے حضورؐ کو تلواروں کے سائے میں حرم میں لائے۔ جہاں حضورؐ نے نماز ادا کی۔

تبلیغ قبائل

س :۔ تبلیغ قبائل سے کیا مراد ہے؟

ج :۔ آنحضورؐ کا معمول تھا کہ جب حج کا زمانہ آتا اور قبائل عرب مکہ معظمہ کے قرب وجوار میں اترتے تو حضورؐ ایک ایک قبیلہ کے پاس جاتے۔ تبلیغ اسلام فرماتے۔

س :۔ طائف سے واپسی پر حضورؐ نے تبلیغی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع کر دیا۔ ابتدا میں کس قبیلہ کو دعوت دی؟

ج :۔ ابتدا میں جس قبیلہ نے دعوت اسلام کو توجہ سے سنا اس کا نام تاریخ اسلام میں قبیلہ کندہ کہتے ہیں۔ اور بعض مورخ یہ کہتے ہیں قبیلہ بو ہذیل بن شیبان نے۔

س :۔ جن قبائل میں جا کر حضور نے تبلیغ کی ان کے نام کیا ہیں؟

ج :۔ ان کی تعداد تو بہت زیادہ ہے تاہم جن کے نام مورخین نے محفوظ کیے ان میں سے چند ایک یہ ہیں۔ بنو عامر بن صعصعہ محار بن حفصہ۔ فزارہ۔ غسان۔ مرہ۔ حنیفہ۔ سلیم۔ عبس۔ بنوالنضر بنو حارث بن کعب۔ بنو حضارمہ

س :۔ قبیلہ خزرج کا ایک شخص سوید بن صامت کیوں زیادہ مشہور ہوا؟

ج :۔ وہ شاعری میں بڑا ممتاز تھا۔

س :۔ ضماد ازدی کون تھا؟

ج :۔ یہ شخص اہل عرب میں جھاڑ پھونک کے لئے مشہور تھا۔

لیلتہ المعراج

اسراء

س :۔ اسراء کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ اسراء کے معنی شب میں لے جانے کے ہیں۔ معراج کا واقعہ چونکہ شب کے ایک حصے میں پیش آیا تھا اس لئے یہ واقعہ اسراء کہلاتا ہے۔

س :۔ معراج کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ معراج عروج سے مشتق ہے۔ جس کے معنی چڑھنے اور بلند ہونے کے ہیں۔ نبی کریم ﷺ لیلتہ القدر میں ملا اعلیٰ کے منازل طے کرتے ہوئے سبع السموات اور سدرۃ

المنتہی اور اس سے بھی بلند ہو کر آیات الٰہی کا مشاہدہ فرمایا۔ اس لئے اس باجبروت اور پر عظمت واقعہ کو معراج سے تعبیر کرتے ہیں۔

س :۔ قرآن حکیم کی کن آیات و سور میں اس واقعہ کا ذکر جمیل ہے؟

ج :۔ محدثین کے نزدیک سورۂ بنی اسرائیل میں واقعہ اسرابیت المقدس تک کی سیر سے متعلق اور سورۂ النجم میں ملا اعلیٰ تک کے عروج کا ذکر ہے۔

س :۔ معراج کا واقعہ کس مہینہ اور نبوت کے کس سال میں پیش آیا؟

ج :۔ واقعہ معراج ہجرت سے پہلے اور حضرت خدیجتہ الکبریٰ کی وفات بعد وقوع میں پذیر ہوا۔

س :۔ یہ معراج رسول جسمانی تھی یا روحانی؟

ج :۔ علمائے جمہور کا اس پر کلی اتفاق ہے کہ معراج جسمانی بھی تھی اور روحانی بھی۔

س :۔ الصخرا کیا ہے۔ کہاں ہے۔ اس کی دینی اہمیت کیا ہے؟

ج :۔ خانہ کعبہ اور گنبد خضرا کے بعد روئے زمین پر الصخرا مسلمانوں کے لئے بڑا مقدس مقام ہے۔ یہ ایک چٹان ہے۔ جس پر ایک عالی شان عمارت تعمیر ہے۔ جس کے چار بڑے دروازے ہیں۔

س :۔ ان دروازوں کے نام کیا ہیں؟

ج :۔ باب القبلہ۔ باب اسرافیل۔ باب صور۔ باب نساء

س :۔ ان دروازوں کی خصوصیت کیا ہے؟

ج :۔ ان پر سونے کا کام کیا ہوا ہے۔ معراج کی شب رسول کریمؐ نے صخرا چٹان پر ہاتھ رکھ کر دعا فرمائی۔

س :۔ اس عمارت میں چاروں طرف سات قبے ہیں ان کے نام بتائیں؟

ج :۔ قبہ الاروح۔ قبہ بخ بخ۔ قبہ الخضرا۔ قبہ المعراج۔ قبہ الصلواۃ ۔ قبہ السلسلہ۔ قبہ مریم۔

س :۔ مسجد اقصیٰ کے بارے میں آنحضرتؐ کا کیا ارشاد ہے؟

ج :۔ مسجد اقصیٰ میں ایک نماز پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے

س :۔ صخرا کی مسجد میں کہتے ہیں سولہ بڑے صندوق پڑے ہیں ان میں کیا ہیں؟

ج :۔ ان میں قرآن مجید پڑے ہیں۔

س :۔ اس مسجد میں وضو کے لئے کتنے حوض ہیں؟

ج :۔ چار حوض

س :- اس مسجد میں وعظ کے لئے منبر کتنے ہیں؟

ج :- چار منبر

س :- اس مسجد کے اندر 70 گز لمبے کیا ہیں؟

ج :- مقصورے۔

س :- مسجد اقصیٰ کے دروازوں کے نام بتائیں؟

ج :- باب درود۔ باب السلسلہ۔ باب حیطہ۔ باب النبی۔ باب البراق۔ باب محمدؐ ۔ باب الاقصیٰ۔ باب مریم۔ باب توبہ۔ باب الرحمہ۔ باب شرف انبیاء۔ باب سکینہ۔ باب السلام۔ باب ناظر۔

س :- آنحضورؐ کس دروازے سے مسجد اقصیٰ میں داخل ہوئے تھے؟

ج :- باب محمد سے جس کا آدھا حصہ زمین کے اندر ہے۔

س :- اس کے علاوہ اس دروازے کی اور کیا اہمیت ہے؟

ج :- یہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت داوٗدؑ کی توبہ قبول فرمائی تھی۔

س :- اقصیٰ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج :- اقصیٰ کے لغوی معنی دور کے ہیں۔

س :- حضورؐ نے براق پر سوار ہو کر پہلے آسمان پر کیا دیکھا۔ اور یہاں سے پھر ایک زینے کے ذریعے اس کے انتہائی کنارے تک پہنچے تو آپؐ نے کیا دیکھا؟

ج :- یہاں حضورؐ نے ایک فرشتہ دیکھا جو ہاتھ کھولے ہوئے زمین اور آسمان کے ساتوں طبق ہاتھوں میں لئے ہوئے تھا۔

س :- آنحضرت ﷺ اس فرشتے سے آگے بڑھے تو کیا دیکھا؟

ج :- ایک دریا جو اتنا چوڑا تھا کہ اس کو پار کرنے میں انسان کو دو سو برس لگ جائیں۔ ہر جانور جو خشکی اور پانی میں ہوتا ہے اس دریا میں موجود تھا۔

س :- کیا اس دریا کا کوئی نام بھی تھا؟

ج :- قاصیہ تھا اس دریا کا نام اور ہوا میں معلق تھا۔

س :- اس دریا کے بعد آنحضرتؐ کہاں پہنچے؟

ج :- ایک ہوائی کرہ میں جہاں ہواؤں کو ستر ہزار زنجیروں کے ساتھ بندھے دیکھا۔ ہر زنجیر ستر ہزار فرشتوں کے سپرد تھی۔ تاکہ وہ اس کی حفاظت کرے۔ آپؐ براق پر سوار اس کرہ میں سے گزرے۔

س :- یہ سیاح لامکاں کی لامکانی کا کونسا مقام تھا؟

ج :۔ پہلا آسمان

س :۔ اس مقام پر حضورؐ آگے بڑھے تو کیا دیکھا؟

ج :۔ ایک اور دریا جو آسمان سے بہتا ہوا زمین کے کناروں کو چھو رہا تھا اور ستارے مثل کشتی کے اس میں تیر رہے تھے۔

س :۔ اس سے آگے چلے تو حضورؐ کہاں پر پہنچے؟

ج :۔ ایک چوٹی پر جس میں ایک دروازہ نظر آیا نورانی بادلوں میں اسکا نام باب الحفا تھا۔ یہ دروازہ سرخ یاقوت سے بنا تھا۔ اس کا قفل مروارید کا تھا۔ اس پر ایک دربان فرشتہ کھڑا تھا۔

س :۔ اس فرشتے کا نام کیا تھا؟

ج :۔ اسماعیل

س :۔ حضورؐ اس سے آگے بڑھے تو کیا دیکھا؟

ج :۔ حضورؐ نے فرشتوں کی ایک جماعت دیکھی جو حالت قیام میں کھڑے تھے اور عبادت میں مشغول تھے۔

س :۔ حضورؐ یہاں سے آگے بڑھے تو کیا دیکھا؟

ج :۔ جنت اور جہنم کا دروازہ۔ جہاں سے جنتی روحیں جنت میں اور دوزخی روحیں جہنم میں جاتی تھیں۔

س :۔ اس سے آگے بڑھ کر حضورؐ کے مشاہدے میں کیا آیا؟

ج :۔ ایک ایسی جماعت جو کھیتی باڑی کرتی تھیں۔ اس طرح کہ اسی وقت بوئی ہوئی فصل اسی وقت کاٹتی تھی اور ایک دانے سے سو دانے نکلتے تھے۔

س :۔ یہ کون لوگ تھے؟

ج :۔ یہی سوال حضورؐ نے جبریلؑ سے کیا تو انہوں نے جواب دیا۔ یہ لوگ جنتی عبادت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کرتے ہیں۔

س :۔ اس سے آگے جانے پر حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایک ایسی جماعت جن کے سروں کو فرشتے پتھروں سے پھوڑ رہے تھے۔ مگر وہ پھر اپنی اصلی حالت پر آجاتے تھے۔

س :۔ یہ کونسے لوگ تھے؟

ج :۔ جو جمعہ کی نماز اور جماعت کے ساتھ نماز نہ پڑھتے تھے۔

س :۔ اس عجائب خانہ قدرت میں حضورؐ نے اور کیا دیکھا؟

ج :۔ ایسے لوگ ننگے بھوکے اور پیاسے تھے اور دوزخ کے شعلے ان کو چوپاؤں کی طرح ہانک کو دوزخ کی طرف لے جاتے تھے۔

س :۔ یہ کون لوگ ہیں حضورؐ نے سوال کیا؟ جبریلؑ نے کیا جواب دیا۔

ج :۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے برائی کو اپنایا یہ برے مرد اور عورتیں ہیں۔ جنہوں نے زندگی میں برائیاں کیں۔

س :۔ اس سے آگے بڑھے تو حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ حضورؐ نے دیکھا ایک شخص نے اپنی پیٹھ پر اتنا بوجھ اٹھایا ہوا تھا کہ اس میں ہلنے جلنے کی طاقت بھی نہ تھی۔ یہ شخص لانت میں خیانت کرتا تھا۔

س :۔ یہاں سے آگے حضورؐ کے مشاہدے میں کیا آیا؟

ج :۔ ایسے لوگ جن کی زبان کو فرشتے آگ کی قینچی سے کاٹتے تھے اور وہ پھر بڑھ جاتی تھی۔ حضرت جبریلؑ نے بتایا۔ یہ وہ لوگ ہیں جو امیروں وزیروں کے دربار میں جاتے تھے لیکن ان کو ظلم اور ناانصافی سے نہ روکتے تھے۔

س :۔ اس سے آگے بڑھے تو حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایسے لوگ دیکھے جن کے منہ کالے اور آنکھیں نیلی تھیں نیچے کے ہونٹ ان کے قدموں میں پڑے تھے۔ اور اوپر کے ہونٹ سر پر تھے پیپ اور خون ان کے منہ سے جاری تھا۔ ان کو گندہ خون پینے کو دیا جا رہا تھا۔

س :۔ یہ کون لوگ تھے؟

ج :۔ یہ آپؐ کی امت کے شرابی لوگ تھے۔

س :۔ اس سے آگے حضورؐ نے کیا دیکھا۔

ج :۔ حضورؐ نے ایسی قوم دیکھی کہ ان کی زبانیں گردن کے پیچھے کھنچی ہوئی تھیں اور مسخ ہو کر شکلیں خنزیر کی ہو گئی تھیں۔ یہ وہ لوگ تھے جو جھوٹی گواہی دیا کرتے تھے۔

س :۔ اس سے آگے حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایک ایسی قوم جن کے پیٹ سوجے ہوئے تھے۔ رنگ زرد تھے۔ ان کی گردنوں میں لوہے کے طوق پڑے تھے۔ یہ سود خور لوگ تھے۔

س :۔ اس آگے حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایک ایسی قوم جس کو آگ میں سرخ چھریوں کے ساتھ ذبح کیا جا رہا تھا۔ ان سے سیاہ خون بہتا تھا وہ پھر زندہ ہو جاتے تھے۔ یہ وہ لوگ تھے جو مومنوں کا ناحق خون بہاتے تھے۔

س :۔ اس سے آگے نبی اکرمؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایسی عورتیں جن کے منہ کالے کئے ہوئے تھے۔ آنکھیں زرد تھیں آگ کا لباس پہنا ہوا تھا۔ فرشتے ان کو آگ کے گرزوں سے سزا دے رہے تھے۔ یہ بدچلن عورتیں تھیں۔

س :۔ اس سے آگے حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایسے لوگ جو زمین و آسمان کے درمیان قیدی بنا کر رکھے گئے تھے۔ اور زمین و آسمان کے درمیان لٹک رہے تھے ان کی آنکھوں، کانوں اور ناک سے شعلے نکل رہے تھے۔

س :۔ اس سے آگے حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایک ایسا فرشتہ دیکھا جس کا اوپر کا آدھا حصہ آگ سے بنا تھا۔ اور نچلا آدھا حصہ برف سے۔ نہ آگ برف کو پگھلاتی تھی اور نہ برف آگ کو بجھاتی۔

س :۔ حضورؐ نے حضرت جبریلؑ سے سوال کیا؟

ج :۔ یہ بادلوں پر موکل فرشتہ ہے۔ اس کا نام رعد ہے

س :۔ یہاں سے حضورؐ آگے بڑھے تو کیا دیکھا؟

ج :۔ ایک اور دریا۔ جس کا نام بحر حیوان تھا۔

س :۔ اس دریا کی کیا کیفیت تھی؟

ج :۔ جبریلؑ نے بتایا قیامت کے دن اس دریا سے زمین پر بارش ہو گی۔ اس کا پانی اللہ کے حکم سے مردوں کو زندہ کرے گا۔

س :۔ یہاں سے آگے بڑھے تو حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ آسمان کا وہ حصہ جس کا نام حضورؐ کو قیدوم بتایا گیا۔ یہاں حضورؐ نے زمرد کا بنا ہوا ایک دروازہ دیکھا۔ جس میں نور کا قفل لگا تھا۔ اس کے دربان فرشتے کا نام اسرافیل تھا۔

س :۔ اس سے آگے بڑھے تو حضورؐ کو کیا نظر آیا؟

ج :۔ فرشتوں کی ایک ایسی جماعت کہ سب فرشتے رکوع کی حالت میں عبادت کر رہے تھے۔ وہ جب سے پیدا کئے گئے تھے انہوں نے اپنا سر کبھی اوپر نہ اٹھایا۔

س :۔ نبی کریم ﷺ یہاں سے آگے بڑھے تو کیا دیکھا؟

ج :۔ آسمان کا وہ حصہ جسے فرشتے زیلون کہتے ہیں۔ یہاں ہر طرف سفید موتی سی قندیلیں جھلملا رہی تھیں۔

س :۔ یہاں سے آگے بڑھے تو کیا واقعہ پیش آیا؟

ج :۔ حضورؐ کی حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔

س :۔ یہاں سے آگے نکل کر حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ ایک فرشتہ کرسی پر بیٹھا دیکھا جس کی چوڑائی اتنی تھی کہ اگر وہ اپنا ایک پر پھیلا دیتا تو مشرق سے مغرب تک گھیر لیتا۔

س :۔ یہاں سے آگے آسمان پر حضورؐ کو کیا نظر آیا؟

ج :۔ خالص چاندی کا آسمان جس کے درمیان زمین ایک نقطہ نظر آ رہی تھی

س :۔ یہاں سے آگے آسمان پر حضورؐ نے کیا دیکھا؟

ج :۔ بحرالثلج نام کا دریا۔ حضورؐ کو بتایا گیا کہ اگر اس دریا کا پانی کناروں سے باہر نکل جائے تو برف بن جائے۔

س :۔ اس کے بعد حضور نے کیا دیکھا؟

ج :۔ اس کے بعد حضور بیت المعمور پہنچے جو سرخ یاقوت کا ایک بڑا خوشنما گھر تھا۔ جس میں سچے موتیوں کی تیرہ ہزار قندیلیں لٹک رہی تھیں۔ اس کا مینار خالص چاندی کا تھا اور اس کا طول اتنا تھا کہ چوٹی پر پہنچنے میں پانچ سو سال لگ جائیں فرشتے نور کی چادریں اوڑھ کر احرام باندھتے اور اس طواف کرتے تھے۔

س :۔ اس سیاحت لامکانی میں حضورؐ کی اگلی منزل کیا تھی؟

ج :۔ آپؐ آسمان کے ایک ایسے حصے میں پہنچے جہاں حضورؐ کی ملاقات حضرت اسماعیلؑ، حضرت اسحاقؑ، حضرت لوطؑ اور حضرت یعقوب علیہ السلام سے ہوئی۔

س :۔ اس کے بعد حضورؐ کہاں تک پہنچے؟

ج :۔ ایک ایسے دریا پر جس کا نام بحرالسحق تھا۔ جلانے اور چمکنے والی بجلی اس سے پیدا ہوتی تھی۔

س :۔ اس کے بعد حضورؐ کہاں پہنچے؟

ج :۔ موتی سے بنے آسمان عاروس پر۔ اس کے دربان کا نام وردعائیل تھا۔

س :۔ نہرالنور کیا ہے؟

ج :۔ ایک بہشتی نہر۔

س :۔ سدرۃ المنتہیٰ کیا ہے؟

ج :۔ ایک بہشتی پیڑ کا نام ہے۔

س :۔ عجائب و غرائب کے اعتبار سے سدرۃ المنتہیٰ کی مزید علمی تشریح کیا ہے؟

ج :۔ سدرۃ المنتہیٰ ایک شجر معرفت ہے۔ یہی جبریلؑ کے رہنے کی جگہ ہے۔ اس لئے

اس کو بیت الجبریلؑ بھی کہتے ہیں۔

س :۔ عرش اعظم کا وہ کونسا حصہ تھا جس سے آگے بڑھنے سے جبریل نے انکار کر دیا تھا اور حضورؐ سے کیا عرض کیا تھا؟

ج :۔ اس کے آگے میں ذرا بھی آگے بڑھا تو اللہ کے نور سے جل جاؤں گا۔ میری رہنمائی یہاں تک تھی۔ آگے آپ کو تنہا سفر کرنا ہو گا۔

س :۔ یہاں سے آگے کا نورانی سفر حضورؐ نے کیسے کیا؟

ج :۔ حضورؐ کو براق کی طرح کی ایک سواری پیش کی۔ جس پر سوار ہو کر حضورؐ آگے بڑھے۔ اور عرش معلیٰ پر پہنچ گئے۔

س :۔ اس سے آگے حضورؐ کہاں پر پہنچے؟

ج :۔ مقام قاب قوسین تک تو آواز آئی۔ اون منی۔ میرے حبیب آگے آؤ۔ جب آپؐ آگے بڑھے تو ہیبت خداوندی سے کپکپی طاری تھی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے دست قدرت آپؐ کے شانے پر رکھا۔ تاکہ آپؐ بلا خوف آگے بڑھ سکیں۔ آپؐ نے اپنے نعلین اتارنے چاہے۔ حکم ہوا میرے محبوب جوتوں سمیت چلے آؤ۔

س :۔ مقام قاب قوسین سے کیا مراد ہے؟

ج :۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ یہ قربت ایسی تھی کہ اللہ اور اس کے حبیب کے درمیان . بمقدار کمان فاصلہ رہ گیا تھا۔

نماز پنج گانہ کی فرضیت

س :۔ معراج کی شب حضورؐ بارگاہ ایزدی سے کیا تحفہ لائے؟

ج :۔ نماز پنج گانہ کی فرضیت۔

س :۔ عقیدہ توحید کے بعد اسلام کا کونسا رکن بڑی اہمیت رکھتا ہے؟

ج :۔ عقیدہ توحید کے بعد نماز ہی اسلام کا وہ پہلا رکن ہے جو کہ ہر مسلمان پر فرض ہے۔

بیعت عقبہ اولیٰ و ثانیہ

س :۔ بیعت عقبہ کی تفصیلات کیا ہیں؟

ج :۔ وہ لوگ جو حضورؐ کی تبلیغ سے مسلمان ہو گئے تھے انہوں نے اپنے اپنے قبیلے میں اسلام کی تبلیغ کی تو بارہ آدمی دربار رسالت میں باریاب ہونے کے لئے مکہ آئے۔ اور حضورؐ دست مبارک پر بیعت کی۔ یہ واقعہ بیعت عقبہ اولیٰ کے نام سے مشہور ہے۔

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے بارے میں تاریخ اسلام کیا کہتی ہے؟

ج :۔ حضرت سعد بن معاذؓ اور حضرت اسید بن حضیرؓ قبیلہ اوس اور خزرج کے ساتھ حج کے لئے مکہ آئے۔ حضورؐ کے بارے میں انہوں نے پہلے ہی بہت کچھ سنا ہوا تھا۔ دربار رسالت میں حاضر ہوئے اور بیعت کی جو بیعت عقبہ ثانیہ کے نام سے مشہور ہوئی۔

س :۔ رسول اللہ ﷺ نے کس کس قبیلے کو اپنا نقیب بنایا؟

ج :۔ قبیلہ بنو خزرج۔ حضرت اسد بن زرارہؓ۔ حضرت رافع بن مالکؓ۔ حضرت عبادہ صامتؓ۔ حضرت سعد بن ربیعؓ۔ حضرت منذر بن عمروؓ۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ۔ حضرت براء بن معرورؓ۔ حضرت سعد بن عبادہؓ حضرت سعد بن خیثمہؓ۔ حضرت عبداللہ بن عمرو حرامؓ۔

ہجرت اور اسباب ہجرت

س :۔ حضورؐ کے مکہ سے مدینہ ہجرت کرنے کے کیا اسباب تھے؟

ج :۔ کفار حضورؐ کو قتل کرنے کے منصوبے بنانے لگے تھے۔

س :۔ یہ ناپاک منصوبے کفار نے کس جگہ بنائے؟

ج :۔ دارالندوہ میں۔

س :۔ دارالندوہ کیا تھا اور کس نے بنایا تھا؟

ج :۔ دارالندوہ قصیٰ بن کلاب نے بنایا تھا جو قریش کا دار الشوریٰ تھا۔

س :۔ اس معاملے میں ابوجہل کی کیا رائے تھی؟

ج :۔ اس نے عرب کے ہر قبیلے کا ایک ایک جوانمرد منتخب کیا تھا کہ یہ سب رات کی تاریکی محمدؐ کا گھیراؤ کریں اور حملہ کرکے حضورؐ کو قتل کردیں۔

س :۔ آنحضرتؐ کو کفار کے ان ناپاک عزائم کی کس نے خبر کی؟

ج :۔ حضرت جبرئیلؑ نے

س :۔ اس موقعہ پر حضورؐ نے کیا کیا؟

ج :۔ آپؐ سورۃ یٰسین پڑھتے ہوئے نکلے ۔ محاصرہ کرنے والے اللہ کی قدرت سے اندھے ہو گئے۔ حضورؐ عافیت کے ساتھ ان کے درمیان سے گزر گئے۔ اور حضورؐ کے بستر پر حضرت علیؓ چادر تان کر سو گئے۔

س :۔ کیا قرآن پاک میں اس واقعہ کا کہیں پر ذکر ہے؟

ج :۔ قرآن کریم کی سورۃ انفال میں اس کا ذکر موجود ہے۔

س :۔ اپنے گھر سے نکل کر حضورؐ نے عافیت کا کونسا راستہ اختیار کیا؟

ج :۔ آنحضورؐ سیدھے حضرت ابوبکرؓ کے گھر پہنچے اور انہیں حکم الٰہی س آگاہ کرکے اپنے ساتھ چلنے کا حکم دیا اور ان کو ساتھ لے کر مکہ سے چار پانچ میل کے فاصلہ پر واقعہ غار ثور میں پناہ لی۔

س :۔ آنحضرتؐ اپنے رفیق کے ساتھ غار ثور میں کب تک پوشیدہ رہے؟

ج :۔ تین دن تین راتیں۔

س :۔ اس عرصہ میں کھانے پینے کا کیا انتظام رہا؟

ج :۔ رات کے اندھیرے میں حضرت اسماءؓ بنت ابوبکرؓ آکر کھانا دے جاتیں۔ دن کے وقت عامر بن فہیرہؓ بکریوں کا ریوڑ چراتے ہوئے یہاں لے آتے اور دودھ دے جاتے۔

س :۔ حضورؐ اس غار سے باہر کب تشریف لائے؟

ج :۔ چوتھے دن۔ عبداللہ بن اریقط ایک کافر پر اعتماد تھا آپ کو۔ اسے اجرت پر رہنمائی کے لئے مقرر کرلیا تھا۔

س :۔ مکہ سے مدینہ ہجرت کے سفر میں آنحضرت ﷺ کا سامنا ایک اور شخص بریدہ اسلمی سے ہوا وہ کون تھا؟

ج :۔ آنحضرت کی گرفتاری پر سو اونٹ انعام کا اعلان سن کر آپکی تلاش میں نکلا تھا جب آمنا سامنا ہوا تو مطیع ہو گیا تھا۔

قبا میں ورود مسعود

س :۔ قبا مدینہ منورہ سے تین میل دور ایک آبادی ہے حضورؐ وہاں پہنچے تو ان لوگوں نے کیا کیا؟

ج :۔ سر آنکھوں پر رکھ لیا۔

س :۔ قبا میں حضورؐ نے کہاں قیام کیا؟

ج :۔ کلثومؓ بن ہدم کے ہاں قیام فرمایا۔

س :۔ قبا میں پہلا دینی کام جو حضورؐ نے کیا وہ کیا تھا؟

ج :۔ حضورؐ نے ایک مسجد بنائی جس کا نام مسجد قبا رکھا صحابہ کرامؓ کے ساتھ آپ بھی پتھر اٹھا کر لاتے۔

س :۔ مسجد قبا کی دینی اہمیت کیا ہے؟

ج :۔ مسجد الحرام کے بعد سب سے پہلی یہی مسجد ہے۔

س :- حضور نے قبا میں کتنے دن قیام کیا؟

ج :- چودہ دن

مدینہ منورہ میں ورود مسعود

س :- آنحضرت ﷺ مدینہ منورہ میں کب اور کس طرح داخل ہوئے؟

ج :- محلہ بنو سالم میں پہلی نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد آپؐ ناقہ پر سوار ہوئے۔ آپؐ یثرب کی جنوبی جانب سے شہر میں داخل ہوئے۔

س :- آپؐ جس شان سے مدینہ منورہ میں وارد ہوئے تاریخ اسے کن الفاظ سے یاد کرتی ہے؟

ج :- گلی کوچے تحمید و تقدیس کے کلمات سے گونج رہے تھے۔ انصار کا عظیم الشان گروہ ہتھیار سجائے آپ کے دائیں اور آگے پیچھے چل رہا تھا۔ بنی نجار اور انصار کی لڑکیاں چنگ ودف بجاتے ہوئے خیر مقدم کا ترانہ گا رہی تھیں۔

س :- وہ ترانہ کیا تھا؟

ج :- وہ ترانہ یہ تھا۔ طلع البدر علینا

من ثنیات الوداع

وجب الشکر علینا

مادعیٰ للہ داع

ماذاع للہ داع

س :- حضورؐ کا ناقہ کہاں جا کر رکا؟

ج :- حضرت ابو ایوبؓ انصاری کے گھر کے سامنے جا کر بیٹھ گیا۔ جہاں حضورؐ نے سات مہینے قیام کیا۔

سیرت طیبہ متفرق سوالات کے آئینے میں

س :۔ حضورؐ کا چچا ابولہب چیچک میں مبتلا ہو کر مرا تھا۔ بتایئے کب؟

ج :۔ غزوہ بدر سے 8 روز قبل۔

س :۔ اس شاعر کا نام بتایئے جسے حضورؐ نے انعام دیا تھا؟

ج :۔ حضرت کعب بن زہیرؓ کو چادر انعام دی تھی۔

س :۔ حضورؐ نے کس کے بارے میں کہا تھا کہ عرب کے جس شخص کی میرے سامنے تعریف کی گئی وہ دیکھنے میں کم نکلا مگر اس سے بڑھ کر نکلا جو سنا تھا؟

ج :۔ زید الخیل۔ اسلامی نام زید الخیر

س :۔ حضورؐ کے زمانہ جاہلیت کے اس دوست کا نام بتایئے جو مکہ آئے تو سنا کہ محمدؐ (توبہ نعوذ باللہ) جنوں ہو گیا ہے۔ وہ جادو ٹونا کرتا تھا علاج کرنے آیا تو مسلمان ہو گیا۔

ج :۔ حضرت معاذ بن علبہ

س :۔ حجتہ الوداع سے واپسی پر حضورؐ نے کس مقام پر اپنے رفقا خاص سے خطاب فرمایا تھا؟

ج :۔ غدیر خم

س :۔ اس عورت کا نام کیا تھا جس نے حضورؐ کے زمانہ نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا؟

ج :۔ سجاح نامی خاتون نے۔

س :۔ جناب عبدالمطلب کے سب سے بڑے بیٹے کا نام بتایئے؟

ج :۔ جناب حارث

س :۔ سفر شام میں حضورؐ کی ملاقات بحیرہ راہب سے کس مقام پر ہوئی تھی۔

ج :۔ بصریٰ نامی مقام پر۔

س :۔ حضورؐ نے کس عمر میں اپنے چچا ابو طالب کی مالی مدد کے لئے بکریاں چرانا شروع کیں؟

ج :۔ بارہ سال کی عمر میں۔

س :۔ خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر کے وقت حضورؐ نے حجر اسود کا جھگڑا طے کیا تھا بتایئے کس نے مشورہ دیا تھا کہ صبح کے وقت جو پہلے آئے وہ حجر اسود کو اس کی اصلی جگہ نصب کرے؟

ج :۔ ابوامیہ بن مغیرہ۔

س :۔ ان چار شخصیات کے نام بتایئے جنھوں نے حضورؐ کی نبوت سے پہلے بت پرستی کے

خلاف آواز بلند کی تھی؟

ج :۔ حضرت زید بن عمرؓ۔ ورقہ بن نوفل۔ حضرت عثمانؓ بن حارث اور حضرت عبید بن جحشؓ۔

س :۔ حضرت زید بن حارثہؓ کو کون خرید کر لائے تھے؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ کے بھانجے حکیمؓ بن حزام۔

س :۔ حضورؐ نے پہلی نماز کس کی اقتدا میں ادا کی تھی؟

ج :۔ حضرت جبریلؑ کی۔

س :۔ اسلام کے لئے پہلے مشرک کو قتل کرنے والے صحابی کا نام بتائیں؟

ج :۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص

س :۔ اعلانیہ تبلیغ کے حکم کے لئے کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

ج :۔ سورۃ الحجر۔

س :۔ ابوجہل پتھر مار کر حضورؐ کو ہلاک کرتے ہوئے ٹھٹک کیوں گیا تھا؟

ج :۔ اسے اپنے سامنے آگ کا الاؤ نظر آیا تھا۔

س :۔ بتایئے مواخات مدینہ پہلے ہوئی تھی یا میثاق مدینہ؟

ج :۔ مواخات مدینہ۔

س :۔ حضرت جعفرؓ طیار نے شاہ حبشہ نجاشی کے دربار میں کس سورۃ کی آیات کی تلاوت کی تھی؟

ج :۔ سورۂ مریم

س :۔ حضرت عمرؓ کی ان ہمشیرہ کا نام بتایئے جنہوں نے آپ سے پہلے اسلام قبول کیا تھا؟

ج :۔ حضرت فاطمہؓ

س :۔ ان صحابی کا نام بتایئے جنہیں حضورؐ نے حضرت سعید بن زید کو قرآن پڑھانے پر مامور کیا تھا؟

ج :۔ حضرت خبابؓ

س :۔ مقاطعہ قریش کے وقت مسلمانوں کی مدد کرنے والے چند درد مند شخصیتوں نے جو مسلمان نہیں تھیں تاہم انہوں نے بنو ہاشم کی مدد کی تھی؟

ج :۔ حکیم بن حزامؓ۔ ہشام بن عمر۔ زہیر بن امیہ نے مدد کی تھی۔

س :۔ اس شخص کا نام بتایئے جس نے مقاطعہ قریش کو خانہ کعبہ سے اتار کر پھاڑ دیا تھا؟

ج :۔ مطعم بن عدی

س :۔ کفار کے ظلم و ستم کا نشانہ بننے والوں میں حضرت خبابؓ بھی تھے آپ کن کے غلام تھے؟

ج :۔ ام انمار کے

س :۔ حضورؐ کے ان چچا محترم کا نام بتائیے جنہوں نے یہ پتہ چلنے پر کہ ابوجہل نے آپ کے چہرہ مبارک پر کنکریاں ماری ہیں انہوں نے بدلے میں اپنی کمان مار کر اس کا سر پھوڑ دیا تھا؟

ج :۔ حضرت امیر حمزہؓ

س :۔ حضرت حمزہ کی کنیت کیا ہے؟

ج :۔ ابو عمارہ

س :۔ حضورؐ کے چچا حضرت حمزہؓ نے اسلام کب قبول کیا تھا؟

ج :۔ 6 نبوی کو

س :۔ حضورؐ کے بعد خانہ کعبہ میں باآواز بلند قرآن پاک پڑھنے والے پہلے صحابی کا نام بتائیے؟

ج :۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

س :۔ اس کافر کا نام بتائیے جو یہودی عالموں سے پوچھ کر آپؐ سے سوالات کرنے آیا تھا؟

ج :۔ نضر بن حارث

س :۔ اس موقع پر حضورؐ کی مدد کے لئے اللہ تعالیٰ نے کس سورۃ کی آیات نازل کی تھیں؟

ج :۔ سورۃ بنی اسرائیل

س :۔ ہجرت حبشہ کے بعد کفار نے کن دو افراد کو سفیر بنا کر بھیجا تھا کہ مسلمانوں کو واپس لانے پر مجبور کریں؟

ج :۔ عبداللہ بن ابو امیہ اور عمرو بن العاص

س :۔ طائف سے واپسی پر آپؐ کس سورۃ کی تلاوت کر رہے تھے؟

ج :۔ سورۂ جن

س :۔ آپؐ سے قرآن پاک کی آیات سن کر جنوں کا ایک گروہ مسلمان ہو گیا تھا اس موقعہ پر کونسی سورت نازل ہوئی تھی؟

ج :۔ سورۂ احقاف

س :۔ طائف سے واپسی پر آپؐ کو کس نے پناہ دی تھی؟

ج :۔ مطعم بن عدی

س :۔ آپؐ کی چچا زاد بہن ام ہانیؓ کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :۔ ہند بنت ابو طالب

س :۔ واقعہ معراج کے موقعہ پر حضورؐ پہ پہلی بار کتنی نمازیں فرض ہوئی تھیں؟

ج :۔ 50 نمازیں

س :۔ اس موقع پر کس پیغمبر کے کہنے پر آپؐ نے نمازوں کی کمی کی درخواست کی تھی؟

ج :۔ حضرت موسیٰ کے کہنے پر۔

س :۔ ان مشہور صحابی کا نام بتایئے جو بڑے اچھے شاعر تھے؟

ج :۔ حضرت طفیل بن عمروؓ دوسی۔

س :۔ آپؐ کے آنے سے پہلے قبیلے آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ ان مشہور جنگوں کے نا بتایئے جن میں بڑی خونریزی ہوئی؟

ج :۔ جنگ بعاث

س :۔ یہ جنگیں کن کی چالاکیوں اور سازشوں سے لڑی گئی تھیں؟

ج :۔ مدینہ کے یہودیوں کی۔

س :۔ اس مشہور شخص کا نام بتایئے جسے حضورؐ کی آمد سے قبل مدینہ کا سردار بنایا جا ر تھا؟

ج :۔ عبداللہ بن ابی

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ میں آپؐ کے کونسے عم محترم (چچا) ساتھ تھے؟

ج :۔ حضرت عباسؓ

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ میں سب سے پہلے کس نے بیعت کی تھی؟

ج :۔ حضرت براءؓ بن معرور نے۔

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد قریش مکہ نے انصار مدینہ کا پیچھا کیا تھا اس موقع پر کونسے صحابی کفار مکہ کے ہاتھ آگئے تھے؟

ج :۔ حضرت سعد بن عبادہؓ

س :۔ کس صحابی نے اعلانیہ مدینہ ہجرت کی تھی؟

ج :۔ حضرت عمرؓ نے

س :۔ ہجرت کے موقعہ پر غار ثور میں قیام کیا تھا۔ یہ غار مکہ مکرمہ سے کتنی دور ہے؟

ج :۔ تین میل دور۔

س :- اسلام کے پہلے سریہ کے قائد کون تھے؟

ج :- حضرت امیر حمزہؓ

س :- حضورؐ کی ان پھوپھی صاحبہ کا نام بتائیں جنہوں نے خواب میں غزوہ بدر میں قتل ہونے والے کفار کی قتل گاہوں کو دیکھ لیا تھا؟

ج :- حضرت عاتکہؓ

س :- مشرکین مکہ میں سب سے پہلے کس نے حضرت عاتکہؓ کا مذاق اڑاتے ہوئے کہا تھا کہ اب تو بنو ہاشم کی عورتیں بھی نبوت، کرنے لگیں؟

ج :- ابوجہل

س :- کفار مکہ میں سے کونسا بڑا شخص غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوا تھا؟

ج :- ابولہب

س :- حضورؐ نے بدر کے مقام کے قریب پہنچنے پر کس مقام پر دو رکعت نماز ادا کی تھی؟

ج :- روحاء کے مقام پر

س :- حضورؐ نے کوہ صفا پر دعوت عام دی تو کس نے مخالفت کی؟

ج :- ابولہب نے۔

س :- حضورؐ اپنی بیماری کے دوران کس کے گھر میں مقیم تھے؟

ج :- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

س :- حضورؐ اکرم کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج :- حضورؐ کی رحلت کی خبر سن کر لوگ گروہ در گروہ آ رہے تھے پہلے مردوں نے نماز جنازہ پڑھائی پھر عورتوں نے' اس کے بعد لڑکوں نے پھر غلاموں نے۔

س :- جنگ، بدر شروع ہونے سے پہلے حضورؐ نے تقریر کرنے سے پہلے کونسی سورۃ پڑھی تھی؟

ج :- سورۃ انفال

س :- غزوہ بدر میں قریش کی جانب سے سب سے پہلے کون بڑھا تھا؟

ج :- عامر بن حضرمی

س :- مسلمانوں کی جانب سے کس نے عامر بن حضرمی کا مقابلہ کیا تھا؟

ج :- حضرت مہجع نے

س :- غزوہ بدر میں پہلے اسلامی شہید کون تھے؟

ج :- حضرت مہجع

س :- غزوہ بدر کے بعد مسلمانوں میں مال غنیمت پر جھگڑا ہوا تو بذریعہ وحی کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

ج :- سورۃ انفال

س :- جنگ احد میں پہاڑی کی گھاٹی میں کتنے تیرانداز متعین کئے تھے؟

ج :- 5 تیرانداز

س :- ان صحابی کا نام بتایئے جو جنگ احد میں حضورؐ کو تیروں کی بوچھاڑ سے بچانے کے ڈھال بن گئے تھے۔ آنے والے تیروں کو اپنی پیٹھ پر روک رہے تھے؟

ج :- حضرت ابو دجانہؓ

س :- غزوہ احد کے بعد ہونے والے غزوے کو کیا کہتے ہیں؟

ج :- غزوہ بدر ثانی

س :- غزوہ خندق کس سن کس مہینہ میں ہوا تھا؟

ج :- ذیقعد کے مہینے میں

س :- غزوہ خندق میں اس یہودی قبیلے کا نام بتایئے جس کے سردار نے غداری کرتے ہوئے قلعہ کا دروازہ کھول دیا تھا؟

ج :- بنو قریظہ

س :- عمرو بن عبدود کون تھا؟

ج :- عرب کا ایک نامور جنگجو پہلوان جو ایک ہزار سواروں کے برابر مانا جاتا تھا۔

س :- اس سردار کا کیا نام تھا جس نے جنگ خندق میں خندق عبور کی تو مارا گیا؟

ج :- نوفل بن عبداللہ

س :- کفار نے نوفل بن عبداللہ کی لاش کے بدلہ میں کتنے اونٹ دینے کا وعدہ کیا تھا؟

ج :- سو اونٹ

س :- کیا حضورؐ نے کفار کا خون بہا قبول کر لیا تھا؟

ج :- جی نہیں حضورؐ نے اس کی لاش یہ کہکر واپس کر دی تھی کہ یہ بھی پلید اور اس کا خون بھی پلید ہے۔

س :- غزوہ خندق میں انصار کے ان مشہور سردار کا نام بتائیں جو جنگ میں شدید زخمی ہونے کے باعث انتقال کر گئے؟

ج :- حضرت سعد بن معاذؓ

س :- غزوہ خندق کا خاتمہ کس طرح ہوا؟

ج :۔ بڑی خوفناک آندھی چلی جس کی شدت میں فریقین کا ٹھہرنا دشوار ہو گیا۔

س :۔ حضرت عثمانؓ کے ان چچیرے بھائی کا نام بتایئے جن کے حلیف بن کر وہ مکہ گئے تھے؟

ج :۔ حضرت ابان بن سعید۔

س :۔ حضرت عثمانؓ کی شہادت کا سن کر حضورؐ نے مسلمانوں سے کونسی مشہور بیعت لی تھی؟

ج :۔ بیعت رضواں

س :۔ حضرت ابو سنان کون تھے؟

ج :۔ سب سے پہلے بیعت رضواں کرنے والے

س :۔ ابوسفیان کی ان بیٹی کا نام بتائیں جو حضورؐ کے نکاح میں تھیں؟

ج :۔ حضرت ام حبیبہؓ

س :۔ ہجرت کے کس سال حضورؐ کو ایک یہودی عورت نے زہر دیا تھا؟

ج :۔ زینب یہودن نے۔

س :۔ حضورؐ کے وصال کے بعد کن مشہور صحابی نے مسلمانوں میں تقریر کی تھی اور انہیں حضورؐ کی وفات کی خبر برداشت کرنے کا حوصلہ دیا تھا؟

ج :۔ حضرت ابو بکرؓ نے۔

س :۔ حضورؐ کے وصال کے بعد صحابہ کرامؓ اپنے مسائل کے حل کے لئے کس کے پاس جایا کرتے تھے؟

ج :۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس۔

س :۔ حضورؐ کی کونسی زوجہ' رئیسہ' بنو قریضہ اور بنو نضیر تھیں؟

ج :۔ حضرت صفیہؓ

س :۔ بنو قریظہ کے رئیس کی بیٹی حضرت صفیہؓ کے والد کا کیا نام تھا۔

ج :۔ حیی بن اخطب

س :۔ غزوہ احد میں کفار کے ساتھ کتنی عورتیں تھیں؟

ج :۔ پندرہ عورتیں جو زخمیوں کی مرہم پٹی کرتیں اور پیاسوں کو پانی پلاتی تھیں۔

س :۔ بنو نضیر کے یہودیوں کو غداری کی کیا سزا دی گئی تھی؟

ج :۔ انہیں جلاوطن کر دیا گیا تھا۔

س :۔ غزوہ خندق کتنے روز جاری رہا تھا؟

ج :۔ بیس روز۔

س :۔ حضرت ام سلمہ کے اس غلام کا نام بتایئے جنہیں آپ نے اس شرط پر آزاد کیا تھا کہ وہ ساری عمر حضورؐ کی خدمت کریں گے؟

ج :۔ حضرت سفینہؓ

س :۔ ان امہات المومنین کا نام بتایئے جو حضورؐ سے نکاح میں آنے سے پہلے صرف ایک بار بیوہ ہوئی تھیں۔

ج :۔ حضرت سودہؓ۔ حضرت صفیہؓ۔ حضرت ام سلمہؓ۔ اور حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا۔

س :۔ ام المومنین ام حبیبہ نے کیوں اپنے شوہر سے علیحدگی اختیار کر لی تھی؟

ج :۔ ان کے شوہر عبداللہ بن جحش شرابی اور عیسائی گئے تھے۔

س :۔ کونسی امہات المومنین کی قبریں جنت البقیع میں ہیں؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ۔ حضرت میمونہؓ۔ اور حضرت ام حبیبہؓ

س :۔ امہات المومنین میں سے کن دو کا اصل نام برہ تھا؟

ج :۔ حضرت جویریہؓ اور حضرت میمونہؓ

س :۔ کونسی ام المومنین کے والد محترم نے حضورؐ کو حرم کعبہ میں کافروں کے نرغے سے بچانے کے لئے شدید مار کھائی تھی؟

ج :۔ حضرت عائشہؓ کے والد محترم نے۔

س :۔ امہات المومنین میں سے لکھنا کون جانتی تھیں؟

ج :۔ حضرت حفصہؓ

س :۔ امہات المومنین میں سے کون عمدہ شاعرہ تھیں؟

ج :۔ ام سلمہؓ اور حضرت عائشہؓ

س :۔ حضورؐ پانی پیتے وقت کتنے سانس لیتے تھے؟

ج :۔ تین سانس۔

س :- حضورؐ کا ہنسنا کیسا تھا؟

ج :- آپؐ صرف تبسم فرماتے تھے قہقہہ مار کر نہ ہنستے تھے۔

س :- حضورؐ کا رونا کیسا تھا؟

ج :- رونے کی آواز نہ آتی تھی صرف آنسو آنکھوں سے بہتے تھے۔

س :- حضورؐ کسی کو چیز کس ہاتھ سے دیتے اور کس ہاتھ سے لیتے تھے؟

ج :- دائیں ہاتھ سے دیتے اور دائیں ہاتھ سے ہی لیتے تھے۔

س :- حضورؐ کی وہ کونسی زوجہ محترمہ ہیں جن پر حضرت عائشہؓ کو بڑا رشک آتا تھا؟

ج :- حضرت خدیجہؓ

س :- حضورؐ کے پاس بیت المال کی کتنی اشرفیاں تھیں جو آپؐ نے واپس کر دی تھیں؟

ج :- سات اشرفیاں

س :- حجتہ الوداع کے کتنے ماہ بعد حضورؐ بیمار ہوئے تھے؟

ج :- تین ماہ بعد

س :- سفر مکہ کے دوران مسلمانوں نے کہاں قیام کیا تھا؟

ج :- عسفان نامی مقام پر۔

س :- یہ مقام حدیبیہ نام سے کیوں مشہور ہے؟

ج :- یہاں حدیبیہ نامی کنواں تھا۔

س :- پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کرنے کا حکم کس سورۃ میں ہے؟

ج :- سورۃ النساء میں

ظہور قدسی

س :- آپؐ کس کیفیت میں پیدا ہوئے؟

ج :- آپؐ پیدا ہوئے تو آسمان کی طرف نظر اٹھائے ہوئے تھے۔

س :- آپکیؐ کنیت ابوالقاسم تھی جبرئیل نے کیا رکھی تھی؟

ج :- ابو ابراہیم

س :- آنحضرتؐ نے کتنے عرصہ بعد دودھ چھوڑا؟

ج :- دو سال بعد

س :- اس کے متعلق دو واقعات سیرت کی کتابوں میں درج ملتے ہیں وہ واقعات کیا ہیں؟

ج :- آپؐ اپنی رضائی ماں کا دودھ صرف ایک طرف سے پیا کرتے تھے۔ دوسری طرف

کا دودھ اپنے رضائی بھائی کے لئے چھوڑ دیتے تھے۔

س :۔ آنحضرتؐ کی والدہ کہاں سے آ رہی تھیں جب ان کا انتقال ہوا؟

ج :۔ مدینہ منورہ سے۔

س :۔ اس مقام کا نام کیا ہے جہاں آپؐ کی والدہ کا انتقال ہوا؟

ج :۔ مقام ابواء

مبارک نسب نامہ

س :۔ قریش کے بعد کون قوم کے سردار بنے؟

ج :۔ قریش کے بیٹے غالب۔

س :۔ غالب کی کنیت کیا تھی؟

ج :۔ ابوتیم

س :۔ لوئی کی کنیت کیا تھی؟

ج :۔ ابو کعب۔

س :۔ آپ نے کس دن کا نام بدل کر رکھا تھا؟

ج :۔ یوم العروبہ کا نام بدل کر یوم جمعہ رکھا تھا۔

س :۔ کعب کے بیٹے کلاب کا یہ لقب کیوں مشہور ہوا؟

ج :۔ ان کو شکاری کتے پالنے کا شوق تھا۔

س :۔ جناب ہاشم کا اصل نام کیا تھا؟

ج :۔ جناب ہاشم کا اصل نام عمرو تھا۔

س :۔ جناب ہاشم کا یہ نام کیوں پڑا؟

ج :۔ قحط کے دنوں میں انہوں نے شوربا میں روٹیاں چورا چورا کرکے مکہ والوں کو کھلائی تھیں۔

س :۔ سیدہ آمنہ کا شجرہ نسب کیا ہے؟

ج :۔ سیدہ آمنہ بنت وہب بن عبدمناف بن زہرہ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر۔

س :۔ جناب آمنہ کے والد وہب کس قبیلہ کے سردار تھے؟

ج :۔ بنو زہرہ کے سردار۔

س :۔ حضرت عبداللہ سے کس عورت نے اظہار محبت کیا تھا؟

ج :- بنت مرالخشعمیہ نے۔

س :- اس نے حضرت عبداللہ کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے کیالالچ دیا تھا؟

ج :- سو اونٹوں کا عطیہ دینا چاہا۔

س :- قمرا لبطحا کن کالقب تھا؟

ج :- حضرت عبدمناف کا۔

س :- آپ کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :- مغیرہ بن قصیٰ

س :- جناب ہاشم کا نام کیا تھا؟

ج :- عمرو بن عبدمناف

س :- بعض لوگ ہاشم کو بلند مرتبہ ہونے کی وجہ سے کس لقب سے پکارتے تھے؟

ج :- عمرو العلاء۔ ابوا لبطحا

س :- جناب عبداللہ کی وفات کہاں ہوئی؟

ج :- مدینہ میں۔

س :- جناب عبداللہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج :- نابغہ کے مکان دار صغریٰ میں۔

س :- وفات کے بعد آپ کے والد جناب عبداللہ کی عمر کتنی تھی؟

ج :- 25 سال لیکن بعض لوگ 28 سال بتاتے ہیں۔

س :- جناب عبداللہ نے کیا ترکہ پیچھے چھوڑا؟

ج :- ایک کنیز ام ایمن۔ 5 اونٹ اور بھیڑوں کا ایک گلہ۔

س :- مورخین کے نزدیک پہلی بار کعبہ کس نے تعمیر کیا تھا؟

ج :- فرشتوں نے۔

س :- کعبہ کی بار بار تعمیر کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

ج :- کعبہ نشیبی جگہ میں واقع ہونے کی وجہ سے سیلابوں کا نشانہ بنتا تھا۔

ابتدائے نبوت

قرب بعثت

س :- بعثت سے پہلے آنحضرت ﷺ کا کیا معمول تھا؟

ج :- آپ اکثر پانی اور ستو لے کر مکہ سے تین میل دور کوہ حرا کے غار میں چلے جاتے

اور عبادت کرتے۔
س :۔ کوہ حرا اب کس نام سے مشہور ہے؟
ج :۔ جبل نور کے نام سے۔
س :۔ بعثت سے سات برس پہلے حضورؐ کو کیا نظر آنے لگا تھا؟
ج :۔ ایک روشنی اور چمک۔
س :۔ حرا نشینی کے دور کا حضورؐ کا کوئی اور واقعہ ؟
ج :۔ آپؐ پر الوہی اسرار منکشف ہونے لگے۔
س :۔ نبوت سے پہلے حضورؐ کا بتوں کے بارے میں کیا خیال تھا؟
ج :۔ حضورؐ کو ابتدا ہی سے بتوں سے نفرت تھی۔
س :۔ وہ روشنی اور چمک حضورؐ کو کیوں دکھائی دیتی تھی؟
ج :۔ وہ مقام نبوت کے قرب کی نوید تھی۔

نزول وحی

افتتاح وحی

س :۔ حضورؐ پر وحی کیسے نازل ہوئی؟
ج :۔ آپؐ غار حرا میں معتکف و مراقب تھے کہ اچانک ایک دن حضرت جبریلؑ نازل ہوئے۔
س :۔ حضرت جبریلؑ کے اور کیا نام ہیں؟
ج :۔ روح القدس۔ روح الامین۔ عقل کل۔
س :۔ ایسی صورت میں حضورؐ کی کیا کیفیت تھی؟
ج :۔ حضورؐ ٹھٹھک کر رہ گئے۔ عناصر بشری کے تقاضے سے حیرت و سراسیمگی میں جدھر دیکھا ادھر جبریل ہی نظر آئے۔
س :۔ یہ کیا تھا؟
ج :۔ یہ نزول وحی کے ہمہ سمتی عناصر و عوامل کے ایک بڑے ہی پیچیدہ **عمل** کا مظاہرہ تھا۔
س :۔ حضورؐ نے اسے کیا سمجھا؟
ج :۔ پہلے تو اسے رمزیہ خواب سمجھا۔ لیکن اسی وقت جبریلؑ کی آواز کان میں پڑی۔
س :۔ جبریلؑ نے حضور سے کیا کہا؟

ج :۔ جبریلؑ نے کہا اقراء

س :۔ اقراء کا کیا مطلب ہے؟

ج :۔ اقراء کا مطلب ہے پڑھ۔

س :۔ حضورؐ نے کیا جواب دیا؟

ج :۔ **ما انا بقاری** میں تو نہیں پڑھ سکتا۔

س :۔ ایسی صورت میں جبریلؑ نے کیا کہا؟

ج :۔ جبریلؑ نے حضورؐ کو سینے سے لگا کر پھر کہا۔ پڑھ اپنے رب کے نام سے جوب سب کو پیدا کرنے والا ہے۔ جس نے انسان کو جمے ہوئے لہو سے بنایا۔ تیرا رب کریم ہے۔ جس نے علم سکھایا قلم سے' سکھایا انسان کو وہ' جو وہ نہیں جانتا تھا۔

س :۔ جبریلؑ کا حضورؐ کو سینے سے لگا کر بھینچنا کیا گستاخی نہ تھی؟

ج :۔ یہ تو اسلوب تقرب تھا۔ جس میں ان کی شخصیت کا بھرپور انعکاس تھا۔

س :۔ کیا اس آیت کے بعد بھی جبریلؑ نے حضورؐ سے کچھ کہا؟

ج :۔ جبریلؑ نے حضورؐ کو مژدہ سنایا اور اپنا تعارف کرایا۔**یا محمد انت رسول اللہ وانا جبریل**۔یا محمدؐ آپ اللہ کے رسول ہیں اور میں جبریلؑ ہوں۔

س :۔ آیات اقراء پڑھانے کے بعد جبریلؑ نے کیا کہا؟

ج :۔ وضو اور نماز سکھا کر اور کچھ راز کی باتیں بتا کر جبریل غائب ہو گئے۔

س :۔ اس وقت حضورؐ کی کیا کیفیت تھی؟

ج :۔ حضورؐ پر کپکپاہٹ طاری ہو گئی تھی۔ اسی وارداتی کیفیت میں فوراً گھر تشریف لائے اور جناب خدیجہؓ سے کہا۔ زملونی زملونی۔ مجھے کمبل اوڑھا دو۔ مجھے کمبل اوڑھا دو۔

س :۔ حضورؐ کے مقدس سراپا میں یہ کپکپاہٹ کیوں پیدا ہوئی؟

ج :۔ وحی و الہام کے اس مرتبے پر پہنچ کر نبی پر ایک التہابی سیمابی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

س :۔ اس التہابی و سیمابی کیفیت کو دوسرے لفظوں میں کیا کہتے ہیں؟

ج :۔ مقدس واردۂ نبوت اور افتتاح وحی کہا جاتا ہے۔

س :۔ حضورؐ کو اس حالت میں دیکھ کر جناب خدیجہؓ نے کیا کہا؟

ج :۔ حضورؐ نے کپکپاہٹ کا سبب بیان کیا تو رسولؐ کی بیویؓ ورقہ نوفل کے پاس لے گئیں۔

س :۔ ورقہ بن نوفل کون تھا؟

ج :۔ جناب خدیجہؓ کا چچا زاد بھائی جو عیسائی تھا اور نابینا ہو گیا تھا۔ عربی اور عبرانی زبان کا عالم تھا۔ حضورؐ نے اس سے ساری سرگزشت بیان کی۔

س :۔ ورقہ بن نوفل نے کیا کہا؟

ج :۔ آنے والا وہی ناموس ربانی ہے جو حضرت موسیٰ کے پاس آتا تھا

اذن تبلیغ و اشاعت

س :۔ اسلام کا پہلا عارضی نظام رشد و ہدایت کیا تھا جو انتہا میں انسانیت کا دستور عمل بن گیا؟

ج :۔ حضورؐ نے فرداً فرداً لوگوں پر اسلام پیش کرنا شروع کیا۔ داعی اسلام کی دعوت دنیا کے سارے انسانوں کے لئے تھی۔

س :۔ سری تبلیغ کے دور سے کیا مراد ہے؟

ج :۔ اعلانیہ تبلیغ نہ کرنا۔ در پردہ تبلیغ کے دور کو سری تبلیغ کا دور کہتے ہیں۔

س :۔ ابتدا میں کن لوگوں نے اسلام قبول کیا؟

ج :۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ' حضرت زید بن حارثہؓ' حضرت ابوبکرؓ' حضرت بلالؓ' حضرت عمرو بن عبسہؓ' حضرت خالد بن سعید۔

س :۔ ان کے علاوہ ابتدائی صحابہ و صحابیات کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

ج :۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت زبیر بن العوامؓ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف۔ حضرت سعد بن ابی وقاص۔ حضرت ارقمؓ بن ابی الارقم۔ حضرت عمار بن یاسرؓ۔ حضرت ابوذر غفاریؓ۔ حضرت ام الفضلؓ۔ حضرت اسما بنت ابیؓ بکر۔ حضرت اسماء بنت عمیسؓ۔ حضرت فاطمہ بنت الخطابؓ۔ اور حضرت سعید بن زید۔

س :۔ ابتدائی مسلمان کیسے عبادت کرتے؟

ج :۔ چھپ کر کسی گھاٹی میں جا کر نماز پڑھا کرتے۔

س :۔ عشرہ مبشرہ کسے کہتے ہیں؟

ج :۔ ابتدائی دور میں سب سے پہلے اسلام لانے والی برگزیدہ ہستیوں کو عشرہ مبشرہ کہتے ہیں۔

س :۔ تبلیغ کرنے کا طریق کار کیا تھا؟

ج :۔ تبلیغ کے دائرہ کو پانچ درجوں میں پھیلایا گیا۔

س :۔ تبلیغ کا پہلا درجہ کیا تھا؟

ج :- قریبی رشتہ داروں اور خاص احباب میں تبلیغ۔

س :- تبلیغ کا دوسرا درجہ؟

ج :- شہر کے لوگوں میں تبلیغ۔

س :- تبلیغ کا تیسرا درجہ؟

ج :- قبیلوں اور گروہوں میں تبلیغ

س :- تبلیغ کا چوتھا درجہ؟

ج :- پوری قوم میں تبلیغ

س :- تبلیغ کا پانچواں درجہ؟

ج :- دنیا بھر کی قوموں اور جماعتوں میں تبلیغ۔

س :- خفیہ تبلیغ کتنی مدت تک ہوتی رہی؟

ج :- خفیہ تبلیغ تین سال تک ہوتی رہی۔

س :- اس کے بعد ابتدائی تبلیغ نے کونسا رخ اختیار کیا؟

ج :- کھل کر تبلیغ شروع ہوئی۔

س :- مبلغین اسلام نے تبلیغ کا کونسا طریقہ اختیار کیا؟

ج :- مبلغین اسلام عرب کے مشہور میلوں عکاظ اور ذوالمجاز میں بھی تبلیغ کو جانے لگے۔

س :- ترسیل وحی کا سلسلہ کب تک جاری رہا؟

ج :- یہ سلسلہ تیرہ برس تک مکہ میں اور دس برس تک مدینہ میں جاری رہا۔

س :- امر وحی سے کیا مراد ہے؟

ج :- جلد سے جلد ظاہر ہونے والی بات۔

س :- الاوحیا" سے کیا مراد ہے؟

ج :- وحی کے طور پر کلام فرمانا۔ اپنا کلام براہ راست فرشتے کی وساطت کے بغیر نبی و رسول کے دل میں القا فرما دے۔

س :- **اومن وراآم حجاب** کا مطلب کیا ہے؟

ج :- پردے کے پیچھے سے اللہ کا کلام سنائی دے۔

س :- **اویرسل رسولا فیوحی باذنہ مایشاء** کا مطلب کیا ہے؟

ج :- کسی پیغامبر کے ذریعے اللہ کا پیغام پہنچانا۔

س :- وحی غیر متلو کی محفوظ صورت کونسی ہے؟

ج :- حدیث شریف

س :- کیا مذکورہ بالا دو قسموں کے علاوہ بھی وحی کی کوئی قسم ہے؟
ج :- ان دو قسموں کے علاوہ بھی وحی کی اقسام ہیں۔
س :- وحی منام کسے کہتے ہیں؟
ج :- انبیاء علیہم السلام کے خواب وحی ہوتے ہیں۔ خواب کی صورت میں یہ وحی عام لوگوں میں بھی ہوتی ہے۔ کوئی خواب میں جو کچھ دیکھتا ہے پورا ہو جاتا ہے۔
س :- اشارہ سریع کسے کہتے ہیں؟
ج :- لطیف و سریع اشارہ سے بات سمجھا دینا۔ اسے القاوالہام بھی کہتے ہیں۔
س :- جبلی ادراک کی تعریف کیا ہے؟
ج :- اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے شہد کی مکھی کو بھی اس بات کی وحی کہ پہاڑوں اور وادیوں میں اپنا گھر بنائے۔
س :- کیا قرآن شریف میں اس کا ذکر ہے؟
ج :- سورۂ مائدہ میں اس کا ذکر ہے۔
س :- واردات قلب کے الہام کی دینی اہمیت کیا ہے؟
ج :- غیر نبی کا الہام قطعی نہیں ہوتا اور نہ دین میں اس کی کوئی اہمیت ہوتی ہے چاہے اس کا حامل کتنی بڑی شخصیت کیوں نہ ہو۔
س :- اس الہام سے حاصل شدہ علم کو کیا کہتے ہیں؟
ج :- علم لدنی
س :- علم لدنی کیا ہے؟
ج :- وہ علم جسے اللہ پاک اپنے پاس سے سکھاتا ہے۔
س :- رویائے صالحہ سے کیا مراد ہے؟
ج :- سچے خواب
س :- رویائے صالحہ سے متعلق کوئی ایسی مثال پیش کریں جو کسی پیغمبر سے متعلق ہو؟
ج :- حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب کے ذریعے حکم ہوا تھا کہ اپنے بیٹے کی قربانی دیں۔
س :- ارسال ملک کسے کہتے ہیں؟
ج :- فرشتہ کبھی اصلی اور کبھی انسانی صورت میں خدا کا پیغام لے کر آتا ہے۔
س :- آنحضرت ﷺ پر کس طرح وحی نازل ہوئی تھی؟
ج :- کبھی "صلصلۃ الجرس" میں۔

س :۔ "صلصلة الجرس" میں کا مطلب ہے؟

ج :۔ گھنٹی کی آواز میں۔ حضورؐ ہمہ تن اس کی طرف متوجہ ہو جاتے جو سنتے اسے یاد کر لیتے۔

س :۔ حضورؐ پر وحی نازل ہونے کی کوئی اور صورت؟

ج :۔ کبھی فرشتہ آکر وحی سناتے۔

س :۔ وحی نازل ہونے کی صورت میں آنحضرت ﷺ میں کیا تغیر رونما ہوتا

ج :۔ جب وحی نازل ہوتی تھی آنحضرتؐ سر جھکا لیتے تھے۔ چہرہ متغیر ہو جاتا تھا۔

نزول قرآن

س :۔ قرآن کسے کہتے ہیں؟

ج :۔ وحی متلو کے ذریعے خدا کا جو کلام رسول مقبولؐ پر نازل ہوا اس کو قرآن الفرقان کہتے ہیں۔

س :۔ قرآن کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج :۔ جمع کرنا۔ پڑھنا

س :۔ الفرقان؟

ج :۔ اس کے معنی ہیں کسوٹی۔ قرآن چونکہ حق و باطل کی کسوٹی ہے اس لئے فرقان کہلایا۔

س :۔ الکلام کیوں کہا گیا ہے قرآن کو؟

ج :۔ اس لئے کہ شروع سے تحریری صورت میں ہے۔

س :۔ قرآن کو الذکر کیوں کہا گیا؟

ج :۔ الذکر کے لغوی معنی ہیں یاد رکھنا۔ بھولی ہوئی چیز کو یاد کرنا۔ قرآن انسان کو زندگی کا بھولا ہوا سبق یاد دلاتا ہے اس لئے الذکر بھی ہے۔

س ان کے علاوہ قرآن کے اسماء کیا ہیں؟

ج :۔ الھدیٰ۔ الشفا

س :۔ قرآن حکیم کب نازل ہوا؟

ج :۔ لیلتہ القدر میں۔ قرآن میں ارشاد ہے کہ ہم نے قرآن کو شب قدر میں اتارا۔

س :۔ انزال اور تنزیل میں کیا فرق ہے؟

ج :۔ انزال ایک دم اتارنے کو کہتے ہیں۔ اور تنزیل بتدریج اتارنے کو۔

س :۔ تمام انبیا علیہم السلام پر صحائف کا نزول ہوا کس مہینے میں؟
ج :۔ رمضان المبارک میں۔
س :۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی ایک سو چار کتابیں نبیوں پر نازل کیں۔ بتایئے کس پیغمبر پر کتنی؟
ج :۔ دس حضرت آدمؑ پر۔ پچاس حضرت شیثؑ پر، تیس حضرت ادریسؑ پر۔ دس حضرت ابراہیم پر، توریت زبور حضرت داؤد پر۔ انجیل حضرت عیسیٰ پر اور قرآن حضرت محمد ﷺ پر۔
س :۔ لوح محفوظ کیا ہے؟
ج :۔ تعین علمی کا ایک درجہ ہے۔ جس میں تمام معلومات باری تعالیٰ درج ہیں۔

لیلتہ القدر

س :۔ وہ کونسی شب مبارک تھی جس میں اللہ کا کلام ایک انسان پر اتارا گیا؟
ج :۔ وہ لیلتہ القدر۔ شب قدر کی رات۔
س :۔ مسلمان ان ایام میں مساجد میں معتکف کیوں ہوتے ہیں؟
ج :۔ کیونکہ رسول مقبولؐ بھی ان دنوں غار حرا میں معتکف ہوئے۔ یہ اعتکاف اتباع نبویؐ ہے۔
س :۔ اس رات کی اہمیت کیا ہے؟
ج :۔ یہ وہ رات ہے جس میں قوموں کی قسمت کا فیصلہ ہوا۔
س :۔ حقیقت صوم کیا ہے؟
ج :۔ ماہ صیام کی اصل حقیقت نزول قرآن کی یادگار و تذکار اور حامل قرآن کے اسوۂ حسنہ کی تقلید و اتباع ہے۔
س :۔ لیلتہ القدر کو کیوں تمام راتوں پر فضیلت حاصل ہے؟
ج :۔ اس میں ہم کو ایک کتاب دی گئی۔ اور ہم کو مشرق و مغرب میں اس کی منادی کرنے کا حکم دیا گیا۔
س :۔ مسلمانوں کو کس جنگ میں سب سے پہلی بار قیدی ہاتھ لگے؟
ج :۔ جنگ بدر میں۔
س :۔ اسلام میں جنگی قیدیوں کے ساتھ کیسا سلوک روا رکھا گیا؟
ج :۔ انسانی سلوک۔
س :۔ رزق میں کمی کس سے ہوتی ہے؟

ج :- گناہ کرنے سے۔

س :- دعا کیا ہے؟

ج :- دعا عبادت ہے۔

علوم القرآن

س :- علوم و فنون کے بارے میں قرآن مجید کی کیا اہمیت ہے؟

ج :- قرآن حکیم علوم و فنون کا مخزن ہے۔ مسیح ہے۔

س :- ان علوم و فنون کے نام بتاؤ؟

ج :- علوم طیبہ۔ علوم فلکیہ۔ علوم فلسفہ۔ علم ریاضیات۔ علم الحساب۔ علم الصرف۔ علم الرجال۔ علم الاخلاق۔ علم التشریح۔ علم الجغرافیہ۔ علم الہیت۔ علم التاریخ۔ علم المعیشت۔ علم الوارثت۔ علم التجوید۔ علم التفسیر۔

س :- تبعین کن کو کہتے ہیں؟

ج :- وہ لوگ جنہوں نے بحالت اسلام کسی تابعی کو دیکھا۔

س :- حدیث کسے کہتے ہیں؟

ج :- قول و فعل و تقریر رسول کریم۔

س :- تفسیر کسے کہتے ہیں؟

ج :- قرآن کی شرح۔

س :- حضرت سودہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج :- شموس بنت قیس۔

اصطلاحات

س :- رکوع کسے کہتے ہیں؟

ج :- قرآن کی ہر بڑی سورۃ منقسم ہے۔ اس کے ایک حصے کو رکوع کہتے ہیں۔

س :- مفصل کسے کہتے ہیں؟

ج :- سورۃ ق سے قرآن کے آخر تک کو کہتے ہیں۔

س :- طوال مفصل کیا ہے؟

ج :- ق سے مرسلات تک کی آیات

س :- اوساط کہاں تک ہے؟

ج :- سورۃ نباء سے ضحیٰ تک

س :۔ قصار مفصل کیا ہے؟

ج :۔ الم نشرح سے نامن تک

س :۔ تعوذو استعاذہ کیا ہے؟

ج :۔ **اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم**

س :۔ تسمیہ سے کیا مراد ہے؟

ج :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

س :۔ صحابی کسے کہتے ہیں؟

ج :۔ وہ لوگ جنہوں نے بحالت اسلام حضورؐ کو دیکھا۔

الکتاب

س :۔ حدیث متواتر سے مراد کیا ہے؟

ج :۔ جس کو بہت سے راویوں نے روایت کیا ہو۔

س :۔ قرآنِ حکیم کا پہلا پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :۔ قرآن حکیم کا پہلا پارہ الم کے نام سے موسوم ہے۔

س :۔ قرآن حکیم کا پہلا پارہ کتنی آیات پر مشتمل ہے؟

ج :۔ سورۂ فاتحہ اور سورۂ بقرہ کی ایک سو اکتالیس آیات پر مشتمل ہے۔

س :۔ سورۂ فاتحہ ہماری صلوٰۃ کا کیا ہے؟

ج :۔ سورۂ فاتحہ ہماری صلوٰۃ کا جزو لازم ہے۔ قرآن حکیم کی اہم ترین سورہ ہے۔ اس کے اور بھی نام ہیں۔

س :۔ وہ نام کیا ہے؟

ج :۔ ام القرآن۔ اساس القرآن۔ الکافیہ۔ الشافیہ۔

س :۔ سیقول کتنی آیات پر مشتمل ہے؟

ج :۔ ایک سو گیارہ آیات پر

س :۔ یہ آیات کتنے رکوعوں پر منقسم ہیں؟

ج :۔ پورے سترہ رکوعوں میں۔

س :۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے کیا حکم دیا؟

ج :۔ پہلے دو رکوعوں میں تحویل کعبہ کا حکم وارد ہوا ہے کہ نماز میں اپنا رخ بیت المقدس کی بجائے مسجد حرام یعنی خانہ کعبہ کی طرف کریں۔

س :۔ تحویل کعبہ کا یہ حکم کس بات کی علامت تھا؟

ج :۔ اس بات کی کہ حامل کتاب الٰہی اور اللہ تعالیٰ کی شریعت کے امین ہونے کی حیثیت سے اور جو مقام ایک طویل عرصہ سے بنی اسرائیل کو حاصل تھا اب وہ اس مقام سے معزول کئے گئے۔ اب ان کا مرکز بیت المقدس کی بجائے ہمیشہ کے لئے اہل توحید کا قبلہ خانہ کعبہ ہو گا۔

س :۔ اس تحویل قبلہ کے حکم کے ضمن میں کیا خاص بات بیان فرما دی گئی؟

ج :۔ یہ کہ بعثت دراصل اس دعائے ابراہیمی کا ظہور ہے جس کا ذکر پہلے پارے کے آخر میں ہوا۔

س :۔ قرآن حکیم کا تیسرا پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :۔ قرآن حکیم کا تیسرا پارہ تلک الرسل کے نام سے موسوم ہے۔

س :۔ تلک الرسل میں کتنی آیات شامل ہیں؟

ج :۔ اس میں پہلے سورۂ بقر کی آخری چونتیس آیات اور اس کے بعد سورۂ آل عمران کی اکانوے آیات شامل ہیں۔

س :۔ یہ پارہ کتنے رکوعوں پر مشتمل ہے؟

ج :۔ نو رکوعوں پر۔

س :۔ قرآن حکیم کا چوتھا پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :۔ **لن تنالوا** کے نام سے موسوم ہے۔

س :۔ یہ پارہ کن آیات پر مشتمل ہے؟

ج :۔ اس کا اکثر و بیشتر حصہ سورۂ آل عمران پر مشتمل ہے۔

س :۔ اس کے آخر میں کتنی سورۂ شامل ہیں؟

ج :۔ 22 آیات سورۂ نساء کی۔

س :۔ اس سورۂ مبارکہ میں سب سے زیادہ کس امر پر تبصرہ کیا گیا ہے؟

ج :۔ جنگ احد کے حالات پر

س :۔ قرآن مجید کا پانچواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :۔ **والمحصنت** کے نام سے موسوم ہے۔

س :۔ یہ پارہ کتنی آیات پر مشتمل ہے؟

ج :۔ ایک سو چھتر آیات پر

س :۔ قرآن مجید کا چھٹا پارہ کن الفاظ سے شروع ہوتا ہے؟

ج :- **لایحب** کے الفاظ سے شروع ہوتا ہے۔

س :- اس میں کتنی آیات ہیں؟

ج :- پہلے سورۃ النساء کی بقیہ انتیس آیات اور اس کے بعد سورۃ مائدہ کی ایک سو بیس میں سے بیاسی آیات۔

س :- قرآن مجید کے ساتویں پارے کا کیا نام ہے؟

ج :- قرآن مجید کے ساتویں پارے کا نام ہے **واذاسمعوا**۔

س :- اس میں کتنی آیات ہیں؟

ج :- ابتدا میں سورہ مائدہ کی اڑتیس آیات اور اس کے بعد سورۃ انعام کی ایک سو پینسٹھ آیات۔

س :- قرآن مجید کا آٹھواں پارہ کن الفاظ سے شروع ہوتا ہے؟

ج :- یہ پارہ دو برابر حصوں میں منقسم ہے۔ اس کے نصف اول سورہ الانعام کی بقیہ پچپن آیات وارد ہوئی ہیں۔ اور نصف ثانی میں سورۃ الاعراف کی ستاسی آیات۔

س :- قرآن مجید کا نواں پارہ کن الفاظ سے شروع ہوتا ہے؟

ج :- **قال الملا** کے الفاظ سے شروع ہوتا ہے۔

س :- اس پارہ کی کتنی آیات ہیں؟

ج :- اس پارے میں اولاً" سورۃ الاعراف کی بقیہ ایک سو انیس آیات وارد ہوئیں۔ اور اس کے بعد سورۃ انفال کی چالیس آیات۔

س :- قرآن حکیم کے دسویں پارے کا کیا عنوان ہے؟

ج :- قرآن حکیم کے دسویں پارے کا عنوان ہے **واعلموا**

س :- اس پارے میں کتنی آیات ہیں؟

ج :- اس میں اولاً" سورہ انفال کی بقیہ پینتیس آیات شامل ہیں اور اس کے بعد سورۃ التوبہ کا آغاز ہوتا ہے جس کی ترانوے آیات اس پارے شامل ہیں۔

س :- قرآن مجید کے گیارہویں پارے کا کیا نام ہے؟

ج :- گیارہواں پارہ یعتذرون کے نام سے موسوم ہے۔

س :- اس کی کتنی آیات ہیں؟

ج :- اس میں اولاً" سورہ توبہ کی بقیہ چھبیس آیات شامل ہیں۔ پھر پوری سورۃ یونس اور آخر میں سورۃ ہود کی صرف پانچ آیات۔

س :- قرآن حکیم کا بارہواں پارہ کن الفاظ سے شروع ہوتا ہے؟

ج :- **ومامن دآبہ** کے الفاظ سے

س :- اس میں کونسی سورتیں شامل ہیں؟

ج :- اس کے نصف سے زائد پر سورۂ ہود پھیلی ہوئی ہے۔ اور بقیہ حصہ میں سورۂ یوسف کا تقریباً نصف حصہ۔

س :- قرآن مجید کا تیرہواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **وما ابری**

س :- اس میں کونسی صورتیں شامل ہیں؟

ج :- اس میں اولاً" سورہ یوسف کا بقیہ نصف حصہ شامل ہے اور اس کے بعد دو بستاً" چھوٹی سورتیں سورہ رعد اور سورۂ ابراہیم پوری پوری شامل ہیں اور آخر میں ایک آیت سورۂ حجر کی شامل ہے۔

س :- قرآن مجید کا کاچودھواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **ربما** کے نام سے۔

س :- اس میں کونسی سورتیں شامل ہیں؟

ج :- اس میں دو سورتیں شامل ہیں۔ پہلے سورۂ حجر جس کی صرف پہلی آیت تیرہویں پارے میں شامل ہے اور دوسری سورہ "نحل"

س :- قرآن مجید کا پندرہواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **سبحن الذی** کے نام سے

س :- اس پارے میں کتنی سورتیں شامل ہیں؟

ج :- اس میں اولاً" سورہ بنی اسرائیل اور پھر کہف کے تقریباً دو تہائی حصے شامل ہیں۔

س :- یہ دونوں سورتیں کتنے رکوعوں پر مشتمل ہیں؟

ج :- دونوں بارہ بارہ رکوعوں پر مشتمل ہیں۔

س :- قرآن پاک کے سولھویں پارے کا کیا عنوان ہے؟

ج :- **قال الم**

س :- اس میں کتنی سورتیں ہیں اور ان میں کتنی آیات شامل ہیں؟

ج :- اس کے نصف اول میں سورۂ کہف کی بقیہ چھتیس آیات اور سورہ مریم مکمل شامل ہیں۔ اس کا نصف آخر کامل سورۂ طہ پر مشتمل ہے۔

س :- سورہ کہف کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

ج :- انسانوں پر یہ حقیقت واضح کی گئی ہے کہ یہ حیات دنیوی محض ایک امتحانی وقفہ

ہے۔

س :۔ قرآن مجید کا سترھواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :۔ **اقترب للناس**

س :۔ اس پارے میں کتنی سورتیں اور آیات ہیں؟

ج :۔ اس کے نصف اول میں بھی ایک مکمل سورہ وارد ہوئی ہے اور نصف ثانی میں بھی یعنی سورۃ الانبیا اور سورۂ الحج اور اس اعتبار سے یہ پورے قرآن مجید میں منفرد ہے۔

س :۔ قرآن مجید کے اٹھارہویں پارے کا کیا نام ہے؟

ج :۔ **قدافلح**

س :۔ اس پارے میں کون سی سورتیں شامل ہیں؟

ج :۔ اس پارے میں دو سورتیں پوری پوری شامل ہیں۔ سورۂ المومنون اور سورۂ نور اور آخر میں ابتدائی آیات سورۂ الفرقان کی شامل ہیں۔

س :۔ قرآن مجید کے انیسویں پارے کا کیا نام ہے؟

ج :۔ **وقال الذین**

س :۔ اس میں کونسی سورتیں اور کتنی آیات شامل ہیں؟

ج :۔ اس میں اولاً سورہ الفرقان کی بقیہ آیات شامل ہیں پھر سورۂ شعرا مکمل اور آخر میں سورۂ نمل کی ابتدائی انسٹھ آیات ہیں۔

س :۔ قرآن مجید کا بیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :۔ **امن خلق**

س :۔ یہ پارہ کتنی آیات پر مشتمل ہے؟

ج :۔ اس میں پہلے سورۂ النمل کی بقیہ چونتیس آیات شامل ہیں۔ پھر سورۂ القصص مکمل اور آخر میں سورۂ عنکبوت کی پہلی چوالیس آیات۔

س :۔ قرآن پاک کا اکیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :۔ **اتل ما اوحی**

س :۔ اس پارے میں کتنی سورتیں اور کتنی آیتیں ہیں؟

ج :۔ ابتدا میں سورۂ عنکبوت کی بقیہ پچیس آیات پھر سورۂ روم پھر سورۂ لقمان پھر سورہ السجدہ اور آخر میں سورۂ احزاب

س :۔ قرآن پاک کا بائیسواں پارہ کن الفاظ سے شروع ہوتا ہے؟

ج :۔ **ومن یقنت**

س :- اس پارے میں کتنی آیات و سورہ ہیں؟

ج :- اولاً" سورہ احزاب کی تینتالیس آیات پھر سورہ سبا اور پھر سورۂ فاطر اور آخر میں سورۂ یٰسین کی اکیس آیات

س :- قرآن مجید کا 23واں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **ومالی** کے نام سے

س :- اس میں کتنی آیات و سور ہیں؟

ج :- اس میں اولاً" اکثر حصہ سورۂ یٰسین کا شامل ہے یعنی باسٹھ آیات پھر سور الصافات اور سورہ ص مکمل شامل ہے۔ اور آخر میں الروم کی اکتیس آیات سورۂ یٰسین کو نبی اکرمؐ نے قرآن کا دل کہا ہے۔

س :- قرآن پاک چوبیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **فمن اظلم**

س :- اس پارے میں کتنی آیات و سور ہیں؟

ج :- اس میں ابتدا میں سورہ الزمر کی چوالیس آیات شامل ہیں پھر سورہ مومن مکمل اور آخر میں سورہ حم السجدہ کی چھیالیس آیات۔

س :- قرآن کریم کا پچیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **الیہ یرد**

س :- اس میں کتنی آیات و سور ہیں؟

ج :- اس میں اولاً" سورۂ الاحقاف ہے جو سلسلہ حامیم کی آخری سورت ہے۔ ہر تین سورتیں مدنی ہیں۔ سورہ محمدؐ سورہ الفتح اور سورہ الحجرات۔ اس کے بعد سورۂ ق ہے اور پھر سورہ الذریت کا نصف اول ہے۔

س :- قرآن مجید کا ستائیسواں پارہ کن الفاظ سے شروع ہوتا ہے

ج :- **قال فما خطبکم**

س :- اس میں کتنی آیات و سور ہیں؟

ج :- اس میں اولاً" سورہ الذریت کا نصف ثانی شامل ہے۔ پھر سورہ طور پھر سورہ النجم پھر قمر پھر سورہ رحمٰن پھر سورۃ الواقعہ اور آخر میں سورۃ الحدید۔

س :- قرآن مجید کا اٹھائیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- قد سمع اللہ کے نام سے موسوم ہے؟

س :- اس میں کتنی آیات و سور ہیں؟

ج :- یہ نو مدنی سورتوں پر مشتمل ہے اور ستائیسویں پارے کی آخری سورہ الحدید کے ساتھ مل کر دس مدنی سورتوں کا سب سے بڑا مجموعہ ہے۔

س :- قرآن مجید کا انتیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **تبرک الذی**

س :- یہ کتنی آیات و سور پر مشتمل ہے؟

ج :- یہ گیارہ سورتوں پر مشتمل ہے۔

س :- اس پارے کا آغاز کس آیت سے ہوتا ہے؟

ج :- سورۂ ملک سے جس کے آغاز میں بڑی اہم آیت وارد ہوئی ہے سورۃ الدہر' سورہ ملک' اس کے بعد سورہ القلم

س :- اس کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج :- سورۂ ن

س :- قرآن حکیم کا تیسواں پارہ کس نام سے موسوم ہے؟

ج :- **عم یتساءلون**

س :- یہ پارہ کتنی آیات و سور پر مشتمل ہے؟

ج :- اس پارہ میں چھوٹی بڑی 37 سورتیں شامل ہیں۔

قرآن بحیثیت تذکرہ

س :- قرآن حکیم کا نام التذکرہ کیوں ہے؟
ج :- اس میں حیات و کائنات سے متعلق بنیادی مضامین جمع ہیں۔

تفسیر القرآن

س :- تفسیر کے کیا معنی ہیں؟
ج :- قرآن پاک کی شرح
س :- تاویل کے کیا معنی ہیں؟
ج :- عبارت کا مطلب بیان کرنا۔
س :- تاویل اور تفسیر میں کیا فرق ہے؟
ج :- تاویل تفسیر کی ایک نوع ہے۔
س :- وحی الٰہی کی تفسیر کتنے ادوار میں تقسیم ہے؟
ج :- چھ ادوار میں
س :- تفسیر کا پہلا دور کون سا ہے؟
ج :- حیات نبوی
س :- دوسرا دور؟
ج :- خلافت راشدہ۔
س :- تیسرا دور؟
ج :- اموی سلطنت کے قیام سے اختتام تک۔
س :- پانچواں دور؟
ج :- اس دور کی تفسیریں
س :- ان تفسیروں کے نام بتائیں؟
ج :- تفسیر بیضاوی۔ تفسیر جلالین۔ تفسیر ابن کثیر۔
س :- چھٹا دور؟
ج :- تیرھویں صدی ہجری سے اب تک۔
س :- دور خلافت میں تفسیری مرویات کیا تھیں؟
ج :- حضرت علی کرم اللہ وجہ کی تفسیری مرویات سب سے زیادہ ہیں۔
س :- جامع ترمذی کے بارے میں تفسیری حوالہ سے کیا کہا جاتا ہے؟

ج :۔ تفسیر ترمذی معارف اسلامیہ کا انسائیکلوپیڈیا ہے۔

تحریف قرآن

س :۔ تحریف قرآن سے کیا مراد ہے؟
ج :۔ قرآن شریف کے کچھ یا سارے الفاظ کو کم یا زیادہ کرنا تحریف کہلاتا ہے۔
س :۔ اسلام میں تحریف کا سب سے پہلا مجرم کون ہے؟
ج :۔ مروان بن الحکم۔

اسباب نزول قرآن

س :۔ سبب نزول وحی سے کیا مراد ہے؟
ج :۔ قرآن کریم کی کسی آیت کے نازل ہونے کی وجہ یا محل۔
س :۔ اس کا اور کیا نام ہے؟
ج :۔ اس کو شان نزول بھی کہتے ہیں۔

ترتیب و تدوین وحی

س :۔ قرآن مجید کی آیتوں اور سورتوں کی ترتیب کس نے کی؟
ج :۔ سورتوں کی ترتیب وہی ہے جو لوح محفوظ پر اللہ کے نزدیک ہے۔
س :۔ ترتیب کی کتنی قسمیں ہیں؟
ج :۔ ترتیب کی دو قسمیں ہیں۔ ایک ترتیب نزولی اور دوسری ترتیب رسولی۔
س :۔ ترتیب نزولی کیا ہے؟
ج :۔ جس ترتیب سے قرآن نازل ہوا۔
س :۔ ترتیب رسولی سے کیا مراد ہے؟
ج :۔ وہ ترتیب جس رسول اللہ ﷺ نے جبریلؑ کی تعلیم سے قائم کیا۔
ج :۔ علامت۔ نشانی۔ معجزہ
س :۔ آیات کی ترتیب کس نام سے موسوم ہے؟
ج :۔ آیات کی ترتیب توقیفی
س :۔ قرآن حکیم کتنی مدت میں نازل ہوا؟
ج :۔ تیس سال میں۔
س :۔ محکمات اور متشابہات سے کیا مراد ہے؟

ج :۔ محکمات وہ سورتیں ہیں جو صاف صاف انسان کی سمجھ میں آ جاتی ہیں اور متشابہات وہ سورتیں جن کی حقیقت کو انسان نہیں پا سکتا۔

س :۔ آیات و سور کے نام تحریر کریں؟

ج :۔ الفاتحہ۔ البقرہ۔ آل عمران۔ النساء۔ المائدہ۔ الانعام۔ الاعراف۔ الانفل۔ توبہ۔ یونس۔ ہود۔ یوسف۔ رعد۔ ابراہیم۔ الحجر۔ النحل۔ الکھف۔ مریم۔ طٰہٰ۔ الانبیا۔ الحج۔ المومنون۔ النور۔ الفرقان۔ الشعرا۔ النمل۔ القصص۔ العنکبوت۔ الروم۔ لقمان۔ السجدہ۔ الاحزاب السباء۔ الفاطر۔ یٰسین۔ الصف۔ الجمہ۔ المنفقین۔ تغابن۔ الطلاق۔ صاد۔ الزمر۔ المومن۔ فصلت۔ الشوریٰ۔ الزخرف۔ الدخان۔ جاثیہ۔ الاحقاف۔ محمدؐ۔ الفتح۔ الحجرات۔ قاف۔ الزاریات۔ الطور۔ النجم۔ القمر۔ الرحمٰن۔ الواقعہ۔ الحدید۔ المجادلہ۔ الحشر۔ الممتحنہ۔ الصف۔ الجمعہ۔ التحریم۔ الملک۔ القلم۔ الحاقہ۔ المعارج۔ نوح۔ جن۔ المزمل۔ المدثر۔ الحیامہ۔ الدہر۔ المرسلات۔ النبا۔ النازعات۔ عبس۔ التکویر۔ الانفطار۔ مطففین۔ الانشقاق۔ البروج۔ الطارق۔ الاعلیٰ۔ الغاشیہ۔ الفجر۔ البلد۔ الشمس۔ واللیل۔ والضحیٰ۔ الم نشرح۔ والتین۔ العلق۔ القدر۔ البینہ۔ الزلزلۃ۔ العادیات۔ القارعہ۔ التکاثر۔ العصر۔ الھمزۃ۔ الفیل۔ القریش۔ الماعون۔ الکوثر۔ الکافرون۔ النصر۔ اللہب۔ الاخلاص۔ الناس

س :۔ محل نزول کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ آیت کے اترنے کی جگہ جہاں آیت نازل ہوئی۔

س :۔ مذکورہ بالا آیات و سور کا محل نزول بیان کریں؟

ج :۔

سورۃ	محل نزول
سورۃ الفاتحہ	مکہ میں نازل ہوئی۔
سورۃ البقرہ	المدنی مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔
سورہ آل عمران	المدنی
سورہ النساء	المدنی
سورہ المائدہ	المدنی
سورہ انعام	المکی
سورہ الاعراف	المکی
سورہ الانفل	المدنی
سورہ التوبہ	المدنی
سورہ یونس	المکی

سورہ ہود	المکی
سورہ یوسف	المکی
رعد	المکی
سورہ ابراہیم	المکی
سورہ الحجر	المکی
سورہ النحل	المکی
سورہ الاسراء	المکی
سورہ الکہف	المکی
سورہ مریم	المکی
سورہ طٰہٰ	المکی
سورہ الانبیاء	المکی
سورہ الحج	المدنی
سورہ المومنون	المکی
سورہ نور	مدنی
سورہ الفرقان	المکی
سورہ الشعراء	المکی
سورہ نمل	المکی
سورۃ القصص	المکی
سورۃ عنکبوت	المکی
سورہ الروم	المکی
سورہ لقمان	المکی
سورہ السجدہ	المکی
سورہ الاحزاب	المدنی
سورۃ سباء	المکی
سورۃ فاطرہ	المکی
سورہ یٰسین	المکی
سورہ الصفت	المکی
سورہ ص	المکی

سورہ الزمر	المکی
سورہ المومن	المکی
سورہ حٰم سجدہ	المکی
سورہ الشوریٰ	المکی
سورہ الزخرف	المکی
سورہ الدخان	المکی
سورہ جاثیہ	المکی
سورہ الاحقاف	المکی
سورہ محمدؐ	المدنی
سورہ الفتح	المدنی
سورہ الحجرات	المدنی
سورہ ق	المکی
سورہ الذاریات	المکی
سورہ الطور	المکی
سورہ النجم	المکی
سورہ القمر	المکی
سورہ الرحمٰن	المکی
سورہ الواقعہ	المکی
سورہ الحدید	المدنی
سورہ المجادلہ	المدنی
سورہ الحشر	المدنی
سورہ الممتحنہ	المدنی
سورہ الصف	المدنی
سورہ الجمعہ	المدنی
سورہ المنفقون	المدنی
سورہ التغابن	المدنی
سورہ الطلاق	المدنی
سورہ التحریم	المکی

سورہ الملک	المکی
سورہ القلم	المکی
سورۃ الحاقہ	المکی
سورہ المعارج	المکی
سورہ نوح	المکی
سورہ جن	المکی
سورہ المزمل	المکی
سورہ المدثر	المکی
سورہ قیامہ	المکی
سورہ الدھر	المکی
سورہ المرسلت	المکی
سورہ النبا	المکی
سورہ النازعت	المکی
سورہ عبس	المکی
سورہ التکویر	المکی
سورہ الانفطار	المکی
سورہ المطففین	المکی
سورہ الانشقاق	المکی
سورہ البروج	المکی
سورہ الطارق	المکی
سورہ الاعلیٰ	المکی
سورہ الغاشیہ	المکی
سورہ الفجر	المکی
سورہ البلد	المکی
سورہ الشمس	المکی
سورہ الیل	المکی
سورہ الم نشرح	المکی
سورہ الضحیٰ	المکی

سورہ التین	المکی
سورہ العلق	المکی
سورہ القدر	المکی
سورہ بینہ	مدنی
سورہ الزلزال	المکی
سورہ عادیات	المکی
سورہ القارعہ	المکی
سورہ تکاثر	المکی
سورہ العصر	المکی
سورہ ھمزہ	المکی
سورہ الفیل	المکی
سورہ القریش	المکی
سورہ الماعون	المکی
سورہ کوثر	المکی
سورہ الکافرون	المکی
سورہ النصر	المکی
سورہ اللہب	المکی
سورہ الاخلاص	المکی
سورہ فلق	مدنی
سورہ الناس	مدنی

ناسخ و منسوخ

س :۔ نسخ کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ مثاناً۔ زائل کرنا

س :۔ ناسخ کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ خارج کرنے والا

س :۔ منسوخ کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ مثاناً۔ خارج کرنا

س :۔ ناسخ کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ خارج کرنا

س :۔ وہ کونسا تھا جسے پہلے پڑھتے تھے پھر منسوخ ہو گیا؟

ج :۔ صحیح مسلم کی کتاب الصلوۃ میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ بئیر معونہ کے شہدا کے بارے میں قرآن نازل ہوا جسے پڑھتے تھے پھر منسوخ ہو گیا۔

س :۔ اس کی کوئی اور مثال؟

ج :۔ صحیح مسلم کی کتاب الزکاۃ میں روایت ہے کہ سورۂ برات کے برابر ایک سورت تھی جو اذہان س سے محو کر دی گئی۔ احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اکثر منسوخ آیات کو اللہ تعالٰی نے ذہنوں سے بیک وقت محو کر دیا۔

س :۔ قرآن مجید میں کتنی قسم کا نسخ ہوا ہے؟

ج :۔ تین قسم کا۔

س :۔ پہلی قسم کے نسخ کی کوئی مثال پیش کریں؟

ج :۔ وہ آیت جس کا حکم بھی منسوخ ہو گیا اور تلاوت بھی منسوخ ہو گئی جیسے سورہ بینہ کی یہ آیت۔

لوکان لابن آدم وادیا" من مال

س :۔ وہ کونسی آیت ہے جس کی تلاوت منسوخ ہو گئی مگر حکم باقی ہے؟

ج :۔ **الشیخ والشخۃ اذ ازینا فارجموھا البتۃ نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم**

س :۔ وہ کونسی آیت ہے جس کی تلاوت باقی ہے مگر حکم منسوح ہو چکا ہے؟

ج :۔ **ان تکن منکم عشرون صابرون یغلبوا ما تین**

س :۔ پہلی اور دوسری قسم کی آیات کیا قرآن میں موجود ہیں؟

ج :۔ حضورؐ کے حکم پر نور قرآن میں نہیں لکھی گئیں حدیثوں میں محفوظ ہیں۔

س :۔ قرآن کی کن سورتوں میں ناسخ و منسوخ دونوں ہیں؟

ج :۔ آل عمران۔ انفال۔ مائدہ۔ مریم۔ نور۔ فرقان۔ شوریٰ۔

س :۔ قرآن مجید کن سورتوں میں منسوخ ہے ناسخ نہیں؟

ج :۔ ہود۔ نحل۔ کہف۔ عنکبوت۔ مومنون۔ جاثیہ۔

جامع القرآن

س :۔ جامع القرآن کا مطلب کیا ہے؟

ج :۔ قرآن کو جمع کرنے والا۔

س :۔ رسول کریم ﷺ کی حیات طیبہ میں کن لوگوں نے قرآن جمع کیا؟

ج :۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت ابو ایوبؓ۔ حضرت ابو الدرداؓ۔ حضرت زید بنؓ ثابت۔

س :۔ صحابیات میں سے کون جامع القرآن ہے؟

ج :۔ ام ورقہ

س :۔ مصحف کسے کہتے ہیں؟

ج :۔ صحیفے کو جیسے قرآن پاک۔

س :۔ رسول کریم ﷺ کی وفات کے بعد جو مصحف جمع کیا تھا اس کو کیا کہتے ہیں؟

ج :۔ اس کو ام کہتے ہیں۔

س :۔ اس عہد کے مشہور مصاحف کا تذکرہ کس کتاب میں ہے؟

ج :۔ بخاری۔ نسائی۔ فتح الباری۔ مسند احمد بن حنبل۔ طبقات ابن سعد

س :۔ ان مصاحف میں سے چند ایک کے نام بتاؤ؟

ج :۔ مصحف علیؓ۔ مصحف عثمانؓ۔ مصحف عقبہ بن عامرؓ۔

حفظ القرآن

س :۔ حفظ القرآن سے کیا مراد ہے؟

ج :۔ وہ صحابہ جنہوں نے قرآن حفظ کیا۔

س :۔ صحابہ میں سے زیادہ مشہور چند ایک کے نام بتائیے؟

ج :۔ حضرت ابو بکرؓ۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ حضرت معاذ بن جبلؓ۔

س :۔ کیا مردوں کے علاوہ عورتیں بھی حافظ قرآن تھیں؟

ج :۔ چار عورتیں تو بڑی مشہور حافظہ قرآن تھیں۔

س :۔ ان کے نام بتائیں؟

ج :۔ حضرت عائشہؓ۔ حضرت حفصہؓ۔ حضرت ام سلمہؓ۔ ام ورقہ بن نوفلؓ۔

س :۔ شہدائے احد کو جب حضورؐ نے دفن فرمایا تو کس بات کا خیال رکھا؟

ج :۔ جس کو جس قدر زیادہ قرآن حفظ تھا اس کو اتنا ہی قبلہ کی جانب مقدم کیا۔

اعلانیہ تبلیغ

س :۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ملتے ہی حضورؐ نے اعلانیہ تبلیغ کا اعلان کیسے کیا؟

ج :۔ ارشاد الٰہی کے مطابق گھر' احباب اور خاندان کو دعوت اسلام دینے کے بعد آنحضرت ﷺ ایک دن پورے مکہ کو خطاب کرنے کے لئے کوہ صفا پر تشریف لے گئے اور اعلانیہ تبلیغ کا اعلان کیا۔

س :۔ آپؐ کے اس اعلان پر لوگوں کا رد عمل کیا تھا؟

ج :۔ بڑے برہم ہوئے اور غل غپاڑہ کرتے ہوئے بکھر گئے۔

س :۔ اس وقت آپؐ کے جانی دشمن ابوجہل نے کیا رویہ اختیار کیا؟

ج :۔ وہ حضورؐ کا مذاق اڑاتے ہوئے لوگوں میں مشہور کرنے لگا یہ شاعر ہے۔ یہ جادوگر ہے۔ اس کا دماغ چل گیا ہے نعوذ باللہ۔

س :۔ اسلام لانے والی جن شخصیتوں پر کفار نے ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے ان کے نام بتائیں؟

ج :۔ حضرت بلالؓ حبشی۔ حضرت عمارؓ بن یاسر۔ حضرت خباب بن الارتؓ۔ صہیب بن سنانؓ الرومی۔ عامرؓ بن فہیرہ۔

ہجرت حبشہ

س :۔ ہجرت حبشہ کب واقع ہوئی؟

ج :۔ ماہ رجب 5 نبوی

س :۔ ہجرت کرنے کا سبب کیا تھا؟

ج :۔ آپؐ کے صحابہ پر کفار کے ظلم و ستم روز بروز بڑھتے جا رہے تھے۔

س :۔ اس وقت حبشہ کا کون بادشاہ تھا؟

ج :۔ نجاشی اصحمہ بن ابجر۔

س :۔ ہجرت کرنے والوں میں کتنے مرد کتنی عورتیں تھیں؟

ج :۔ بارہ مرد چار عورتیں۔

س :۔ حبشہ کے رہنے والوں نے مسلم مہاجرین کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

ج :۔ بڑا اچھا سلوک کیا۔

س :۔ ہجرت کرنے والوں میں سے مشہور کے نام بتائیں؟

ج :۔ حضرت عثمانؓ۔ ابوحذیفہ بن عتبہؓ۔ مصعب بنؓ عمر۔ زبیر بن العوامؓ۔ عامر بن ربیعہؓ۔ سہیل بن بیضاؓ۔

س :۔ حبشہ ہجرت کرنے والی مہاجرات کے نام بتائیں؟
ج :۔ جناب رقیہؓ۔ جناب سلہ بنت سہیلؓ۔ جنام ام سلمہؓ۔ جناب لیلیٰ بنت ابی حیسمہؓ۔

محصوری شعب ابوطالب

س :۔ شعب کسے کہتے ہیں؟
ج :۔ گھاٹی کو۔
س :۔ شعب ابی طالب کا واقعہ کیوں اور کیسے رونما ہوا؟
ج :۔ قریش نے جب یہ دیکھا کہ آپؐ کے بعض صحابہ حبشہ میں امن و امان کی زندگی بسر کر رہے ہیں اور نجاشی ان تمام لوگوں کی حفاظت و حمایت کرتا ہے جو اس کے پاس مقیم ہیں اور پھر یہ کہ اسلام تیزی سے قبائل میں پھیل رہا ہے تو ان سب نے ایک مجلس مشاورت قائم کی جس میں یہ طے پایا کہ بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب کے خلاف ایک تحریری معاہدہ لکھا جائے جس میں ہر ایک یہ عہد کرے کہ وہ نہ تو بنی ہاشم و بنی عبدالمطلب سے خرید و فروخت کرے گا اور نہ ان سے میل جول رکھے گا اور اس وقت تک ان سے نرمی نہیں کی جائے گی جب تک وہ رسول کریم کو قتل کے لئے ہمارے سپرد نہ کردیں گے۔ گویا ان سب نے مل کر ان کا پوری طرح سے مقاطعہ کر دیا اور یہ صرف اس لئے کہ وہ ان سے اسلام اور رسول اللہ کی حمایت کا انتقام لے سکیں۔ یہ معاہدہ ایک کاغذ پر تحریر کیا گیا اور اس کو کعبہ میں لٹکا دیا گیا۔
س :۔ یہ واقعہ کب ہوا؟
ج :۔ یہ واقعہ یکم محرم 7 نبوی کو ہوا تھا۔
س :۔ اس معاہدہ کا محرر کون تھا؟
ج :۔ اس معہدہ کا فیض بن عامر بن ہاشم نے تحریر کیا تھا۔ جو رسول کریمؐ کی بددعا سے مشلول ہو گیا تھا۔
س :۔ اس معاہدہ کے بعد کیا ہوا؟
ج :۔ بنی ہاشم کا ہر طرح سے مقاطعہ شروع ہو گیا ان کو شعب ابی طالب میں محصور کر دیا گیا۔
س :۔ مسجد اقصیٰ کا بانی کون ہے؟
ج :۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔
س :۔ حضرت سلیمان نے اس کا نام کیا رکھا تھا؟

ج :۔ بیت ایل

س :۔ بیت ایل کا مطلب کیا ہے؟

ج :۔ خدا کا گھر۔

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے بارے تاریخ اسلام کیا کہتی ہے؟

ج :۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ کی تبلیغی کوششوں سے اسلام کا چرچا انصار کے تمام قبائل میں پھیل گیا۔

س :۔ مدینہ منورہ کے باشندے کیسے ہیں؟

ج :۔ نیک سیرت' خوش مزاج' خوش پوش' مہمان نواز ہیں

س :۔ جب مکہ معظمہ سے قافلہ حجاج یہاں پہنچتا ہے تو کہاں ٹھہرتا ہے؟

ج :۔ مناخہ میں۔

س :۔ مدینہ صوبہ حجاز کا کیا ہے؟

ج :۔ ایک بڑا شہر

س :۔ ابتدائی دور میں یہاں کون لوگ آباد تھے؟

ج :۔ عمالیق جن کا لقب اسلام میں انصار ہوا۔

س :۔ مسجد نبوی کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

ج :۔ پیغمبر اسلام ﷺ نے خود اپنے دست مبارک سے۔

س :۔ ابتدا میں مسجد نبوی کیسی تھی؟

ج :۔ بہت چھوٹی سی۔

س :۔ جب آنحضرت ﷺ مدینہ تشریف لائے تو حدی خواں کون تھا؟

ج :۔ عامر بن مسلم۔

س :۔ وہ حدی کیا تھی؟

ج :۔ اللھم

س :۔ اصحاب صفہ کون تھے؟

ج :۔ ابتدا میں اسلام لانے والے مفلوک الحال' غریب الوطن نادار' غیر شادی شدہ اور بے گھر لوگ

س :۔ صفہ سے کیا مراد ہے؟

ج :۔ صحن مسجد کے اندر مشرقی حصہ میں ایک چبوترہ سا بنا کر اس پر سائبان ڈال دیا تھا جس کو صفہ کہتے ہیں؟

س :۔ اصحاب صفہ کا بیشتر وقت کس شغل میں گزرتا تھا؟

ج :۔ یاد الٰہی۔ تلاوت قرآن پاک۔

س :۔ اصحاب صفہ کتنی تعداد میں تھے؟

ج :۔ حلیۃ الاولیا میں لکھا ہے کہ ان کی تعداد چار سو سے کچھ زیادہ ہی تھی۔

س :۔ چند مشہور اصحاب صفہ کے نام بتائیں؟

ج :۔ حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح۔ حضرت عمار بن یاسرؓ۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ حضرت مسطحؓ بن اثاثہ۔ حضرت ابو کبشہؓ۔ حضرت سلمان فارسیؓ۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ حضرت ابوذر غفاریؓ۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ حضرت عقبہؓ بن مسعود ہذلی۔ سائب بن خلادؓ۔

اذان کی ابتدا

س :۔ اذان کی ابتدا کیسے ہوئی؟

ج :۔ مسجد نبویؐ کی تاسیس کے ساتھ ہی ایسے طریقے کی ضرورت پیش آئی جس سے مسلمان نماز پنج گانہ کے اوقات سے آگاہ ہو سکیں اور نماز با جماعت ادا کر سکیں۔ چنانچہ صحابہ کو بلا کر حضورؐ نے مشورہ کیا۔ بہت سی تجاویز پیش کی گئیں۔

س :۔ وہ تجاویز کیا تھیں؟

ج :۔ کسی کی تجویز تھی اہل یہود کی طرح ناقوس بجایا جائے کسی کی رائے عیسائیوں اور اہل ہنود کی طرح گھنٹیاں بجانے کے متعلق تھی۔

س :۔ آخر کس کی تجویز پسند آئی؟

ج :۔ حضرت عمرؓ کی آپؐ نے کہا پانچ وقت اذان دی جائے۔

مواخات

س :۔ مواخات کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ بھائی چارہ۔ اخوت

س :۔ مواخات سے مسلمانوں کو کیا فائدہ پہنچا؟

ج :۔ وہ ایک دوسرے کو سگا بھائی سمجھنے لگے۔ بھائی بندی کا رشتہ مضبوط ہوا۔

س :۔ اس کا ذکر قرآن پاک کی کس آیت میں موجود ہے؟

ج :۔ آل عمران میں

س :۔ مواخات جن مہاجرین و انصار میں ہوئی ان میں سے معروف مہاجر و انصار پر روشنی ڈالیں؟

ج :- حضرت امیر حمزہؓ۔ اور زید بن حارثہؓ میں اخوت قائم ہوئی۔ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح اور سعد بن معاذ اقلی میں مواخات قائم ہوئی۔ زبیرؓ العوام اور سلامہ بن سلار میں۔

س :- حضرت علی کرم اللہ وجہ کی مواخات کس سے قائم ہوئی؟

ج :- حضورؐ نے حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔ یہ میرا بھائی ہے۔

میثاق مدینہ

س :- میثاق مدینہ سے کیا مراد ہے؟

ج :- معاہدہ مدینہ۔

س :- یہ معاہدہ کن میں ہوا؟

ج :- مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان۔

س :- سریہ کسے کہتے ہیں؟

ج :- وہ اسلامی جنگ جس میں آنحضرت بذات خود شریک نہ ہوئے۔

س :- سریہ رابغ کب اور کیوں پیش آیا؟

ج :- ماہ شوال ۱ھ میں۔

س :- اس سریہ کے قائدہ کون تھے؟

ج :- حضرت عبیدہ بن الحارث۔

س :- سریہ خرار کب پیش آیا؟

ج :- ذیقعد ۱ھ میں۔

س :- جنگ کا اسلامی تصور کیا ہے؟

ج :- اسلامی نقطہ نظر سے جنگ اس صورت میں جائز ہے کہ وہ دعوت اسلام اور امن برقرار رکھنے کے لئے کی جائے۔

س :- اسلامی تعلیمات کی رو سے جنگ کس صورت میں جائز ہے؟

ج :- دفاع اور اصلاح کے لئے۔

اذن جہاد

س :- وہ کونسی آیہ کریمہ ہے جس میں مسلمانوں کو اذن جہاد دیا گیا ہے؟

ج :- سورۃ الحج

س :- وہ سب سے پہلا غزوہ کونسا ہے جس میں حضورؐ نے شرکت فرمائی؟

ج :- غزوہ الابوا

س :- اس غزوہ کے علمبردار کون تھے؟
ج :- حضرت امیر حمزہؓ اور علم کا رنگ سفید تھا۔
س :- آنحضرت کس کو اپنے پیچھے خلیفہ بنا کر اس غزوہ پر نکلے؟
ج :- حضرت سعد بن عبادہؓ
س :- اس غزوہ میں حضورؐ کتنے دن مدینہ سے باہر رہے؟
ج :- پندرہ دن
س :- اس غزوہ میں کتنے مجاہدین حضورؐ کے ساتھ تھے؟
ج :- ستر مجاہدین۔
س :- اس غزوہ میں آپؐ نے کس کو اپنے پیچھے خلیفہ بنایا؟
ج :- حضرت سعد بن معاذؓ کو۔
س :- اس غزوہ میں کتنے مجاہدین شامل تھے؟
ج :- دو سو مجاہدین۔
س :- حضور ﷺ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟
ج :- بنو ہاشم۔
س :- آپؐ کا شجرۂ نسب کتنی پشتوں تک معلوم ہے؟
ج :- 21 پشتوں تک
س :- جناب عبدالمطلب کی بیٹیاں کتنی تھیں؟
ج :- چھے بیٹیاں۔
س :- آپؐ کی چھ پھوپھیاں تھیں ان کے نام بتائیے؟
ج :- حضرت صفیہؓ۔ عاتکہ۔ امیمہ۔ اروی۔ ام حکیم۔ بیضاء برہ۔
س :- حضرت عبدالمطلب کے سب سے بڑے بیٹے کا نام کیا تھا؟
ج :- حارث۔
س :- حضورؐ کی دادی کا کیا نام تھا؟
ج :- فاطمہ بنت اسد۔
س :- حضورؐ کے دادا کے انتقال کے بعد آپؐ کی پرورش کس نے کی تھی؟
ج :- ابو طالب نے۔
س :- آپؐ کے چچا جناب ابو طالب کا اصلی نام کیا تھا؟
ج :- عبد مناف۔

س :۔ آپؐ کے چچا عبد مناف کو ابو طالب کیوں کہا جاتا تھا؟
ج :۔ اپنے بیٹے طالب کی وجہ سے ان کی کنیت ابو طالب تھی۔
س :۔ آپؐ کی عمر کتنے سال تھی۔ جب آپؐ کی والدہ حضرت آمنہؓ آپ کو لے کر مدینہ منورہ گئی تھیں؟
ج :۔ چھ سال۔
س :۔ اس سفر میں آپؐ کی والدہ کے ہمراہ کون تھا؟
ج :۔ آپؐ کے والد کی کنیز حضرت ام یمنؓ۔
س :۔ مدینہ منورہ میں آپؐ کی والدہ نے کتنا عرصہ قیام کیا تھا؟
ج :۔ ایک ماہ۔
س :۔ آپؐ کی والدہ کا انتقال مدینہ سے آتے ہوئے کس مقام پر ہوا تھا؟
ج :۔ ابواء نامی مقام پر۔
س :۔ آپؐ کی عمر اس وقت کیا تھی؟
ج :۔ چھ سال
س :۔ آپؐ کی والدہ کے انتقال کے بعد کون آپؐ کو لے کر مکہ مکرمہ آیا تھا؟
ج :۔ آپؐ کے والد کی کنیز حضرت ام ایمنؓ۔
س :۔ کیا آپؐ ام ایمنؓ کا اصلی نام بتا سکتے ہیں؟
ج :۔ برکہ۔
س :۔ جب حضورؐ کے دادا کا انتقال ہوا تو اس وقت واقعہ عام الفیل کو کتنے سال گزر چکے تھے؟
ج :۔ آٹھ سال
س :۔ حضورؐ کے اس محترم چچا کا نام بتائیے جنہیں آپؐ نے سید الشہداء یعنی شہیدوں کے سردار کا لقب عطا فرمایا تھا؟
ج :۔ حضرت حمزہؓ کو۔
س :۔ آپ نے حضرت حمزہؓ کو کب سید الشہداء کہا تھا؟
ج :۔ غزوہ احد میں جب حضرت حمزہؓ شہید ہو گئے اور ان کی لاش کا مثلہ کیا گیا اور آپؐ نے انہیں اسی حال میں دیکھا تو فرمایا کہ یہ سید الشہداء ہیں۔
س :۔ حضورؐ کے چھ چچا تھے ان میں کتنے چچاؤں نے اسلام قبول کر لیا تھا؟
ج :۔ دو چچاؤں نے۔

س :- کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟
ج :- حضرت حمزہؓ۔ اور حضرت عباسؓ۔
س :- حضرت عبداللہ کے علاوہ اور کون سے بیٹے حضرت فاطمہ کے بطن سے تھے؟
ج :- دو بیٹے ابو طالب ' زبیر۔
س :- حضورؐ کی کونسی پھوپھیاں حضرت فاطمہ کے بطن سے تھیں؟
ج :- پانچ پھوپھیاں عاتکہ۔ امیمہ۔ برہ۔ ام حکیم بیضا۔ اروئی۔
س :- آنحضرتؐ کا تعلق قبیلہ قریش سے تھا۔ لفظ قریش کے کیا معنی ہیں؟
ج :- بڑی مچھلی جو چھوٹی مچھلیوں کو کھا جاتی ہے۔
س :- حضورؐ کی والدہ کا نام آمنہ تھا آپ کس کی بیٹی تھیں؟
ج :- وہب بن عبد مناف
س :- حضورؐ کے والد حضرت عبداللہ کا پہلے کیا نام تھا؟
ج :- عبدالدار۔
س :- حضورؐ کے والد حضرت عبداللہ کی کنیت کیا تھی؟
ج :- ابو قثم۔
س :- حضورؐ کے دادا جناب عبدالمطلب کا سماجی درجہ کیا تھا؟
ج :- وہ مکہ کے سردار تھے اور کعبہ کے متولی بھی تھے۔
س :- حضورؐ کے دادا عبدالمطلب کو عبدالمطلب کیوں کہتے ہیں؟
ج :- مطلب ان کا چچا تھا جس نے ان کی پرورش کی پرورش بڑے نازو نعم سے کی تھی اس احساس مندی کی وجہ سے عبدالمطلب یعنی (مطلب کا غلام) کہلائے۔
س :- حضورؐ کی ولادت باسعادت کن مشہور صحابیؓ کی والدہ کے ہاتھوں ہوئی تھی؟
ج :- حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کی والدہ کے ہاتھوں۔
س :- حضورؐ کے دادا کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟
ج :- 110 سال کی عمر میں۔
س :- حضورؐ کے والد حضرت عبداللہ کا انتقال آپؐ کی پیدائش سے پہلے ہو گیا تھا۔ اس وقت ان کی عمر کیا تھی؟
ج :- 25 سال۔
س :- حضورؐ کے والد کا انتقال کہاں ہوا تھا؟
ج :- مدینہ منورہ میں۔

س :- حضورؐ کے والد کا انتقال آپؐ کی پیدائش سے کتنے عرصے پہلے ہوا تھا؟
ج :- چھ ماہ پہلے۔
س :- آپؐ کے والد انتقال کے وقت مدینہ منورہ میں کس طرح موجود تھے؟
ج :- وہ ایک تجارتی قافلے کے ساتھ شام گئے تھے واپسی پر بیمار پڑ گئے اور مدینہ قیام کیا اور یہیں ان کا انتقال ہوا۔
س :- حضورؐ کی والدہ کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟
ج :- 30 سال کی عمر میں۔
س :- جب آپؐ کی والدہ فوت ہوئیں تو اس وقت آپؐ کی عمر کیا تھی؟
ج :- چھ سال۔
س :- حضورؐ کی والدہ کا انتقال کہاں ہوا تھا؟
ج :- ابواء نامی مقام پر۔
س :- مقام ابواء مدینہ منورہ کے قریب ہے یہ مدینہ منورہ سے کتنی دور ہے؟
ج :- ایک میل دور۔
س :- آپؐ کی ولادت کے وقت کونسا موسم تھا؟
ج :- موسم بہار تھا۔
س :- حضورؐ کی عیسوی تاریخ پیدائش کیا ہے؟
ج :- 22 اپریل 571ء
س :- حضورؐ کی پیدائش سے پہلے کونسا واقعہ پیش آیا تھا؟
ج :- واقعہ عام الفیل۔
س :- یہ واقعہ آپ کی پیدائش کے کتنے روز قبل پیش آیا تھا؟
ج :- 55 روز قبل۔
س :- یمن کا کون سا بادشاہ اپنے ہاتھیوں کی فوج لے کر خانہ کعبہ کو ڈھانے کے ناپاک ارادے سے آیا تھا؟
ج :- ابرہہ اشرم۔
س :- ابرہہ نے مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے بعد اپنی اشتعال انگیزی کا ثبوت کس طرح دیا تھا؟
ج :- اس نے سردار مکہ جناب حضرت عبدالمطلب کے اونٹ پکڑ لئے تھے۔
س :- ابرہہ کے اس سوال پر کہ تم اپنے اونٹوں کی فکر تو کرتے ہو۔ لیکن خانہ کعبہ کی

نہیں جس کے تم متولی ہو۔ جناب عبدالمطلب نے کیا جواب دیا تھا؟

ج :۔ اونٹ میرے اپنے ہیں۔ لہٰذا مجھے ان کی فکر ہے۔ خانہ کعبہ کی حفاظت تو (اللہ تعالیٰ) کرے گا۔ جس کا یہ گھر ہے۔

س :۔ ابرہہ نے جب اپنے ہاتھیوں کو خانہ کعبہ کو روندنے کے ناپاک ارادے سے آگے بڑھایا تھا تو کون سے پرندوں نے ان پر کنکریاں پھینکی تھیں؟

ج :۔ ابابیلوں نے۔

س :۔ ابابیلوں کے کنکریاں پھینکنے سے ہاتھیوں کی حالت کس طرح ہو گئی تھی؟

ج :۔ بالکل اسی طرح جیسے کہ کھائے ہوئے بھس (چارہ) کی ہو جاتی ہے۔

س :۔ واقعہ عام الفیل کا تذکرہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں موجود ہے؟

ج :۔ سورۃ الفیل میں۔

س :۔ آپؐ کی پیدائش کی اطلاع آپ کے دادا کو کہاں ملی تھی؟

ج :۔ خانہ کعبہ میں۔

س :۔ آپؐ کی پیدائش کی خوشخبری آپؐ کے دادا کو کس نے سنائی؟

ج :۔ آپؐ کی کنیز حضرت ام ایمنؓ نے۔

س :۔ ثویبہ آپؐ کے کس چچا کی لونڈی تھی؟

ج :۔ ابولہب کی۔

س :۔ آپؐ کی پیدائش کی خبر سنانے والی ثویبہ کو آپؐ کے چچا نے کیا انعام دیا تھا؟

ج :۔ اس خوشی میں اسے آزاد کر دیا تھا۔

س :۔ حضورؐ کا اسم گرامی محمدؐ کس نے رکھا تھا؟

ج :۔ آپؐ کے دادا جناب عبدالمطلب نے۔

س :۔ لفظ محمدؐ کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ تعریف کیا گیا۔

س :۔ آپؐ کی والدہ کو اس نام کی بشارت خواب میں کس نے دی تھی؟

ج :۔ حضرت جبرئیلؑ نے۔

س :۔ لفظ احمد کے کیا معنی ہیں؟

ج :۔ بہت زیادہ تعریف کرنے والا۔

س :۔ آپؐ کی پیدائش کے کتنے روز بعد آپ کا عقیقہ مبارک کیا گیا؟

ج :۔ سات روز بعد۔

س :- آپؐ کے عقیقہ مبارک میں کتنے جانور ذبح کیے گئے تھے؟

ج :- ایک مینڈھا۔

س :- حضورؐ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ نے آپؐ کو کتنے روز تک دودھ پلایا تھا؟

ج :- تین یا چار روز تک۔

س :- اس کے بعد کس نے آپؐ کو دودھ پلایا تھا؟

ج :- ابولہب کی آزاد کردہ لونڈی بی بی ثوبیہ نے۔

س :- حضورؐ کے کون سے چچا زاد بھائی کا انتقال جنگ کے موقع پر ہوا تھا؟

ج :- حضرت جعفر طیارؓ کا۔

س :- حضورؐ کے چچا ابولہب کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :- عبدالعزیٰ۔

س :- حضورؐ کے کون سے چچا زاد بھائی مفسر قرآن ہیں؟

ج :- حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے۔

س :- حضورؐ کے اس چچا زاد بھائی کا نام بتائیں جن کی شہادت کا آپؐ کو سخت صدمہ ہوا تھا؟

ج :- حضرت جعفر طیارؓ

س :- حضورؐ کے کون سے چچا نے آپؐ کی بعثت سے قبل مشہور معاہدہ حلف الفضول کی تجدید کی تھی؟

ج :- زبیر بن عبدالمطلب نے۔

س :- حضورؐ کے اس چچا زاد بھائی کا نام بتایئے جنہیں آپؐ نے ہجرت کی رات اپنے بستر پر لٹایا تھا؟

ج :- حضرت علیؓ۔

س :- حضورؐ کے اپنے گھر میں سب سے پہلے اسلام لانے والے کون تھے؟

ج :- عورتوں میں حضرت خدیجہؓ ' غلاموں میں حضرت زید بن حارثؓ اور مردوں میں حضرت علیؓ۔

س :- حضرت خدیجہؓ کے بعد اسلام لانے والی دوسری خاتون کون ہیں؟

ج :- حضرت ام فضلؓ۔

س :- دوسرے نمبر اسلام لانے والی ام فضلؓ رشتے میں حضورؐ کی چچی تھیں وہ آپؐ کے کن چچا کی زوجہ تھیں؟

ج :- حضرت عباسؓ کی۔
س :- حضورؐ کی ان چچا زاد بہن کا نام بتائیں جنہوں نے اسلام قبول کیا تھا؟
ج :- حضرت ام ہانی بنت ابو طالبؓ۔
س :- حضورؐ کی کون سی پھوپھی عثمان کی نانی تھیں؟
ج :- حضرت ام حکیم بیضاءؓ۔
س :- حضورؐ کی اس چچی کا نام بتایئے جو آپؐ کے راستے میں کانٹے بچھاتی تھی۔ اور آپؐ کی سخت دشمن تھی؟
ج :- ابولہب کی بیوی ام جمیل۔
س :- حضورؐ کی اس محترمہ چچی کا اسم گرامی بتائیں جن کی قبر میں حضورؐ خود اترے تھے اور اپنی چادر مبارک بچھادی تھی؟
ج :- جناب ابو طالب کی بیوی فاطمہ بنت اسدؓ۔
س :- حضورؐ کے اس چچا زاد بھائی کا اسم گرامی بتایئے جن کے ہاتھوں آپؐ نجاشی شاہ حبشہ کے نام ایک مکتوب گرامی بھیجا تھا؟
ج :- حضرت جعفر طیارؓ۔
س :- حضورؐ کے ان پھوپھی زاد بھائی کا نام بتایئے جو آپؐ کے والد ماجد کی جڑواں بہنیں تھیں؟
ج :- ام حکیم البیضاء۔
س :- حضورؐ کی کونسی پھوپھی آپؐ کی خوش دامن (ساس) بھی ہیں!؟
ج :- امیمہ بنت عبدالمطلب۔
س :- حضورؐ کی کون سی پھوپھی حضرت حمزہ آپؐ کے چچا کی بہن تھیں؟
ج :- حضرت صفیہؓ۔
س :- حضورؐ کے کون سے چچا زاد بھائی آپؐ کے داماد بھی تھے؟
ج :- حضرت علیؓ۔
س :- خلفاء راشدین میں سے وہ کون سے خلیفہ ہیں۔ جن کے والد آپؐ کے چچا تھے؟
ج :- حضرت علیؓ۔
س :- حضورؐ کے والد حضرت عبداللہ کی سگی بہنوں کے نام بتائیں؟
ج :- ام حکیم۔ البیضاء اور اروی۔
س :- حضورؐ کی اس پھوپھی کا نام بتائیں جن کے بیٹے حضرت زبیر عشرہ مبشرہ میں شامل

ہیں؟

ج :۔ حضرت صفیہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی اس پھوپھی کا نام بتائیں جن کا خواب سن کر کفار مکہ نے کہا تھا کہ اب تو بنو ہاشم کی لڑکیاں بھی نبوت کرنے لگیں؟

ج :۔ عاتکہ۔

س :۔ حضورؐ کے چچا ابولہب کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :۔ عبدالعزیٰ۔

س :۔ حضورؐ کے کن چچا زاد بھائیوں نے آپؐ کی وفات کے بعد آپؐ کو غسل دیا تھا؟

ج :۔ حضرت فضل بن عباسؓ اور حضرت علیؓ بن ابی طالب۔

س :۔ حضورؐ کے کس چچا زاد بھائی کو دشمنوں نے فجر کے وقت جبکہ وہ امامت کر رہے تھے شہید کر دیا تھا؟

ج :۔ حضرت علیؓ کو۔

س :۔ حضرت علیؓ کو کب شہید کیا گیا تھا؟

ج :۔ 17 رمضان المبارک 40ھ کو۔

س :۔ حضورؐ کے اس چچا محترم کا نام بتائیں۔ جنہوں نے آپؐ کو حضرت جبرائیل کو ان کی اصل صورت میں دیکھنے کی فرمائش کی تھی لیکن ان کے پاؤں دیکھ کر ہی بے ہوش ہو گئے تھے؟

ج :۔ حضرت حمزہؓ۔

س :۔ غزوہٴ احد میں حضرت حمزہؓ کی شہادت کے بعد کس نے ان کی لاش کی بے حرمتی کی تھی؟

ج :۔ ابوسفیان کی بیوی ہندہ بنت عتبہ نے۔

س :۔ حضورؐ کے کس چچا نے اپنی پوری زندگی آپ کی مخالفت کرتے ہوئے گزاری تھی؟

ج :۔ ابولہب نے۔

س :۔ حضورؐ کے کس چچا نے آپؐ کے چچا زاد بھائی حضرت جعفرؓ بن ابو طالب کی پرورش کی تھی؟

ج :۔ حضرت عباسؓ نے۔

س :۔ حضورؐ کے کس چچا کی والدہ نے خانہ کعبہ کو ریشمی غلاف پہنایا تھا؟

ج :۔ حضرت عباسؓ۔

س :- حضورؐ کے ان چچاؤں کے نام بتائیں جن کا انتقال آپؐ کو نبوت ملنے سے پہلے ہو گیا تھا؟

ج :- زبیر اور حارث۔

س :- حضورؐ کے چچا حضرت حمزہؓ کو غزوہ احد میں کس نے شہید کیا تھا؟

ج :- وحشی بن حرب۔

س :- وحشی کس کا غلام تھا؟

ج :- وحشی ابوسفیان کی بیوی ہندہ کا غلام تھا۔

س :- حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جو چیچک کے مرض میں مبتلا ہو کر مرا تھا؟

ج :- ابولہب۔

س :- ابولہب کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- غزوہ بدر کے بعد۔

س :- حضورؐ کے اس محترم چچا کا نام بتائیں جو جنگ بدر میں کفار کی طرف سے گرفتار ہوئے تھے؟

ج :- حضرت عباسؓ۔

س :- حضورؐ کے کون سے چچا بیعت عقبہ ثانیہ میں آپؐ کے ساتھ تھے؟

ج :- حضرت عباسؓ۔

س :- حضورؐ کے کون سے قریبی رشتہ دار چچا کا تذکرہ قرآن پاک میں موجود ہے؟

ج :- ابولہب۔

س :- ابولہب کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں موجود ہے؟

ج :- سورۃ لہب میں۔

س :- حضورؐ کے کون سے چچا اسلام لائے اور آپؐ کے بعد فوت ہوئے تھے؟

ج :- حضرت عباسؓ۔

س :- حضورؐ کی کونسی پھوپھی نے اسلام قبول کیا تھا؟

ج :- حضرت صفیہؓ۔

س :- حضورؐ کے ان چچا زاد بھائی کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے نجاشی شاہ حبشہ کے دربار میں تقریر کی تھی؟

ج :- حضرت جعفر طیارؓ۔

س :- حضورؐ کی کون سی پھوپھی نے غزوۂ خندق میں کمال بہادری کا ثبوت دیتے ہوئے

ایک یہودی کو ہلاک کر دیا تھا؟

ج :۔ حضرت صفیہؓ۔

س :۔ آپؐ کے کون سے چچا نے کافی عرصہ تک اپنا سلام چھپائے رکھا اور درپردہ آپؐ کی مدد کرتے رہے؟

ج :۔ حضرت عباسؓ۔

س :۔ حضورؐ کی پیدائش کے بعد حضرت ام ایمن نے کیا محسوس کیا؟

ج :۔ سارا کمرہ خوشبو سے بھر گیا اور آپؐ سے عجیب قسم کی بھینی بھینی خوشبو آ رہی تھی؟

س :۔ آپؐ کو سب سے زیادہ عرصہ دودھ پلانے والی حلیمہ سعدیہؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج :۔ ام کبشہؓ۔

س :۔ آپ کے رضاعی باپ کا کیا نام تھا؟

ج :۔ حارثؓ بن عبدالعزی۔

س :۔ آپؐ کے دودھ شریک بھائی بہن کتنے تھے؟

ج :۔ چار۔

س :۔ کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج :۔ عبداللہ۔ انیسہ۔ حذیفہ۔ حضرت شیماءؓ۔

س :۔ آپؐ کے کون سے چچا آپؐ کے دودھ شریک بھائی بھی تھے؟

ج :۔ حضرت حمزہؓ۔

س :۔ حضور کے ساتھ شق صدر کا پہلا واقعہ کب پیش آیا؟

ج :۔ جب آپؐ کی عمر بعض روایات کے مطابق تین سال اور بعض کے مطابق چار سال تھی۔

س :۔ آپؐ کے کون سے پھوپھی زاد بھائی آپؐ کے دودھ شریک بھائی بھی تھے؟

ج :۔ حضرت ابو سلمہ عبداللہ بن عبدالاسدؓ۔

س :۔ حضورؐ کی کون سی رضاعی بہن غزوہ حنین میں گرفتار ہو کر آئی تھیں؟

ج :۔ حضرت شیماءؓ۔

س :۔ حضورؐ کی رضاعی بہن حضرت شیماءؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج :۔ جدامہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی کون سی رضاعی والدہ کا انتقال 7ھ میں ہوا تھا؟

ج :- بی بی ثوبیہ کا۔

س :- آپ کی کونسی رضاعی والدہ کے آنے پر آپ ان کے احترام میں کھڑے ہو جاتے تھے۔ اپنی چادر مبارک ان کے لئے پھیلا دیتے تھے اور میری ماں میری کہہ کر پکارتے تھے؟

ج :- حضرت حلیمہ سعدیہؓ۔

س :- پہلی وحی نازل ہونے کے بعد کتنا عرصہ وحی نازل نہیں ہوئی تھی؟

ج :- چھ ماہ تک۔

س :- کس صحابی کو میزبان رسول کہا جاتا ہے؟

ج :- حضرت ابوایوب انصاریؓ کو۔

س :- آپ نے حضرت ایوب انصاری کے ہاں کتنا عرصہ قیام کیا تھا؟

ج :- سات ماہ۔

س :- واقعہ معراج دس ہجری میں ہوا تھا اس وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج :- پچاس برس۔

س :- حضورؐ نے سیف اللہ کا خطاب کس صحابی کو دیا تھا؟

ج :- حضرت خالد بن ولیدؓ کو۔

س :- غزوہ تبوک حضورؐ کا آخری غزوہ تھا اس میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی

ج :- تیس ہزار۔

س :- فتح مکہ کے فوراً بعد کون سا غزوہ ہوا تھا؟

ج :- غزوہ حنین۔

س :- حضورؐ اپنی آخری علالت کے آغاز میں کس زوجہ مطہرہؓ کے گھر میں تھے؟

ج :- حضرت میمونہؓ کے گھر میں۔

س :- غزوہ بدر سے حاصل ہونے والی اس تلوار کا نام بتایئے جسے آپ نے اپنے لئے پسند فرمایا تھا؟

ج :- ذوالفقار۔

س :- غزوہ بدر کے سب سے کم شہید کون تھے؟

ج :- حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ۔

س :- فاتح روم کس صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج :- حضرت عمرو بن العاصؓ

س :- اس صحابی کا نام بتائیں جو فتح مکہ کے وقت مسلمان ہوئے اور جن سے آپ نے

اسلحہ ادھار لیا تھا؟

ج :۔ صفوان بن امیہ۔

س :۔ اسلام میں زناء کب حرام قرار دیا گیا تھا؟

ج :۔ چھ ہجری میں۔

س :۔ حضرت جعفر طیار کو طیار کا خطاب کس نے دیا تھا؟

ج :۔ حضور کریم ﷺ نے۔

س :۔ حواری رسول کن صحابیؓ کو کہتے ہیں؟

ج :۔ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو۔

س :۔ اسلام کی اولین درسگاہ کون سی تھی؟

ج :۔ مسجد نبویؐ۔

س :۔ کس ام المومنینؓ کی عمر حضورؐ سے نکاح کے وقت صرف چھ سال تھی؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی۔

س :۔ آپؐ کا نام احمد کس نے تجویز کیا تھا؟

ج :۔ آپؐ کی والدہ نے۔

س :۔ ابو جہل حضورؐ کا سخت دشمن تھا اس کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :۔ عمر بن ہشام المصیرہ۔

س :۔ حضورؐ کی زندگی میں کتنے صحابہؓ نے قرآن مجید حفظ کر لیا تھا؟

ج :۔ سات صحابہ کرامؓ نے۔

س :۔ آپؐ کو نبوت کس سال ملی تھی؟

ج :۔ 610ء میں۔

س :۔ جس حجرے میں حضورؐ دفن ہیں وہ کن ام المومنین کا حجرہ تھا؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کا۔

س :۔ اس کافر کا نام بتایئے جو آپؐ کی نبوت کے واقعات کو روم اور فارس کے قصے کہانیوں سے تعبیر کرتا تھا؟

ج :۔ نضر بن حارث۔

س :۔ اسلام کے پہلے باقاعدہ علم بردار کون صحابیؓ تھے؟

ج :۔ حضرت حمزہؓ۔

س :۔ ان ام المومنین کا نام بتایئے جنھوں نے ایک جنگ کی قیادت کی تھی؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س :۔ مشہور صحابی حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح نے کون سا ملک فتح کیا تھا؟

ج :۔ شام۔

س :۔ آپؐ کے پردادا کا نام تو حضرت ہاشم تھا۔ آپؐ کی پردادی کا کیا نام تھا؟

ج :۔ سلمٰی۔

س :۔ آپؐ کی تاریخ پیدائش ماہر فلکیات نے 9 ربیع الاول متعین کی تھی؟

ج :۔ مصر کے محمود فلکی پاشا نے۔

س :۔ مکہ مکرمہ سے ہجرت کے بعد حضورؐ مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے تھے۔ آپؐ نے چھ سال کی عمر میں مدینہ آکر جو کچھ دیکھا تھا اس کے متعلق کیا فرمایا کرتے تھے؟

ج :۔ فرماتے تھے بنی نجار کی ایک لڑکی انیسہ سے کھیلا کرتا تھا۔ ان کی باؤلی میں تیرنا سیکھا تھا۔ سفید پرندہ آکر بیٹھتا تھا۔ اسے پتھر مار مار کر اڑایا کرتے تھے۔

س :۔ اس تقریب کا نام بتایئے جس میں شامل ہونے کے لئے حضورؐ کے چچا حضرت ابوطالب اور آپؐ کی پھوپھیوں نے بہت مجبور کیا تھا۔ لیکن آپ نے صاف انکار کر دیا تھا۔ حالانکہ آپ لڑکپن ہی میں تھے؟

ج :۔ بوانہ بت کی سالانہ تقریب۔

س :۔ حرب فجار میں شمولیت کے وقت حضورؐ کی عمر کتنی تھی؟

ج :۔ سولہ برس کی۔

س :۔ حضورؐ نے سب سے پہلے امن کے کس معاہدے میں شرکت کی تھی؟

ج :۔ معاہدہ حلف الفضول میں۔

س :۔ اس معاہدے میں حضورؐ کس کی تحریک پر شامل ہوئے تھے؟

ج :۔ عبداللہ بن جدعان رئیس مکہ کی تحریک پر۔

س :۔ نبوت سے قبل حضورؐ کی کاروباری زندگی کے متعلق کسی ایسے شخص کا نام بتایئے جو آپ کا شریک کاروبار رہا ہو اور اس نے آپؐ کی امانت اور دیانت کی گواہی دی ہو؟

ج :۔ قیس بن سائب مخزومی۔

س :۔ جب حضرت خدیجہؓ نے آپؐ سے نکاح کرنا چاہا تو کس کی معرفت یہ بات چیت ہوئی تھی؟

ج :۔ ان کی ایک سہیلی نفیسہ بنت عطیہ کی معرفت۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ نے نکاح سے قبل آپؐ کے ذاتی حالات آپؐ کے قریبی رشتہ دار

سے معلوم کئے تھے ان کا نام بتایئے؟

ج :۔ آپؐ کی پھوپھی حضرت صفیہؓ سے۔

س :۔ حضورؐ کا نکاح خدیجہؓ سے کس نے پڑھایا تھا؟

ج :۔ ان کے چچا عمرو بن اسد نے۔

س :۔ اس موقع پر کس نے خطبہ دیا تھا؟

ج :۔ پہلے آپؐ کے چچا ابوطالب نے اور پھر حضرت خدیجہؓ کے چچا زاد بھائی ورقہ بن نوفل نے۔

س :۔ ام المومنین حضرت خدیجہؓ نے کس خصوصیت کی بناء پر آپ کو پسند کیا تھا؟

ج :۔ حضورؐ کے اعلیٰ اخلاق اور امانت و صداقت و دیانت کی وجہ سے۔

س :۔ حضورؐ کو نبوت ملنے سے پہلے دین ابراہیمی کی تلاش کرنے والے چار مشہور آدمیوں کے نام بتائیں؟

ج :۔ زید بن عمرو بن نفیل۔ ورقہ بن نوفل۔ عبید بن جحش۔ عثمان بن حارث۔

س :۔ بعثت سے قبل حضورؐ کے چند نمایاں دوستوں کے نام بتایئے؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ حکیم بن حزام۔ حماد بن علیہ۔ قیس بن سائب۔

س :۔ ام المومنین حضرت خدیجہؓ نے اپنے نکاح کی خوشی کا اظہار کس طرح کیا تھا؟

ج :۔ آپ نے اپنی کنیزوں کو دف بجانے کا حکم دیا تھا۔

س :۔ حضورؐ نے کب پہلی بار دعوت ولیمہ دی تھی؟

ج :۔ سیدہ خدیجہؓ سے نکاح کے بعد۔

س :۔ حضورؐ نے دعوت ولیمہ میں کتنے جانور ذبح کئے تھے؟

ج :۔ دو اونٹنیاں۔

س :۔ اس غلام کا نام بتایئے جو حضرت خدیجہؓ نے آپؐ کو بلا معاوضہ مستقل طور پر خدمت کے لئے آپ کو دے دیا تھا؟

ج :۔ زید بن حارثؓ۔

س :۔ مکہ مکرمہ میں قحط سالی کے دنوں میں حضورؐ کی شادی کے بعد آپؐ نے اپنے چچا ابوطالب کی تنگ دستی اور دور کرنے کے لئے اپنے کس چچا زاد بھائی کی پرورش اپنے ذمہ لی تھی؟

ج :۔ حضرت علیؓ کی۔

س :۔ حضورؐ کے چچا زاد بھائی حضرت جعفر طیارؓ کی پرورش کس نے کی تھی؟

ج : حضرت عباسؓ نے۔
س : ام المومنین حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے بعد حضورؐ کہاں رہنے لگے تھے؟
ج : اپنے آبائی مکان کی بجائے ام المومنینؓ کے گھر رہنے لگے تھے ان کی فرمائش پر۔
س : حضورؐ نے حضرت خدیجہ کا حق مہر کتنا دیا تھا؟
ج : ساڑھے بارہ اوقیہ سونا۔
س : حضورؐ حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے بعد کتنی بار تجارتی سفر کی غرض سے مکہ مکرمہ سے باہر تشریف لے گئے تھے؟
ج : ایک بار بھی نہیں کیونکہ ام المومنین نے اس کی خواہش ظاہر کی تھی۔
س : حضورؐ پر غیبی اسرار کے ظہور کا آغاز کتنی عمر میں شروع ہوا؟
ج : 33 سال کی عمر میں۔
س : حضورؐ نے اپنی عمر کے چالیسویں سال کا زیادہ حصہ کہاں گزارا تھا؟
ج : غار حرا میں۔
س : غار حرا مکہ مکرمہ سے کس سمت میں واقع ہے؟
ج : مشرق میں۔
س : حضورؐ جب غار حرا سے واپس آئے تو گھر جانے سے پہلے کیا کرتے تھے؟
ج : آپؐ سب سے پہلے خانہ کعبہ کا طواف کرتے تھے پھر اپنے گھر تشریف لے جاتے تھے۔
س : حضورؐ پر رویائے صادقہ (سچے خواب) کب شروع ہوئے تھے؟
ج : جب آپؐ کی عمر چالیس سال کے لگ بھگ ہوئی تھی۔
س : حضورؐ کی سب سے پہلی ملاقات حضرت جبرئیل سے کب ہوئی تھی؟
ج : 9 ربیع الاول 12 فروری 610ء کو۔
س : یہ ملاقات کہاں ہوئی تھی؟
ج : غار حرا میں۔
س : حضرت جبرئیل سے ملاقات کے وقت حضورؐ کی عمر کیا تھی؟
ج : 40 سال 11 دن۔
س : حضورؐ پر سب سے پہلے نماز کب فرض ہوئی تھی؟
ج : بعثت کے دن 9 تا 12 ربیع الاول کے دن۔
س : حضورؐ پر سب سے پہلے کون سی نمازیں فرض ہوئی تھیں؟

ج :۔ فجر اور عصر کی دو رکعتیں۔
س :۔ حضورؐ نے سب سے پہلے نماز کہاں پڑھی تھی؟
ج :۔ پہاڑ پر۔
س :۔ اس نماز کی امامت کس نے کی تھی؟
ج :۔ حضرت جبرئیلؑ نے۔
س :۔ حضورؐ پر وحی کا نزول کب شروع ہوا تھا؟
ج :۔ 18_ رمضان المبارک کو۔ 17 اگست 610ء کو۔
س :۔ دارالارقم جو مکہ مکرمہ میں پہلا اسلامی مرکز تھا کا دروازہ ایک دفعہ ایک ایسے شخص نے کھٹکٹایا تھا جس سے سب لوگ خوف زدہ تھے۔ لیکن خود حضورؐ نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا۔ اور آنے والے کی چادر کو جھٹک کر پوچھا تھا' کہو کس ارادے سے آئے ہو" آنے والے پر لرزہ طاری ہو گیا۔ اور بولا اسلام قبول کرنے کے لئے۔ آپ اس شخص کا نام بتا دیں؟
ج :۔ حضرت عمر فاروقؓ۔
س :۔ اس مشہور کافر سردار کا نام بتایئے جو بڑا عقل مند تھا اور قریش کا نمائندہ بن کر حضورؐ کے پاس آیا تھا تاکہ آپؐ کو دین اسلام کی تبلیغ سے منع کرے۔ لیکن آپؐ کی زبان سے قرآن پاک کی آیت سن کر مسحور ہو گیا اور ناکام واپس چلا گیا تھا؟
ج :۔ عتبہ بن ربیعہ۔
س :۔ حضورؐ نے اللہ پاک کے حکم پر اعلانیہ تبلیغ کی غرض سے جب اپنے خاندان والوں کی دعوت کی تو پہلے روز کس نے شور و غل کر کے یہ موقع ضائع کر دیا تھا؟
ج :۔ ابولہب نے۔
س :۔ تبلیغ اسلامی کی غرض سے حضورؐ کس میلے میں تشریف لے جایا کرتے تھے؟
ج :۔ عکاظ کے میلے میں۔
س :۔ اس کافر کا نام بتایئے جس نے دوران نماز حضورؐ کے گلے میں چادر ڈال کر کھینچا تھا؟
ج :۔ عقبہ بن ابی معیط۔
س :۔ آپؐ کے دادا کا نام جناب عبدالمطلب تھا۔ آپؐ کے نانا کا کیا نام تھا؟
ج :۔ وہب۔
س :۔ آپؐ ہجرت مدینہ کے وقت کس سورۃ کی تلاوت فرما رہے تھے؟
ج :۔ سورۃ یٰسین۔

س :- آپؐ کی کن زوجہ محترم کا تعلق مصر سے تھا؟
ج :- حضرت ماریہ قبطیہؓ کا۔
س :- رمضان کے علاوہ آپ کس مہینے میں نفلی روزے رکھتے تھے؟
ج :- شعبان کے مہینے میں۔
س :- عہد رسالت کے کس معاہدے کا دنیا کو پہلا تحریری دستور کہا جاتا ہے؟
ج :- میثاق مدینہ۔
س :- حضورؐ کے ان چچا زاد بھائی کا نام بتائیں جن کی پرورش آپؐ نے کی۔
ج :- حضرت علیؓ۔
س :- حضورؐ کی ولادت' ہجرت اور وفات میں کس دن کو اہمیت حاصل ہے؟
ج :- سوموار کے دن کو۔
س :- حضورؐ کا خاندان کس کی نسبت سے بنو ہاشم کہلاتا تھا؟
ج :- آپؐ کے پردادا جناب ہاشم کی وجہ سے۔
س :- مدینہ منورہ کی اس واحد مسجد کا نام بتایئے جس کا سنگ بنیاد آپؐ نے رکھا تھا؟
ج :- مسجد نبویؐ۔
س :- آپؐ کی کون سی زوجہ محترمہ مکہ مکرمہ میں دفن ہیں؟
ج :- حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ۔
س :- حجتہ الوداع کے موقع پر آپؐ نے 63 اونٹ قربان کئے تھے آپؐ کے پاس کتنے اونٹ تھے؟
ج :- 100 اونٹ تھے۔
س :- فتح مکہ کے وقت خانہ کعبہ میں 360 بت تھے ان میں سب سے بڑا بت کون سا تھا؟
ج :- ہبل۔
س :- حضرت عمر فاروقؓ نے جب اسلام قبول کیا تو اس وقت حضورؐ کہاں مقیم تھے؟
ج :- حضرت زید بن ارقمؓ کے گھر۔
س :- واقعہ معراج کب پیش آیا تھا؟
ج :- 27 رجب 10ھ کو۔
س :- حضورؐ نے اپنی پوری زندگی میں صرف ایک شخص کو قتل کیا تھا اس کا نام بتایئے؟
ج :- ابی بن خلف۔
س :- حضرت خدیجہؓ کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

ج :۔ 65 سال کی عمر میں۔

س :۔ ہجرت مدینہ میں قباء کے مقام پر حضورؐ نے کس صحابی کے گھر قیام فرمایا تھا؟

ج :۔ حضرت کلثوم بن الہدمؓ کے گھر۔

س :۔ کس معاہدے کے بارے میں حضورؐ فرمایا کرتے تھے کہ اگر مجھے اس کے بدلے میں 100 اونٹ بھی دیئے جائیں تو ناپسند ہے؟

ج :۔ معاہدہ حلف الفضول کے بارے میں۔

س :۔ حضورؐ کی ان زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن کی نماز جنازہ آپؐ نے خود پڑھائی تھی؟

ج :۔ حضرت زینب بنت خذیمہؓ۔

س :۔ حضورؐ نے جس پہاڑی پر کھڑے ہو کر اعلان حق کیا تھا اس کا نام کیا ہے؟

ج :۔ کوہ صفا۔

س :۔ حضورؐ کس رنگ کا لباس پسند کرتے تھے؟

ج :۔ سفید رنگ کا۔

س :۔ حضورؐ کے پاس کل کتنی تلواریں تھیں؟

ج :۔ 9 تلواریں۔

س :۔ واقعہ معراج مکہ مکرمہ میں پیش آیا یا مدینہ منورہ میں؟

ج :۔ مکہ مکرمہ میں۔

س :۔ حضورؐ کی والدہ ماجدہ کہاں پیدا ہوئیں تھیں؟

ج :۔ مکہ مکرمہ میں۔

س :۔ خطبہ حجتہ الوداع کے موقع حضورؐ نے کس کا خون بہا معاف فرمایا تھا؟

ج :۔ حضرت حارث بن ربیعہؓ

س :۔ سفر طائف کے موقع پر کن دو بھائیوں نے آپؐ کو اپنے باغ میں پناہ دی تھی؟

ج :۔ عتبہ اور عتیبہ۔

س :۔ حضرت جویریہؓ حضورؐ کے نکاح میں آنے سے قبل کن صحابیؓ کی غلامی میں تھیں؟

ج :۔ حضرت ثابت بن قیسؓ کی غلامی میں۔

س :۔ حضورؐ نے جب مواخات مدینہ قائم کی تھی تو اس وقت کتنے انصار موجود تھے؟

ج :۔ 45 انصار۔

س :۔ مسجد نبوی کے اس ستون کا نام بتایئے جس سے ٹیک لگا کر آپؐ خطبہ ارشاد فرماتے تھے؟

ج :۔ حنانہ۔

س :۔ مکہ مکرمہ کے جس محلے میں حضورؐ کی ولادت ہوئی تھی اس کا نام کیا ہے؟

ج :۔ سوق اللیل۔

س :۔ حضورؐ کے ان جد امجد کا نام بتایئے جن کی وجہ سے آپؐ کا خاندان قریش میں ممتاز ہوا تھا؟

ج :۔ نضر بن کنانہ۔

س :۔ حضورؐ کو نبوت ملنے کے بعد کس نے آپؐ کی ہجرت کی پیش گوئی کی تھی؟

ج :۔ ورقہ بن نوفل نے۔

س :۔ آپؐ کی نبوت سے قبل جو مافوق الفطرت واقعات پیش آتے اور جو آپؐ کی نبوۃ کی تصدیق کرتے ہیں' انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

ج :۔ ارہاص۔

س :۔ اللہ تعالٰی کا مہینہ رمضان کو کہتے ہیں۔ حضورؐ کا مہینہ کسے کہا جاتا ہے؟

ج :۔ شعبان کو۔

س :۔ حضورؐ جس دروازے سے مسجد نبوی میں داخل ہوا کرتے تھے اس کا نام کیا ہے؟

ج :۔ باب آل عثمانؓ۔

س :۔ غزوہ بدر میں جنگ کے بعد میں میدان بدر میں حضورؐ نے کتنے دن قیام فرمایا تھا؟

ج :۔ تین دن۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ کا سلسلہ نسب کس پشت میں آپؐ سے جا ملتا ہے؟

ج :۔ پانچویں پشت میں۔

س :۔ حضورؐ نے حجتہ الوداع کے موقع پر کتنے خطبے دیئے تھے؟

ج :۔ تین خطبے۔

س :۔ سفر طائف میں جب آپؐ نے باغ میں پناہ لی تھی تو اس غلام کا نام بتایئے جو آپؐ کے لئے انگور لایا تھا؟

ج :۔ عداس۔

س :۔ ام المومنین حضرت حفصہؓ کس کی بیٹی تھیں؟

ج :۔ حضرت عمر فاروقؓ کی۔

س :۔ کیا آپ ان صحابی کا نام بتا سکتے ہیں جو قبول اسلام سے قبل مکہ کے کافروں کے سفیر بن کر مدینہ منورہ میں سرکار دو عالم کے پاس آئے تھے؟ لیکن آپ کے چہرہ اقدس پر جب

نظر پڑی تو ایمان لانے کو کہا اور وہیں رہنے کی درخواست کی۔ مگر حضورؐ نے سفیر ہونے کی حیثیت سے واپس جانے کو کہا بعد میں وہ آئے اور مسلمان ہوئے؟

ج :۔ حضرت ابو رافعؓ۔

س :۔ درج ذیل صحابہ کرام میں کونسی ایک بات مشترک تھی۔ زیدؓ بن حارث ابو رافعؓ اسلمؓ۔ شقرانؓ۔ منذرؓ۔

ج :۔ یہ سب حضورؐ کے آزاد کردہ غلام تھے۔

س :۔ حضرت امام حسنؓ کی شکل کس پر تھی؟

ج :۔ حضرت محمدؐ پر۔

س :۔ بتایئے ہجرت مدینہ کے وقت راستے میں سراقہ بن جعشم نے آپؐ کو دیکھ کر آگے بڑھنا چاہا تو اس کے گھوڑے کے ساتھ کیا سلوک ہوا تھا؟

ج :۔ اس کے گھوڑے کی ٹانگیں زمین میں دھنس گئی تھیں۔

س :۔ بتایئے ابوبکر صدیقؓ آپؐ سے کتنے سال چھوٹے تھے؟

ج :۔ دو سال۔

س :۔ بتایئے حضورؐ کی سب سے مشہور دعا کون سی ہے؟

ج :۔ رب زدنی علما۔

س :۔ بتایئے یہ مشہور قول کس کا ہے؟ قبر یا تو جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا؟

ج :۔ آنحضرتؐ کا۔

س :۔ بتایئے امہات المومنین میں سے کون آنحضرتؐ کی رفاقت میں سب سے زیادہ عرصہ رہی تھیں؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ۔

س :۔ نکاح کے بعد سب سے کم عرصہ آپؐ کے ساتھ رہنے والی ام المومنین کا نام بتایئے؟

ج :۔ حضرت زینب بنت خزیمہ۔

س :۔ بتایئے سب سے زیادہ احادیث کن صحابیؓ سے روایت کی جاتی ہیں؟

ج :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے۔

س :۔ کس جنگ میں مسلمانوں کے تین بڑے سپہ سالار شہید ہوئے تھے؟

ج :۔ جنگ موتہ میں۔

س :- اس غزوہ کا نام بتایئے جس کے لئے حضرت عمر فاروقؓ نے اپنا نصف سامان اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنا پورا سامان حضورؐ اکرم کی خدمت میں پیش کر دیا تھا؟

ج :- غزوۂ تبوک۔

س :- حضرت امام حسینؓ کا نام حسین کس نے رکھا تھا؟

ج :- حضور اکرم ﷺ نے۔

س :- آنحضرتؐ نے کس سپہ سالار کو مخالفین اسلام کی سرکوبی کے لئے بھیجا تھا؟

ج :- حضرت اسامہ بن زیدؓ کو۔

س :- آپ کے چچا لیکن سخت دشمن ابولہب کی بیوی کس طرح مری تھی؟

ج :- رسی کا پھندہ لگنے سے۔ (گلے میں رسی کا پھند پڑنے سے)

س :- ان اسلامی مہینوں کے نام بتایئے جن میں حضورؐ نے جنگ سے منع فرمایا ہے؟

ج :- محرم۔ رجب۔ ذیقعد۔ اور ذوالحجہ۔

س :- بتایئے پانچویں مسلمان کن صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج :- حضرت زبیرؓ بن العوام کو۔

س :- مدینہ منورہ میں حضورؐ کی ننھیال کون سی بستی اور کون سے قبیلے میں تھی؟

ج :- بنی نجار کی بستی اور بنو نجار کے قبیلے میں۔

س :- حضورؐ نے بچپن میں اپنے چچا ابولہب کی تنگدستی دور کرنے کیلئے کیا کیا تھا؟

ج :- آپ نے اجرت پر بکریاں چرانا شروع کر دی تھیں۔

س :- جناب ابوطالب کے گھر میں کھانے کے موقع پر بچوں کی چھینا جھپٹی کے موقع پر حضورؐ کیا کرتے تھے؟

ج :- آپؐ ان سے دور ہو کر بیٹھے رہتے تھے۔ اور اکثر آب زم زم سے پیٹ بھر لیا کرتے تھے۔

س :- اپنے چچا حضرت ابوطالب کی بکریاں چراتے وقت کون سا جنگلی پھل کھایا کرتے تھے؟

ج :- اراک (پیلو) وہ پھل جو پک کر سیاہ ہو چکے ہوتے تھے۔

س :- حضورؐ کا پیشہ تجارت تھا۔ آپؐ نے پہلا تجارتی سفر کس عمر میں کیا تھا؟

ج :- 12 سال کی عمر میں۔

س :- حضورؐ کی ولادت کے وقت خانہ کعبہ کے کلید بردار کون تھے؟

ج :- جناب عبدالمطلب۔

س :- آپؐ عموماً رمضان المبارک میں کتنے دن اعتکاف بیٹھتے تھے؟

ج :- دس دن۔

س :- حضورؐ کو "سراج المنیر" بھی کہا جاتا ہے اس کا مطلب کیا ہے؟

ج :- روشن چراغ۔

س :- حضورؐ کی ان زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جو مقام سرف پر دفن ہیں؟

ج :- حضرت ام میمونہؓ۔

س :- غزوہ مریسیع کس غزوے کا دوسرا نام ہے؟

ج :- غزوہ بنی مصطلق کا۔

س :- صلح حدیبیہ کس صحابیؓ نے تحریر کیا تھا؟

ج :- حضرت علیؓ نے۔

س :- حضورؐ نے کس جنگ کے بعد حضرت خالد بن ولید کو "سیف اللہ" کا خطاب دیا تھا؟

ج :- جنگ موتہ کے بعد۔

س :- فتح مکہ کے بعد کتنی ازواج مطہرات حضورؐ کے ہمراہ تھیں؟

ج :- دو ازواج مطہرات۔

س :- فتح مکہ کے بعد آپؐ نے مکے میں کتنے دن قیام کیا تھا؟

ج :- 18دن

س :- غزوہ خیبر میں اس قلعے کا نام بتائے جسے حضرت علیؓ نے فتح کیا تھا؟

ج :- قلعہ قموص۔

س :- ان ام المومنین کا نام بتایئے جن کی اوڑھنی سے غزوہ بدر میں پرچم تیار کیا گیا تھا؟

ج :- حضرت عائشہ صدیقہؓ

س :- غزوہ احد میں حضورؐ نے تیر اندازوں کے دستے کا سردار کسے بنایا تھا؟

ج :- حضرت عبداللہ بن جبیر کو۔

س :- مسلمانوں کی یہودیوں کے ساتھ کل کتنی غزوات ہوئی تھیں؟

ج :- چار غزوات۔

س :- حضرت خدیجہؓ مکہ مکرمہ کے جس مقام پر دفن ہیں اس کا نام کیا ہے؟

ج :- حجون نامی مقام پر۔

س :- غزوۂ بدر میں 14 مسلمان شہید ہوئے تھے' کفار کتنے مارے گئے تھے؟

ج :- ستر کافر۔

س :- غزوہ عسرت کس غزوہ کو کہتے ہیں؟

ج :۔ غزوہ تبوک کو۔

س :۔ ہجرت حبشہ کے بعد کفار مکہ نے کن دو آدمیوں کو نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کو واپس بلانے کی غرض سے بھیجا تھا؟

ج :۔ عتبہ بن ربیعہ اور حضرت عمروؓ بن العاص (جو اس وقت مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

س :۔ تمام غزوات میں 259 مسلمان شہید ہوئے تھے۔ کافر کتنے مارے گئے تھے؟

ج :۔ 740 کافر۔

س :۔ حضورؐ نے غزوہ ذات الرقاع کے موقع پر کن صحابیؓ کو مدینہ منورہ میں اپنا نائب مقرر کیا تھا؟

ج :۔ حضرت عثمانؓ کو۔

س :۔ غزوہ خیبر میں مشہور قلعہ قموص فتح کرنے کے لئے کن ام المومنینؓ کی چادر سے علم تیار کیا گیا تھا؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی۔

س :۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس صرف دو گھوڑے تھے ایک تو آپؐ کے پاس تھا دوسرا کس کے پاس تھا؟

ج :۔ حضرت ابو عبیدہؓ کے پاس۔

س :۔ غزوہ بدر میں کافروں کا سردار کون تھا؟

ج :۔ عتبہ بن ربیعہ۔

س :۔ حضورؐ کی مدینہ ہجرت کے بعد کس انصاری صحابیؓ کا سب سے پہلے انتقال ہوا تھا؟

ج :۔ حضرت اسعد بن زرارہؓ کا۔

س :۔ غزوہ بدر میں ابو جہل کا سر کاٹ کر کس نے حضورؐ کی خدمت میں پیش کیا تھا؟

ج :۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے۔

س :۔ مؤاخات مدینہ میں حضرت مصعبؓ بن عمیر کا بھائی آپؐ نے کسے بنایا تھا؟

ج :۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ کو۔

س :۔ اس غزوے کا نام بتایئے۔ جس میں گرفتار ہونے والے تمام مرد اور عورتیں چھوڑ دی گئی تھیں؟

ج :۔ غزوہ مریسیع۔

س :۔ غزوہ مریسیع میں گرفتار ہونے والے مرد اور عورتیں کیوں چھوڑ دیئے گئے تھے؟

ج :۔ کیونکہ غزوہ مریسیع کی اسیر حضرت جویریہؓ جو قبیلے کے سردار کی بیٹی تھیں' ان سے

نبی کریمؐ نے نکاح کر لیا تھا۔ اسی تعلق کی بنا پر لوگوں کو چھوڑ دیا تھا۔

س :۔ امہات المومنین میں سے سب سے زیادہ عمر کس نے پائی تھی؟

ج :۔ حضرت ام سلمہؓ نے۔

س :۔ حضرت ام سلمہؓ نے کل کتنی عمر پائی تھی؟

ج :۔ 84 برس۔

س :۔ حضورؐ کے وصال کے بعد جب صحابہؓ کرام کو کسی مسئلہ میں مشکل پیش آتی تو وہ حضورؐ کی کس زوجہ مطہرہ کے پاس جایا کرتے تھے؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہ کے پاس۔

س :۔ حضورؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ اسلام لانے سے قبل یہودی مذہب سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج :۔ حضرت صفیہؓ۔

س :۔ حضورؐ نے مسلمان ہونے پر حضرت ابوبکر صدیقؓ کا نام عبداللہ رکھ دیا تھا' اس سے پہلے آپ کا نام کیا تھا؟

ج :۔ عبدالکعبہ۔

س :۔ ان مشہور صحابیؓ کا نام بتایئے جو غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے لیکن انہیں مال غنیمت سے حصہ ملا تھا؟

ج :۔ حضرت عثمان غنیؓ۔

س :۔ حضرت عمر کو فاروق کا خطاب کس نے دیا تھا؟

ج :۔ آنحضرتؐ نے۔

س :۔ جب حضرت عمرؓ ایمان لائے تھے تو اس وقت مسلمانوں کی تعداد کتنی ہو چکی تھی؟

ج :۔ 39 مرد۔

س :۔ کس صحابیؓ کو حضورؐ نے عتیق من النار کا خطاب عطا فرمایا تھا؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو۔

س :۔ مدینہ ہجرت کرتے وقت آپؐ نے کس شخص کو کسریٰ (شاہ ایرانی) کے کنگن پہننے کی بشارت دی تھی؟

ج :۔ سراقہ بن جعشم کو جو مسلمان ہو گئے تھے۔

س :۔ یہ بشارت کن خلیفہ راشد کے زمانے میں پوری ہوئی تھی؟

ج :۔ حضرت عمر فاروقؓ کے زمانے میں۔

س :۔ اسلام کی پہلی مسجد کا نام کیا ہے جو حضورؐ نے خود بنوائی تھی؟

ج :۔ مسجد قباء۔

س :۔ کون سی ام المومنین سانحہ کربلا کے وقت زندہ تھیں؟

ج :۔ حضرت ام سلمہؓ۔

س :۔ آپ ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن سے حضورؐ نے فرمایا "میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں"

ج :۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

س :۔ آنحضرتؐ نے وہ کون سی بات بتلائی جو نماز اور روزے سے بھی بلند درجہ رکھتی ہے؟

ج :۔ مسلمانوں کے درمیان نااتفاقی دور کرنا۔

س :۔ وہ کون سے بزرگ تھے جنہیں حضورؐ نے خواب میں ہندوستان میں اسلام پھیلانے کا حکم دیا تھا؟

ج :۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اجمیری۔

س :۔ کیا آپ وہ آیات بتا سکتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ سے ان کے عالم بیداری میں براہ راست ہم کلام ہو کر نازل فرمائیں؟

ج :۔ سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات۔

س :۔ یہ آیات کس موقع پر نازل کی گئی تھیں؟

ج :۔ شب معراج میں۔

س :۔ حضورؐ نے سب سے پہلے کس صحابیؓ کی نماز جنازہ پڑھائی تھی؟

ج :۔ حضرت اسعد بن زرارہؓ کی۔

س :۔ حضورؐ کے منہ بولے بیٹے حضرت زید بن حارث کس جنگ میں شہید ہوئے؟

ج :۔ جنگ موتہ میں۔

س :۔ حضورؐ کے عہد میں مدینہ منورہ میں تعمیر ہونے والی کسی تین مساجد کے نام بتا دیں؟

ج :۔ مسجد بو سلمہ۔ مسجد بنو عمر۔ مسجد بنو غفار۔

س :۔ حضور اکرمؐ حجتہ الوداع کے موقع پر کس مسجد کی طرف تشریف لے جا رہے تھے کہ دین مکمل ہونے کی آیات نازل ہوئی تھیں؟

ج :۔ مسجد نمرہ۔

س :۔ حضور اکرمؐ کس مسجد میں نماز پڑھا رہے تھے کہ قبلہ بدلنے کا حکم ہوا تھا؟

ج :۔ مسجد ذو قبلتین میں۔
س :۔ مسجد ذو قبلتین کا پہلے کیا نام تھا؟
ج :۔ مسجد بنو سلمہ۔
س :۔ حضورؐ نے جس پہاڑی پر چڑھ کر اعلان حق اور توحید کیا تھا کوہ صفا کے علاوہ اس کا دوسرا نام کیا تھا؟
ج :۔ جبل فاران۔
س :۔ فتح مکہ پر حضورؐ نے کتنے افراد کا خون بہانا جائز قرار دیا تھا؟
ج :۔ پندرہ افراد کا۔
س :۔ حضورؐ نے پہلی مرتبہ ہجرت حبشہ کا حکم نبوت کے کتنے عرصہ بعد دیا تھا؟
ج :۔ ماہ رجب 5 ہجری میں۔
س :۔ حضور اکرمؐ اور حضرت خدیجہؓ کا حق مہر آپؐ کے کس چچا نے ادا کیا تھا؟
ج :۔ حضرت ابوطالب نے۔
س :۔ نبوت سے پہلے حضورؐ کس شخص کے انتظار میں کھڑے رہے تھے کیونکہ وہ شخص وعدہ کر کے بھول گیا تھا۔ بعد میں وہ صحابی ہوئے؟
ج :۔ حضرت عبداللہؓ بن ابی الحمساء۔
س :۔ حضورؐ جب مکہ مکرمہ میں فاتح کی حیثیت سے داخل ہوئے تو اس وقت آپ کس سورۃ کی تلاوت فرما رہے تھے؟
ج :۔ سورۃ فتح کی۔
س :۔ سراقہ بن مالک نے جس گھوڑی پر حضورؐ کا تعاقب کیا تھا؟
ج :۔ عوذ۔
س :۔ فتح مکہ کے موقع پر حضورؐ کی اونٹنی پر آپؐ کے پیچھے کون بیٹھے ہوئے تھے؟
ج :۔ حضرت اسامہ بن زیدؓ

س :- حضورؐ نے کس شخصیت کے لئے فرمایا تھا کہ یہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں؟
ج :- حضرت امام حسینؓ کے لئے۔
س :- حضورؐ کی انگوٹھی کس صحابیؓ نے تیار کی تھی؟
ج :- حضرت یعلی بنؓ امیہ نے۔
س :- حضور اکرمؐ جب حضرت خدیجہؓ کا مال لے کر شام گئے تھے تو حضرت خدیجہؓ کے غلام کے علاوہ ان کے ایک عزیز بھی آپ کے ہمراہ تھے ان کا نام بتایئے؟
ج :- خزیمہ۔
س :- ہجرت کے بعد آپ نے حضرت ابوایوب انصاریؓ کے ہاں کتنا عرصہ قیام کیا تھا؟
ج :- سات ماہ۔
س :- حضورؐ نے کن خاتون کے لئے فرمایا تھا کہ وہ میری والدہ کے بعد ماں ہیں"
ج :- حضرت فاطمہ بنت اسدؓ کے لئے۔
س :- حضورؐ اکرم کی اس اونٹنی کا نام بتایئے جس نے آپؐ کے وصال کے بعد صدمے سے کھانا پینا چھوڑ دیا تھا یہاں تک کہ وہ مرگئی؟
ج :- عصباء۔
س :- حضورؐ کی کنیت ابوالقاسم تھی۔ بتایئے حضرت جبرئیلؑ نے آپؐ کی کنیت کیا رکھی تھی؟
ج :- ابوابراہیم۔
س :- حضورؐ نے غار ثور میں کتنے دن اور کتنی راتیں قیام فرمایا تھا؟
ج :- تین دن اور تین راتیں۔
س :- الطیبات و الطیبین کن کو کہا جاتا ہے؟
ج :- حضورؐ اور حضرت خدیجہؓ کو۔
س :- حضورؐ کے ان صاحبزادے کا نام بتایئے جس کی وفات پانے کے سلسلے میں سورۃ کوثر نازل ہوئی تھی؟
ج :- حضرت عبداللہ۔
س :- حضورؐ نے اپنی زندگی میں کتنے عمرے کئے تھے؟
ج :- چار عمرے۔
س :- حضورؐ کے تیسرے داماد کون تھے؟
ج :- حضرت ابوالعاصؓ۔

س :۔ حضرت ابوالعاصؓ آپؐ کی کس صاحبزادی کے شوہر تھے؟
ج :۔ حضرت زینبؓ کے۔
س :۔ حضور اکرمؐ کی نبوت کی تصدیق سب سے پہلے کس نے کی تھی؟
ج :۔ ورقہ بن نوفل نے۔
س :۔ حضورؐ کے نکاح میں آنے والی اس زوجہ مطہرہ کا اسم گرامی بتایئے جو باقی تمام ازواج مطہرات سے زیادہ عمر رسیدہ تھیں؟
ج :۔ حضرت سودہؓ۔
س :۔ حضورؐ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں جو نکاح کے وقت عمر میں آپؐ سے زیادہ تھیں؟
ج :۔ حضرت خدیجہؓ۔
س :۔ رسول اللہؐ پر سب سے پہلے کون ایمان لایا تھا؟
ج :۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ۔
س :۔ ان برگزیدہ صحابی کا نام بتایئے جنہیں آنحضرتؐ کی عدم موجودگی میں تیرہ مرتبہ امامت کروانے کا شرف حاصل ہوا تھا؟
ج :۔ حضرت عمر بن ام مکتوم قرشیؓ۔
س :۔ حضرت انسؓ رسول اللہ کے کون تھے؟
ج :۔ رسول اللہ کے غلام تھے اور انہوں نے دس برس تک آپؐ کی خدمت کی تھی۔
س :۔ حجۃ الوداع میں کتنے نفوس شریک تھے؟
ج :۔ ایک لاکھ۔
س :۔ چوری پر ہاتھ کاٹنے کی سزا کب مقرر ہوئی تھی؟
ج :۔ 8 ہجری میں۔
س :۔ حضور اکرمؐ نے کن کن بڑی سلطنتوں کے فرمارواؤں کو اسلام کی دعوت دی تھی؟
ج :۔ 1۔ قیصر روم 2۔ کسریٰ ایران 3۔ شاہ بحرین 4۔ بادشاہ دمشق 5۔ بادشاہ حبشہ نجاشی 6۔ شاہ سکندریہ وغیرہ۔
س :۔ مکہ نے اپنے جگر گوشوں کو تمہارے سامنے ڈال دیا ہے "کہو اب کیا رائے ہے" رسول اللہ نے یہ الفاظ کس موقع پر ادا کیے تھے؟
ج :۔ غزوہ بدر کے وقت۔
س :۔ مسجد نبوی کی زمین کس نے خرید کر دی تھی؟

ج :- حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س :- حضرت ابوذر غفاریؓ جو حضورؐ کے خادم بھی رہے تھے ان کا اصل نام بتائیے؟

ج :- جندب بن عامرؓ۔

س :- حج کب فرض ہوا تھا؟

ج :- 9 ہجری میں۔

س :- 9 ہجری میں حج فرض ہونے کے بعد حضورؐ خود حج کے لئے تشریف نہیں لے گئے تھے' بتائیے اس موقع پر حضورؐ نے کسے امیرالحج بنا کر بھیجا تھا؟

ج :- حضرت ابوبکر صدیقؓ کو۔

س :- کن صحابیؓ کے ایمان لانے پر خانہ کعبہ میں نماز ادا کی گئی تھی؟

ج :- حضرت عمر فاروقؓ کے ایمان لانے پر۔

س :- صلح حدیبیہ کا متن کن صحابیؓ نے تحریر کیا تھا؟

ج :- حضرت علیؓ نے۔

س :- سب سے پہلے اذان دینے کا شرف کسے حاصل ہوا تھا؟

ج :- حضرت بلالؓ کو۔

س :- حضورؐ نے حضرت علی کو شیر خدا کا لقب کب دیا تھا؟

ج :- یہودیوں کے مضبوط قلعہ قموص کو فتح کرنے پر۔

س :- حضرت سلمان فارسیؓ کب ایمان لائے تھے؟

ج :- 2 ہجری میں۔

س :- حجۃ الوداع کے موقع پر حضورؐ نے کس سے سر منڈوایا تھا؟

ج :- معرم بن عبداللہ بن فضلہ۔

س :- اس موقع پر آپؐ کے موئے مبارک (بال) کس کو ملے تھے؟

ج :- دائیں طرف کے بال حاضرین میں تقسیم کئے گئے تھے۔ بائیں طرف کے بال حضرت ابو طلحہؓ کو دیئے گئے تھے۔

س :- جس سال ابوطالبؓ اور حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا تھا۔ اسے کیا کہتے ہیں؟

ج :- عام الحزن یعنی غم کا سال۔

س :- حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضورؐ کے مشہور خادم ہیں آپؐ کے ذمے کون سی خدمت تھی؟

ج :- آپ حضورؐ کے نعلین مبارک کے محافظ تھے۔

س :۔ رسول اللہؐ کے زمانے میں حضرت علیؓ کہاں کے قاضی مقرر کئے گئے تھے؟

ج :۔ یمن کے۔

س :۔ بتایئے بدر کا مقام جہاں غزوہ بدر ہوا تھا مکہ اور مدینہ سے کتنے میل کے فاصلے پر ہے؟

ج :۔ مکے سے 270 اور مدینہ سے 80 میل۔

س :۔ خسرو پرویز نے آپؐ کے نامہ مبارک کو پھاڑ ڈالا تھا' حضورؐ نے اس پر کیا فرمایا تھا؟

ج :۔ اللہ تعالیٰ اس کے ملک کو پارہ پارہ کر دے گا۔

س :۔ خسرو پرویز کے بیٹے نے اسے تخت کے لئے قتل کیا تھا اس کا نام بتایئے؟

ج :۔ شیرویہ۔

س :۔ یہ واقع کب پیش آیا تھا؟

ج :۔ دس جمادی الاول 7ھ کو پیش آیا تھا

س :۔ شاہ مصر نے حضورؐ کے خط کے جواب میں دو خوبصورت عورتیں بھیجی تھیں ان کے نام بتایئے؟

ج :۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ اور حضرت سیریںؓ۔

س :۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ سے حضورؐ نے نکاح کر لیا تھا دوسری خاتون حضورؐ نے کن صحابیؓ کو ہدیہ کر دی تھی؟

ج :۔ حضرت حسان بن ثابتؓ کو۔

س :۔ شاہ مصر نے ایک سفید خچر بھی حضورؐ کی خدمت میں بھیجا تھا اس کا نام بتایئے؟

ج :۔ دلدل۔

س :۔ حضورؐ نے نجاشی شاہ حبشہ کے نام کتنے نامہ مبارک بھیجے تھے؟

ج :۔ دو نامہ مبارک۔

س :۔ حرم کعبہ میں جب عین نماز کی حالت میں عقبہ بن ابی معیط نے حضورؐ کے گلے میں چادر ڈال کر کھینچنا شروع کیا تو کس نے پرے دھکا دے کر ہٹایا تھا؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س :۔ حضورؐ کے خلاف طنز و مزاح کرنے والی 25 رکنی کمیٹی کا سربراہ کون تھا؟

ج :۔ آپؐ کا چچا ابولہب۔

س :۔ اس کافر کا نام بتایئے جس نے حضورؐ کو تنگ کرنے والی کمیٹی کے اجلاس میں کہا تھا۔ آپ کو شاعر' کاہل یا دیوانہ کہنے پر مقصد حل نہیں ہو سکتا اس لئے یہ کہا جائے کہ ان کا کلام

باپ بیٹے، بھائی بھائی اور شوہر بیوی میں جدائی ڈال دیتا ہے؟

ج :۔ ولید بن مغیرہ نے۔

س :۔ مکہ والوں نے حضورؐ کو اسلام کی تبلیغ سے روکنے کے لئے کس کو اپنا نمائندہ بنا کر شنید و گفت کے لئے بھیجا تھا؟

ج :۔ عتبہ بن ربیعہ کو۔

س :۔ جب کافروں کے دباؤ سے پریشان ہو کر حضورؐ کے چچا حضرت ابوطالب نے آپ سے کہا تھا کہ بھتیجے بت پرستی کو رد نہ کیا کرو ورنہ میں بھی تمہاری حمایت نہ کر سکوں گا تو آپؐ نے کیا جواب دیا تھا؟

ج :۔ آپؐ نے فرمایا، چچا یہ لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند لا کر رکھ دیں تب بھی میں اپنے کام سے نہ ہٹوں گا۔ اور خدا کے حکم سے ایک حرف بھی کم و بیش نہ کروں گا۔ خواہ اس کام میں میری جان جاتی رہے۔

س :۔ حضورؐ اور آپؐ کے خاندان کے خلاف قریش نے جو معاہدہ لکھا تھا اور جس کی وجہ سے آپؐ کو اپنے خاندان سمیت تین سال تک ایک گھاٹی میں ان کے مقاطعے کی وجہ سے محصور ہونا پڑا تھا۔ یہ معاہدہ کس نے لکھا تھا؟

ج :۔ منصور بن عکرمہ نے۔

س :۔ شعب ابی طالب کی محصوری کے زمانے میں اگر کوئی باہر کا تاجر وہاں تجارت کے لئے جانا چاہتا تو آپؐ کے خاندان کا کون سا فرد اس تاجر کو روکتا اور زیادہ قیمت دے کر اس کا مال خرید لیتا تھا؟

ج :۔ ابولہب جو خاندان سے علیحدہ ہو کر مکہ میں ہی رہ گیا تھا۔

س :۔ اس معاہدے کو دیمک کے چاٹ جانے کی خبر حضورؐ نے سب سے پہلے کس کو دی تھی؟

ج :۔ جناب ابوطالب کو۔

س :۔ حضورؐ کے ذریعے امت پر 5 نمازیں کب فرض ہوئیں؟

ج :۔ معراج کی رات 27 رجب 10 ہجری کو۔

س :۔ حضورؐ پر نازل ہونے والی دوسری سورۃ کونسی تھی؟

ج :۔ سورۃ المدثر۔

س :۔ حضورؐ کے بعد مکہ میں سب سے پہلے بلند آواز سے قرآن پاک کی تلاوت کرنے والے صحابیؓ کا نام بتائیں؟

ج :۔ حضرت عبداللہ بن مسعود۔
س :۔ اس کافر کا نام بتایئے جس نے مطالبہ کیا تھا کہ آپ سیڑھی لگا کر آسمان پر چڑھ جائیں اور وہاں سے ایک دستاویز لکھوا کر اپنے ساتھ چار فرشتوں کو بھی لائیں تاکہ یہ فرشتے آپؐ کے دعوے کی بھی تصدیق کریں تو میں اسلام قبول کرلوں گا؟
ج :۔ عبداللہ بن ابی امیہ مغیرہ نے۔
س :۔ اس کافر کا نام بتایئے جو کہتا تھا کہ "اے محمدؐ" میں آپؐ کو جھوٹا نہیں کہتا لیکن جو باتیں آپ کہتے ہیں انہیں ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں؟
ج :۔ ابوجہل۔
س :۔ طائف سے واپسی پر حضورؐ نے راستہ میں ایک جگہ کون سی سورۃ کی تلاوت کی تھی جسے جنوں کی ایک جماعت نے بھی سنا تھا؟
ج :۔ سورۃ رحمٰن۔
س :۔ معراج کی رات حضورؐ کی ملاقات پہلے آسمان پر کس نبیؑ سے ہوئی تھی ان کا نام بتائیں؟
ج :۔ حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے۔
س :۔ حضرت ادریس علیہ السلام سے ملاقات کس آسمان پر ہوئی تھی؟
ج :۔ چوتھے آسمان پر۔
س :۔ تیسرے آسمان پر حضورؐ کو کونسے نبیؑ ملے تھے؟
ج :۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔
س :۔ پانچویں آسمان پر حضورؐ کی ملاقات حضرت ہارونؑ سے ہوئی تھی چھٹے آسمان پر آپ کی ملاقات کس پیغمبرؑ سے ہوئی تھی؟
ج :۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے۔
س :۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے آپ کس آسمان پر ملے تھے؟
ج :۔ ساتویں آسمان پر۔
س :۔ بیعت عقبہ اولیٰ میں کتنے افراد تھے؟
ج :۔ 12 افراد۔
س :۔ انہوں نے حضورؐ سے کب ملاقات کی تھی؟
ج :۔ ذوالحجہ 12ھ میں۔
س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ ذوالحجہ 13 نبوی میں ہوئی تھی۔ اس موقع پر حضورؐ کے ساتھ کون

تھا؟

ج :۔ حضورؐ کے چچا حضرت عباسؓ۔

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ میں کتنے افراد نے اسلام قبول کیا تھا؟

ج :۔ 75 افراد نے۔

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے موقعہ پر آپؐ نے مدینہ میں اسلام کی اشاعت کے لئے نقیب مقرر کئے تھے؟

ج :۔ 12 نقیب۔

س :۔ آپؐ نے مسلمانوں کو مدینہ ہجرت کی اجازت کب دی تھی؟

ج :۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد۔

س :۔ اس پہلے شاعر کا نام بتایئے جو آپؐ کی زبان مبارک سے قرآن کی چند آیات سن کر مسلمان ہو گئے تھے؟

ج :۔ حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ۔

س :۔ واقعہ معراج کی سب سے پہلے تصدیق کس نے کی تھی؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س :۔ حضور اکرمؐ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو صدیق کا لقب کب دیا تھا؟

ج :۔ واقعہ معراج کی تصدیق کرنے پر۔

س :۔ مدینہ ہجرت کرتے وقت آپؐ نے مکہ کی جانب مخاطب ہو کر کیا فرمایا تھا؟

ج :۔ (اے مکہ) خدا کی قسم تو مجھے بہت عزیز ہے لیکن تیرے فرزند مجھے یہاں رہنے نہیں دیتے۔

س :۔ ہجرت کی رات آپ نے کس کو اپنے بستر پر سلایا تھا؟

ج :۔ حضرت علیؓ کو۔

س :۔ حضرت علیؓ کو آپ نے اپنے بستر پر کیوں سلایا تھا؟

ج :۔ تاکہ لوگوں کی وہ امانتیں جو آپ کے پاس موجود تھیں انہیں واپس کرکے جائیں۔

س :۔ ہجرت کی رات حضورؐ سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر پہنچے تھے لیکن پھر کہاں روانہ ہو گئے تھے؟

ج :۔ غار ثور کی طرف۔

س :۔ محاصرین نے جب صبح کو حضورؐ کی جگہ حضرت علیؓ کو آپ کے بستر مبارک پر پایا تو وہ تلملا اٹھے۔ بتایئے تب یہ کس نے کہا تھا کہ آپؐ کو حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر تلاش کرنا

چاہیے؟

ج :- ابوجہل نے۔

س :- مکہ سے نکل کر حضورؐ نے کس جگہ کھڑے ہو کر مکہ سے آخری اور درد مندانہ خطاب کیا تھا؟

ج :- خزورہ کے مقام پر۔

س :- قریشوں کے اس کھوجی کا نام بتایئے جو آپؐ کے تعاقب میں انہیں غار ثور تک لایا تھا؟

ج :- کرز بن علقمہ خزاعی۔

س :- غار ثور میں حضورؐ کو بچانے کے لئے اللہ تعالٰی نے کیا کیا تھا؟

ج :- مکڑی کا جالا منہ پر تن دیا تھا اور کبوتری نے انڈے دے دیئے تھے؟

س :- حضورؐ نے مکہ سے کب ہجرت کی تھی؟

ج :- 17 صفر 13 نبوی کو۔

س :- ہجرت کے وقت آپؐ کی عمر کیا تھی؟

ج :- 53 سال ختم ہو کر 54 واں سال شروع ہو گیا تھا۔

س :- غار ثور سے کب آپ مدینہ منورہ کے لئے روانہ ہوئے تھے؟

ج :- یکم ربیع الاول 13 نبوی کو۔

س :- ہجرت کے موقع پر آپؐ نے جو اونٹنی حضرت ابوبکر صدیقؓ سے باصرار قیمتاً لی تھی اس کا نام بتایئے؟

ج :- قصویٰ۔

س :- عرب کے اس پہلوان کا نام بتایئے جس نے نبوت کے ثبوت میں حضورؐ سے کشتی لڑنے کا مطالبہ کیا تھا؟

ج :- رکانہ نامی پہلوان نے۔

س :- اس کشتی کا نتیجہ کیا نکلا تھا؟

ج :- آپؐ نے رکانہؓ کو تین بار پچھاڑ دیا تھا اور وہ مسلمان ہو گیا تھا۔

س :- کفار قریش کے کہنے پر کس نے آپؐ کو جادوگر لقب دینے کے لئے کہا تھا؟

ج :- ولید بن مغیرہ نے۔

س :- حضورؐ کے اس داماد کا نام بتایئے۔ جنہوں نے مسلمان نہ ہونے کے باوجود قریش کے دباؤ کے تحت حضورؐ کی صاحبزادی کو طلاق دینے سے انکار کر دیا تھا؟

ج :۔ حضرت ابوالعاص بن ربیع۔

س :۔ حضورؐ نے حرم کعبہ میں قریش کو سب سے پہلے کون سی سورۃ سنائی تھی۔ جسے وہ سب سن کر سجدے میں گر گئے تھے؟

ج :۔ سورۃ والنجم۔

س :۔ حضورؐ نے معراج کی رات بیت المعمور کہاں دیکھا تھا؟

ج :۔ ساتویں آسمان پر۔

س :۔ حضورؐ کی کس چچا زاد بہن نے کفار مکہ کی مخالفت کے ڈر سے آپؐ کو واقعہ معراج النبی انہیں نہ بیان کرنے کی درخواست کی تھی؟

ج :۔ حضرت ام ہانیؓ نے۔

س :۔ دو ماہ کا کون سا سفر ہے جو حضورؐ نے ایک رات میں طے کیا اور پھر واپس تشریف لے آئے تھے؟

ج :۔ مسجد حرام سے بیت المقدس تک کا سفر جو آپ نے شب معراج کیا تھا۔

س :۔ غار ثور میں حضور اکرمؐ کو تازہ دودھ کون پہنچایا کرتا تھا؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے غلام حضرت عامر بن فہیرہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی گرفتاری کے لئے قریش نے کیا انعام مقرر کیا تھا؟

ج :۔ 100 اونٹ۔

س :۔ اس شخص کا نام بتایئے جو کافر ہونے کے باوجود نہایت با اعتماد ثابت ہوا اور اس نے بڑے اچھے طریقے سے آپ کی راستے میں راہنمائی کی تھی؟

ج :۔ عبداللہ بن اریقط۔

س :۔ ہجرت کے دوران قدید کے ریگستان میں کس کے خیمہ میں حضورؐ نے ایک بوڑھی بکری سے دودھ حاصل کیا تھا؟

ج :۔ ام معبد (عاتکہ بنت خالد)۔

س :۔ ہجرت کے بعد حضورؐ کو قباء کے قریب پہنچتے ہوئے سب سے پہلے کس نے دیکھا تھا؟

ج :۔ ایک یہودی نے۔

س :۔ یہودی نے جب آپؐ کو دیکھا تو اس نے کیا کہا تھا؟

ج :۔ وہ زور سے پکارا' اے بنی قبیلہ تمہارے سردار آپہنچے۔

س :۔ سفر ہجرت میں سراقہ بن مالک کے علاوہ کون سا دوسرا شخص تھا جو انعام کے لالچ میں

آپ کی تلاش میں نکلا اور آپؐ سے اس کی ملاقات بھی ہوئی؟

ج :۔ بریدہ اسلمی۔

س :۔ مدینے پہنچنے کے بعد رسول اللہ کی اونٹنی قصویٰ جس جگہ بیٹھ گئی تھی' وہ کس کی ملکیت تھی؟

ج :۔ دو کم سن یتیم بچو سہل اور سہیل کی۔

س :۔ رسول اللہ نے جب مؤاخات کا سلسلہ قائم کرنے کیلئے ایک اجلاس بلوایا تو حاضرین کی تعداد کیا تھی؟

ج :۔ اس وقت 90 حضرات موجود تھے۔

س :۔ حضورؐ نے سب سے پہلا سیاسی اور فوجی سفر کون سا کیا تھا؟

ج :۔ صفر دو ہجری میں جب آپ غزوہ ودان کے لئے تشریف لے گئے تھے۔

س :۔ حضورؐ مدینہ سے غزوہ بدر کے لئے کب روانہ ہوئے تھے؟

ج :۔ 8 رمضان المبارک 2 ہجری کو۔

س :۔ حضورؐ جب مدینہ میں تشریف لائے تھے تو کس خاندان کی لڑکیوں نے آپؐ کی مدد کی خوشی میں گیت گائے تھے؟

ج :۔ خاندان بنو نجار کی لڑکیوں نے۔

س :۔ ہجرت کے بعد جب حضورؐ قباء میں داخل ہوئے تو استقبال کرنے والوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج :۔ تقریباً 5 سو افراد۔

س :۔ مسجد قباء کے مکمل ہونے پر حضورؐ نے شادمانی کے عالم میں اپنے صحابہؓ سے کیا فرمایا تھا؟

ج :۔ جو اچھی طرح وضو کرے اور پھر مسجد قباء میں نماز پڑھے اسے عمرے کا ثواب ملے گا۔

س :۔ آپؐ نے اپنے جانثاروں کے ہمراہ سب سے پہلے کب اور کہاں اعلانیہ با جماعت نماز ادا کی تھی؟

ج :۔ ہجرت کے بعد مسجد قباء کی تعمیر مکمل ہونے پر۔

س :۔ مدینہ پہنچنے کے بعد حضورؐ کی خدمت میں کھانے کی پہلی چیز کون سی پیش کی گئی تھی؟

ج :۔ بڑے پیالے میں ثرید تھا۔ جس میں روٹی' گھی اور دودھ تھا۔

س :۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے ہاں ثرید کے بعد پہلا کھانا کس نے بھجوایا تھا؟

ج :۔ حضرت سعدؓ بن عبادہ نے۔

س :۔ کس مسجد میں نماز پڑھنے کا ثواب دوسری مسجدوں میں پڑھی جانے والی پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے؟

ج :۔ مسجد نبوی میں۔

س :۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مسجد نبوی کے صحن میں جو سایہ دار چبوترہ موجود تھا اسے کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

ج :۔ صفہ کے نام سے۔

س :۔ رسول اللہ کی ازواج مطہرات کے رہنے کے لئے مکانات کہاں بنائے گئے تھے؟

ج :۔ مسجد نبوی کی مشرقی جانب چھوٹے چھوٹے حجرے بنائے گئے تھے۔

س :۔ رسول اللہؐ کے مدینہ میں تشریف لانے کے بعد سب سے پہلے کس شخص نے کفار مکہ کی شہہ سے مہاجرین کو شہر سے نکالنے کی حامی بھری تھی؟

ج :۔ عبداللہ بن ابی نے (رئیس المنافقین نے)

س :۔ ان صحابیوں کے اسمائے گرامی بتایئے جنہیں رسول اللہؐ نے لشکر قریش کی خبریں لانے کے لئے اس وقت روانہ کیا تھا جب کہ یہ لشکر مدینہ کے قریب ذی الحلیفہ میں خیمہ زن ہو گیا تھا؟

ج :۔ فضالہ کے بیٹے انسؓ اور مونسؓ کو۔

س :۔ حضورؐ نے لشکر قریش کی تعداد معلوم کرنے کے لئے کسے بھیجا تھا جبکہ یہ لشکر مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کے لئے احد کے قریب پہنچ چکا تھا؟

ج :۔ حضرت حباب بن منذرؓ کو۔

س :۔ اس شخص کا نام بتایئے جس نے اپنے اسلام کا اظہار نہ کرنے کے باوجود مکہ سے حضورؐ کو ایک قاصد کے ہاتھوں خط دے کر قریش کے حملے کی خبر بھجوائی تھی؟

ج :۔ حضرت عباسؓ نے۔

س :۔ غزوۂ احد کے لئے حضورؐ کب مدینہ سے احد کی طرف روانہ ہوئے تھے؟

ج :۔ جمعہ کے دن شوال 3 کو۔

س :۔ حضرت عباسؓ نے آپؐ کو جو خط بھیجا تھا وہ آپؐ نے پڑھنے کے بعد کس کے سپرد کیا تھا؟

ج :۔ حضرت ابی بن کعبؓ کے۔

س :۔ لشکر قریش کے حملہ کی اطلاع والا خط قاصد نے حضورؐ کی خدمت میں کب پیش کیا تھا؟

ج :۔ جبکہ آپؐ قباء میں تشریف فرما تھے۔

س :۔ حضورؐ کے ساتھ احد کی طرف روانہ ہونے والے لشکر میں وہ کونسا شخص تھا جو تھوڑی دور جانے کے بعد اپنے 300 ساتھیوں کو لے کر الگ ہو گیا تھا؟

ج :۔ رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی۔

س :۔ غزوہ احد میں حضورؐ نے علم کسے عنایت فرمایا تھا؟

ج :۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ کو۔

س :۔ لشکر اسلام کے غزوہ احد میں جو لوگ زرہ پوش نہ تھے' ان کی سرداری حضورؐ نے کسے عطا فرمائی تھی؟

ج :۔ حضرت حمزہؓ کو۔

س :۔ غزوہ احد میں جب گھمسان کا رن پڑا اور حضورؐ نے تلوار اپنے ہاتھوں میں لے کر فرمایا کہ کون اس کا حق ادا کرتا ہے تو بہت سے افراد حاصل کرنے کے لئے آگے بڑے لیکن یہ سعادت کس کے حصے میں آئی تھی؟

ج :۔ حضرت ابو دجانہؓ کے۔

س :۔ غزوہ احد کے لئے روانہ ہوتے وقت حضورؐ نے مدینہ میں کسے حاکم بنایا تھا؟

ج :۔ حضرت ابن ام مکتومؓ کو۔

س :۔ غزوہ احد میں حضورؐ کے رخسار مبارک سے بہنے والا خون کن صحابیؓ نے چوس کر نگل لیا تھا؟

ج :۔ حضرت مالکؓ بن سنان خدری نے۔

س :۔ غزوہ احد میں جب حضورؐ پر ابن قمیہ کافر نے حملہ کیا تو وہ کونسی خاتون تھیں جنہوں نے بڑی بہادری سے حضورؐ کا دفاع کیا اور خود گہرا زخم کھایا؟

ج :۔ حضرت سیبہؓ (ام عما .)

س :۔ حضورؐ نے غزوہ احد میں کافر کی گردن میں نیزہ مارا تھا جس کی وجہ سے وہ مکہ واپس جاتے ہوئے مر گیا تھا؟

ج :۔ ابی بن خلف۔

س :۔ غزوہ احد میں حضورؐ کے رخساروں میں دھنس جانے والے کڑیوں کو کس نے اپنے دانتوں سے کھینچ کر نکالا تھا؟

ج :۔ حضرت ابو عبیدہؓ بن جراحؓ نے۔

س :۔ اس طرح دانتوں سے کڑیوں کو کھینچنے سے خود حضرت ابو عبیدہؓ کے کتنے دانت ٹوٹ گئے تھے؟

ج :۔ سامنے والے دو دانت۔

س :۔ غزوہ احد میں وہ کون سے صحابیؓ تھے جو اکڑے ہوئے اور سر پر سرخ رومال باندھے ہوئے نکلے تھے اور حضورؐ نے فرمایا تھا کہ یہ چال خدا کو سخت ناپسند ہے۔ لیکن اس وقت پسند ہے؟

ج :۔ حضرت ابو دجانہؓ۔

س :۔ غزوہ احد میں وہ کون سے صحابی تھے جنھوں نے اپنے کافر باپ سے لڑنے کی اجازت چاہی لیکن حضورؐ نے یہ گوارا نہ کیا کہ بیٹا باپ پر تلوار اٹھائے؟

ج :۔ حضرت ابو حذیفہؓ نے اپنے کافر باپ ابو عامر کے خلاف۔

س :۔ حضورؐ کے ان ہم شکل صحابیؓ کا نام بتایئے جن کے شہید ہونے کے بعد کفار مکہ نے یہ شور مچا دیا تھا کہ آپؐ شہید ہو گئے ہیں؟

ج :۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ۔

س :۔ غزوہ احد میں جب گھمسان کا رن پڑا اور کافروں کا ہجوم حضورؐ کی طرف بڑھا اور آپؐ نے فرمایا کہ مجھ پر کون جان دیتا ہے تو وہ کون صحابیؓ تھے جو 5 انصاریوں کو لے کر آگے بڑھے اور آپ کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہو گئے تھے؟

ج :۔ حضرت زیادؓ بن سکن۔

س :۔ وہ کون سے صحابیؓ تھے جن کا لاشہ غزوہ احد میں حضورؐ نے اپنے قریب لانے کا حکم دیا جبکہ ان میں ابھی زندگی کی رمق باقی تھی اور انہوں نے اپنا منہ آپؐ کے قدموں پر رکھ دیا؟

ج :۔ حضرت زیاد بن سکنؓ۔

س :۔ غزوہ احد میں حضورؐ پر ابن قمیہ کے تلوار کے وار کو کس صحابیؓ نے اپنے ہاتھوں سے روکا تھا جس سے ان کا ایک ہاتھ بھی کٹ گیا تھا؟

ج :۔ حضرت طلحہؓ نے۔

س :۔ اس صحابیؓ کا اسم گرامی بتایئے جس نے غزوہ احد میں حضورؐ کے سامنے کھڑے ہو کر کفار پر اس قدر تیر برسائے تھے کہ دو تین کمانیں ان کے ہاتھ سے ٹوٹ گئی تھیں؟

ج :۔ حضرت انسؓ کے علاتی باپ حضرت طلحہؓ نے۔

س :۔ 6 ھ میں قبیلہ کلاب کا وہ کون سا رئیس تھا جو حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اپنی قوم میں اسلام کی دعوت دینے کے لئے آپؐ سے مبلغ بھیجنے کی درخواست کی؟

ج :۔ حضرت ابو براءؓ کلابی۔

س :۔ حضورؐ نے ابوبرا کلابی کی درخواست پر کتنے مبلغ اس کے ساتھ بھیجے تھے تاکہ اس کی قوم میں اسلام کی دعوت دیں؟

ج :۔ 70 جو بہت بزرگ تھے۔

س :۔ ابو برا کلابی کی درخواست پر بھیجے گئے 70 مبلغین کو عامر کے فوجی دستے نے کہاں شہید کر دیا تھا؟

ج :۔ مقام رجیع پر۔

س :۔ ان دو اصحابیوں کے اسمائے گرامی بتایئے جنہوں نے غزوہ احد میں حضورؐ کو کفار کی تیر اندازی سے بچانے کے لئے خود کو آپ کے لئے ڈھال بنا دیا تھا اور تیروں نے ان کو چھلنی کر دیا تھا؟

ج :۔ حضرت ابو دجانہؓ اور حضرت طلحہؓ۔

س :۔ غزوہ احد کے دوسرے دن زخمی ہونے کے باوجود حضورؐ نے دوسرے زخمی مجاہدین کے ساتھ کفار کا تعاقب کیا۔ کیا آپ اس جگہ کا نام بتا سکتے ہیں جہاں تک آپؐ پہنچ گئے تھے؟

ج :۔ حمراء الاسد جو مدینہ منورہ سے 8 میل دور ہے۔

س :۔ اس صحابیؓ کا اسم گرامی بتایئے جنہیں محرم 5 ہجری میں قبیلہ بنو کنعان کے رئیس سفیان بن خالد کو قتل کرنے کے بعد حضورؐ نے بطور انعام اپنا عصا مبارک یہ فرماتے ہوئے عطا کیا تھا کہ اسے پکڑ کر جنت میں چلے جائیں؟

ج :۔ حضرت عبداللہ بن انیس۔

س :۔ شہدائے رجیع کے قاتلوں کے لئے حضورؐ نے کتنے روز تک متواتر بد دعا فرمائی تھی؟

ج :۔ 30 روز تک۔

س :۔ اس بد دعا کو کیا کہتے ہیں؟

ج :۔ قنوت نازلہ۔

س :۔ حضورؐ غزوہ دومتہ الجندل کیلئے مدینہ منورہ سے کب روانہ ہوئے تھے؟

ج :۔ 25 ربیع الاول کو۔

س :۔ غزوہ دومتہ الجندل میں حضورؐ کے ساتھ مجاہدین کتنی تعداد میں تھے؟

ج :- ایک ہزار۔

س :- حضورؐ کب غزوہ مریسیع کے لئے روانہ ہوئے تھے؟

ج :- 2 شعبان 5 ہجری کو۔

س :- بنو حنیفہ کے اس رئیس کا نام بتایئے جنہیں حضورؐ نے ان کی گرفتاری کے بعد مسجد کے ایک ستون سے بندھوا دیا تھا۔ اور وہ تین روز بعد مسلمان ہو گیا تھا۔ اس نے اہل مکہ کا غلہ روک لیا تھا لیکن آپ کی سفارش پر دوبارہ اس کی ترسیل شروع کر دی تھی؟

ج :- حضرت ثمامہؓ بن اثال۔

س :- غزوہ احزاب میں حضور کب خندق پر پہنچے تھے اور کب مدینہ منورہ واپس آ گئے تھے؟

ج :- 8 ذوالحجہ 5 ہجری کو اور 22 ذیقعد 5 ہجری کو واپس آ گئے۔

س :- غزوہ احزاب میں خندق کی کھدائی کے موقع پر حضورؐ کا خیمہ کس جگہ نصب کیا گیا تھا؟

ج :- جبل ذباب پر۔

س :- غزوہ احزاب میں جنگ کے دوران حضورؐ کا مرکز قیام کہاں تھا؟

ج :- جبل سلع کے پاس۔

س :- اس کافر کا نام بتایئے جو غزوہ احزاب میں اپنے گھوڑے سے خندق میں گر پڑا اور حضرت علیؓ کے ہاتھوں مارا گیا؟

ج :- نوفل بن عبداللہ مخزومی۔

س :- وہ کونسا غزوہ ہے جس میں حضورؐ کی مسلسل چار نمازیں قضا ہوئیں؟

ج :- غزوہ احزاب۔

س :- غزوہ احزاب میں حالات کی نزاکت کی وجہ سے حضورؐ نے بنو غطفان سے معاہدہ کرنا چاہا تو وہ کون سے اصحابؓ تھے جنہوں نے آپؐ سے مشورے کے وقت عرض کیا تھا کہ اب تو اسلام نے ہمارا درجہ بلند کر دیا ہم ان سے معاہدہ نہیں کریں گے؟

ج :- حضرت سعد بن معاذؓ اور حضرت سعد بن عبادہؓ نے۔

س :- غزوہ احزاب میں یہودیوں کے کس قبیلے نے مسلمانوں کے ساتھ بد عہدی کی تھی۔ تحقیق کے لئے حضورؐ نے کس صحابیؓ کو بھیجا تھا؟

ج :- حضرت سعدؓ بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہؓ کو جن کے ساتھ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ اور حضرت خوات بن جبیر بھی گئے تھے۔

س :۔ غزوہ احزاب میں قریش اور بنو قریظہ میں سیاسی تفرقہ ڈالنے کے لئے آپ سے کس نے اجازت طلب کی تھی؟

ج :۔ حضرت نعیم بن مسعودؓ۔

س :۔ کس غزوہ کے خاتمے پر حضورؐ نے فرمایا تھا کہ اب ہم کفار مکہ پر چڑھائی کریں گے اور وہ ہم پر چڑھائی نہیں کر سکیں گے؟

ج :۔ غزوہ احزاب کے اختتام پر۔

س :۔ غزوہ احزاب کے دوران جب ایک معاملے کے سلسلے میں خود حضورؐ بنی نضیر میں تشریف لے گئے تو کس یہودی نے آپؐ پر پتھر گرانے کا ذمہ لیا تھا؟

ج :۔ عمرو بن محاس مغر نامی یہودی نے۔

س :۔ غزوہ احزاب کے خاتمے پر حضورؐ نے کسے بنو قریظ کا محاصرہ کرانے کا حکم دیا تھا؟

ج :۔ حضرت علیؓ کو۔

س :۔ کب آپ نے حضرت علیؓ کو علم دے کر اس مقصد کے لئے روانہ کیا تھا؟

ج :۔ 23 ذیقعد 5 ہجری کو۔

س :۔ بنو قریضہ کی درخواست پر حضورؐ نے ان کا معاملہ طے کرنے کے لئے کس کو روانہ فرمایا تھا؟

ج :۔ حضرت ابولبابہؓ کو جن کا اصل نام رفاعہؓ بن منذر تھا۔

س :۔ بنو قریضہ نے قبیلہ اوس کے مسلمانوں کی مدد سے حضورؐ کو اپنے معاملات کے فیصلے کے لئے کس کو ثالث مقرر کر دیا تھا؟

ج :۔ حضرت سعد بن معاذؓ کو۔

س :۔ ہجرت کے بعد جب حضورؐ نے پہلی بار عمرے کا ارادہ فرمایا تو آپؐ کے ساتھ کتنے صحابہ کرامؓ موجود تھے؟

ج :۔ 400 صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔

س :۔ مدینہ منورہ سے پہلی بار عمرے کے لئے روانہ ہونے کے بعد حضور نے کسے قریش مکہ کے ارادوں کی خبریں لانے کیلئے بھیجا تھا؟

ج :۔ حضرت بشیر بن سفیان الکعبی کو۔

س :۔ اس سفر میں کس مقام پر آپؐ کی اونٹنی بیٹھ گئی تھی اور باوجود اٹھانے کے ہرگز نہیں اٹھتی تھی چنانچہ آپؐ وہاں رک گئے تھے؟

ج :۔ ثنیۃ المرار میں جو حدیبیہ کے پاس ہے۔

س :۔ حدیبیہ میں پہنچنے اور قیام فرمانے کے بعد حضورؐ کی خدمت میں سب سے پہلے کون آیا تھا؟

ج :۔ قبیلہ بنو خزاعہ کا رئیس بدیل بن ورقا۔

س :۔ حدیبیہ میں قیام فرمانے کے بعد حضورؐ نے کس کو قریش کے پاس سفیر بنا کر بھیجا تھا؟ تاکہ انہیں بتا سکیں کہ مسلمان جنگ کے ارادے سے نہیں بلکہ عمرے کی غرض سے آئے ہیں؟

ج :۔ حضرت عثمان غنیؓ کو۔

س :۔ حدیبیہ میں قریش کے خلاف جنگ کی بیعت لیتے وقت حضورؐ نے اپنے بائیں ہاتھ کو کس کا ہاتھ قرار دے کران کی جانب سے بیعت کی تھی؟

ج :۔ حضرت عثمان غنیؓ کا ہاتھ۔

س :۔ صلح حدیبیہ میں قریش مکہ کا نمائندہ کون تھا؟

ج :۔ سہیل بن عمرو۔

س :۔ صلح حدیبیہ کی تحریر اور حضرت ابوجندلؓ کی قریش مکہ کے پاس واپسی کے واقعہ سے متاثر ہونے والے کون سے جلیل القدر صحابیؓ تھے جو جوش اور اضطراب کے عالم میں حضورؐ سے گفتگو کرنے کے بعد بہت نادم ہوئے تھے؟

ج :۔ حضرت عمر فاروقؓ۔

س :۔ حدیبیہ سے مدینہ واپس جانے کے بعد حضورؐ نے عمرۃ القضاء کب ادا کیا تھا؟

ج :۔ ذلقعد 7ھ میں۔

س :۔ عمرۃ القضاء میں حضورؐ کے ساتھ کتنے صحابیؓ تھے؟

ج :۔ دو ہزار صحابہ کرامؓ تھے۔

س :۔ اس موقع پر قربانی کے اونٹوں کی تعداد کیا تھی؟

ج :۔ 60 اونٹ تھے۔

س :۔ رسول اللہؐ جب عمرۃ القضاء کے موقع پر مکہ میں داخل ہوئے تھے تو آپؐ نے اسلحہ اور قربانی کے جانور کس کی حفاظت میں چھوڑے تھے؟

ج :۔ حضرت اویس بن خولی کے ایک سو ساتھیوں کے ہمراہ۔

س :۔ حضورؐ جب عمرۃ القضاء کے لئے مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے تو آپ کی اونٹنی قصویٰ کی مہار کس نے تھام رکھی تھی؟

ج :۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ نے۔

س :۔ حضورؐ کے حکم سے کس نے عمرۃ القضاء کے موقع پر مسجد حرام میں اذان دی تھی؟
ج :۔ حضرت بلالؓ نے۔
س :۔ عمرۃ القضاء کے موقع پر حضورؐ کتنے دن مکہ مکرمہ میں مقیم رہے تھے؟
ج :۔ تین دن تک۔
س :۔ حضورؐ نے عمرۃ القضاء کے موقع پر کس سے نکاح کیا تھا؟
ج :۔ حضرت ام میمونہؓ سے۔
س :۔ بئیر معونہ میں شہید ہونے والے مبلغین کے متعلق حضورؐ کو کس نے اطلاع دی تھی؟
ج :۔ حضرت عمروؓ بن امیہ ضمری نے۔
س :۔ سفر ہجرت میں حضورؐ کا ساتھ دینے والوں میں سے وہ کون تھے جو واقعہ بئیر معونہ میں شہید ہوئے؟
ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے غلام حضرت عامرؓ بن فہیرہ۔
س :۔ غزوہ احزاب میں خندق کھودتے وقت حضورؐ نے کس کے متعلق فرمایا تھا کہ وہ ہمارے اہل بیت میں شامل ہیں؟
ج :۔ حضرت سلمان فارسیؓ کے بارے میں۔
س :۔ غزوہ احزاب کے موقع پر سخت چٹان برآمد ہونے پر اسے کس نے توڑا تھا؟
ج :۔ خود حضورؐ نے۔
س :۔ بیعت رضوان کے موقع پر سب سے پہلے کن صحابیؓ نے حضورؐ کے دست مبارک پر بیعت کی تھی؟
ج :۔ حضرت سنان بن خدری نے۔
س :۔ وہ کون سا درخت تھا جسے امیرالمومنین حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے دور خلافت میں کٹوا دیا تھا کہ لوگ اسے کے نیچے نمازیں پڑھتے اور اور چڑھاوے چڑھاتے تھے؟
ج :۔ یہ شجرۃ الرضوان تھا جس کے نیچے بیعت رضوان لی گئی تھی۔
س :۔ حدیبیہ میں پڑاؤ ڈالنے کے بعد حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہونے والا قریش مکہ کا پہلا سفیر کون تھا؟
ج :۔ حضرت عمرو بن مسعودؓ ثقفی (جو مسلمان ہو گئے تھے)۔
س :۔ صلح حدیبیہ سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ واپس تشریف لانے کے بعد سب سے پہلے کس اہم کام کا آغاز فرمایا تھا؟

ج :۔ سلاطین کے نام تبلیغی خطوط روانہ فرمانے کا۔
س :۔ سلاطین کے نام تبلیغی خطوط بھیجنے سے قبل آپؐ کو کس چیز کا مشورہ دیا گیا تھا؟
ج :۔ ان خطوط پر ثبت کرنے کے لئے مہر بنوانے کا۔
س :۔ حضورؐ کی مہر مبارک کس دھات کی تھی؟
ج :۔ چاندی کی۔
س :۔ حضورؐ کے اس سفیر کا اسم گرامی بتائیے جو آپؐ کا نامہ مبارک لے کر ہرقل، قیصر روم کے پاس گئے تھے؟
ج :۔ حضرت دحیہ کلبیؓ۔
س :۔ حضورؐ کا نامہ مبارک کسریٰ پرویز شاہ ایران کو کس نے پہنچایا تھا؟
ج :۔ حضرت عبداللہ بن خذافہؓ نے۔
س :۔ مقوقس (عزیز مصر) کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک لے کر جانے والے صحابیؓ کا نام بتائیے؟
ج :۔ حضرت حاطب بن ابی بلتعہ۔
س :۔ حضرت عمروؓ بن امیہ کس کے پاس آپؐ کا نامہ مبارک لے کر گئے تھے؟
ج :۔ نجاشی شاہ حبشہ کے پاس۔
س :۔ صلح حدیبیہ کے بعد کس صحابیؓ کو باوجود اس کے وہ قریش مکہ کے ظلم و ستم کا شکار تھے آپؐ نے انہیں معاہدہ کی رو سے واپس کر دیا تھا؟
ج :۔ حضرت ابو جندلؓ کو۔
س :۔ غزوہ خیبر 7ھ میں ہوا تھا۔ خیبر نامی شہر میں کتنے قلعے تھے؟
ج :۔ چھ قلعے تھے۔
س :۔ غزوہ خیبر میں سب سے پہلے کون سا قلعہ فتح ہوا تھا؟
ج :۔ قلعہ ناعم۔
س :۔ صلح حدیبیہ کے بعد مدینہ آنے والی ان صحابیہؓ کا نام بتائیے جنہیں حضورؐ نے قریش مکہ کے اصرار کے باوجود انہیں واپس نہیں کیا تھا؟
ج :۔ حضرت ام کلثومؓ۔
س :۔ غزوہ خندق میں خندق کھودنے کا آغاز کس نے کیا تھا؟
ج :۔ خود حضورؐ نے۔
س :۔ غزوہ خندق میں کفار کے کس مشہور پہلوان کو حضرت علیؓ نے قتل کیا تھا؟

ج :- عمرو بن عبدود کو۔

س :- معاہدہ حدیبیہ میں فریقین کے درمیان کتنے سال جنگ نہ کرنے کا عہد کیا گیا تھا؟

ج :- دس سال تک۔

س :- غزوۂ خندق میں ایک صحابیہؓ بھی شامل تھیں ان کا نام بتایئے؟

ج :- حضرت رفیدہؓ۔

س :- غزوہ خیبر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے؟

ج :- 15 مسلمان۔

س :- غزوہ خیبر میں قیام کے دوران کس بدبخت عورت نے حضورؐ کو کھانے میں زہر دیا تھا؟

ج :- زینب نامی یہودی عورت نے۔

س :- صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی کرنے کے بعد قریش نے کسے معاہدہ کی تجدید کے لئے بھیجا تھا؟

ج :- ابو سفیان کو۔

س :- فتح مکہ کے بعد کس نے حضورؐ کے حکم سے خانہ کعبہ میں اذان دی تھی؟

ج :- حضرت بلالؓ نے۔

س :- فتح مکہ کے روز سب سے آخر میں اسلام قبول کرنے والے صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج :- ابو حذافہ سہمیؓ۔

س :- ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو حضورؐ کا نامہ مبارک لے کر ہوزہ بن علی حنفی رئیس یمامہ کے پاس گئے تھے؟

ج :- حضرت سلیطؓ بن قیس بن عمرو۔

س :- حارث غسانی کو حضورؐ کا نامہ مبارک کس نے پہنچایا تھا؟

ج :- حضرت شجاعؓ بن وہب اسلمی نے۔

س :- منذر بن ساوی تمیمی کے نظام حضورؐ کا نامہ مبارک لے جانے والے صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج :- حضرت علاءؓ بن حضرمی۔

س :- عمان کے فرماں رواء جیفر اور عبید کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک کس نے پہنچایا تھا؟

ج :- حضرت عمروؓ بن العاص نے۔

س :- یہ نامہ مبارک کس نے تحریر کیا تھا؟

ج :۔ حضرت ابیؓ بن کعب نے۔

س :۔ حضورؐ نے سلاطین کو جو نامہ مبارک بھیجے تھے ان کے جواب میں کس کس نے اسلام قبول کیا تھا؟

ج :۔ ا۔ عمان کے فرماں روا جیفر اور عبید نے 2۔ یمن کے حاکم باذان نے 3۔ منذر ابن ساوی والی بحرین نے 4۔ نجاشی' شاہ حبشہ نے

س :۔ سلاطین کے نام حضورؐ کے تبلیغی خطوط کے جواب میں کس نے تکبر کا اظہار کیا؟

ج :۔ ا۔ حارث غسانی نے 2۔ کسریٰ پرویز شاہ ایران نے 3۔ ہوزہ بن علی حنفی شاہ یمامہ نے۔

س :۔ حضورؐ نے جن سلاطین کے نام خطوط بھجوائے تھے ان میں سے کس کس نے اسلام قبول نہ کیا لیکن تکبر و نحوت کی بجائے خاموش رہے اور نرمی اختیار کی بلکہ ایک نے تو تحائف بھی بھیجے تھے؟

ج :۔ مقوقس شاہ مصر نے تحائف بھیجے تھے ہرقل شاہ روم نے اپنے وزیروں کے خوف سے اسلام تو قبول نہ کیا لیکن نرمی اختیار کی۔

س :۔ حضورؐ نے قبیلہ بنی مصطلق کی طرف زکوۃ وصول کرنے کے لئے کس سفیر کو بھیجا تھا جو ان کے پاس پہنچنے سے پہلے ہی واپس آ گئے تھے اور آپؐ کو اطلاع دے دی تھی کہ وہ مرتد ہو گئے ہیں؟

ج :۔ ولیدؓ بن عقبہ۔

س :۔ اس سفیر کا نام بتایئے جس کو حضورؐ نے بنو کعب خزاعہ سے زکوۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا تھا؟ لیکن وہ ناکام لوٹ آئے تھے؟

ج :۔ حضرت عبداللہ۔

س :۔ حضورؐ نے شاہ یمامہ ہوزہ کو نامہ مبارک بھیجا تو اس نے جواب میں کیا کہا تھا؟

ج :۔ اپنے کاموں میں مجھے بھی حق دیں تو میں آپؐ کا اتباع قبول کر لوں گا۔

س :۔ یہ جواب سن کر حضورؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج :۔ ہوزہ کا ملک تباہ و برباد ہوا۔

س :۔ طائف کے رئیس ذی الکلاع کے پاس حضورؐ اکرمؐ نے کسے نامہ مبارک دے کر بھیجا تھا؟

ج :۔ حضرت جریرؓ بن عبداللہ کو۔

س :۔ حضرت جریرؓ بن عبداللہ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 54ھ میں۔

س :- کون سے صحابیؓ حضورؐ کے قاصد کی حیثیت سے نامہ مبارک لے کر حاکم بصریٰ شرجیل بن عمرؓ کے پاس گئے تھے؟

ج :- حضرت حارثؓ بن عمیر۔

س :- شرجیل نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا؟

ج :- اس بدبخت نے انہیں قتل کروا دیا تھا۔

س :- حضورؐ کے ان قاصد کا نام بتایئے جن کی شہادت کی وجہ سے جنگ موتہ لڑی گئی تھی؟

ج :- حضرت حارث بن عمیرؓ۔

س :- حضرت علاءؓ بن حضرمیؒ قاصد نبویؐ تھے وہ کس کام میں مہارت رکھتے تھے؟

ج :- نہایت خوشنویس کاتب تھے۔

س :- حضورؐ کے قاصد حضرت دحیہؓ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج :- بنو کلب سے۔

س :- شاہ مصر مقوقس کے پاس حضورؐ کا خط لے کر حضرت حاطبؓ بن ابی بلتعہ گئے تھے آپ ان کی کنیت بتایئے؟

ج :- ابو عبداللہ۔

س :- آپ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 30ھ میں فوت ہوئے۔

س :- ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کے پاس نامہ مبارک لے جانے والے حضرت عبداللہ بن خدافہ کی کنیت کیا تھی؟

ج :- ابو حذیفہ۔

س :۔ حضرت عبداللہ بن حذافہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج :۔ قبیلہ قریش کی شاخ بنو سہم سے۔

س :۔ غزوہ حنین کے اسیروں کی رہائی کے لئے وفد ہوازن کس مقام پر حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا؟

ج :۔ جعرانہ کے مقام پر۔

س :۔ اس غزوہ کا نام بتائیں جس میں حضورؐ نے ایک عورت کی لاش دیکھی اور جب آپؐ کو معلوم ہوا کہ یہ حضرت خالد بن ولیدؓ کے ہاتھوں قتل ہوئی ہے تو آپؐ نے فرمایا خالد بن ولید سے ملو اور کہو کہ رسول اللہؐ نے بچے' عورت یا اجرت پر کام کرنے والے کے قتل سے منع فرمایا ہے۔

ج :۔ غزوہ حنین۔

س :۔ کس غزوے میں مسلمان کفار سے زیادہ تھے؟

ج :۔ غزوہ حنین میں۔

س :۔ غزوہ حنین میں کس قبیلے کی تیر اندازی سے مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے تھے؟

ج :۔ قبیلہ بنو ہوازن۔

س :۔ غزوہ حنین میں جب قبیلہ بنو ہوازن کی شدید تر تیر اندازی کی تاب نہ لا کر مسلمان میدان جنگ سے ہٹنے لگے تو حضورؐ نے کس کو حکم دیا تھا کہ وہ لوگوں کو پکاریں؟

ج :۔ اپنے محترم چچا حضرت عباسؓ کو۔

س :۔ غزوہ حنین کے نازک ترین حالات میں حضورؐ کے سفید خچر کی لگام کس نے تھامی تھی؟

ج :۔ حضرت مغیرہؓ بن حارث بن عبدالمطلب۔

س :۔ غزوہ خیبر کے موقع پر حضورؐ کے ہمراہ کون سی ام المومنین تھیں؟

ج :۔ حضرت ام سلمہؓ۔

س :۔ غزوہ خیبر کے موقع پر حضورؐ نے کیا چیز خوراک کے طور پر استعمال کی تھی؟

ج :۔ ستو' جو پانی میں گھول کر نوش فرمایا کرتے تھے۔

س :۔ سفر خیبر میں حضورؐ نے کس سے حدی خوانی کی فرمائش کی تھی؟

ج :۔ حضرت عامرؓ بن اکوع سے۔
س :۔ حدی کسے کہتے ہیں؟
ج :۔ اونٹوں کو تیز چلانے کے لئے جو گیت گایا جاتا ہے اسے حدی کہتے ہیں۔
س :۔ خیبر کی فتح کے بعد معاہدہ کے مطابق زمین کی پیداوار اور کا نصف حصہ بٹانے کے لئے حضورؐ وہاں کسے بھیجا کرتے تھے؟
ج :۔ حضرت عبداللہؓ بن رواحہ کو۔
س :۔ غزوہ خیبر کے موقع پر یہودی عورت زینب نے آپؐ کو کھانے میں زہر دیا تھا وہ کس کی عورت تھی؟
ج :۔ سلام بن مشکم کی۔
س :۔ غزوہ حنین کے اسیروں میں سے وہ کون تھا جس کی باتیں سن کر آپ کو اپنا بچپن یاد آگیا اور آپ کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تھے؟
ج :۔ آپؐ کی رضاعی بہن اور بی بی حلیمہ کی بیٹی شیماؓ۔
س :۔ محاصرہ طائف کے دوران حضورؐ کے ساتھ کون سی ازواج مطہرات تھیں؟
ج :۔ ام المومنین حضرت سلمہؓ اور ام المومنین حضرت زینبؓ۔
س :۔ غزوہ تبوک میں حضورؐ کی زیر کمان کتنے مجاہدین تھے؟
ج :۔ تیس/ 30 ہزار جو سب رضا کار تھے۔
س :۔ غزوہ تبوک پر روانہ ہوتے وقت حضورؐ نے مدینہ کا گورنر کسے بنایا تھا؟
ج :۔ حضرت محمدؓ بن مسلمہ انصاری کو۔
س :۔ غزوہ تبوک پر جاتے وقت راستے میں کون سا مقام آیا تھا جہاں کا پانی حضورؐ نے استعمال کرنے سے منع فرمایا تھا؟ اور خود روئے مبارک پر چادر ڈال کر سواری کو تیز ہنکاتے ہوئے وہاں سے گزر گئے تھے؟
ج :۔ الحجر جسے مدائن صالح یا "دریا ثمود" بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس جگہ اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہو چکا تھا۔
س :۔ تبوک پہنچنے کے بعد حضورؐ کی خدمت میں ایلہ کا جو عیسائی حاکم امان طلب کرنے کے لئے آیا تھا اس کا نام بتایئے؟
ج :۔ یوحنا بن روبہ۔
س :۔ دومتہ الجندل کی طرف حضورؐ نے کس کو روانہ فرمایا تھا؟

ج :۔ حضرت خالد بن ولیدؓ کو۔

س :۔ مدینہ منورہ میں منافقوں کی اس مسجد کا نام بتائیے جس میں بیٹھ کر وہ آپؐ اور آپؐ کے ساتھیوں کے خلاف سازشیں کیا کرتے تھے؟

ج :۔ مسجد ضرار۔

س :۔ حضورؐ نے تبوک سے مدینہ واپسی پر مدینہ کے قریب پہنچ کر کس مقام سے چند آدمی بھیجے تھے کہ وہ مسجد ضرار کو جلا اور گرا دیں؟

ج :۔ ذی روان سے۔

س :۔ غزوہ تبوک سے واپس تشریف لانے کے بعد حضورؐ کی خدمت میں کون سے صحابیؓ روانہ ہوئے تھے جنھوں نے غزوہ تبوک میں شامل نہ ہو سکنے کی وجہ یعنی اپنی سستی اور کاہلی کا کھلے بندوں اعتراف کر لیا تھا؟

ج :۔ حضرت کعبؓ بن مالک' حضرت بلالؓ بن امیہ اور حضرت مرادہ بن ربیع۔

س :۔ مسجد ضرار کو گرانے اور جلانے کے لئے مقام ذی اوان سے حضورؐ نے کن صحابہ کرامؓ کو بھیجا تھا؟

ج :۔ حضرت مالکؓ بن الدخشم اور حضرت معنؓ عدی کو۔

س :۔ حضورؐ کے وہ کون سے عزیز تھے جو اسیران بدر میں شامل تھے اور انصار مدینہ نے انہیں اپنا بھائی کہہ کر فدیہ دینے کی پیش کش کی تھی' لیکن آپ نے اسے گوارا نہ کیا تھا؟

ج :۔ رسول اللہؐ کے چچا حضرت عباسؓ۔

س :۔ میدان بدر میں پہنچنے سے قبل ذفران کی مجلس میں حضورؐ کس کی تقریر سے بہت خوش ہوئے تھے اور آپ نے صحابہ کرامؓ کو میدان بدر میں فتح کی خوشخبری سنائی تھی؟

ج :۔ حضرت سعدؓ بن معاذ کی تقریر سے۔

س :۔ مدینہ سے بدر کی جانب سفر کرتے ہوئے آپ کی سواری میں اور کون کون شریک تھے کیونکہ ایک اونٹ پر تین آدمی باری باری سوار ہوتے تھے؟

ج :۔ حضرت علیؓ اور حضرت لبابہؓ۔

س :۔ غزوہ بدر کے لئے جب حضورؐ مجاہدین کی صفیں سیدھی کر رہے تھے تو وہ کون تھے جو صف سے آگے بڑھے ہوئے تھے اور آپ نے ان کے پیٹ کی

جانب اشارہ کر کے فرمایا تھا کہ برابر ہو جاؤ؟

ج :۔ حضرت سوادؓ بن غزیہؓ۔

س :۔ اس صحابی کا نام بتائیے جو غزوہ بدر میں مزے سے کھجوریں کھا رہے تھے اور آپؐ کی زبان مبارک سے جہاد کی فضیلت سنی تو کھجوریں پھینک کر دشمن کی صفوں میں گھس گئے اور کئی آدمیوں کو ہلاک کرنے کے بعد خود بھی شہید ہو گئے تھے؟

ج :۔ حضرت عمیرؓ بن الحمام۔

س :۔ حضورؐ نے بدر سے روانہ ہونے کے بعد مقام صفرا میں پہنچ کر اسیران بدر میں جس دشمن دین کے قتل کا حکم دیا تھا اس کا نام بتائیے؟

ج :۔ نضر بن حارث۔

س :۔ اسیران بدر میں سے وہ کون تھا جسے رسول اللہؐ نے بدر سے مدینہ منورہ کی طرف واپسی پر عرق الظبیہ کے مقام پر قتل کرنے کا حکم دیا تھا؟

ج :۔ عقبہ بن ابی معیط۔

س :۔ حضورؐ نے فتح مکہ کی خوشخبری سنانے کے لئے مدینہ منورہ اور عالیہ کی طرف سے کسے بھیجا تھا؟

ج :۔ مدینہ کی جانب حضرت زید بن حارثؓ کو اور عالیہ کی جانب حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کو۔

س :۔ غزوہ بدر کے بعد حضورؐ نے اپنی کس صاحبزادی کی شادی کی تھی؟

ج :۔ حضرت فاطمہؓ کی حضرت علیؓ کے ساتھ۔

س :۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں قریش کے کتنے آدمی قتل ہوئے تھے؟

ج :۔ 70 آدمی۔

س :۔ رسول اللہؐ نے کب حضرت بلالؓ کو مسجد نبوی کا مؤذن مقرر کیا تھا؟

ج :۔ 2ھ میں۔

س :۔ آپؐ کی مدینہ تشریف آوری کے بعد سب سے پہلے فوت ہونے والے دو جلیل القدر صحابہ کے نام بتائیے؟

ج :۔ حضرت کلثوم بن الھدمؓ اور حضرت اسعد بن زرارہؓ۔

س :۔ رسول اللہ کے اس شاعر صحابی کا نام بتائیے جو قباء میں پہلی مسجد کی تعمیر

کے وقت کام کے ساتھ ساتھ اپنے اشعار بھی ترنم سے پڑھتے تھے اور آپؐ ہر قافیہ کے ساتھ آواز ملاتے تھے؟

ج :۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ۔

س :۔ تحویل قبلہ کا حکم کس مہینے میں آیا تھا؟

ج :۔ شعبان 2ھ میں۔

س :۔ مدینہ منورہ میں جب تک آپ ایوب انصاری کے گھر میں رہے آپؐ کے ہمسائے کون تھے؟

ج :۔ حضرت سعد بن عبادہؓ۔ حضرت سعد بن معاذؓ اور حضرت عمارہ بن حزمؓ۔

س :۔ میدان بدر میں رسول اللہ کے سائبان کے سب سے پہلے پاسبان کون تھے؟

ج :۔ حضرت سعد بن معاذؓ۔

س :۔ رسول اللہ کے اس صحابی کا نام بتایئے جو آپ کی مدینہ تشریف آوری کے کافی عرصے بعد روزانہ رات کے کھانے کے لئے ہمیشہ اپنے ہاں سے ایک بڑا دیگچہ' سالن اور روٹی وغیرہ بھیجا کرتے تھے؟

ج :۔ حضرت سعد بن عبادہؓ۔

س :۔ غزوہ بدر کے موقع پر حضورؐ نے کیا دعا کی تھی؟

ج :۔ اے خدا تو نے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے پورا کر۔

س :۔ غزوہ بدر میں لشکر قریش میں سے گرفتار ہونے والا کون تھا کہ جسے ام المومنین حضرت سودہؓ نے دیکھ کر بے ساختہ فرمایا تھا کہ تم نے بھی عورتوں کی طرح بیڑیاں پہن لیں اور یہ نہ ہو سکا کہ لڑ کر مر جاتے؟

ج :۔ سہیل بن عمرو جو حضرت سودہؓ کا رشتے دار تھا۔

س :۔ اسیران بدر میں سے اس کا نام بتایئے جو نہایت عمدہ مقرر تھا اور عام مجمعوں میں آپؐ کے خلاف تقریریں کیا کرتا تھا؟

ج :۔ سہیل بن عمرو۔

س :۔ اسیران بدر کی قسمت کا فیصلہ سنانے کے لئے آپؐ نے کس کا مشورہ قبول کیا تھا؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا۔

س :۔ جنگ بدر کے دن کس صحابیؓ کی تلوار ٹوٹ گئی تھی اور حضورؐ نے انہیں کھجور کی ایک لکڑی عنایت فرمائی تھی جو ان کے ہاتھ میں تلوار کا کام کرتی رہی تھی؟

ج :۔ حضرت عکاشہؓ۔

س :۔ حضورؐ نے سردی اور گرمی سے متاثر نہ ہونے والی دعا کس کے لئے فرمائی تھی؟

ج :۔ حضرت علیؓ کے لئے۔

س :۔ حضرت محمد ﷺ نے اپنے صحابہ کرامؓ میں سے کس کے لئے مستجاب الدعوات ہونے کی دعا فرمائی تھی؟

ج :۔ حضرت سعد بن ابی وقاص کے لئے۔

س :۔ حضورؐ کا چہرہ مبارک دیکھ کر کس نے کہا تھا کہ "یہ چہرہ کسی جھوٹے شخص کا نہیں ہو سکتا؟"

ج :۔ حضرت عبداللہؓ بن سلام نے۔

س :۔ اس صحابیؓ کا نام بتایئے جسے حضورؐ کبھی کبھی "پیارے" اور "دو کانوں والے" کہا کرتے تھے؟

ج :۔ حضرت انس بن مالکؓ کو۔

س :۔ حضورؐ کے مؤذنین کے نام بتایئے؟

ج :۔ حضرت بلالؓ حضرت ام مکتوم اور حضرت سعد القرظؓ۔

س :۔ حضورؐ کی دو مشہور کمانوں کے نام بتایئے؟

ج :۔ البیضاء اور الصفراء۔

س :۔ حضورؐ کے ایک مشہور نیزے کا نام بتایئے؟

ج :۔ العنزہ۔

س :۔ حضورؐ کے درباری شاعروں کے نام بتایئے؟

ج :۔ حضرت حسانؓ بن ثابت' حضرت عبداللہ بن رواحہؓ۔

س :۔ ابتداء میں مسلمان ہونے والے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو حضورؐ کے ہم عمر تھے؟

ج :۔ حضرت عمار بن یاسرؓ۔

س :۔ ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کا سست رفتار اونٹ آپؐ کی دعا سے تیز ہو گیا

تھا؟

ج :۔ حضرت جابرؓ۔

س : ہجرت مدینہ کے وقت حضورؐ کی عمر کیا تھی؟

ج :۔ 53 سال۔

س :۔ حضورؐ نے کسے دو شہادتیں یعنی دو گواہی والا قرار دیا ہے۔ یعنی جن کے بارے میں حضورؐ نے فرمایا تھا کہ جس شخص کے حق میں یہ گواہی دیں گے اس کے لئے کافی ہے؟

ج :۔ حضرت ابو خزیمہؓ کو۔

س :۔ خاتون جنت حضرت فاطمہؓ کی والدہ ماجدہ کا نام بتائیے؟

ج :۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ۔

س :۔ کس سنہ ہجری میں تحویل قبلہ کا حکم آیا تھا؟

ج :۔ 2ھ میں۔

س :۔ حضور اکرمؐ کو بردیمانی چادر بہت پسند تھی بتائیے وہ کس رنگ کی ہوتی تھی؟

ج :۔ سبز رنگ کی۔

س :۔ طاہرہ راضیہ 'ذکیہ' بتول مرضیہ یہ کس کے القاب ہیں؟

ج :۔ حضورؐ کی پیاری بیٹی حضرت فاطمہؓ کے۔

س :۔ جنگ فجار میں حضورؐ شریک ہوئے اس میں آپ کے سپرد کیا خدمت تھی؟

ج :۔ آپ اپنے چچاؤں کو تیر پکڑاتے جاتے تھے۔

س :۔ حضرت فاطمہ کا نکاح کس عمر میں ہوا تھا؟

ج :۔ 15 سال کی عمر میں۔

س :۔ اس وقت حضرت علیؓ کی عمر کیا تھی؟ (بوقت نکاح)۔

ج :۔ 21 سال کی۔

س :۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

ج :۔ 67 سال کی عمر میں۔

س :۔ حضورؐ کے چچا حضرت حمزہؓ نے کب اسلام قبول کیا تھا؟

ج :۔ 6 نبوی میں۔

س :- 6 نبوی میں حضرت حمزہؓ کے علاوہ اور کون سے مشہور اصحابی ایمان لائے تھے؟

ج :- حضرت عمر فاروقؓ۔

س :- ماثور، قلعی، البتار، الحتف، العضب، المخذم، الرسوب، القضیب، اور ذوالفقار آنحضرتؐ کی کس چیز کے نام ہیں؟

ج :- یہ سب آپؐ کی تلواروں کے نام ہیں۔

س :- بتایئے جنگ موتہ اور غزوہ حنین کے واقعات کس سنہ ہجری میں پیش آئے تھے؟

ج :- 8ھ ہجری میں۔

س :- حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت عمرو بن العاصؓ، حضرت خالد بن ولیدؓ، حضرت عبداللہؓ بن ارقم، حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ ان سب میں کون سی بات مشترک ہے؟

ج :- یہ سب کاتبان وحی تھے۔

س :- حضورؐ نے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائی تھی کہ دونوں عمر میں سے کسی کو مسلمان ہونے کی ہدایت فرمائے وہ دونوں عمر کون تھے؟

ج :- حضرت عمرؓ بن خطاب اور عمر بن ہشام (ابوجہل)

س :- حضرت ابو قحافہ کس مشہور صحابی کے والد تھے؟

ج :- حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س :- فتح مکہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج :- فتح مبین۔

س :- مکہ اور طائف کے درمیان واقع وادی میں ایک مشہور غزوہ ہوا تھا۔ اس کا نام بتائیں؟

ج :- غزوہ حنین۔

س :- حضورؐ کا آخری غزوہ کون سا تھا؟

ج :- غزوہ تبوک۔

س :- اس شاعر کا نام بتا دیں جس کو حضورؐ نے اپنی چادر انعام میں دے دی تھی؟

ج :- حضرت کعبؓ بن زبیرؓ کو۔

س :- فتح مکہ کے روز ابو سفیان کو حضورؐ کے پاس کون لے کر آئے تھے؟
ج :- حضرت عباسؓ۔
س :- حضورؐ نے اپنے نامہ مبارک پر مہر لگانے کے لئے کس دھات کی انگوٹھی بنائی تھی؟
ج :- چاندی کی۔
س :- غزوہ احد میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟
ج :- یا منصور امت۔
س :- فتح مکہ سے قبل اسلامی تاریخ کے دو مشہور فاتحین نے اسلام قبول کیا تھا ایک تو حضرت خالد بن ولید تھے دوسرے صحابیؓ کا نام بتایئے؟
ج :- حضرت عمروؓ بن العاص۔
س :- ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کے پاس کون سے اصحابیؓ حضورؐ کا پیغام لے کر گئے تھے؟
ج :- حضرت عبداللہ بن حذافہؓ۔
س :- کون سے صحابیؓ حضورؐ کی خدمت میں دس سال رہے تھے؟
ج :- حضرت انس بن مالکؓ۔
س :- حضرت بلالؓ تو مسجد نبوی کے مؤذن تھے، مسجد قباء کے مؤذن کون تھے؟
ج :- حضرت سعد القرظؓ۔
س :- حضرت حسان بن ثابت حضورؐ کے خاص شاعر تھے ان کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟
ج :- 120 سال کی عمر میں۔
س :- حضورؐ کے شعراء کرام کی تعداد کیا تھی؟
ج :- 172 ہے۔
س :- حضورؐ کی مشہور لونٹنی قصوئی کا دوسرا نام کیا تھا؟
ج :- غضباء۔
س :- حضورؐ کے پاس کتنے گھوڑے تھے؟
ج :- سات گھوڑے۔
س :- حضورؐ کا پہلا نکاح حضرت خدیجہؓ سے ہوا تھا۔ حضرت خدیجہ کی یہ کون سی شادی تھی؟

ج :- تیسری۔

س :- حضورؐ کے پاس سات گھوڑے ذاتی تھے حضورؐ کی اونٹنیوں کی تعداد بتایئے؟

ج :- تین اونٹنیاں۔

س :- حضورؐ کی پہلی زوجہ محترمہ کا انتقال کہاں ہوا تھا؟

ج :- مکہ مکرمہ میں۔

س :- حضورؐ کے پاس کتنی زرہیں تھیں؟

ج :- سات زرہیں۔

س :- حضورؐ کس ملک کی دھاری دار چادریں پسند فرماتے تھے؟

ج :- یمن کی۔

س :- حضورؐ کی تیسری شادی کن خاتون سے ہوئی تھی؟

ج :- حضرت عائشہ صدیقہؓ سے۔

س :- حضرت عائشہ صدیقہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی تھیں وہ کب پیدا ہوئیں؟

ج :- 613ء میں۔

س :- حضورؐ کے پاس کتنی کمانیں تھیں؟

ج :- 6 کمانیں۔

س :- حضورؐ کی واحد ڈھال کا نام بتائیں؟

ج :- زیوق۔

س :- حضرت عائشہ کی عمر نکاح کے وقت 6 برس تھی آپؐ کی عمر کیا تھی؟

ج :- 51 برس۔

س :- حضورؐ کے سب سے بڑے فرزند کون تھے؟

ج :- حضرت قاسمؓ۔

س :- حضرت عائشہ کا انتقال 58ھ میں ہوا تھا اس وقت آپؐ کی عمر کیا تھی؟

ج :- 65 برس۔

س :- حضورؐ کا پہلا نکاح حضرت خدیجہؓ سے ہوا تھا حضورؐ کا آخری نکاح کن سے ہوا تھا؟

ج :- حضرت میمونہؓ سے۔

س :۔ حضورؐ کی سب سے بڑی صاحبزادی کون تھیں؟

ج :۔ حضرت زینبؓ۔

س :۔ حضورؐ کی دوسری صاحبزادی حضرت رقیہ تھیں آپ ان کی والدہ کا نام بتائیے؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ۔

س :۔ حضورؐ کا چوتھا نکاح کن ام المومنین سے ہوا تھا؟

ج :۔ حضرت حفصہؓ سے۔

س :۔ کس الہامی کتاب میں حضورؐ کا نام فاروق دیا گیا ہے؟

ج :۔ زبور میں۔

س :۔ حضورؐ نے اپنی زندگی میں کتنے حج کیے تھے؟

ج :۔ ایک حج۔

س :۔ جس اونٹنی پر آپؐ نے خطبہ حجتہ الوداع دیا اس کا نام بتائیے؟

ج :۔ قصویٰ۔

س :۔ حجتہ الوداع کو اور کس نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے؟

ج :۔ حجتہ البلاغ۔

س :۔ مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ حج کرنے کے لئے آپؐ کتنے دنوں میں پہنچے تھے؟

ج :۔ 9 دنوں میں۔

س :۔ کس مقام پر حضورؐ نے ظہر اور عصر کی نمازیں ملا کر پڑھیں تھیں؟

ج :۔ مقام عرفات پر۔

س :۔ آخری حج کے موقع پر حضورؐ کے پاس کتنے اونٹ تھے؟

ج :۔ ایک سو اونٹ۔

س :۔ حضورؐ نے آخری نماز کون سی پڑھائی تھی؟

ج :۔ نماز مغرب۔

س :۔ اس نماز میں حضورؐ نے کون سی سورۃ تلاوت کی تھی؟

ج :۔ سورۃ المرسلات۔

س :۔ حضورؐ نے 100 اونٹ میں سے خود کتنے ذبح کئے تھے؟ حجتہ الوداع کے موقع پر؟

ج :۔ 63 اونٹ۔ تریسٹھ۔

س :۔ آپؐ کی بیماری کے دنوں میں کن صحابیؓ نے آپ کی جگہ امامت کروائی تھی؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کتنے دنوں تک آپؐ کی جگہ امامت کروائی تھی؟

ج :۔ تین دن تک۔

س :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج :۔ حضرت ابوہریرةؓ نے۔

س :۔ کس غزوے میں مسلمان تعداد میں سب سے زیادہ تھے؟

ج :۔ غزوہ تبوک میں۔

س :۔ حضورؐ کی تبلیغ کا مکی دور بڑا ہے یا مدنی دور؟

ج :۔ مکی دور۔

س :۔ حضورؐ نے اپنی تبلیغ کا پہلا خطاب عام کہاں فرمایا تھا؟

ج :۔ کوہ صفا پر۔

س :۔ آپؐ کے خطابات کے مجموعے کا نام کیا ہے۔

ج :۔ نہج الفصاحت۔

س :۔ حضورؐ نے مسجد قباء جس زمین پر بنوائی تھی وہ زمین کن اصحابیؓ کی ملکیت تھی؟

ج :۔ حضرت کلثوم بن الھدمؓ کی۔

س :۔ غزوہ خندق کے موقع پر حضورؐ کن صحابیؓ کے اشعار پڑھتے جاتے تھے؟

ج :۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کے۔

س :۔ عشرہ مبشرہ میں شامل ان صحابی کا نام بتایئے جن سے حضورؐ کے تین رشتے تھے؟

ج :۔ حضرت زبیر بن عوامؓ۔

س :۔ حضورؐ نبوت سے قبل غار حرا میں جو عبادت کیا کرتے تھے اس کا نام کیا ہے؟

ج :۔ تحنث۔

س :۔ حضورؐ کے صحابہ کرامؓ میں سب سے بلند آواز کن صحابیؓ کی تھی؟

ج :۔ حضرت عباسؓ کی۔

س :۔ ان پہلے صحابی شاعر کا نام بتایئے جنہوں نے حضورؐ کی شان میں نعت رسول کہی تھی؟

ج :۔ حضرت حسان بن ثابتؓ۔

س :۔ حضورؐ نے مدینہ کے بعد کتنا عرصہ بیت المقدس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی تھی؟

ج :۔ 17 ماہ تک۔

س :۔ حضورؐ کے انتقال کے بعد اہل بیت رسول میں سے سب سے پہلے کن کا انتقال ہوا تھا؟

ج :۔ حضرت فاطمتہ الزہرہ کا۔

س :۔ حضورؐ کی اس زوجہ مطہرہ کا اسم گرامی بتایئے جو حضورؐ کی خدمت میں باقی ازواج مطہرات سے زیادہ عرصہ تک زندہ رہیں؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ۔

س :۔ کیا آپ حضرت خدیجہؓ کی حضورؐ کے ساتھ رفاقت کی مدت بتا سکتے ہیں؟

ج :۔ 25 سال۔

س :۔ حضورؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ سب سے کم حضورؐ کی رفاقت میں رہیں؟

ج :۔ حضرت زینب بنت خزیمہؓ۔

س :۔ سورۃ نور میں "**هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ**" والی آیت کا تعلق حضورؐ کی کس زوجہ مطہرہ سے ہے؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے۔

س :۔ حضورؐ کے ربیب (پروردہ) کون کون تھے؟

ج :۔ حضرت حارثؓ بن ابی ہالہ' ہالہ' طاہر' ہند۔

س :۔ امہات المومنین میں سے کن کے نکاح مکہ میں ہوئے تھے؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ۔ حضرت سودہؓ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی وہ کون سی زوجہ مطہرہ ہیں جنہوں نے غزوہ احد میں مشک اٹھا کر زخمیوں کو پانی پلایا تھا؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی وہ کون سی زوجہ مطہرہ ہیں جو حضرت خالد بن ولید کی خالہ تھیں؟

ج :۔ حضرت میمونہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ تھیں جو حضورؐ کی پھوپھی زاد تھیں؟

ج :۔ حضرت زینبؓ بنت خزیمہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں جن کی موجودگی میں آپؐ نے دوسری شادی نہیں کی؟

ج :۔ حضرت خدیجہؓ۔

س :۔ حضورؐ نے اپنی ازواج مطہرات میں سے کس کی نماز جنازہ خود پڑھائی تھی؟

ج :۔ حضرت زینب بنت خزیمہؓ۔

س :۔ ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج :۔ ہند بنت سہیل۔

س :۔ امہات المومنین میں سے کس کا نکاح ان کے والد نے خود پڑھایا تھا؟

ج :۔ حضرت سودہؓ کا۔

س :۔ حضورؐ کی ازواج مطہرات میں سے کس کی نماز جنازہ مروان بن الحکم نے پڑھائی تھی؟

ج :۔ حضرت حفصہؓ۔

س :۔ امہات المومنین میں روایت حدیث او نقل احکام اور علم و فضل کے معاملے میں ام المومنین حضرت عائشہؓ کے بعد کس کا درجہ ہے؟

ج :۔ حضرت ام سلمہؓ کا۔

س :۔ حضورؐ نے اپنی ازواج مطہرات سے فرمایا تھا "تم میں سے مجھ سے جلد وہ ملے گی جس کا ہاتھ لمبا ہو گا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کن ام المومنین کے لئے حضورؐ کا یہ فرمان سچ ثابت ہوا تھا؟

ج :۔ حضرت زینب بنت خزیمہؓ جو بہت فیاض تھیں اور ہاتھ لمبا ہونے کا استفادہ ان کی فیاضی سے متعلق تھا۔

س :۔ امہات المومنین میں سے کس کی نماز جنازہ حضرت عمر فاروقؓ نے پڑھائی؟

ج :۔ حضرت زینبؓ بنت جحش کی۔

س :۔ حضورؐ کی ازواج میں سے کون قبیلہ مصطلق کے رئیس کی بیٹی تھیں؟

ج :۔ حضرت جویریہؓ۔

س :۔ حضورؐ کی ان زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں جن کے دو نکاح ہوئے اور دونوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی تھی؟

ج :۔ حضرت زینب بنت جحش۔

س :۔ ام المومنین حضرت حبیبہ کا اصل نام بتائیے؟

ج :۔ رملہ بنت ابو سفیان۔

س :۔ حضورؐ کی بیٹی حضرت زینب کو نیزہ مار کر شہید کرنے والے شخص کا نام بتائیے؟

ج :۔ ہبار بن الاسود۔

س :۔ حضورؐ نے اپنی بیٹی حضرت زینب کے قاتل کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا؟

ج :۔ وہ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہو گئے آپؐ نے انہیں معاف کر دیا۔

س :۔ ام المومنین حضرت صفیہ یہودی سردار کی بیٹی تھیں آپ ان کے والد کا نام بتائیے؟

ج :۔ حیی ابن اخطب۔

س :۔ آپؐ اپنے کس چچا کے مکان پر پیدا ہوئے تھے؟

ج :۔ جناب ابوطالب کے مکان پر۔

س :۔ حضورؐ نے اپنی والدہ کے ساتھ آخری سفر کہاں کا کیا تھا؟

ج :۔ مدینہ منورہ کا۔

س :۔ حضورؐ کے کون سے چچا نے آپؐ کے ساتھ جنگ فجار میں شرکت کی تھی؟

ج :۔ حضرت زبیر بن عبدالمطلب۔

س :۔ حضورؐ نے پہلا تجارتی سفر کس ملک کا کیا تھا؟

ج :۔ شام کا۔

س :۔ حضورؐ کی پہلی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج :۔ ام ہند۔

س :۔ اسلام کی راہ میں پہلا خون کن صحابیؓ کا بہا تھا؟

ج :- حضرت حارث بن ابی ہالہ کا۔

س :- حضورؐ نے جب اعلانیہ تبلیغ کا آغاز کیا تھا تو سب سے پہلے کس نے مخالف کی تھی؟

ج :- ابولہب نے۔

س :- خفیہ تبلیغ کا سلسلہ کتنے عرصہ جاری رہا تھا؟

ج :- تین سال تک۔

س :- واقعہ معراج دس نبوی میں پیش آیا تھا اس واقعے کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج :- واقعہ اسراء۔

س :- حضورؐ سے ملاقات کے بعد ایمان لانے والے مدینے کے پہلے شخص کا نام بتایئے؟

ج :- ایاس بن معاذ۔

س :- حضورؐ کب اہل طائف کو اسلام کی دعوت دینے کے لئے طائف تشریف لے گئے تھے؟

ج :- دس نبوی میں۔

س :- سفر طائف میں آپؐ کے ہمراہ کو صحابیؓ تھے؟

ج :- حضرت زید بن حارثؓ۔

س :- حضورؐ کی باندیوں کی تعداد کیا تھی؟

ج :- بارہ۔

س :- جب مسلمانوں نے حبشہ ہجرت کی تو اس وقت کس کی حکومت تھی؟

ج :- نجاشی کی۔

س :- مدینہ ہجرت کرنے والے پہلے صحابی کون تھے؟

ج :- حضرت ابو سلمہؓ۔

س :- شام کے دوسرے سفر میں کس راہب نے حضورؐ کی نبوت کی پیش گوئی کی تھی؟

ج :- سطورا راہب نے۔

س :- حبشہ ہجرت کرنے والے پہلے قافلے میں مرد تو بارہ تھے عورتوں کی تعداد کیا تھے؟

ج :- چار عورتیں۔

س :- سود کب حرام ہوا تھا؟
ج :- 8ھ میں۔
س :- واقعہ معراج کے لفظی معنی کیا ہیں؟
ج :- بلندی۔
س :- ہجرت مدینہ کے وقت کس بدبخت نے آپؐ کو قتل کرنے کی تجویز پیش کی تھی؟
ج :- ابوجہل نے۔
س :- حضورؐ کو کس تاریخ کو نبوت سے سرفراز کیا گیا تھا؟
ج :- بارہ ربیع الاول کو۔
س :- تبدیلی قبلہ کا حکم جب آیا تھا تو اس وقت حضورؐ کون سی نماز پڑھا رہے تھے؟
ج :- نماز ظہر۔
س :- جب آپؐ نے مدینہ ہجرت فرمائی تو قریش نے آپؐ کی گرفتاری پر کتنا انعام مقرر کیا تھا؟
ج :- 100 اونٹ۔
س :- غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس دو گھوڑے تھے اونٹ کتنے تھے؟
ج :- 70 اونٹ۔
س :- نبوت کے کس سال حضرت عمر فاروقؓ اسلام لائے تھے؟
ج :- چھٹے سال میں۔
س :- مسلمان بدر کے میدان میں کس روز پہنچے تھے؟
ج :- سترہ/17 رمضان المبارک کو۔
س :- غزوہ بدر میں اسلامی لشکر کے پاس کتنے علم تھے؟
ج :- تین علم تھے۔
س :- واقعہ معراج سے قبل کتنی نمازیں فرض تھیں؟
ج :- 2 نمازیں۔
س :- ہجرت مدینہ کے بعد مدینہ منورہ میں کتابت وحی کرنے والے صحابیؓ کو تھے؟
ج :- حضرت ابی بن کعبؓ

س :۔ مقاطعہ قریش اور آپؐ کے خاندان کے شعب ابی طالب میں محصور ہونے کا واقعہ کس سال پیش آیا تھا؟

ج :۔ 7 نبوی میں۔

س :۔ حضورؐ کے منہ بولے بیٹے حضرت زید بن حارث کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج :۔ جنگ موتہ میں۔

س :۔ ام جمیل حضورؐ کی چچی اور سخت دشمن تھیں' وہ کس سردار کی بہن تھی؟

ج :۔ ابو سفیان کی۔

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ 13 نبوی میں ہوئی تھی اس میں کتنے افراد شریک ہوئے تھے؟

ج :۔ 75 افراد۔

س :۔ ہجرت حبشہ ثانیہ کرنے والے قافلے میں کتنے افراد تھے؟

ج :۔ 101 افراد۔

س :۔ بیعت عقبہ ثانیہ میں بیعت کرنے والے پہلے صحابیؓ کون تھے؟

ج :۔ حضرت براء بن معرورؓ۔

س :۔ اس پہلے شہید صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی نماز جنازہ حضورؐ نے پڑھائی تھی؟

ج :۔ حضرت حمزہؓ۔

س :۔ آپؐ ہجرت کر کے کس روز مدینہ منورہ پہنچے تھے؟

ج :۔ جمعتہ المبارک کے دن۔

س :۔ حضورؐ نے سب سے پہلے کس صحابیؓ کو مسجد نبوی کا مؤذن مقرر کیا تھا؟

ج :۔ حضرت بلالؓ کو۔

س :۔ تبدیلی قبلہ کا حکم کب آیا تھا؟

ج :۔ 2 ہجری میں۔

س :۔ غزوہ بدر کے سات روز بعد کون سا غزوہ پیش آیا تھا؟

ج :۔ غزوہ بنو سلیم۔

س :۔ حضورؐ کی وفات کے کتنے عرصے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کا انتقال ہوا تھا؟

ج :- 2 اور 6 ماہ بعد۔

س :- "یہ دونوں بچے دنیا میں میری خوشبو ہیں" یہ جملہ حضورؐ نے کن بچوں کے بارے میں فرمایا تھا؟

ج :- حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے لئے۔

س :- بتائیے حضرت عمرؓ جب رسول اللہ کے (نعوذ باللہ) قتل کے ارادے سے جا رہے تھے تو راستے میں کون صحابیؓ ملے تھے؟ جنہوں نے کہا تھا کہ پہلے اپنے گھر کی تو خبر لو' خود تمہاری بہن اور بہنوئی مسلمان ہو چکے ہیں؟

ج :- حضرت نعیمؓ بن عبداللہ۔

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آنحضرتؐ کے کون سے صحابی تھے' جو آپ کی انگوٹھی رکھتے تھے جس میں آپؐ کی مہر تھی؟

ج :- حضرت معیقب رومیؓ۔

س :- بیعت عقبہ الکبریٰ سے کیا مراد ہے؟

ج :- نبوت کے تیرھویں برس انصار کے 73 مرد اور 2 عورتیں مکہ آئیں اور عقبہ کے مقام پر جو بیعت کی' اسے بیعت عقبہ الکبریٰ کہا جاتا ہے۔

س :- کیا آپ بیعت عقبۃ الکبریٰ میں شامل دونوں عورتوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج :- 1۔ سیبہ بنت کعب الحاریہؓ۔ 2۔ ام بیع سلمی النجرجیہؓ۔

س :- بتائیے واقعہ تبوک کب پیش آیا تھا؟

ج :- 9ھ میں۔

س :- بتائیے سلطان الحدیث کن صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج :- حضرت ابو ہریرۃؓ کو۔

س :- ہجرت سے پہلے مدینہ کے جن بارہ اصحابؓ کو حضورؐ نے نقیب بنایا تھا وہ کون سے قبیلوں سے تعلق رکھتے تھے؟

ج :- 9 خزرج سے اور تین اوس قبیلہ سے۔

س :- حضورؐ مکہ معظمہ میں جس جگہ پیدا ہوئے تھے اب وہاں ایک عمارت قائم ہے یہ عمارت کس مصرف میں ہے؟

ج :- وہاں ایک بہت عمدہ لائبریری قائم کی گئی ہے۔

س :- بتائیے خاص کر کون کاتب وحی مشہور ہیں؟

ج :۔ حضرت ابی بن کعبؓ۔
س :۔ بتایئے قوانین وراثت کا نزول کب ہوا؟
ج :۔ 3ھ میں۔
س :۔ بتایئے آنحضرتؐ دنیا سے پردہ فرما ہونے سے پہلے کتنے دن بیمار ہوئے تھے؟
ج :۔ تیرہ دن تک۔
س :۔ حضرت ابو محذورہؓ کا اصل نام بتایئے؟
ج :۔ اوس بن مغیرہ قریش۔
س :۔ حضرت سعد قرظ کا اصل نام کیا ہے؟
ج :۔ سعد بن عائذ۔
س :۔ حضورؐ کے شعراء کی تعداد 172 بتائی جاتی ہے کیا ان میں خواتین بھی شامل تھیں؟
ج :۔ جی ہاں 160 مردوں کے علاوہ 12 عورتیں بھی شامل تھیں۔
س :۔ حضرت سعد قرظ نے کب وفات پائی تھی؟
ج :۔ 94ھ میں۔
س :۔ حضرت حسانؓ بن ثابت کو شاعر رسول بھی کہا جاتا ہے ان کی کنیت بتایئے؟
ج :۔ ابو ولید۔
س :۔ حضرت حسانؓ بن ثابت کا انتقال کب ہوا تھا؟
ج :۔ 40ھ ہجری میں۔
س :۔ حضرت عبداللہؓ بن رواحہؓ شاعر ہونے کے علاوہ کیا خصوصیت رکھتے تھے؟
ج :۔ آپ کاتب بھی تھے۔
س :۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ نے کون سی مشہور جنگ میں شہادت پائی تھی؟
ج :۔ جنگ موتہ میں۔
س :۔ حضورؐ کے ان صحابیؓ شاعر کا نام بتایئے جن کے شعروں سے مرعوب ہو کر ایک پورا قبیلہ مسلمان ہو گیا تھا؟

ج :۔ حضرت کعبؓ بن مالک۔

س :۔ اس قبیلے کا نام بتایئے جو حضرت کعبؓ بن مالک کے شعروں سے مرعوب ہو کر مسلمان ہو گیا تھا؟

ج :۔ قبیلہ دوس۔

س :۔ حضرت کعبؓ بن مالک کی کنیت کیا تھی؟

ج :۔ ابو عبدالرحمٰن۔

س :۔ حضرت کعبؓ کا انتقال 53ھ میں ہوا تھا اس وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج :۔ 77 سال۔

س :۔ حضورؐ کے ان شاعر صحابیؓ کا نام بتایئے جنہیں غزوہ احد میں تیرہ زخم آئے تھے؟

ج :۔ حضرت کعبؓ بن مالک۔

س :۔ کس شاعر کے بارے میں حضورؐ نے فرمایا تھا کہ بے شک اللہ تعالیٰ حضرت جبرئیلؑ کے ذریعے ان کی مدد کرتے ہیں؟

ج :۔ حضرت حسان بن ثابتؓ۔

س :۔ حضورؐ کے ذاتی گھوڑوں کی تعداد 7 تھی آپ نے سب سے پہلے کون سا گھوڑا خریدا تھا؟

ج :۔ سکب نامی۔

س :۔ حضورؐ کے گھوڑوں کے نام بتایئے؟

ج :۔ المرتجز، اللزاز۔ اللحیف۔ الورد۔ المدتجز۔ بحر۔

س :۔ حضورؐ کی تین مشہور اونٹنیوں کے نام بتایئے؟

ج :۔ قصویٰ۔ عضباء۔ جدعاء۔

س :۔ شاہ مصر مقوقس نے حضورؐ کی خدمت میں دلدل نامی خچر بھیجا تھا۔ حضورؐ کے وصال کے بعد اس پر کس نے سواری کی تھی؟

ج :۔ حضرت علیؓ۔ حضرت حسنؓ۔ حضرت حسینؓ۔

س :۔ یہ خچر کس رنگ کا تھا؟

ج :۔ سیاہ اور سفید رنگ کا۔

س :۔ حضورؐ کے گھوڑے کا کیا رنگ تھا؟

ج :۔ سیاہ رنگ۔

س :۔ المد یحز گھوڑا حضورؐ نے ایک عربی سے خریدا تھا اس کا نام بتایئے؟

ج :۔ سواد بن الحارثؓ سے۔

س :۔ حضورؐ کے گھوڑوں اللزاز اور الورد کے لفظی معنی کیا ہیں؟

ج :۔ اپر گوشت پر خربہ الذرم یہ گلاب۔

س :۔ الورد گھوڑا حضورؐ پاک کے پاس کون سے صحابی لے کر آئے تھے؟

ج :۔ حضرت تمیمؓ داری۔

س :۔ حضورؐ نے بعد میں یہ گھوڑا کن صحابی کو دے دیا تھا؟

ج :۔ حضرت عمر فاروقؓ کو۔

س :۔ اس تلوار کا نام بتایئے جو حضرت علیؓ نے غزوہ بدر میں مشرک عاص کو قتل کرنے کے بعد آپؐ کی خدمت میں پیش کی تھی؟

ج :۔ ذوالفقار۔

س :۔ حضورؐ کا تعلق حضرت ابراہیم کے کن بیٹے کی نسل سے تھا؟

ج :۔ حضرت اسماعیلؑ کی نسل سے۔

س :۔ آپؐ نے کل کتنے غزوات میں شرکت کی تھی؟

ج :۔ 27 غزوات میں۔

س :۔ آپؐ کی چار صاحبزادیاں تھیں سب سے بڑی صاحبزادی کون تھی؟

ج :۔ حضرت زینبؓ۔

س :۔ آپؐ کے کس صاحبزادے کے القاب طاہر اور طیب تھے؟

ج :۔ حضرت عبداللہؓ کے۔

س :۔ عشرہ مبشرہ میں شامل کون سے صحابیؓ حضورؐ کے رشتہ کے ماموں بھی تھے؟

ج :۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

س :۔ اسلام کی اولین شہید خاتون کون تھیں؟

ج :۔ حضرت سمیہؓ۔

س :۔ آپ کی مدینہ آمد سے پہلے مدینہ منورہ کا کیا نام تھا؟

ج :۔ یثرب۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ کا حضرت امام حسینؓ سے کیا رشتہ تھا؟

ج :۔ آپ ان کی نانی تھیں۔

س :۔ حضرت خدیجہؓ کی کتنی بہنیں اور بھائی تھے؟
ج :۔ تین بہنیں اور دو بھائی۔
س :۔ آپ کی ان زوجہ محترمہ کا نام بتائیے جو سانحہ کربلا کے وقت زندہ تھیں؟
ج :۔ حضرت ام سلمہؓ۔
س :۔ آپؐ کے ان خادم کا نام بتائیے جو بعد میں مصر کے والی بنے؟
ج :۔ حضرت عقبہ بن عامرؓ۔
س :۔ آپؐ کی کون سی زوجہ محترمہ مدینہ سے تین میل دور مقام عالیہ پر رہتی تھیں؟
ج :۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ۔
س :۔ فتح مکہ کے بعد آپ نے خانہ کعبہ کی چابی کن صحابیؓ کے حوالے کی تھی؟
ج :۔ حضرت عثمانؓ بن ابی طلحہ کے۔
س :۔ غار حرا وہ غار ہے جہاں آپؐ پر پہلی وحی نازل ہوئی یہ مکہ مکرمہ سے کتنی دور ہے؟
ج :۔ تین میل دور۔
س :۔ آپؐ نے جب مدینہ ہجرت کی تھی تو اسلامی سال کا کون سا مہینہ تھا؟
ج :۔ ربیع الاول۔
س :۔ فتح مکہ کے وقت اونٹ پر حضورؐ کے ساتھ کون سوار ہوئے تھے؟
ج :۔ حضرت اسامہؓ بن زید۔
س :۔ حضورؐ نے پہلی نماز عیدالفطر کی امامت کب کی تھی؟
ج :۔ یکم شوال 2ھ کو۔
س :۔ اس غزوے کا نام بتائیے جس میں مسلمانوں کو آپؐ نے روم اور ایران کی فتح کی خوشخبری دی تھی؟
ج :۔ غزوہ خندق میں۔
س :۔ غزوہ بدر 2ھ میں ہوا تھا' غزوہ خیبر کب ہوا تھا؟
ج :۔ 7ھ میں۔
س :۔ کتنی امہات المومنین کا انتقال آپؐ کے سامنے ہوا تھا؟
ج :۔ دو امہات المومنین کا
س :۔ آپؐ کے کون سے چچا عمر میں تقریباً آپ سے برابر تھے؟

ج :- حضرت حمزہؓ۔

س :- نماز عیدالفطر پہلی مرتبہ یکم شوال 2 ھ کو ادا کی گئی تھی صدقہ فطر کب واجب قرار پایا تھا؟

ج :- 2 ھ میں ہی۔

س :- حضرت بلالؓ کو مؤذن رسولؐ کہا جاتا ہے۔ ان کے والد کا کیا نام تھا؟

ج :- رباح۔

س :- حضرت جویریہؓ کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :- برہ۔

س :- ان مشہور صحابیہؓ کا نام بتایئے جن کے لئے حضورؐ نے فرمایا تھا کہ وہ سمندری جنگ میں شریک ہوں گی؟

ج :- حضرت ام حرامؓ۔

س :- ان صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے غزوہ احد میں حضورؐ کا دفاع کرتے ہوئے 80 زخم کھائے تھے اور شہید ہوئے؟

ج :- حضرت انس بن نضرؓ۔

س :- وہ کون سے صحابیؓ تھے جو اک کافر کی ہتھکڑیاں لگنے سے شہید ہوئے تھے؟

ج :- ابن قمیہ۔

س :- وہ کون سے صحابیؓ ہیں جنہوں نے آپؐ کو دیکھا نہیں لیکن اس کے باوجود صحابی کہلاتے ہیں؟

ج :- حضرت اویس قرنیؓ۔

س :- زکوۃ 3 ھ میں فرض ہوئی تھی عورتوں کے لئے پردے کا حکم کب آیا تھا؟

ج :- 5 ھ میں۔

س :- ان ام المومنین کا نام بتایئے جن کی عمر آپؐ سے نکاح کے وقت آپؐ کی عمر کے برابر تھی؟

ج :- حضرت سودہؓ۔

س :- حضرت اویس قرنی مشہور صحابی ہیں آپ نے کس جنگ میں شہادت پائی تھی؟

ج :۔ جنگ صفین میں۔

س :۔ کن ام المومنینؓ کا لقب مسکینوں اور یتیموں سے فیاضی کی وجہ سے ام المساکین تھا؟

ج :۔ حضرت زینب بنت خزیمہؓ کا۔

س :۔ ہجرت حبشہ 5 نبوی میں ہوئی تھی۔ ہجرت حبشہ میں مہاجرین نے قائد کون سے مشہور صحابیؓ تھے؟

ج :۔ حضرت جعفر طیار۔

س :۔ آپؐ کی امامت میں پہلا حج کس مہینے میں ادا کیا گیا تھا؟

ج :۔ ذیقعد میں۔

س :۔ انصار میں پہلے اسلام قبول کرنے والے صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج :۔ حضرت رافع بن مالکؓ۔

س :۔ حضرت بلالؓ اسلام کے پہلے مؤذن تھے' آپ نے کہاں وفات پائی تھی؟

ج :۔ دمشق میں۔

س :۔ آپؐ کا پہلا غزوہ کون سا تھا؟

ج :۔ غزوہ ابواء۔

س :۔ کن ام المومنین کی کنیت "ام عبداللہ" تھی؟

ج :۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی۔

س :۔ ان یہودی عالم کا نام بتایئے جنہوں نے آپؐ اپنے سوالوں کے جواب سن کر اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج :۔ حضرت عبداللہ بن سلامؓ۔

س :۔ اسلامی لشکر کے پہلے باقاعدہ پرچم کا رنگ کیا تھا؟

ج :۔ سفید۔

س :۔ نجاشی حبشہ کا عیسائی بادشاہ تھا جو مسلمان ہو گیا تھا اس کا اصلی نام کیا تھا؟

ج :۔ اصحمہ۔

س :۔ کون سے خلیفہ راشد حضورؐ اور حضرت خدیجہؓ کے نکاح کی تقریب میں شریک تھے؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س :۔ ان ام المومنین کا نام بتایئے جن کا نکاح اور انتقال ایک ہی مقام پر ہوا

تھا؟

ج :- حضرت میمونہؓ کا۔

س :- آپؐ کا عبرانی نام کیا ہے؟

ج :- فار قلیط۔

س :- وہ کون سے مشہور جرنیل اور صحابیؓ تھے جو فتح مکہ سے کچھ عرصہ قبل مسلمان ہوے تھے؟

ج :- حضرت عمروؓ بن العاص۔

س :- آپؐ کے پرداداکا نام جناب ہاشم تھا ان کا انتقال کس مقام پر ہوا تھا؟

ج :- غارہ نامی مقام پر۔

س :- فتح مکہ کے بعد آپؐ نے لوگوں سے کس جگہ بیعت لی تھی؟

ج :- کوہ صفا پر۔

س :- آپؐ نے کن صحابیؓ کے متعلق فرمایا تھا کہ ان کا انتقال صحرا میں ہو گا؟

ج :- حضرت ابوذر غفاری کے بارے میں۔

س :- حضورؐ سر پر جو عمامہ باندھتے تھے وہ کس رنگ کا ہوتا ہے؟

ج :- سیاہ رنگ کا۔

س :- غزوہ احد میں شہید ہونے والے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی نماز جنازہ آپؐ نے ستر بار پڑھی تھی؟

ج :- حضرت حمزہؓ کی۔

س :- حضورؐ نے وفات سے قبل حرقہ مبارک کس صحابیؓ کو پہنچانے کی ہدایت فرمائی تھی؟

ج :- حضرت اویسؓ قرنی کو۔

س :- اسلام کی راہ میں پہلا تیر چلانے والے کون صحابیؓ تھے؟

ج :- حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

س :- غزوہ بنی قینقاع میں یہود کا قبیلہ بنی قینقاع جلا وطن کیا گیا تھا یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج :- 4ھ میں۔

س :- حضورؐ نے کس شہر کے بارے میں فرمایا تھا کہ جو اسے فتح کرے گا جنتی ہو گا؟

ج :- قسطنطنیہ (موجودہ استنبول) کے بارے میں۔

س :- آپ کی ان زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جنہوں نے اللہ کی راہ میں سب سے پہلے ہجرت کی تھی؟

ج :- حضرت ام سلمہؓ۔

س :- صلح حدیبیہ میں کافروں کے نمائندے کا نام بتایئے جو مشہور اور زبردست مقرر تھا؟

ج :- سہیل بن عمرو۔

س :- ان صحابی کا نام بتایئے جو شاعر تھے اور آپ کی زبان مبارک سے قرآن مجید سن کر مسلمان ہو گئے تھے؟

ج :- حضرت طفیل بن عمروؓ دوسی۔

س :- مشہور صحابیؓ حضرت ابو ذر غفاری کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج :- قبیلہ بنو غفار سے۔

س :- حضورؐ کے کون سے قاصد ام المومنین حضرت سلمہؓ کے سگے بھائی تھے؟

ج :- حضرت مہاجرؓ بن امیہ۔

س :- حضورؐ کے کون سے خادم نعلین مبارک اور مسواک کے محافظ تھے؟

ج :- حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔

س :- حضورؐ کے کس خادم کی تحویل میں مہر کی انگوٹھی رہتی تھی؟

ج :- حضرت معیقیب رومیؓ۔

س :- حضورؐ کے ان خادم کا نام بتایئے جو سفر میں آپؐ کا خچر ہانکا کرتے تھے؟

ج :- حضرت عقبہ بن عامرؓ۔

س :- حضرت اسلع بن شریک کے ذمہ کیا کام تھا؟

ج :- یہ حضورؐ کے اونٹ ہانکتے تھے۔

س :- حضورؐ کے افسر مہمانداری کا نام بتایئے واضح رہے کہ نفقات کی تقسیم بھی انہی کے ذمہ تھی؟

ج :- حضرت بلالؓ۔

س :- حضورؐ کے کون سے خادم بعد میں مصر کے والی ہوئے؟

ج :- حضرت عقبہ بن عامرؓ۔

س :- حضرت بلالؓ حضورؐ سے پہلے کس کے غلام تھے؟

ج :۔ امیہ بن خلف کے۔

س :۔ حضرت ایمن عبید اور حضرت سعد بن ابی بکرؓ کون تھے؟

ج :۔ یہ صحابہ کرامؓ بھی حضورؐ کے خادموں میں سے تھے؟

س :۔ حضرت خدیجہ کے بھانجے حکیم بن حزام نے حضرت زید بن حارث کو کتنے میں خریدا تھا؟

ج :۔ 400 درہم میں۔

س :۔ حضورؐ کی مشہور خادماؤں کے نام بتائیے؟

ج :۔ حضرت ام یمنؓ' حضرت ام رافعؓ' حضرت خولہؓ' حضرت میمونہؓ' بنت سعد' حضرت ام عیاشؓ' حضرت ام ربابؓ۔

س :۔ حضرت بلالؓ کے والدین کا نام بتائیے؟

ج :۔ والد ابی رباح اور والدہ کا نامہ حمامہ تھا۔

س :۔ حضورؐ نے اپنی حیات مبارکہ میں مختصر ترین مدت میں کون سا طویل سفر کیا تھا؟

ج :۔ معراج کا سفر۔

س :۔ اس غار کا نام بتائیے جس پر مکڑی نے اس وقت جالا تن دیا تھا جبکہ آپ اس کے اندر اس وقت موجود تھے؟

ج :۔ غار ثور۔

س :۔ حضورؐ کو نبوت کس سال ملی تھی؟

ج :۔ 610ء میں۔

س :۔ غزوہ بدر میں ایک خاتون کے سات بیٹے شریک ہوئے تھے آپ اس خاتون کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج :۔ حضرت عصراء بنت عبیدؓ۔

س :۔ غزوہ بدر میں کل 313 مسلمان شریک تھے ان میں مہاجرین مکہ کتنے تھے؟

ج :۔ 150 مہاجر تھے۔

س :۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنی تلواریں تھیں؟

ج :۔ آٹھ تلواریں۔

س :۔ غزوہ بدر کے محرکات میں ایک شخص کا قتل بھی شامل تھا اس کا نام

بتایئے؟
ج :۔ عمرو بن حضرمی۔
س :۔ غزوہ بدر کے مال غنیمت میں مسلمانوں کو دس گھوڑے ملے تھے؟ اونٹوں کی تعداد کیا تھی؟
ج :۔ 150 ملے تھے۔
س :۔ غزوہ بدر میں کفار مکہ کی تعداد کیا تھی؟
ج :۔ 1000 افراد۔
س :۔ غزوہ بدر 2ھ میں ہوئی تھی عیسوی سن تاریخ بتایئے؟
ج :۔ 13 مارچ 624ء کو۔
س :۔ دو ننھے صحابیوں معوذؓ اور معاذؓ نے قریش مکہ کے کس سردار کو جہنم واصل کیا تھا؟
ج :۔ ابوجہل کو۔
س :۔ حضورؐ کے کون سے داماد غزوہ بدر میں اسیر ہو کر آئے تھے؟
ج :۔ ابوالعاصؓ بن ربیع۔
س :۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟
ج :۔ احد احد۔
س :۔ جبل احد کے دامن میں غزوہ احد ہوا تھا' مدینہ منورہ سے کتنے میل دور واقع ہے؟
ج :۔ تین میل دور۔
س :۔ حضورؐ نے غزوہ بدر کے بعد کن ام المومنین سے نکاح کیا تھا؟
ج :۔ حضرت حفصہؓ سے۔
س :۔ قربانی کا حکم کب نازل ہوا تھا؟
ج :۔ ذوالحجہ 2ھ میں۔
س :۔ غزوہ احد میں کافروں کا سردار کون تھا؟
ج :۔ ابوسفیان۔
س :۔ غزوہ احد میں مسلمانوں کا علم کن صحابیؓ کے پاس تھا؟
ج :۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ۔
س :۔ غزوہ احد میں 70 مسلمان شہید ہوئے تھے' زخمی کتنے ہوئے تھے؟

ج :- 40 زخمی ہوئے تھے۔
س :- غزوہ احد کا ذکر قرآن مجید کی کس سورۃ میں آیا ہے؟
ج :- سورۃ آل عمران میں۔
س :- ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی شکل حضورؐ سے ملتی ہے؟
ج :- حضرت مصعب بن عمیرؓ کی۔
س :- غزوہ دومتہ الجندل کب پیش آیا تھا؟
ج :- 5ھ میں۔
س :- غزوہ خندق میں خندق کتنے دنوں میں کھودی گئی تھی؟
ج :- بیس/20 دنوں میں۔
س :- صلح حدیبیہ کب ہوا تھا؟
ج :- 6ھ میں۔
س :- مسلمانوں کی طرف سے صلح کی شرائط کس نے لکھی تھیں؟
ج :- حضرت علیؓ نے۔
س :- حدیبیہ کے سفر میں رسولؐ پاک کے ساتھ کتنے صحابہ تھے؟
ج :- 1400 صحابہ اکرامؓ۔
س :- سفر حدیبیہ میں حضورؐ جس اونٹنی پر سوار تھے اس کا نام کیا تھا؟
ج :- قصوئی تھا۔
س :- صلح حدیبیہ سے پہلے حضورؐ نے کون سی مشہور بیعت لی تھی؟
ج :- بیعت رضوان۔
س :- یہ بیعت رضوان کس درخت کے نیچے لی گئی تھی؟
ج :- ببول کے درخت کے نیچے لی گئی تھی۔
س :- صلح حدیبیہ میں قریش کا سفیر کون تھا؟
ج :- سہیل بن عمرو۔
س :- حضورؐ کو کون سی خوشبو زیادہ پسند تھی؟
ج :- مشک اور عود کی خوشبو زیادہ پسند فرماتے تھے۔
س :- حضورؐ نے کن چیزوں کے متعلق فرمایا تھا کہ اگر انہیں کوئی پیش کرے تو قبول کر لینا چاہیے؟
ج :- 1۔ تکیہ 2۔ تیل 3۔ خوشبو 4۔ دودھ۔

س :۔ حضورؐ سفر کے لئے کس دن کو پسند فرماتے تھے؟
ج :۔ جمعرات کو۔
س :۔ حضورؐ سفر پر روانہ ہونے سے پہلے کیا کیا کرتے تھے؟
ج :۔ پہلے نماز پنج گانہ ادا کرتے تھے پھر سفر پر روانہ ہوتے تھے۔
س :۔ سفر سے واپسی پر گھر جانے سے قبل حضورؐ کس کے ہاں جایا کرتے تھے؟
ج :۔ حضرت فاطمہؓ کے ہاں۔
س :۔ حضورؐ کو جب کسی نا خوش گوار امر سے واسطہ پڑتا تو آپ کیا فرماتے تھے؟
ج :۔ **الحمدللہ علی کل حال۔**
س :۔ حضورؐ کو سبزیوں میں سے کون سی سبزی زیادہ پسند تھی؟
ج :۔ کدو۔
س :۔ حضورؐ کو روغنیات میں سے کون سا روغن زیادہ پسند تھا؟
ج :۔ روغن زیتون۔
س :۔ حضورؐ کون سا سرمہ استعمال کرتے تھے؟
ج :۔ اثمد۔
س :۔ حضورؐ کو آرائش کی چیزوں سے کون سی چیز زیادہ پسند تھی؟
ج :۔ خوشبو۔
س :۔ حضورؐ کو جب کوئی اچھی چیز ملتی تھی تو آپ کیا فرماتے تھے؟
ج :۔ **الحمدللہ رب العالمین۔**
س :۔ حضورؐ کے جھنڈے کا رنگ کیا تھا؟
ج :۔ سفید۔
س :۔ اس خچر کا نام بتایئے جس پر حضورؐ نے پہلی بار سواری کی تھی؟
ج :۔ دلدل۔
س :۔ حضورؐ کے اس گھوڑے کا نام بتایئے جس پر آپؐ جنگ احد کے دن سوار تھے؟
ج :۔ سکب۔
س :۔ حضورؐ کے خدام میں سے کسی دو کے اسمائے گرامی بتایئے؟
ج :۔ حضرت انس بن مالکؓ اور حضرت ابوذر غفاریؓ۔

س :- حضورؐ کے مکبرین میں سے کسی چھ کے نام بتا دیں؟
ج :- خلفائے راشدین کے علاوہ حضرت جعفرؓ۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ حضرت حمزہؓ۔ حضرت حذیفہؓ۔ حضرت بلالؓ وغیرہ۔
س :- حضورؐ کے جن دس اصحاب کو زندگی ہی میں جنت کی بشارت دی تھی ان کے نام بتا دیں؟
ج :- حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمر فاروقؓ۔ حضرت عثمان غنیؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت زبیر بن عوامؓ۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہ حضرت سعید بن زیدؓ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ۔ حضرت سعد بن وقاصؓ۔
س :- غزوہ حنین کے دن حضورؐ نے جو زرہ زیب تن کی ہوئی تھی اس کا نام کیا ہے؟
ج :- ذات الفضول۔
س :- حضورؐ نے کس صحابیؓ کے حق میں تفسیر کلام پاک اور دین میں عطائے فہم کی دعا کی تھی؟
ج :- حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے حق میں۔
س :- حضورؐ نے کس صحابیؓ کے لئے درازی عمر کثرت مال و اولاد کی دعا کی تھی؟
ج :- حضرت انس بن مالکؓ کے لئے۔
س :- حضورؐ نے کس کے لئے بد دعا کی تھی کہ یا اللہ اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مسلط کردے اور اسے ایک بھیڑیے نے پھاڑ کھایا تھا؟
ج :- عتبہ بن ابولہب جو حضورؐ سے سخت گستاخی سے پیش آیا تھا؟
س :- نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے والوں میں کس کے بارے میں پیش گوئی آپ نے پہلے ہی کر دی تھی؟
ج :- اسود عنسی۔
س :- کس صحابیؓ کا پاؤں ٹوٹ گیا تھا لیکن حضورؐ کے دست مبارک رکھتے ہی پاؤں بالکل ٹھیک ہو گیا تھا؟
ج :- حضرت ابو رافعؓ۔
س :- حضورؐ کے روضہ اقدس میں اور کون کون دفن ہیں؟
ج :- حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ اور حضرت عمر فاروقؓ۔

س :۔ طاہرہ کس ام المومنینؓ کا لقب تھا؟
ج :۔ حضرت خدیجہؓ کا۔
س :۔ اس پہلے غزوہ کا نام بتایئے جس میں مسلمان خواتین بھی شریک ہوئی تھیں؟
ج :۔ غزوہ احد میں۔
س :۔ وہ کون سا غزوہ تھا جس میں پہلی بار مسلمانوں کی کئی نمازیں قضا ہوئی تھیں؟
ج :۔ غزوہ خندق میں۔
س :۔ غزوہ بدر میں کفار کے علم بردار طلحہ بن ابی طلحہ کو کس نے قتل کیا تھا؟
ج :۔ حضرت علیؓ نے۔
س :۔ غزوہ بدر کی فتح کی خوشخبری کی خبر لے کر کون صحابیؓ مدینہ منورہ پہنچے تھے؟
ج :۔ حضرت زید بن حارثہ۔

س۔ غزوہ بدر میں کفار کا کون سا قبیلہ شریک نہیں ہوا تھا؟

ج۔ بنو عدی۔

س۔ فتح مکہ کے موقع پر مردوں سے بیعت حضورؐ نے لی تھی عورتوں سے کس نے

ج۔ حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س۔ مدینہ منورہ پہنچنے کے بعد آپؐ نے سب سے پہلے کون سا اہم معاہدہ کیا تھا؟

ج۔ میثاق مدینہ۔

س۔ مکہ مکرمہ کے لوگ حضورؐ کو نبوت سے پہلے کن القاب سے یاد کرتے تھے؟

ج۔ صادق اور امین۔

س۔ حضورؐ کے چچا زاد بھائی حضرت علیؓ کا نام ان کی والدہ نے کیا رکھا تھا؟

ج۔ حیدر۔

س۔ ہجرت مدینہ سے قبل آپؐ نے کن صحابیؓ کو تبلیغ کی غرض سے مدینہ منورہ بھیجا تھا؟

ج۔ حضرت مصعبؓ بن عمیرؓ۔

س:۔ عیدالفطر کی نماز سب سے پہلے کس سنہ ہجری میں پڑھی گئی تھی؟
ج:۔ 2ھ میں پڑھی گئی تھی۔
س:۔ آپؐ نے کس بادشاہ کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی تھی؟
ج:۔ نجاشی شاہ حبشہ کی۔
س:۔ حضرت خدیجہؓ کے بطن سے آپؐ کی کتنی اولادیں پیدا ہوئی تھیں؟
ج:۔ 4 بیٹیاں اور دو بیٹے۔
س:۔ آپؐ کا نکاح حضرت خدیجہ کے ساتھ کس نے پڑھایا تھا؟
ج:۔ حضرت ابوطالب نے۔
س:۔ مشہور صحابی حضرت سلمان فارسی اسلام لانے سے قبل کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟
ج:۔ مجوسی مذہب سے۔
س:۔ حضرت حمزہؓ آپؐ کے چچا تھے کیا آپ ان کے والد کا نام بتا سکتے ہیں؟
ج:۔ حضرت عبدالمطلب۔
س:۔ آپؐ کے پہلے سفر شام میں جو آپؐ نے حضرت ابوطالب کے ساتھ کیا کس راہب نے آپ کی نبوت کی پیش گوئی کی تھی؟
ج:۔ بحیرہ راہب نے۔
س:۔ آپؐ کی قبر مبارک کن صحابیؓ نے کھودی تھی؟
ج:۔ حضرت ابو طلحہ انصاریؓ نے۔
س:۔ ازواج مطہرات میں سے سب سے پہلے کس نے وفات پائی تھی؟
ج:۔ حضرت خدیجہؓ نے۔
س:۔ آپؐ نے مدینہ ہجرت کس روز کی تھی؟
ج:۔ پیر کے روز۔
س:۔ حضرت خدیجہؓ کے بعد آپؐ کا نکاح کس سے ہوا تھا؟
ج:۔ حضرت سودہؓ سے۔
س:۔ آپؐ کی کس صاحبزادی کا انتقال چیچک سے ہوا تھا؟
ج:۔ حضرت رقیہؓ کا۔
س:۔ ان صحابیؓ کا نام بتائیے جو حضرت عیسیٰؑ سے مشابہت رکھتے تھے؟
ج:۔ حضرت عروہ بن مسعودؓ

س:۔ ہجرت حبشہ ثانیہ میں سب سے پہلے کس نے ہجرت کی تھی؟

ج:۔ حضرت جعفر طیارؓ نے۔

س:۔ یکم محرم 9ھ کو آپ نے مدینہ میں زکوٰۃ اور صدقات وصول کرنے کے لئے کس کا تقرر کیا تھا؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ کا۔

س:۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کے علمبردار حضرت مصعب بن زبیر تھے کفار کا علم بردار کون تھا؟

ج:۔ طلحہ بن طلحہ۔

س:۔ آپؐ کے لئے اولین شاہی ہدیہ کس بادشاہ نے بھیجا تھا؟

ج:۔ نجاشی شاہ حبشہ نے۔

س:۔ آپ نے کس صحابیؓ کے متعلق فرمایا تھا کہ وہ روئے زمین پر سب سے سچے صحابیؓ ہیں؟

ج:۔ حضرت ابوذر غفاریؓ کے بارے میں۔

س:۔ آپؐ نے جب دنیا سے رحلت فرمائی تو کتنی ازواج مطہرات زندہ تھیں؟

ج:۔ 9 نو ازواج مطہرات۔

س:۔ آپؐ کے کن صاحبزادے کے انتقال پر سورۃ کوثر نازل ہوئی تھی؟

ج:۔ حضرت عبداللہؓ۔

س:۔ مؤاخات مدینہ مہاجرین اور انصار مدینہ کے درمیان کب ہوئی تھی؟

ج:۔ 1ھ میں ہوئی تھی۔

س:۔ غار حرا جہاں پر آپ پر پہلی وحی نازل ہوئی کس پہاڑ میں واقع ہے؟

ج:۔ جبل نور میں۔

س:۔ ام المومنین حضرت جویریہؓ کی کن بہن کا شمار صحابیہؓ میں ہوتا ہے؟

ج:۔ حضرت ثوامیؓ بنت حارث۔

س:۔ حجتہ الوداع آپؐ کے آخری حج کو کہا جاتا ہے۔ اس کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج:۔ رخصتی کا سال۔

س:۔ حادثہ کربلا آپ کی ہجرت مدینہ سے کتنے عرصہ بعد پیش آیا تھا؟

ج:۔ 61 سال بعد۔

س:۔ غزوہ احد میں آپؐ کے کون سے چچا شہید ہوئے تھے؟
ج:۔ حضرت حمزہؓ۔
س:۔ غزوہ بدر میں کون سی صحابیہؓ آپؐ کو بچاتے ہوئے زخمی ہوئی تھیں؟
ج:۔ حضرت ام عمارہؓ۔
س:۔ مسجد نبوی میں سب سے پہلے اذان دینے کا شرف کس صحابی کو حاصل ہوا تھا؟
ج:۔ حضرت بلالؓ کو۔
س:۔ کون سی ام المومنینؓ حضرت عمر فاروقؓ کی صاحبزادی تھیں؟
ج:۔ حضرت حفصہؓ۔
س:۔ غزوہ خیبر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے؟
ج:۔ 15 مسلمان۔
س:۔ غزوہ بدر میں کس صحابیؓ نے ابوجہل کا سر کاٹ کر آپؐ کی خدمت میں پیش کیا تھا؟
ج:۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے۔
س:۔ فتح مکہ کے وقت خانہ کعبہ میں کتنے بت موجود تھے؟
ج:۔ 360 بت۔
س:۔ واقعہ معراج کی سب سے پہلے تصدیق کس نے کی تھی؟
ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔
س:۔ آپؐ کے حکم سے کس صحابیؓ نے عبرانی زبان سیکھی تھی؟
ج:۔ حضرت زید بن ثابتؓ نے۔
س:۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے آپؐ کے کون سے صاحبزادے پیدا ہوئے تھے؟
ج:۔ حضرت ابراہیم۔
س:۔ مکہ سے مدینہ ہجرت کرتے وقت آپ نے کس غار میں 3 روز قیام کیا تھا؟
ج:۔ غار ثور میں۔
س:۔ آپ کے چچا حضرت حمزہ کو حبشی غلام نے جس نیزے سے شہید کیا تھا۔ اس کا مخصوص نام کیا ہے؟
ج:۔ حربہ

س:۔ دوران نماز کس کافر نے آپؐ کی پیٹھ پر اونٹ کی اوجھڑی پھینکی تھی؟
ج:۔ عقبہ بن ابی معیط۔
س:۔ آپ نفلی روزے کس مہینے میں رکھتے تھے؟
ج:۔ شعبان کے مہینے میں۔
س:۔ آپؐ کا آخری غزوہ کون سا تھا؟
ج:۔ غزوہ تبوک۔
س:۔ ام المومنین حضرت صفیہ کس غزوے میں اسیر ہو کر آئی تھیں؟
ج:۔ غزوہ خیبر میں۔
س:۔ آپؐ کی کنیت کیا تھی؟
ج:۔ ابوالقاسم۔
س:۔ آپؐ کو کونسی تلوار اپنے والد سے ورثے میں ملی تھی؟
ج:۔ ماثور۔
س:۔ کن ام المومنین کا لقب حمیرا تھا؟
ج:۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کا۔
س:۔ آپؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کس سنہ ہجری میں پیدا ہوئے تھے؟
ج:۔ 8ھ ہجری میں۔
س:۔ کس غزوے میں آپ کے چچا حضرت حمزہؓ نے دو تلواروں سے جنگ کی تھی؟
ج:۔ غزوہ بدر میں۔
س:۔ کتابت وحی کرنے کا اعزاز کتنے صحابہ اکرام کو حاصل تھا؟
ج:۔ 40 صحابہ اکرامؓ کو۔
س:۔ آپ کی کونسی زوجہ مطہرہ سب سے عمدہ کھانا پکاتی تھیں؟
ج:۔ حضرت صفیہؓ۔
س:۔ آپؐ نے چار صحابہ کرام کے متعلق فرمایا تھا کہ قرآن ان سے سیکھو آپ صرف ان کے نام بتا دیں؟
ج:۔ حضرت ابی بن کعبؓ سالمؓ مولی ابی حذیفہؓ ثابت اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔
س:۔ آپؐ نے کس سنہ ہجری میں مختلف ممالک کے سربراہوں کو دعوت اسلام

کی غرض سے خطوط لکھے تھے؟

ج:۔ 7ھ میں۔

س:۔ کن صحابیؓ کی آواز کو آپؐ نے لحن داؤدی سے تشبیہ دی تھی؟

ج:۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی آواز کو۔

س:۔ کن صحابیؓ کے متعلق آپؐ نے فرمایا تھا کہ وہ میری قوم میں حلال و حرام کے متعلق سب سے زیادہ جاننے والے ہیں؟

ج:۔ حضرت معاذؓ بن جبل کے بارے میں۔

س:۔ امین الامت کا خطاب آپ نے کن صحابیؓ کو دیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح۔

س:۔ کن ام المومنین کے والد اسلام کے پہلے خلیفہ راشد بنے تھے؟

ج:۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س:۔ آپؐ نے پہلا ولیمہ کن زوجہ محترمہ سے عقد کے بعد دیا تھا؟

ج:۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ۔

س:۔ خانہ کعبہ کی تعمیر کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 31 برس۔

س:۔ حضورؐ نے کس پہاڑ کے بارے میں فرمایا تھا "وہ پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں؟"

ج:۔ جبل احد کے بارے میں۔

س:۔ حضرت علیؓ کا نام علی کس نے رکھا تھا؟

ج:۔ آپؐ نے۔

س:۔ حضورؐ کا نام اہل جنت کے نزدیک کیا ہے؟

ج:۔ عبدالکریمؐ۔

س:۔ آنحضرتؐ پر پہلی وحی میں کس سورۃ کی آیات نازل ہوئی تھیں؟

ج:۔ سورۃ العلق کی۔

س:۔ واقعہ معراج کے وقت ساتوں آسمانوں پر آپ کی ملاقات کل کتنے انبیاء سے ہوئی تھی؟

ج:۔ آٹھ انبیاء اکرامؑ سے۔

س:۔ آپؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؑ جن کا انتقال اوائل عمر میں ہی ہو گیا

تھا۔ کہاں دفن ہیں؟

ج:۔ مدینہ منورہ میں۔

س:۔ آپ نے کن صحابیؓ کو ان کی زندگی میں تین بار جنت کی بشارت دی تھی؟

ج:۔ حضرت عثمان غنیؓ کو۔

س:۔ آپ جو انگوٹھی بطور مہر استعمال کرتے تھے اس پر کیا درج تھا؟

ج:۔ محمد رسول اللہ۔

س:۔ حضرت خدیجہؓ آپؐ سے نکاح کے بعد کتنا عرصہ زندہ رہی تھیں؟

ج:۔ 25 برس۔

س:۔ قرآن پاک کی کس سورۃ میں آپؐ کا اسم مبارک احمد بیان ہوا ہے؟

ج:۔ سورۃ صف کی چھٹی آیت میں۔

س:۔ کن ام المومنین نے 27 غلام آزاد کئے تھے؟

ج:۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے۔

س:۔ غار حرا جہاں آپؐ پر پہلی وحی نازل ہوئی تھی اس کا طول و عرض کیا ہے؟

ج:۔ طول 4 گز عرض پونے دو گز۔

س:۔ آپ کی کونسی پھوپھی بہت اچھے شعر کہتی تھیں؟

ج:۔ حضرت صفیہؓ۔

س:۔ آپ نے کس چیز کو آنکھوں کی ٹھنڈک فرمایا ہے؟

ج:۔ نماز کو۔

س:۔ شراب کب حرام ہوئی تھی؟

ج:۔ 8ھ میں۔

س:۔ حضورؐ نے فتح مکہ کے وقت کس جگہ بیعت لی تھی؟

ج:۔ کوہ صفا پر۔

س:۔ حضورؐ نے کن مشہور صحابیؓ کو ان کے تقویٰ کی بنیاد پر شیخ الاسلام کا خطاب دیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابوذر غفاریؓ کو۔

س:۔ قرآن پاک کا پہلا حافظ کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ آنحضرتؐ کو۔

س:۔ زکوٰۃ کس سنہ ہجری میں فرض ہوئی تھی؟

ج:- 3 ھ میں۔

س:- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ صلح حدیبیہ میں آنحضرتؐ کا کیا نام لکھا گیا تھا؟

ج:- محمد بن عبداللہ۔

س:- اسلام کا اولین تبلیغ کا مرکز کون سا گھر تھا؟

ج:- دار لارقم۔

س:- حضورؐ نے نبوت کے کتنے سال مکے میں گزارے تھے؟ اور کتنے سال مدینے میں؟

ج:- 13 سال مکے میں اور دس سال مدینے میں۔

س:- رسول اللہ نے مدینے میں آنے کے بعد مدینہ کے یہودیوں سے ایک معاہدہ کیا تھا یہ معاہدہ کس نام سے مشہور ہوا تھا؟

ج:- میثاق مدینہ۔

س:- یہ معاہدہ کب ہوا تھا؟

ج:- 1ھ میں۔

س:- یہ معاہدہ کتنی دفعات پر مشتمل تھا؟

ج:- 52 دفعات پر۔

س:- کیا آپ اس معاہدے کی سب سے اہم خصوصیت بتا سکتے ہیں؟

ج:- یہ دنیا کا پہلا تحریری دستور تھا۔

س:- سفر معراج میں بیت المقدس میں جہاں آپؐ براق سے اترے اور براق کو باندھا اور اندر چلے گئے اس جگہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج:- البراق۔

س:- البراق نامی جگہ کو یہودی کیا کہتے ہیں؟

ج:- دیوار گریہ۔

س:- حضورؐ کی چہیتی بیٹی حضرت فاطمہ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج:- رمضان المبارک 11 ھ میں۔

س:- حضرت فاطمتہ الزہراہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج:- حضرت عباسؓ نے۔

س:- حضورؐ کی کس صاحبزادی کا انتقال فتح بدر کے روز ہوا تھا؟

ج:- حضرت رقیہؓ کا۔

س:۔ حضورؐ نے اپنی صاحبزادیوں سے کس کی نماز جنازہ پڑھائی تھی؟
ج:۔ حضرت ام کلثومؓ اور حضرت زینبؓ کی۔
س:۔ آنحضرتؐ کے صاحبزادوں کے نام بتایئے؟
ج:۔ حضرت قاسمؓ۔ حضرت عبداللہؓ۔ اور حضرت ابراہیمؓ۔
س:۔ حضورؐ اپنی حیات طیبہ میں سے کس صاحبزادی کے جنازے میں شریک نہ ہو سکے تھے؟
ج:۔ حضرت رقیہؓ کے جنازے میں۔
س:۔ حضورؐ کی اس صاحبزادی کا نام بتایئے جو انتقال کے وقت آپؐ کے پاس تھیں؟
ج:۔ حضرت فاطمۃ الزہراءؓ۔
س:۔ حضورؐ کو ابو القاسم کیوں کہتے ہیں؟
ج:۔ حضورؐ کی یہ کنیت اپنے بیٹے حضرت قاسم کی وجہ سے مشہور ہوئی تھی؟
س:۔ اس خاتون کا نام بتایئے جس نے حضورؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ کو دودھ پلایا تھا؟
ج:۔ حضرت ام یوسیف۔
س:۔ نبوت ملنے سے قبل حضورؐ کے پیدا ہونے والے صاحبزادوں کے نام بتایئے؟
ج:۔ حضرت قاسمؓ۔
س:۔ حضورؐ کے ان صاحبزادوں کا نام بتایئے جو آپ کو نبوت ملنے کے بعد مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے تھے؟
ج:۔ حضرت عبداللہؓ۔
س:۔ حضورؐ کے اس صاحبزادے کا نام بتایئے جسے دفن کرتے وقت آپؐ کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تھے؟
ج:۔ حضرت ابراہیمؓ۔
س:۔ حضورؐ کو ان کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی ولادت کی خوش خبری کس نے دی تھی؟
ج:۔ آپؐ کے آزاد کردہ غلام ابو رافعؓ نے۔
س:۔ آپ نے انہیں انعام میں کیا دیا تھا؟

ج:۔ آپ نے انہیں ایک غلام عطا کیا تھا۔

س:۔ حضورؐ کی ان صاحبزادی کا نام بتایئے جن کی کوئی اولاد نہ تھی؟

ج:۔ حضرت ام کلثومؓ۔

س:۔ حضورؐ کے ان صاحبزادے کا نام بتایئے جن کی وفات کے روز اتفاق سے سورج گرہن بھی لگا تھا؟

ج:۔ حضرت ابراہیمؓ۔

س:۔ حضورؐ کی صاحبزادی حضرت زینبؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج:۔ 8 ھ میں۔

س:۔ حضورؐ کی اس نواسی کا نام بتایئے جسے آپؐ نے کندھے پر بٹھا کر اور گود میں لے کر نماز ادا کی تھی؟

ج:۔ سیدہ امامہؓ بنت حضرت زینبؓ۔

س:۔ حضورؐ کے اس داماد کا اسم گرامی بتایئے جنہیں حضورؐ نے اپنی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے ان کے نکاح میں دے دی تھیں؟

ج:۔ حضرت عثمان غنیؓ۔

س:۔ حضورؐ کے اس داماد کا نام بتایئے جن کے متعلق حضورؐ نے فرمایا تھا کہ اگر میری کوئی اور بیٹی ہوتی تو اس کا نکاح بھی ان سے کرتا؟

ج:۔ حضرت عثمان غنیؓ۔

س:۔ حضورؐ کے اس داماد کا نام بتایئے جو جنگ بدر میں گرفتار ہو گئے تھے؟ اور ان کی رہائی کے لئے ان کی اہلیہ نے اپنا ہار بطور فدیہ بھیجا تھا جسے دیکھ کر آپؐ کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تھے؟

ج:۔ ابوالعاص بن ربیع جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

س:۔ حضورؐ کی سب سے چھوٹی صاحبزادی کا نام بتایئے اور ان کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج:۔ حضرت علیؓ جو حضرت فاطمہؓ کے شوہر تھے۔

س:۔ حضورؐ نے کس جوڑے (میاں بیوی) کے متعلق فرمایا تھا کہ ابراہیمؑ و لوطؑ کے بعد ہجرت کرنے والا یہ پہلا جوڑا تھا؟

ج:۔ حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت رقیہؓ بنت محمدؐ کے لئے۔

س:۔ حضورؐ کی صاحبزادی حضرت رقیہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج:۔ عتبہ بن ابولہب سے۔

س:۔ حضورؐ کی صاحبزادی سیدہ ام کلثومؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج:۔ عتبہ بن ابولہب سے۔

س:۔ حضورؐ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ کو جہیز میں دو چیزیں کون سی دی تھیں جو زندگی بھر ان کی رفیق رہیں؟

ج:۔ چکی اور مشکیزہ۔

س:۔ سیدہ رقیہؓ کی ولادت کے وقت حضورؐ کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 33 سال۔

س:۔ حضورؐ کے نواسے حضرت عبداللہ کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج:۔ حضرت رقیہؓ بنت محمدؐ۔

س:۔ حضورؐ کے اس نواسے کا نام بتایئے جن کی آنکھ پر مرغ نے چونچ مار دی تھی اور ان کا انتقال ہو گیا تھا؟

ج:۔ حضرت عبداللہؓ۔

س:۔ حضرت عبداللہؓ کے والدین کے نام کیا تھے؟

ج:۔ حضرت رقیہؓ اور حضرت عثمان غنیؓ۔

س:۔ حضورؐ کے نواسے حضرت عبداللہ بن عثمانؓ کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

ج:۔ چھ سال کی عمر میں۔

س:۔ حضورؐ کی وہ کون سی صاحبزادی ہیں جنہوں نے ہجرت فی سبیل اللہ کی سنت کو اپنے شوہر کا ساتھ دے کر قائم کیا؟

ج:۔ حضرت رقیہؓ۔

س:۔ حضورؐ کی صاحبزادی ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمان غنیؓ سے کب ہوا تھا؟

ج:۔ 2 ھ ہجری میں۔

س:۔ ایک دفعہ ایک صحابیؓ ابن عمیرؓ نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے جب یہ پوچھا تھا کہ حضورؐ کو خاندان میں سب سے پیارا کون تھا تو انہوں نے کیا جواب دیا تھا؟

ج:۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ۔

س:۔ مردوں میں حضورؐ کو سب سے پیارا (خاندان) میں کون تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ۔

س:۔ حضورؐ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کی اولاد کے اسمائے گرامی بتایئے؟
ج:۔ حضرت امام حسنؓ۔ حضرت امام حسینؓ۔ حضرت سیدہ ام کلثومؓ۔ سیدہ زینبؓ۔
س:۔ حضور کی کس صاحبزادی کی اولاد دنیا میں بڑھی پھیلی اور اب بھی سب سے زیادہ ہے؟
ج:۔ حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کی۔
س:۔ حضورؐ کے کون سے نواسے سب سے زیادہ شہرت کے مالک ہوئے؟
ج:۔ حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ۔
س:۔ حضورؐ نے کس نواسے کی شان میں فرمایا تھا کہ میرا بیٹا سید ہے اور اللہ تعالیٰ اسے اس وقت تک زندہ رکھے گا جب تک اس کے وسیلے سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح نہ ہو جائے؟
ج:۔ حضرت امام حسنؓ کیلئے۔
س:۔ حضورؐ کے کون سے نواسے کی وفات زہر دینے سے ہوئی تھی؟
ج:۔ حضرت امام حسنؓ کی۔
س:۔ حضورؐ کے نواسے حضرت امام حسینؓ کب شہید ہوئے تھے؟
ج:۔ 10 محرم 61ھ کو میدان کربلا میں۔
س:۔ اس روز دن کیا تھا؟
ج:۔ جمعۃ المبارک۔
س:۔ حضورؐ کی کون سی نواسی شہید کربلا کے ساتھ میدان میں موجود تھیں؟
ج:۔ سیدہ زینب بنت علیؓ۔
س:۔ حضورؐ نے اپنے مرض الموت میں کس سے کان میں بات کہی تھی؟
ج:۔ حضرت فاطمۃ الزہرہ سے۔
س:۔ حضورؐ جب غزوہ احد میں زخمی ہوئے تھے تو حضورؐ کے زخموں کو کس نے دھویا تھا؟
ج:۔ حضرت فاطمہؓ نے۔
س:۔ اس موقع پر پانی بھر کر کون لایا تھا؟
ج:۔ حضرت علیؓ۔
س:۔ حضورؐ کی اولاد میں سے سیدہ النساء کس کا لقب ہے؟

ج:۔ حضرت فاطمہؓ کا۔

س:۔ حضورؐ کی پیاری بیٹی سیدہ فاطمہ کو بتول کیوں کہتے ہیں؟

ج:۔ دنیا سے قطع تعلق کی بنا پر آپؓ کا لقب بتول ہوا۔

س:۔ حضورؐ کی اس صاحبزادی کا نام بتایئے جن کی آمد پر آپ کھڑے ہو جاتے تھے؟

ج:۔ حضرت فاطمہؓ۔

س:۔ اس محترم شخصیت کا نام بتایئے جسے حضورؐ نے اپنا بیٹا کہا ہے؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثہؓ۔

س:۔ مشرکین پر مسلمانوں کی طرف سے پہلا تیر کب اور کس نے چلایا تھا؟

ج:۔ 2 ھ میں' سعد بن ابی وقاصؓ نے۔

س:۔ کیا آپ 27 غزوات کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج:۔ (1) غزوہ ابواء (2) غزوہ بواط (3) غزوہ سفوان (4) غزوہ ذی العشیرہ (5) غزوہ بدر (6) غزوہ بنی قینقاع (7) غزوہ سویق (9) غزوہ بنی غطفان (10) غزوہ بنی سلیم (11) غزوہ احد (12) غزوہ حمراء الاسد (13) غزوہ بنی نضیر (14) غزوہ بدر ثانی (15) غزوہ ذات الرقاع (16) غزوہ دومتہ الجندل (17) غزوہ بنی مصطلق (18) غزوہ خندق (19) غزوہ بنی قریظہ (20) غزوہ بنی لحیان (21) غزوہ ذی قرد (22) غزوہ حدیبیہ (23) غزوہ خیبر (24) فتح مکہ (25) غزوہ حنین (26) غزوہ طائف (27) غزوۂ تبوک۔

س:۔ کل کتنے غزوات میں قتال کی نوبت آئی تھی؟

ج:۔ 9 غزوات میں۔

س:۔ اس کافر کا نام بتایئے جو غزوہ بدر کے چند روز بعد حضورؐ قتل کے ارادے سے مدینے آیا اور مسلمان ہو گیا؟

ج:۔ عمیرؓ بن وہب۔

س:۔ فتح مکہ کے دن حضورؐ نے عام معافی کا اعلان فرمایا تھا۔ لیکن کچھ ایسے بھی تھے جن کے ہولناک جرائم کے باعث انہیں قتل کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ ان کی کل تعداد کیا تھی؟

ج:۔ 15 پندرہ۔

س:۔ ان کے نام بتایئے؟

ج:- عبداللہؓ بن ابی سرح۔ عکرمہؓ بن ابوجہل۔ مقیس بن حبابہ۔ عبداللہ بن خطل۔ حویرث بن نقیذ۔ کعب بن زہیر۔ وحشی بنؓ حرب۔ زہیر بن امیہ۔ حارث بن ہشام۔ ھبار بن اسود۔ ہندہ۔ قرتنی۔ قریبہ۔ سائرہ۔ صفوان بن امیہ۔

س:- چار عورتوں میں سے کس کس کو قتل کر دیا گیا تھا؟

ج:- قریبہ قتل ہوئی تھی باقی مسلمان ہو گئی تھیں۔

س:- وحشی بن حرب جس نے غزوہ میں آنحضرتؐ کے چچا حضرت حمزہؓ کو شہید کر دیا تھا۔ اس کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا تھا؟

ج:- اس نے اسلام قبول کر لیا تھا۔

س:- وحشی بن حرب نے کس کافر کو قتل کر کے کفارہ ادا کیا تھا؟

ج:- مسیلمہ کذاب کو۔

س:- فتح مکہ کے دن سب قریش مسلمان ہو گئے تھے سب سے آخر میں کون اسلام لایا تھا؟

ج:- حضرت ابو قحافہؓ۔

س:- خانہ کعبہ کے اندر ایک مشہور بت رکھا تھا اس کا نام بتائیے؟

ج:- ہبل۔

س:- ہبل سب سے بڑا بت تھا یہ کس شکل کا تھا؟

ج:- انسانی شکل کا۔

س:- عزیٰ کس قبیلے کا مشہور بت تھا؟

ج:- قریش اور بنو کنانہ کا۔

س:- اس بت کو کس نے توڑا تھا؟

ج:- حضرت خالد بن ولید نے۔

س:- اس بت کا نام بتائیے جو تمام بتوں سے قدیم تھا؟

ج:- منات۔

س:- منات نامی بت کن قبیلوں کا بت تھا؟

ج:- قبیلہ اوس۔ قبیلہ خزرج اور قبیلہ غسان۔

س:- منات کو کس نے توڑا تھا؟

ج:- حضرت سعدؓ انصاری نے توڑا تھا؟

س:۔ سواع نامی بت کو حضرت عمروؓ بن العاص نے توڑا تھا؟ یہ کس قبیلے کا بت تھا؟

ج:۔ قبیلہ ہذیل۔

س:۔ یہ بت مکہ سے کتنی دور ایک گاؤں میں نسب تھا؟

ج:۔ تیس میل دور اباط نامی ایک گاؤں میں۔

س:۔ غزوہ حنین، حنین نامی ایک وادی میں ہوا تھا' یہ وادی کہاں واقع ہے؟

ج:۔ مکہ اور طائف کے درمیان۔

س:۔ یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج:۔ 10 شوال 8 ھ میں۔

س:۔ آنحضرتؐ نے اس موقع پر مکہ مکرمہ میں کسے گورنر مقرر کیا تھا؟

ج:۔ حضرت عتابؓ بن اسید کو۔

س:۔ اس غزوے کے لئے حضورؐ نے کن صحابیؓ سے تین ہزار نیزے اور دو ہزار زرہیں مستعار لی تھیں؟

ج:۔ بالترتیب نوفلؓ بن حارث بن عبدالمطلب' صفوانؓ بن امیہ۔

س:۔ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہونے والے ان وفود کی تعداد بتایئے جو عام الوفود (وفدوں کا سال) میں حاضر ہوئے تھے؟

ج:۔ تقریباً 36 چھتیس۔

س:۔ فتح مکہ کے بعد قبیلہ بنو ہوازن کی جنگی تیاریوں کا مقابلہ کرنے کے لئے حضورؐ نے مکہ میں کس سے قرض لیا تھا؟

ج:۔ عبداللہ بن ربیعہ سے۔

س:۔ عبداللہ بن ربیعہ سے آپؐ نے اس مقصد کے لئے کتنی رقم لی تھی؟

ج:۔ تیس/30 ہزار درہم۔

س:۔ بنو ہوازن کا مقابلہ کرنے کے لئے حضورؐ کے پاس کتنی فوج تھی؟

ج:۔ بارہ ہزار۔

س:۔ محاصرہ طائف کے دوران حضورؐ نے جنگ جاری رکھنے یا نہ رکھنے کے متعلق کس سے مشورہ کیا تھا؟

ج:۔ نوفل بن معاویہ سے۔

س:۔ حضورؐ نے حضرت خالد بن ولیدؓ کو سیف اللہ کا خطاب کب دیا تھا؟

ج:۔ جنگ موتہ کے دن۔

س:۔ سفر تبوک میں بعارضہ فوت ہونے والے اس صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی قبر میں حضورؐ خود اترے اپنے ہاتھ سے اینٹیں رکھیں اور دعا کی اے اللہ آج کی شام تک میں اس سے راضی ہوں؟

ج:۔ حضرت عبداللہ ذوالبجادین۔

س:۔ حضرت عبداللہ ذوالبجادین کے دفن میں حضورؐ کی خصوصی شفقت اور توجہ دیکھ کر کس صحابیؓ نے بڑی مسرت سے کہا تھا کاش اس قبر میں میں دبایا جاتا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے۔

س:۔ بنو حنیفہ کے اس شخص کا نام بتایئے جس نے حضورؐ سے کہا تھا کہ مجھے بھی نبوت میں شریک فرمائیں؟

ج:۔ مسیلمہ کذاب نے۔

س:۔ حضورؐ کے لئے سب سے پہلا شاہی تحفہ کس نے بھیجا تھا؟

ج:۔ نجاشی شاہ حبشہ نے۔

س:۔ حضورؐ نے اپنے مکتوبات گرامی پر مہر کا استعمال کب سے شروع کیا تھا؟

ج:۔ یکم محرم 7 ھ کو۔

س:۔ مشرکین عرب میں سے وہ کون سا پہلا شخص ہے جس کا ہدیہ حضورؐ نے قبول فرمایا تھا؟

ج:۔ ابو سفیان کا۔

س:۔ سب سے پہلے آزاد کردہ غلام کا نام بتایئے جنہیں حضورؐ نے ایک لشکر کا سالار مقرر فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثہؓ کو۔

س:۔ اس نوجوان کا نام بتایئے جس نے اپنے منافق باپ کی گردن اڑا دینے کی پیش کش کی تھی۔ لیکن حضورؐ نے منع کر دیا تھا؟

ج:۔ حضرت عبداللہؓ بن عبداللہ بن ابی۔

س:۔ وہ پہلا موقع کون سا تھا؟ جب حضورؐ کی زبان مبارکہ سے بے ساختہ جنگی رجز صادر ہوا تھا؟

ج:۔ غزوہ حنین میں۔

س:۔ وہ پہلا کون سا موقع ہے جب کسی شاعر کو حضورؐ نے انعام دیا؟

ج:۔ فتح مکہ کے بعد کعب بن زہیر نے مدینہ منورہ میں حاضر خدمت ہو کر معافی کے لئے اپنا مشہور قصیدہ "بانت سعاد" پڑھا اور حضور نے اظہار مسرت کے طور پر اپنی چادر مبارک انعام میں دے دی تھی۔

س:۔ وہ کونسا پہلا اظہار فخر تھا جو حضورؐ کی نگاہ میں مقبول ہوا؟

ج:۔ غزوہ احد میں حضرت ابو دجانہؓ کا آپؐ کی تلوار لے کر اکڑ کر چلنا۔

س:۔ حضورؐ کی طرف سے جاری کردہ اولین تحریری امان نامہ کسے ملا تھا؟

ج:۔ حضرت سراقہ بن جعشم کو۔

س:۔ حضورؐ کی رکاب میں اولین شرف علم برداری کسے حاصل ہوا تھا؟

ج:۔ حضرت حمزہؓ کو۔

س:۔ حضرت حمزہ کو کب یہ شرف حاصل ہوا تھا؟

ج:۔ غزوہ ودان میں۔

س:۔ حضورؐ نے پہلی بار مدینہ میں کسے اپنا قائم مقام مقرر فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت سعدؓ بن عبادہ کو۔

س:۔ حضورؐ کا بہ نفس نفیس پہلا فوجی و سیاسی اقدام کون سا تھا؟

ج:۔ غزوہ ودان۔

س:۔ محرم 7 ھ میں جب حضورؐ نے یہودان خیبر پر لشکر کشی کا ارادہ فرمایا تھا تو لشکر اسلام میں کن کو شامل ہونے کا حکم دیا تھا؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا تھا ہمارے ساتھ خیبر کی جنگ کے لئے صرف وہ لوگ شامل ہوں گے جو حدیبیہ کی بیعت رضوان میں شریک تھے۔

س:۔ حضورؐ نے خیبر پر لشکر کشی کے وقت مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام کسے بنایا تھا؟

ج:۔ حضرت سباعؓ بن عرفط غفاری کو۔

س:۔ غزوہ خیبر کے لئے حضورؐ کی کمان میں مجاہدین کی کل تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ سولہ سو 1600۔

س:۔ غزوہ خیبر میں حضرت زبیر بن عوام نے مشہور پہلوان مرحب کے بھائی یاسر کو تلوار کے ایک ہی وار میں موت کے گھاٹ اتار دیا تو حضورؐ نے یہ دیکھ کر کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا تھا تم پر میرا چچا قربان اور ماموں قربان ہوں ہر نبی کے کچھ

معین و مددگار ہوتے اور میرے مددگار زبیرؓ ہیں۔

س:۔ ان لوگوں کے نام بتایئے جنہوں نے حضورؐ کی جب بھر کر مخالفت کی تھی لیکن فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے نہیں معاف کر دیا تھا؟

ج:۔ صفوان بن امیہ الجمحی (2) عکرمہ بن ابوجہل (3) عبداللہ بن سعد ابی سرح (4) کعبؓ بن زہیر (5) وحشی بن حرب (6) ابولہب کے بیٹے عتبہ اور معتب (7) ہند بنت عتبہ زوجہ ابوسفیان (8) ہبار بن الاسود یہ سب مسلمان ہو گئے تھے۔

س:۔ ان لوگوں کے نام بتایئے جو حضورؐ کے سخت ترین مخالفین ہیں اور انہیں فتح مکہ کے روز آپؐ نے قتل کرا دیا تھا؟

ج:۔ (1) عبداللہ بن خطل (2) حویرث بن نقید۔

س:۔ غزوہ حنین میں شامل ہونے والے اس غیر مسلم رئیس کا نام بتایئے جسے فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے اس کی توقع سے بڑھ کر مال مویشی دیئے اور اس نے بے اختیار کہا۔ واللہ بادشاہ کبھی اس فراخ دلانہ بخشش پر آمادہ نہیں ہوتے یہ تجھ ہی کو نصیب ہے اور اس کے بعد مسلمان ہو گیا؟

ج:۔ صفوان بن امیہ۔

س:۔ حضورؐ نے شہدائے احد کے لئے خصوصی دعا کب کی تھی؟

ج:۔ ماہ صفر 11 ھ میں۔

س:۔ حضورؐ نے اپنی رحلت سے پیشتر جب اہل بقیع کے لئے وہاں جا کر دعا کی تو آپؐ کے ساتھ کون تھا؟

ج:۔ آپؐ کے آزاد کردہ غلام ابو مویہبہ۔

س:۔ حضورؐ نے اپنی حیات مبارک میں آخری سفر کہاں روانہ کیا تھا؟

ج:۔ روم کی طرف۔

س:۔ حضورؐ کی اس بیماری کا نام بتایئے جس سے آپؐ کا انتقال ہوا تھا؟

ج:۔ سر درد۔

س:۔ حضورؐ کی رحلت سے پیشتر جس جھوٹے نبی کو اسلامی دستے نے ہلاک کیا تھا اس کا نام بتایئے؟

ج:۔ اسود عنسی۔

س:۔ حضورؐ نے 9 ھ میں کسے امیر الحاج مقرر فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو۔

س:۔ 9 ھ میں حج کے موقع پر سورۃ برات سنانے کے لئے حضورؐ نے خاص طور پر کسے روانہ فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ کو۔

س:۔ حضورؐ کی قبر مبارک حضرت ابو طلحہؓ نے کھودی تھی یہ صندوقی تھی یا لحدی؟

ج:۔ لحد کھودی گئی تھی۔

س:۔ حضورؐ کی بیماری کا آغاز کب ہوا تھا؟

ج:۔ 27 یا 29 صفر 11ھ کو۔

س:۔ شدت مرض میں اپنے آخری لمحات تک حضورؐ نے کہاں قیام فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں۔

س:۔ یہ قیام کتنے دن رہا تھا؟

ج:۔ سات دن تک۔

س:۔ حضورؐ نے مسجد نبوی میں آخری نماز وفات سے کتنے روز قبل پڑھی تھی؟

ج:۔ وفات سے چند روز قبل۔

س:۔ اس روز کیا دن تھا؟

ج:۔ جمعرات۔

س:۔ حضورؐ نے وفات سے قبل مسجد نبوی میں کون سی آخری نماز پڑھی تھی؟

ج:۔ نماز ظہر۔

س:۔ حضورؐ کی تدفین کب مکمل ہوئی تھی؟

ج:۔ 13 اور 14 ربیع الاول کی درمیانی شب کو۔

س:۔ جنت البقیع (قبرستان) میں جاکر دعا کرنے کے بعد جب حضورؐ واپس تشریف لائے تھے تو آپؐ کو کونسا عارضہ (بیماری) لاحق ہو گیا تھا؟

ج:۔ سر درد۔

س:۔ حضورؐ کے وصال کے کچھ عرصہ بعد ایک دن حضرت عباسؓ نے انصار کو روتے دیکھ کر جب یہ دریافت فرمایا کہ تم کیوں رو رہے ہو؟ تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج:۔ انہوں نے کہا اے عم رسولؐ رسول اللہ کی صحبتیں یاد آتی ہیں تو جگر کٹتے ہیں اور بے اختیار آنکھوں سے آنسو بہہ نکلتے ہیں۔

س:۔ حضورؐ کی اولاد میں سے سب سے پہلے کس کا انتقال ہوا تھا؟

ج:۔ حضرت قاسمؓ کا۔

س:۔ حضرت قاسمؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج:۔ جب انہوں نے چلنا پھرنا سیکھ لیا تھا۔

س:۔ حضورؐ کے فرزند حضرت ابراہیمؓ کی عمر انتقال کے وقت کیا تھی؟

ج:۔ 17 یا 18 مہینے۔

س:۔ آپؐ شدت علالت کے ابتدائی ایام میں کن ام المومنینؓ کے گھر تھے؟

ج:۔ حضرت ام میمونہؓ کے گھر۔

س:۔ حضرت ام میمونہ کے گھر سے آپؐ کن ام المومنینؓ کے گھر منتقل ہو گئے تھے؟

ج:۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے گھر۔

س:۔ جب آنحضرتؐ ازواج مطہرات سے اجازت لینے کے بعد عائشہ صدیقہؓ کے گھر جانے لگے تو کمزوری کے باعث آپ چل نہ سکتے تھے اس موقع پر کن صحابہؓ نے آپؐ کو سہارا دیا تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ نے۔

س:۔ وصال سے پہلے طبیعت بہت زیادہ بگڑی تو آپؐ نے پانی کا پیالہ پاس رکھوا لیا اور اس میں سے ہاتھ تر کر کے اپنے چہرہ پھیرتے تھے اس وقت آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ ترجمہ= "اے میرے اللہ موت کی تکالیف میں میری مدد فرما"۔

س:۔ حضورؐ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ آپؐ کی یہ حالت دیکھ کر فرط غم سے چلا اٹھیں' انہوں نے کیا کہا تھا؟

ج:۔ واکرباہ' ہائے میرے باپ کی بے چینی۔

س:۔ جب آپؐ نے وصال فرمایا تو سر مبارک کن کی گود میں تھا؟

ج:۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی گود میں۔

س:۔ حضورؐ کی خدمت میں آخری بار مسواک کس نے پیش کی تھی؟

ج:۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ نے۔

س:۔ رسول اکرمؐ کی تاریخ وصال سن عیسوی کے مطابق کیا تھی؟

ج:۔ 7 جون 632ء۔

س:۔ کن صحابیؓ نے کہا تھا کہ میں نے رسول اللہ سے سنا نبی وہیں دفن ہوتا ہے۔ جہاں اللہ تعالیٰ نے اس کی روح قبض کی ہو؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س:۔ آپؐ کی قبر مبارک حضرت طلحہؓ نے کھودی تھی بتایئے زمین میں کسی قدر نمی ہونے پر کس نے حضورؐ کی اوڑھنے والی چادر لحد میں بچھائی تھی؟

ج:۔ حضرت شقرانؓ نے۔

س:۔ غسل کے بعد حضورؐ کو کتنی سوتی چادروں میں دفنایا گیا تھا؟

ج:۔ تین چادروں میں۔

س:۔ شنبہ کے روز حضرت علیؓ نے آپ کو غسل دیا تھا تو کن صحابہؓ نے آپؐ کو پکڑ رکھا تھا؟

ج:۔ حضرت اسامہؓ بن زید اور حضرت فضل بن عباسؓ نے۔

س:۔ حجرہ مبارک تنگ ہونے کے باعث کتنے کتنے مسلمان اندر جا کر نماز جنازہ پڑھتے تھے؟

ج:۔ دس دس مسلمان باری باری۔

س:۔ بتایئے اس وقت امامت کے فرائض کون انجام دے رہا تھا؟

ج:۔ کوئی نہیں۔

س:۔ غزوہ خیبر کے موقع پر حضورؐ کے وہ کون سے رشتہ دار تھے جو حبشہ سے واپس آ کر خیبر ہی میں آپؐ سے ملے تھے اور آپؐ نے انہیں دیکھ کر فرمایا تھا کہ "ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں فتح خیبر کی خوشی زیادہ ہے یا ان کے آنے کی" بتایئے؟

ج:۔ حضرت جعفرؓ بن ابی طالب۔

س:۔ حضرت جعفر کتنے عرصے بعد حضورؐ کو غزوہ خیبر میں آ کر ملے تھے؟

ج:۔ 14 سال بعد۔

س:۔ اس صحابیؓ کا اسم گرامی بتایئے جنھوں نے قریش مکہ کو مدینہ سے لشکر اسلام کی تیاری اور مکہ کی طرف روانگی کی خفیہ خبر دے دی تھی لیکن حضورؐ نے ان کا عذر سن کر انہیں معاف کر دیا تھا؟

ج:۔ حضرت حاطبؓ بن ابی بلتعہ۔

س:۔ فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے خانہ کعبہ میں داخل ہو کر بتوں کو کس چیز سے گرایا تھا؟

ج:- کمان کی نوک سے۔

س:- حضورؐ نے خانہ کعبہ میں زیادہ بلندی والے بتوں کو کس چیز سے گرایا تھا؟

ج:- حضورؐ نے حضرت علیؓ کو دوش مبارک پر کھڑا کیا جنھوں نے بتوں کو توڑ گرایا تھا۔

س:- فتح مکہ کے بعد جب حضورؐ پہلی بار خانہ کعبہ میں داخل ہوئے تو حضورؐ کے ساتھ اور کون تھے؟

ج:- حضرت اسامہؓ بن زید اور حضرت بلالؓ بن رباح۔

س:- حضورؐ نے خانہ کعبہ کی چابی کن کے حوالے کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ "قیامت تک یہ تمہارے پاس رہے گی اور جو تم سے چھینے وہ ظالم ہے؟"

ج:- حضرت عثمان بن طلحہؓ کے۔

س:- فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے قریش کی عام معافی کا اعلان کن الفاظ میں فرمایا تھا؟

ج:- **لا تثریب علیکم الیوم**۔ آج میری طرف سے تم پر کوئی سرزنش نہیں۔ **انتم الطلقاء**(تم سب آزاد ہو)

س:- فتح مکہ کے بعد جب شہر میں امن و امان قائم ہو گیا تو حضورؐ نے کس کے قتل کا حکم صادر فرمایا تھا؟

ج:- عبدالعزیٰ بن خطل جو کعبہ کے پردوں کو تھام کر کھڑا تھا۔

س:- غزوہ حنین میں گھمسان کا رن پڑنے کے وقت بھی حضورؐ کے ساتھ ثابت قدم رہنے والی خاتون کا نام بتایئے؟

ج:- حضرت انسؓ کی والدہ محترمہ حضرت ام سلیمؓ۔

غزوات و سرایات

س:- وہ کونسی آیہ کریمہ ہے جس میں مسلمانوں کو اذن جہاد دیا گیا؟

ج:- سورۃ الحج۔

س:- رسول کریم صلعم جنگ شروع ہونے سے پہلے کیا کرتے تھے؟

ج:- آپؐ اپنے صحابہ کرام سے بیعت لیتے تھے کہ عین لڑائی میں کوئی راہ فرار اختیار نہ کرے۔

س:- جہاد کے دوران حضورؐ کا دشمن پر حملہ کرنے کا طریقہ کیا تھا؟

ج:۔ دشمن پر شبخون نہیں مارتے تھے۔

س:۔ وہ سب سے پہلا غزوہ کونسا ہے جس میں آنحضرت صلعم نے بہ نفس نفیس شرکت فرمائی؟

ج:۔ غزوہ ودان۔

س:۔ اس غزوہ کے علمبردار کون تھے اور علم کا رنگ کیا تھا؟

ج:۔ حضرت امیر حمزہؓ اس غزوہ کے علمبردار تھے اور علم کا رنگ سفید تھا۔

س:۔ اس غزوہ میں کتنے مجاہدین حضورؐ کے ساتھ تھے؟

ج:۔ ستر مجاہد۔

س:۔ یہ غزوہ کب ہوا؟

ج:۔ ہجرت کے تیرہویں مہینے ربیع الاول 2ھ ۔

س:۔ سریہ صفوان کو غزوہ بدر اولیٰ کیوں کہتے ہیں؟

ج:۔ آنحضرت کرز بن جابر فہری کے تعاقب میں وادی صفوان تک پہنچ گئے تھے۔

س:۔ دیوار گریہ کسے کہتے ہیں اور کہاں ہے؟

ج:۔ بیت المقدس میں یہودیوں کی سب سے متبرک جگہ دیوار گریہ ہے جس پر ہاتھ رکھ کر یہودی روتے ہیں اور ماتم گساری کی اس سالانہ رسم کو عبادت خیال کرتے ہیں۔ یہ ہیکل سلیمانی کی صدیوں پرانی دیوار ہے۔

س:۔ وادی یہوشفات کا مطلب کیا ہے اور کہاں ہے؟

ج:۔ یروشلم کے مشرق کی جانب۔ وادی یہوشفات کے معنی ہیں خدا کی عدالت۔ اس لئے یہودیوں کا یہ خیال ہے کہ قیامت کے روز اس جگہ پر خدا کی عدالت ہو گی۔ واور محشر کا دربار لگے گا۔ یہودی یہاں دفن ہونا باعث نجات سمجھتے ہیں۔

س:۔ وادی گیہوم یا وادی جہنم کہاں ہے؟

ج:۔ یروشلم کے جنوب میں واقع ہے۔

س:۔ عرش اعظم کا وہ کونسا مقام تھا جہاں حضرت جبریلؑ نے حضورؐ سرور کائنات سے کہا تھا کہ وہ اس سے آگے نہیں بڑھ سکتا؟

ج:۔ سدرۃ المنتہی۔

س:۔ رف رف سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ نورانی تخت۔ معراج کی شب حضرت میکائیل نے آنحضرت ﷺ کو اس پر بٹھایا رف رف اڑنے لگا۔

حضرت سلمان فارسیؓ کا اسلام لانا

س:۔ حضرت سلمان فارسیؓ کون تھے؟

ج:۔ اصفہان کے باشندے تھے۔ ان کے مذہب میں ابلق گھوڑے کی پرستش کی جاتی تھی۔ حضرت سلمانؓ نے دس سے زیادہ مذاہب اختیار کئے۔

س:۔ حضرت سلمان مسلمان کیسے ہوئے؟

ج:۔ آپ ایک یہودی کے پاس رہا کرتے تھے۔ وہ پیدا ہونے والے ایک نبی کے اوصاف بیان کیا کرتا تھا۔ آپ اس نبی کے ظہور کے منتظر رہا کرتے تھے۔

س:۔ رسول مقبولؐ سے سلمان فارسیؓ کی ملاقات کہاں ہوئی؟

ج:۔ مدینہ منورہ میں۔

س:۔ اس ملاقات کا سلمانؓ فارسی کا کیا رد عمل ہوا؟

ج:۔ آنحضرت صلعم کو پہچان لیا کہ یہ وہی نبی ہیں جن کا میں عرصہ سے منتظر تھا۔ آپ مسلمان ہو گئے۔

س:۔ آنحضرت ﷺ غزوہ ذوالعشیرہ پر کب اور کیوں نکلے؟

ج:۔ ہجرت کے سولہویں مہینے جمادی الاخر میں۔ حضورؐ کو خبر ملی تھی کہ قریش کی ایک جماعت تجارت لے کر مکہ سے شام کو روانہ ہو چکی ہے۔ اس کی تلاش میں آپؐ ذوالعشیرہ تشریف لے گئے۔ تو غزوہ بدر کبریٰ واقع ہوا۔

س:۔ اس غزوہ میں علمبردار کون تھے؟

ج:۔ عم اسلام حضرت امیر حمزہؓ۔

س:۔ اس غزوہ پر جاتے ہوئے آپؐ نے کس کو خلیفہ مقرر کیا؟

ج:۔ حضرت ابو سلمہ بن الاسد المخزومی کو۔

س:۔ سریہ نخلہ حضورؐ نے کیوں روانہ کیا تھا؟

ج:۔ قریش کی نقل و حرکت کی تحقیق کیلئے۔

س:۔ سریہ نخلہ کے امیر کون تھے؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن جحش۔

س:۔ نخلہ کہاں واقع ہے؟

ج:۔ طائف اور مکہ کے درمیان۔
س:۔ سریہ نخلہ میں کتنے مجاہدین شامل تھے؟
ج:۔ بارہ مہاجرین۔

تحویل قبلہ

س:۔ تحویل قبلہ کا ذکر کس آیت میں ہے؟
ج:۔ قرآن مجید کی سورۃ البقرہ۔ آیت 144 میں اس کا ذکر ہے۔
س:۔ پہلے مسلمان کس طرف منہ کرکے نماز پڑھتے تھے بعد میں کس طرف پڑھنے لگے؟
ج:۔ پہلے قبلہ بیت المقدس کی طرف تھا پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے مسلمان قبلہ رخ نماز پڑھنے لگے۔
س:۔ قبلہ کی تبدیلی سے یہودی کیوں برہم ہوئے؟
ج:۔ تحویل قبلہ سے مسلمانوں کو ایک امتیازی حیثیت حاصل ہو گئی تھی۔

روزوں کی فرضیت۔

س:۔ روزے مسلمانوں پر کب فرض ہوئے؟
ج:۔ آخری عشرہ شعبان 2ھ میں فرض ہوئے۔
س:۔ روزہ کی غرض و غایت کیا ہے؟
ج:۔ روزہ کی غرض و غایت تقویٰ ہے اپنی خواہشات کو قابو میں رکھنا۔
س:۔ وہ سال کے کونسے دن ہیں جن میں روزے رکھے جاتے ہیں؟
ج:۔ ماہ رمضان میں۔
س:۔ روزہ رکھنے اور افطار کرنے کے اوقات کیا ہیں؟
ج:۔ سحری کے وقت تک کھانا پینا اور پھر شام کو افطار کے مقررہ وقت پر روزہ افطار کرنا۔
س:۔ رمضان کے مہینے کی اور کیا خصوصیت ہے؟
ج:۔ اسی مہینے میں قرآن پاک نازل ہوا۔
س:۔ روزوں کی فرضیت اور ضابطہ کے بعد ان کی اہمیت کے بارے کیا ارشاد ہوا؟
ج:۔ خدا نے جو ہدایت کی ہے اس پر اللہ کی بزرگی اور عظمت بیان کی جائے۔

س:۔ احکام رمضان قرآن حکیم کی کس سورہ میں ہیں؟

ج:۔ سورۃ البقرہ۔ آیت نمبر183-184-185۔

س:۔ سحری کے بغیر روزہ رکھنا کیا جائز ہے؟

ج:۔ جائز ہے۔ لیکن روزہ رکھنے کی نیت کر لی جائے۔

س:۔ کیا پہلی امتوں پر بھی روزے فرض تھے؟

ج:۔ ہاں فرض۔

س:۔ ہندو جو فاقہ کرتے ہیں اس کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ اس کو برت کہتے ہیں۔

س:۔ ایام صیام میں میاں بیوی کے تعلقات کیسے ہونے چاہئیں؟

ج:۔ اس ضمن میں حکم الٰہی یہ ہے کہ صیام میں بیوی سے مقاربت حرام ہے۔

"غزوۂ بدر"

س:۔ غزوۂ بدر کے لئے آنحضورؐ اپنے اصحاب کے ساتھ کس روز مدینہ منورہ سے نکلے؟

ج:۔ 12 رمضان المبارک 2ھ میں آنحضرت ﷺ تین سو چودہ مجاہدین کے ساتھ مدینہ سے روانہ ہوئے۔

س:۔ اسلامی لشکر میں کتنے اونٹ اور کتنے گھوڑے سواری کے لئے تھے؟

ج:۔ ستر اونٹ اور تین گھوڑے۔ آنحضورؐ نے تین سواریوں کے لئے ایک ایک اونٹ مقرر فرمایا۔ ان تین میں سے ایک پیدل چلتا اور دو سوار ہوتے۔

س:۔ لشکر اسلام نے کس سمت سے بدر کی طرف بڑھنا شروع کیا؟

ج:۔ ذفران کی وادی کی طرف سے۔

س:۔ بدر کس کا نام ہے؟

ج:۔ بدر ایک گاؤں کا نام ہے جو مدینہ منورہ سے تقریباً 10 میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

س:۔ لشکر قریش کتنے آدمیوں پر مشتمل تھا اور ان کے ساتھ جنگی سامان کیا کچھ تھا؟

ج:۔ لشکر قریش ایک ہزار آدمیوں پر مشتمل تھا جس میں سو سواروں کا رسالہ تھا۔

س:۔ لشکر قریش کی کمان جنگ بدر میں کس کے ہاتھ میں تھی؟
ج:۔ قریش کے رئیس عتبہ بن ربیعہ کے ہاتھ میں۔
س:۔ عریش کسے کہتے ہیں؟
ج:۔ چھپر جو کہ کھجور کی ٹہنیوں سے بنایا گیا۔ یہ عریش اسلامی لشکر کے پیچھے ایک بلند ٹیلے پر تھا اور آنحضور کے لئے بنایا گیا تھا۔
س:۔ جنگ بدر میں کیا لشکر اسلام کا ہر مجاہد مسلح تھا؟
ج:۔ جنگ بدر میں مجاہدین اسلام کی بے سروسامانی کا یہ عالم تھا کہ ان میں سے کسی کے پاس بھی زرہ نہ تھی۔ پورے ہتھیار بھی نہ تھے۔ کسی کے پاس تلوار تھی تو نیزہ نہ تھا۔ نیزہ تھا تو تلوار نہ تھی۔ تیر کمان بھی چند ایک کے پاس تھے۔ ایک گھوڑا مقداد کا تھا اور دوسرا حضرت زبیر کا۔
س:۔ لشکر کفار کی خبریں معلوم کرنے کے لئے جو جاسوس روانہ کئے تھے ان کے نام کیا تھے؟
ج:۔ بنی ساعدہ کے حلیف لیس بن عمرو الجہنی اور بنی النجار کے حلیف عدی بن ابی الذغبا۔
س:۔ لشکر قریش سے بھی ایک جاسوس جنگ بدر میں لشکر اسلام کی خبریں معلوم کرنے آیا تھا اس کا نام کیا تھا؟
ج:۔ عمرو بن واہب الجمحی۔
س:۔ میدان بدر میں صبح اذان کس نے دی تھی؟
ج:۔ حضرت بلالؓ نے۔
س:۔ جنگ بدر کس اعتبار سے حق و باطل ایثار و جانبازی کا سب سے بڑا حیرت انگیز معرکہ ہے؟
ج:۔ دونوں فوجیں آمنے سامنے ہوئیں تو لوگوں نے دیکھا کہ خود ان کے جگر کے ٹکڑے تلوار کے سامنے تھے۔ حضرت ابوبکرؓ کے بیٹے جو اب تک کافر تھے میدان جنگ میں بڑھے تو حضرت ابوبکرؓ تلوار کھینچ کر نکلے عتبہ میدان میں آیا تو حضرت حذیفہ عتبہ کے فرزند کے مقابلے کو نکلے۔ حضرت عمرؓ کی تلوار اپنے ماموں کے خون سے رنگین ہوئی۔
س:۔ میدان بدر میں جب گھمسان کی جنگ ہو رہی تھی آنحضرت ﷺ نے کیا کیا تھا؟

ج:۔ مٹھی بھر ریت لے کر دشمن کی طرف پھینکی اور فرمایا۔ شاہت الوجوہ۔ شاہت الوجوہ۔

س:۔ شاہت الوجوہ کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ منہ کالے ہو جائیں۔

س:۔ اس مٹھی بھر ریت نے کیا اثر کیا؟

ج:۔ خدا کی قدرت سے مٹھی بھر ریت ایک ہولناک آندھی بن گئی۔ اڑتی ہوئی ریت سے دشمن کی آنکھیں بند ہونے لگیں۔

س:۔ میدان جنگ سے تھوڑی دور ایک ٹیلے پر بنی غفار کے دو دشمن کھڑے بدر کے میدان میں لڑائی کا منظر دیکھ رہے تھے انہوں نے کیا دیکھا؟

ج:۔ ان کی نظر ایک سیاہ بادل کے ٹکڑے پر پڑی جو شمال کی جانب سے اڑتا چلا آ رہا تھا۔ اور اس میں سے گھوڑوں کے ہنہنانے کی آوازیں آ رہی تھیں۔ اور انہوں نے بادل کی گرج کی سی آواز سنی "حیزوم آگے بڑھو۔"

س:۔ یہ پراسرار آواز کس کی تھی؟

ج:۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کی۔ آسمان سے فرشتے مسلمانوں کی مدد کے لئے اتارے گئے تھے۔ وہ سب سفید گھوڑوں پر سوار تھے۔ اور ان سے آگے زرد عمامے والے حضرت جبرئیلؑ تھے۔

س:۔ جنگ بدر میں ابوجہل کو زخمی کرکے زمین پر کس نے گرایا تھا اور اس کی گردن کس نے کاٹی تھی؟

ج:۔ معوذؓ بن عفراؓ نے۔ اور گردن عبداللہ بن مسعود نے کاٹی تھی۔

س:۔ جنگ بدر میں کتنے مجاہدین اسلام شہید ہوئے اور کفار کتنے ہلاک ہوئے؟

ج:۔ جنگ بدر میں چودہ مجاہدین اسلام شہید اور ستر مشرک ہلاک ہوئے۔

س:۔ حیس کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ عرب میں اس زمانے میں پنیر' کھجور اور گھی ملا کر ایک کھانا بنایا جاتا تھا جسے حیس کہتے تھے۔

س:۔ حضرت عثمانؓ جنگ بدر میں کیوں شامل نہ ہوئے تھے؟

ج:۔ ان کی زوجہ حضرت رقیہؓ بیمار تھیں۔

س:۔ جنگ بدر میں جو کفار قیدی بنائے گئے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

ج:۔ دو دو چار چار قیدی صحابہ کو تقسیم کر دیئے گئے اور ارشاد ہوا کہ ان کو آرام

کے ساتھ رکھا جائے۔

س:۔ جنگ بدر کے قیدیوں کو فدیہ لے کر بھی رہا کیا گیا تھا بتایئے کتنا فدیہ لیا گیا؟

ج:۔ ہر قیدی سے چار ہزار درہم فدیہ لیا گیا۔

غزوہ کدر

س:۔ غزوہ کدر سے متعلق تاریخ اسلام کیا کہتی ہے؟

ج:۔ اس غزوہ میں آپؐ بنی سلیم کے چشموں میں سے ایک چشمے پر پہنچے جس کا نام کدر تھا۔ کوئی مقابلہ نہ ہوا۔ وہاں آپؐ نے تین روز قیام کیا پھر مدینہ واپس تشریف لائے۔

غزوہ سویق

س:۔ سویق کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ سویق عربی میں "جو" کو کہتے ہیں۔

غزوہ ذی امر

س:۔ غزوہ ذی امر کس کا نام ہے؟

ج:۔ غزوہ سویق سے واپس تشریف لاکر حضورؐ نے ذی الحجہ کے باقی حصہ تک مدینہ ہی میں قیام کیا۔ پھر غطفان کے لئے نجد کا ارادہ فرمایا اور اسی کا نام غزوہ ذی امر ہے۔

غزوہ بحران

س:۔ غزوہ بحران میں آنحضورؐ کس سے مقابلہ کے ارادے سے مدینہ سے نکلے؟

ج:۔ قریش کے مقابلے کے لئے۔

غزوہ بنی قینقاع

س:۔ غزوہ بنی قینقاع کا واقعہ کیا ہے؟

ج:۔ عرب کی ایک خاتون اپنا کچھ سامان بیچنے کے لئے لائی اور بنی قینقاع کے بازار میں اسے بیچ کر ایک سنار کے پاس بیٹھ گئی۔ انہوں نے خاتون کا چہرہ بے نقاب کرنا چاہا تو اس نے انکار کیا۔ سنار نے اس خاتون کے کپڑے کا سرا اس کی

پچھلی جانب باندھ دیا۔ جب وہ اٹھی کپڑا اٹھ گیا۔ سب نے اس کی ہنسی اڑائی۔ وہ چلائی تو مسلمانوں میں سے ایک شخص نے اس سنار پر حملہ کرکے اسے قتل کر ڈالا۔ وہ یہودی تھا۔ یہودیوں نے اس مسلمان کو شہید کر دیا تو دوسرے مسلمان حمیت ملی سے بھڑک اٹھے بنی قینقاع میں فرقہ وارانہ فساد ہو گیا تو رسول اللہ صلعم نے بنی قینقاع کا محاصرہ کیا جو پندرہ روز جاری رہا۔

"سریہ زید بن حارثہ"

س:۔ سریہ زید بن حارثہ کی روداد کیا ہے؟

ج:۔ قریش کا قافلہ ابو سفیان کی سرداری میں بہت سی چاندی لے کر شام تجارت کرنے جا رہا تھا کہ زید القردوہ کے چشمے پر قریش کے قافلہ پر حملہ آور ہوئے۔ اور اسے لوٹ لیا۔

س:۔ کعب بن اشرف کون تھا؟

ج:۔ بڑا جنگجو یہودی تھا۔ عرب کا مانا ہوا نیزے باز تھا۔ حضورؐ کے خلاف ہرزہ سرائی کرتا تھا۔ اس کے قتل سے یہودیوں پر دہشت طاری ہو گئی۔

غزوۂ احد

س:۔ جنگ احد کب پیش آئی اور اس کے اسباب کیا تھے؟

ج:۔ یہ جنگ قریش نے اپنی شکست کا بدلہ لینے کے لئے کی تھی۔

س:۔ وحشی کون تھا؟

ج:۔ جبیر بن مطعم کا غلام تھا۔ جو حبشیوں کے انداز میں حربہ پھینکتا تھا اور خطا نہ جاتا تھا۔

س:۔ جنگ احد میں لشکر اسلام میں تیر اندازوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ کل پچاس۔

س:۔ جنگ احد میں لشکر اسلام کا علمبردار کون تھا؟

ج:۔ مصعب بن عمیر۔

س:۔ لشکر قریش کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

ج:۔ تین ہزار افراد۔ جن میں گھوڑ سوار دو سو تھے۔

س:۔ لشکر قریش میں سواروں کے میمنہ اور میسرہ پر کون مقرر تھے؟

ج:۔ میمنہ پر خالد بن ولید اور میسرہ پر عکرمہ بن ابو جہل۔

س:۔ جنگ کی ابتدا کس نے کی؟
ج:۔ لشکر قریش نے۔
س:۔ جنگ احد میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟
ج:۔ جنگ احد میں مجاہدین اسلام کا نعرہ "امت۔ امت" تھا۔
س:۔ "امت۔ امت" کے کیا معنی ہیں؟
ج:۔ مارو۔ مارو
س:۔ مصعب بن عمیرؓ کی شہادت جنگ احد میں کیسے ہوئی؟
ج:۔ مصعب بن عمیرؓ رسول اللہ صلعم کی مدافعت کرتے ہوئے مصروف قتال تھے اسی حالت میں ان کو شہید کر دیا گیا۔
س:۔ مصعب بن عمیرؓ کا قاتل کون تھا؟
ج:۔ ابن قمیہ لیثی۔
س:۔ رسول اللہ صلعم اور مصعب بن عمیرؓ میں قدر مشترک کیا تھی؟
ج:۔ مصعب رسول اللہ صلعم کے ہمش کل تھے۔
س:۔ جنگ احد میں مشرکین کو شکست ہو چکی تھی لیکن فتح میں کیسے بدل گئی؟
ج:۔ مشرکین شکست کھا کر بھاگے تو مسلمان مال غنیمت لوٹنے میں لگ گئے۔ یہاں تک کہ لشکر اسلام کے تیراندازوں نے اپنی جگہ چھوڑ دی۔ خالد بن ولید نیزے بازوں کا دستہ لے کر پر آن پڑا۔ مجاہدوں کو نیزے پر دھر لیا۔
س:۔ رسول اللہ صلعم کو کس نے زخمی کیا؟
ج:۔ عتبہ بن وقاص نے آپؐ کے چہرہ مبارک کو زخمی کیا۔
س:۔ چوٹ لگنے سے حضورؐ کے کتنے دندان مبارک شہید ہوئے؟
ج:۔ دو دندان مبارک۔
س:۔ جنگ احد میں مسلمان مقتولین کے ساتھ ہندہ بن عتبہ ابو سفیان کی بیوی نے کیا سلوک کیا؟
ج:۔ شہدائے احد کا مثلہ کیا۔ ان کے ناک کان کاٹ کر ہار بنا کر گلے میں ڈالے۔ ہندہ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا کلیجہ چبایا۔
س:۔ شہدائے احد کی تجہیز و تکفین کے بارے میں تاریخ کیا کہتی ہے؟
ج:۔ انہیں خاک و خون سے لتھڑے ہوئے لباس ہی میں دفن کر دیا گیا۔
س:۔ کہتے ہیں جب مشرکین جنگ احد سے واپس گئے تو ہندہ نے کچھ اشعار کہے

تھے وہ کیا تھے۔

ج:۔ ہندہ نے اس نے اس موقعہ پر جو اشعار کہے ان کا مطلب یہ ہے کہ میں اس حالت میں واپس آئی ہوں کہ میرے دل میں بہت سے غم باقی رہ گئے ہیں۔ وہ مقاصد پورے نہ ہو سکے جو میں اصحاب بدر کے سلسلے میں پورے کرنا چاہتی تھی۔ اس میں شک نہیں کہ میں نے کسی نہ کسی حد تک اپنا مقصد پورا کر لیا ہے مگر اس سفر اور جنگجوئی سے جو حاصل کرنے کی امیدیں لے کر آئی تھی وہ سب پوری نہ ہوئیں۔

سانحہ رجیع

س:۔ سانحہ رجیع کی روداد کیا ہے؟

ج:۔ جنگ احد کے بعد قبیلہ عضل اور قبیلہ قارہ کا ایک گروہ رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ ان کے قبیلہ میں دین کی سمجھ پیدا کرنے کے لئے کچھ رفقاء روانہ کئے جائیں جو ان میں دین کی سوجھ بوجھ پیدا کریں۔ رسول مقبولؐ نے چھ معلمین ان کے ساتھ روانہ کئے جنہیں شہید کر دیا گیا۔ مشرکین انہیں دھوکہ دے کر اپنے ساتھ لے گئے تھے۔

س:۔ ان معلمین کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ مرثدؓ بن ابو مرثد غنوی۔ خالد بن بکیرؓ لیثی۔ عاصم بنؓ ثابت ابو لا قلح۔ خبیبؓ بن عدی۔ زید بنؓ دثنہ بن معاویہ۔ عبداللہ بن طارق۔

س:۔ کس شاعر نے شانحہ رجیع پر قبیلہ ہذیل کی ہجو کہی تھی؟

ج:۔ شاعر اسلام حسان بنؓ ثابت نے۔

واقعہ بیر معونہ

س:۔ بیر معونہ کہاں واقع تھا اور وہاں کیا واقع پیش آیا تھا جسے تاریخ اب تک دہرا رہی ہے؟

ج:۔ بئر معونہ ارض بنو عامر اور حرہ بنو مسلم کے درمیان واقع تھا' اور اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ ابو براعامر قبیلہ بنو عامر کا رئیس حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا کہ اگر حضورؐ اپنے چند اصحاب کو بعد روانہ فرمائیں تو مجھے امید ہے اسلام کی اشاعت ہوگی۔ وہ لوگ مسلمان ہو جائیں گے۔ اس کے کہنے پر حضورؐ نے چالیس صحابہ کو بعد روانہ کر دیا۔ عامر بن طفیل نے بنی سلیم'

بنی اور ذکوان کے قبیلوں کو صحابہ کو قتل کرنے پر اکسایا اور انہیں قتل کر دیا ہے۔ چاروں طرف سے صحابہ کو گھیرا لیا گیا۔ صحابہ بھی تلواریں سونت کر ان پر جا پڑے' اور سوائے کعب بن زید کے سب صحابہ شہید ہو گئے۔ کعب زخمی حالت میں مقتولوں کی لاشوں میں سے کھسک کھسک کر نکل گئے۔ یہ واقعہ تاریخ اسلام میں واقعہ بیر معونہ کے نام سے موسوم ہے۔

بنو نضیر کی جلاوطنی

س:۔ بنو نضیر کون تھے؟

ج:۔ ایک اسرائیلی قبیلے کے یہودی۔

س:۔ ان کی جلاوطنی کا سبب کیا تھا؟

ج:۔ انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ فریب کیا تھا۔ انہوں نے حضورؐ پر فصیل پر سے پتھر گرا کر شہید کرنے کی کوشش کی۔ جبریلؑ نے حضورؐ کو اس واقعہ کی خبر کر دی۔

س:۔ محاصرہ بنو نضیر کس ماہ میں ہوا؟

ج:۔ ربیع الاول میں۔

س:۔ اسی مہینے جو اور حکم نازل ہوا تھا وہ کیا تھا؟

ج:۔ شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا تھا۔

س:۔ حرمت شراب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ امتناع شراب۔ شراب کی مناہی۔

س:۔ یہودیوں کے جو اشراف ہجرت کر کے خیبر چلے گئے تھے ان میں کون کون شامل تھا؟

ج:۔ سلام بن ابوالحقیق۔ کنانہ ابن ربیع۔ حئی بن خلب

س:۔ بنی نضیر میں سے اسلام لانے والے دو یہودیوں کے نام بتائیں؟

ج:۔ یامین بن عمیر اور دوسرے کا نام ابو سعد بن وہب۔

غزوہ ذات الرقاع

س:۔ غزوہ ذات الرقاع کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

ج:۔ اس غزوہ کے وقت درختوں میں پیوند لگائے گئے تھے۔ رقعہ پیوند کو کہتے ہیں۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ اس موضع میں ایک درخت تھا جسے ذات

الرقاع کہا جاتا تھا۔ اسی نسبت سے اس غزوہ کو ذات الرقاع کہتے ہیں۔

س:۔ یہاں مجاہدین اسلام کا ٹکراؤ کس سے ہوا؟

ج:۔ یہاں قبیلہ غطفان کی ایک بہت بڑی جمعیت سے سابقہ پڑا۔ دونوں فریق ایک دوسرے کے قریب ہوگئے۔ گو جنگ کی نوبت نہ آئی مگر ایک دوسرے سے خوف و اندیشہ اس حد تک بڑھ گیا تھا کہ آنحضرتؐ نے صلوٰۃ خوف ادا کی۔

س:۔ جب رسول اللہؐ غزوہ ذات الرقاع کے بعد مدینہ واپس تشریف لائے تو کتنا عرصہ وہاں قیام فرمایا؟

ج:۔ پورے دو مہینے قیام فرمایا۔ جملوی الاولیٰ اور جملوی الاخری۔

غزوہ بدر الاخریٰ

س:۔ غزوہ بدر الاخریٰ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ جنگ احد میں ابو سفیان بنؓ حرب نے مسلمانوں سے کہا تھا کہ ہمارا تمہارا مقابلہ آئندہ سال بدر میں ہوگا لہٰذا رسول اللہؐ نے ابو سفیانؓ کے وعدے کے مطابق بدر کا ارادہ کیا اور بدر پہنچ کر ابو سفیان کے لشکر کی آمد کا انتظار کرنے لگے۔

س:۔ حضورؐ نے کتنے روز انتظار فرمایا؟

ج:۔ آٹھ روز۔

غزوہ خندق
غزوہ احزاب

س:۔ غزوہ خندق کب پیش آیا؟

ج:۔ شوال 3ھ میں۔

س:۔ غزوہ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج:۔ غزوۂ احزاب

س:۔ اس کو غزوہ احزاب کیوں کہتے ہیں؟

ج:۔ بنو نضیر او بنو وائل سے تعلق رکھنے والے کچھ یہودی جن میں سلام ابن الحقیق نضری، حیی بن اخطب نضری، کنانہ بن ابو الحقیق، ہوزہ بن قیس وائلی اور ابو عمار وائلی شامل تھے۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے رسول اللہؐ کے خلاف تمام احزاب (جماعتیں) اکٹھی کیں۔ مدینہ سے نکل کر قریش کے پاس مکہ پہنچے

انہیں آنحضورؐ کے خلاف جنگ کرنے کی دعوت دی اور آخری وقت تک ساتھ دینے کا یقین دلایا۔ پھر یہ لشکر جرار روانہ ہوا۔ ہر قبیلہ کا قائد اپنے قبیلے کی قیادت کر رہا تھا۔

س:۔ ان قائدوں اور قبیلوں کی تفصیل کیا ہے؟

ج:۔ قریش کا قائد ابو سفیان بن حرب تھا۔ قبیلہ غطفان کے تین سالار تھے عیینہ بن حصین۔ حذیفہ بن بدر اور حارث بن عوف اپنے اپنے قبیلے کی قیادت کر رہے تھے۔

س:۔ خندق کھودنے میں کچھ معجزات کا ظہور ہوا وہ معجزات کیا تھے؟

ج:۔ ایک جگہ خندق کی زمین بہت سخت آگئی جسے کھودنا دشوار ہو گیا۔ آپؐ نے پانی کا ایک برتن طلب فرمایا۔ اس پر کوئی دعا فرمائی۔ اور پانی زمین پر چھڑک دیا گیا۔ وہ زمین گرم ہو گئی۔

س:۔ اس خندق کی عسکری اہمیت کیا تھی؟

ج:۔ دشمن کے گھوڑ سوار، گھوڑے کدا کر اندر آنے میں ناکام رہے اور پیدل بھی اسے عبور نہ کر سکے۔

س:۔ جنگ خندق میں قریش کا محاصرہ کب اور کیسے ختم ہوا؟

ج:۔ مشرکوں پر قہر خداوندی نازل ہوا۔ سردی کے موسم میں بڑی تیز ہوا چلی۔ دشمن کے تمام خیمے الٹ گئے۔ اہل لشکر پریشان ہو کر بھاگ نکلے۔ قریش کے جانے کی خبر سن کر غطفان بھی وہاں سے چلے گئے۔

س:۔ اس واقعہ کے بعد حضورؐ نے کیا کیا؟

ج:۔ تمام مسلمانوں کو ساتھ لے کر خندق سے مدینہ واپس تشریف لائے اور سب نے ہتھیار اتار دیئے۔

غزوہ بنی قریظہ

س:۔ غزوہ قریظہ کے بارے میں تاریخ اسلام کیا کہتی ہے؟

ج:۔ غزوہ خندق سے واپس ہو کر مسلمان مدینہ منورہ میں داخل ہوئے اور مسلمان اپنے ہتھیار اتارنے لگے تو ظہر کے وقت جبریلؑ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ فرشتوں نے ابھی ہتھیار نہیں رکھے۔ آپؐ کو خدا نے حکم دیا ہے کہ ابھی بنی قریظہ کی مہم پر تشریف لے جائیں۔ حضورؐ نے

منادی کردی کہ مجاہدین اسلام عصر کی نماز بنی قریظہ میں پڑھیں۔

س:۔ حضورؐ نے بنو قریظہ کا محاصرہ کب تک جاری رکھا؟

ج:۔ پندرہ دن۔

س:۔ یہودیوں نے ابو لبابہؓ بن منذر ایسے پکے اور سچے مسلمان کو اپنا ترجمان بنایا۔ ان پر اعتماد کیسے کیا؟

ج:۔ ابو لبابہ بنی عمرو بن عوف میں سے تھے اور بنی قریظہ کے حلیف تھے حضورؐ نے انہیں اپنی طرف سے بنی قریظہ کے پاس بھیج دیا۔ جب وہ ان کے پاس پہنچے تو بنو قریظہ کے بہت مرد عورتیں رونے لگے۔ ابو لبابہ کو رحم آگیا۔ اشارتاً یہ بتا دیا کہ اگر تم نیچے اتر آئے تو ذبح کر دیئے جاؤ گے۔ کہتے ہیں ابو لبابہؓ کو خیال آیا کہ انہوں نے امانت میں رسولؐ کی خیانت کی ہے۔ اسی وقت مسجد میں اپنے آپ کو ستون سے باندھ لیا۔

س:۔ ابو لبابہؓ کتنے دن ستون سے بندھے رہے؟

ج:۔ چھ دن۔ جب نماز کا وقت ہوتا یا رفع حاجت کی طلب ہوتی تو ان کی بیوی ان کو کھول دیتی۔ اس کے بعد پھر اسی ستون سے باندھ دیتی۔

س:۔ بنو قریظہ کا محاصرہ کب اور کیسے ختم ہوا؟

ج:۔ مسلمان قلعہ پر فیصلہ کن ہلہ بولنے والے تھے کہ یہودی قلعہ سے نکل آئے اور ہتھیار ڈال دیئے ان سب کو گرفتار کر لیا گیا۔

س:۔ قتل ہونے والے یہودیوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ نو سو۔

س:۔ یہودی بچوں اور عورتوں کے ساتھ سلوک کیا گیا؟

ج:۔ بچوں اور عورتوں کو قید کر دیا گیا۔ صرف ایک یہودی عورت کو قتل کیا گیا۔

س:۔ قتل کی جانے والی اس یہودی عورت کا جرم کیا تھا؟

ج:۔ اس نے بنی قریظہ کی جنگ میں مسلمانوں میں حلاد بن سویدؓ بن حلبہ پر قلعہ کی فصیل پر سے چکی کا پاٹ گرا دیا تھا۔

غزوہ بنی لحیان سے غزوہ بنی مصطلق تک

س:۔ غزوہ بنی لحیان کے بارے میں تاریخ اسلام کیا کہتی ہے؟

ج:۔ بنی قریضہ کی جنگ کے بعد حضورؐ مدینہ میں پانچ مہینے رہے۔ چھٹے مہینے بنی لحیان سے جنگ پر جانے سے پہلے مدینہ میں ابن ام مکتومؓ کو حاکم مقرر کیا۔

س:۔ اس غزوہ میں دشمن تک پہنچے کا کونسا راستہ اختیار کیا؟

ج:۔ آپؐ مدینے سے نکل کر جبل اعراب پر سے گزرے۔ وہاں سے مقام مستفقس پر آئے۔ وہاں سے تیرا پر اور پھر یہاں سے پتھریلے میدان سے گزر کر سیدھے راستے پر آگئے۔ یہاں سے آپؐ نے تیز رفتاری شروع کی۔ یہاں تک کہ غران میں پہنچے تو بنی لحیان پہاڑ کی چوٹیوں اور قلعوں میں بھاگ گئے۔

س:۔ رسول اللہؐ کے اونٹوں پر عیینہ بن حصن کے ڈاکے کا کیا واقعہ ہے؟

ج:۔ بنی لحیان کے غزوہ سے واپسی پر حضورؐ مدینہ میں دو تین رات ہی رہے کہ عیینہ بن حصن حضورؐ کے اونٹوں پر آن پڑا۔ ان کو لوٹ لیا۔

س:۔ غزوہ ذی قرد کی روداد کیا ہے؟

ج:۔ اس مقام پر سلمہ بن اکوع نے لٹیروں کو جا لیا۔ اپنے اونٹ ان سے چھوڑا لئے۔

س:۔ غزوہ بنی مصطلق کیسے پیش آیا؟

ج:۔ حضور ختمی مرتبت کو خبر ملی کہ بنی مصطلق مسلمانوں کے ساتھ جنگ کی زبردست تیاری کر رہے ہیں۔ حضورؐ اودھر روانہ ہوئے مقام مریسیع پر جو ایک چشمہ کا نام تھا دونوں لشکروں کی مڈبھیڑ ہوئی۔ مسلمان غالب آئے۔

س:۔ غزوہ بنی مصطلق میں مسلمانوں کا شعار کیا تھا؟

ج:۔ یا منصور امت۔

س:۔ اس غزوہ میں مالک اور اس کے بیٹے کو کس نے قتل کیا؟

ج:۔ حضرت علیؓ نے۔

س:۔ اس غزوہ کے قیدیوں کا کیا ہوا؟

ج:۔ مسلمانوں میں تقسیم کر دیئے گئے۔

س:۔ حضرت جویریہؓ بنت حارث ایک صحابی ثابت بن قیس کے حصہ میں آئی تھیں حضورؐ نے ان کے ساتھ مناکحت کیسے کی؟

ج:۔ حضرت جویریہؓ نے ان سے کتابت کر لی تھی۔

س:۔ کتابت کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ ثابت بن قیس کو کچھ رقم ادا کر کے آزاد ہو گئیں۔

س:۔ حضرت جویریہؓ کے رسول اللہؐ سے شادی کر لینے سے کیا فائدہ ہوا؟
ج:۔ بنی مصطلق کے قیدی آزاد کر دیئے گئے۔

واقعہ افک

س:۔ حضرت عائشہؓ پر مفتریانہ تہمت کا واقعہ کیسے پیش آیا؟
ج:۔ حضورؐ جب سفر پر جاتے تو قرعہ ڈالتے جس بیوی کا نام نکلتا اسے ساتھ لے جاتے۔ غزوہ بنی مصطلق حضرت عائشہؓ کا نام نکلا۔ وہی شریک سفر ہوئیں۔ راستے میں اتفاقاً" زوجہ رسولؐ کا ہار گر گیا۔ اسے ڈھونڈنے لگیں۔ واپس آئیں تو قافلہ دور نکل چکا تھا۔ بڑی پریشان ہوئیں۔ اسی اثناء صفوانؓ بن معطل سلمی وہاں سے گزرا۔ حضرت عائشہؓ کو وہاں بیٹھا دیکھ کر ان کو اونٹ پر بٹھا دیا اور صفوانؓ اس کی نکیل پکڑ کر آگے ہو لیا۔ لیکن زوجہ رسولؐ پر تہمت لگا دی گئی۔
س:۔ تہمت لگانے والا کون تھا؟
ج:۔ عبداللہ بن ابی سلول
س:۔ اس کا حضورؐ پر کیا رد عمل ہوا؟
ج:۔ حضورؐ بڑے غمزدہ ہوئے اور حضرت عائشہ کو طلاق دینے پر آمادہ ہو گئے۔ پھر وحی نازل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے بریت نازل فرما دی۔
س:۔ حضرت عائشہؓ پر واقعہ افک کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟
ج:۔ مدینہ پہنچتے ہی حضرت عائشہؓ سخت علیل ہو گئیں۔

صلح حدیبیہ

س:۔ آنحضورؐ حدیبیہ میں محض زیارت اللہ کے ارادے سے روانہ ہوئے تھے۔ یا جنگ و جدال کے ارادہ سے؟
ج:۔ حضورؐ زیارت بیت اللہ کے ارادے سے روانہ ہوئے تھے۔ اپنے ساتھ ستر اونٹوں کی ھدی بھی لے گئے تھے۔
س:۔ ھدی سے کیا مراد ہے؟
ج:۔ قربانی کے اونٹ۔
س:۔ یہ جماعت کتنے افراد پر مشتمل تھی۔
ج:۔ سات سو افراد پر۔
س:۔ مدینہ سے روانہ ہو کر جب رسول اللہؐ عسفان پہنچے تو آپؐ کی ملاقات کس

سے ہوئی تھی اور اس نے کیا اطلاع دی تھی؟

ج:۔ بشر بن سفیان رسول اللہؐ سے ملا تھا اور اس نے یہ اطلاع دی تھی کہ آپؐ کی آمد کی اطلاع پا کر قریش کیل کانٹے سے لیس ہو کر وادی ذی طوی میں ڈٹے ہوئے ہیں۔

س:۔ یہ سن کر رسول اللہ نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ کون ہے جو یہ راستہ چھوڑ کر مجھے کسی ایسے راستے سے لے چلے جس میں قریش نہ ہوں؟

س:۔ وہ کون شخص تھا جس نے یہ کام اپنے ذمے لیا؟

ج:۔ قبیلہ اسلم کا ایک آدمی جس کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

وہ حضورؐ کو پتھریلے راستے سے گھاٹیوں کے اندر ہوتا ہوا لے گیا۔ آپؐ نے حکم دیا دائیں طرف ظہری الشمس کے درمیان اس راستے پر چلو جو ثنیتہ المرار پر نکلتا تھا۔ لشکر اسی راستے پر چل دیا۔ قریشی سواروں نے جب اس لشکر کا غبار دیکھا تو انہوں نے اپنا راستہ بدل دیا۔ دوڑتے ہوئے قریش کے پاس واپس آگئے اور جب رسول اللہؐ ثنیتہ المرار پہنچے تو آپؐ کی اونٹنی بیٹھ گئی۔ لوگوں نے کہا خلات یعنی اونٹنی اپنی جگہ نہیں چھوڑے گی۔

س:۔ اس موقع پر رسول اللہ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ آپؐ نے فرمایا رکنا اس کی عادت نہیں اسے اس پاک ہستی نے روک دیا ہے جس نے مکہ سے ہاتھیوں کو روک دیا تھا۔ پھر حضورؐ نے لوگوں سے مزید فرمایا۔ انزلوا۔ اتر پڑو۔

س:۔ اس موقع پر حضورؐ سے کیا کہا گیا؟

ج:۔ اس وادی میں پانی نہیں جہاں ہم لوگ اتریں۔ رسول اللہ نے ترکش نے تیر نکالا اور اپنے صحابی کو دیا۔ یہ صحابی تیر لے کر ایک خشک کنویں میں اتر گئے اور تیر اس میں گاڑ دیا۔ پھر کیا تھا کثیر پانی ابل پڑا۔

س:۔ تیر لے کر کنویں میں اترنے والے صحابی کا نام کیا تھا؟

ج:۔ ناجیہ بن جندوب۔

س:۔ اس موقع پر کہتے ہیں قریش نے اپنا ایک ترجمان رسول اللہ کی خدمت میں بھیجا تھا اس کا کیا نام تھا؟

ج:۔ اس کا نام مکرز بن حفص تھا۔ اسے دیکھتے ہی حضورؐ نے فرمایا۔ یہ شخص

عہد شکنی کرنے والا ہے۔

س:۔ مکرز کے بعد قریش نے کس کو بھیجا تھا؟

ج:۔ جلیس بن ابن علقمہ کو۔ جو حبشیوں کا سردار تھا۔ اسے دیکھتے ہی حضورؐ نے فرمایا یہ شخص عبادت گزار ہے۔

س:۔ کہتے ہیں اس موقع پر حضرت عثمانؓ کو سفیر بنا کر بھیجا تھا اور ایک پیغام بھیجا تھا۔ وہ پیام کیا تھا؟

ج:۔ یہ کہ حضرت عثمان قریش سے کہیں کہ مسلمان جنگ کے ارادے سے نہیں آئے۔ ہمارے پاس کوئی سامان جنگ نہیں۔

س:۔ حضرت عثمانؓ کی پیغام رسانی کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ قریش نے انہیں روک لیا تو مسلمانوں میں یہ مشہور ہو گیا کہ حضرت عثمانؓ قتل کر دیئے گئے۔

س:۔ اس وحشت اثر خبر کا مسلمان پر کیا رد عمل ہوا؟

ج:۔ حضورؐ نے خراش بن امیر خزاعی کو بطور قاصد قریش کے پاس بھیجا۔

س:۔ قریش نے قاصد رسولؐ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج:۔ قریش نے اس اونٹ کی کونچیں کاٹ دیں اور خراش بن امیر کو قتل کرنا چاہا مگر لوگوں کے منع کرنے پر چھوڑ دیا۔

س:۔ خراش بن امیر کے جس اونٹ کی کونچیں کاٹیں اس کا نام کیا تھا؟

ج:۔ اس اونٹ کا نام ثعلب تھا۔

بیعت رضواں

س:۔ بیعت رضوان سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ رسول اللہؐ کو یہ خبر ملی کہ حضرت عثمانؓ کو قتل کر دیا گیا ہے تو آپؐ نے فرمایا اب ہم اس جگہ سے اس وقت تک نہ ہٹیں گے جب تک اس قوم سے جنگ نہ کرلیں گے۔ آپؐ نے لوگوں کو بیعت کرنے کی دعوت دی۔ یہی بیعت رضوان ہے جو درخت کے نیچے لی گئی۔

س:۔ جس شخص نے بیعت رضوان کے موقع پر سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی وہ کون تھا؟

ج:۔ ابو سفان اسدی۔

س:۔ وہ شخص کون تھا جس نے اس موقعہ پر بیعت نہ کی۔
ج:۔ وہ جد بن قیس اسلمی تھا۔ جو اپنے اونٹ کے پیٹ سے لگ کر چھپ گیا تھا۔
س:۔ صلح نامہ کی واضح دفعات کیا تھیں۔
ج:۔ صلح نامہ حدیبیہ کی واضح دفعات یہ تھیں کہ تمام قبائل آزاد ہیں کہ وہ محمدؐ کے حلیف بنیں یا قریش کے۔ اس بارے میں کسی کو مجبور نہ کیا جائے گا۔
آئندہ سال مسلمانوں کو اس شرط پر داخلہ کی اجازت ہوگئی کہ وہ معمولی حفاظتی ہتھیاروں سے بھی مسلح نہ ہوں۔ آج سے دس سال تک ایک دوسرے کے درمیان آمدورفت امن کے ساتھ جاری رہے گی۔
س:۔ اس معاہدہ کا عام مسلمانوں پر کیا ردعمل ہوا؟
ج:۔ یہ معاہدہ مسلمانوں کے حق میں بظاہر مغلوبیت کی علامت تھی اور اس میں قریش کی فتح معلوم ہوتی تھی۔
س:۔ اس معاہدہ کے درمیان کوئی خاص واقعہ رونما ہوا تو بتائیں۔
ج:۔ ابھی صلح نامہ لکھا ہی جا رہا تھا کہ حضرت ابو جندلؓ بن سہیل زنجیروں میں جکڑے ہوئے قریش کی قید سے فرار ہو کر آئے لیکن معاہدے کی رو سے انہیں مشرکوں کی طرف واپس لوٹانا پڑا۔
س:۔ علمائے سیرت کے نقطہ نظر سے صلح حدیبیہ کا کیا نتیجہ نکلا؟
ج:۔ کفار اور مسلمانوں کے درمیان سلسلہ آمدورفت قائم ہو جانے سے اسلام کی اس قدر اشاعت ہوئی کہ تھوڑی ہی مدت میں کفار کی اکثر جماعتیں مشرف بہ اسلام ہوگئیں۔
س:۔ اس صلح نامہ کے محرر کون تھے؟
ج:۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ

خالد بن ولید کا اسلام

س:۔ کیا یہ صلح نامہ حدیبیہ کی برکت تھی کہ حضرت خالد بن ولید اور عمرو بن العاص برضاؤ رغبت مسلمان ہوئے۔
ج:۔ خالد اور عمرو کے اسلام لانے کی سب سے بڑی وجہ تو دین فطرت اسلام کی اپنی کشش و جاذبیت تھی اور یہ بھی حقیقت ہے کہ خالد و عمرو اس معاہدہ سے

بے حد متاثر ہوئے۔

س:۔ زہری سے روایت ہے کہ جب رسول اللہؐ واپس آ رہے تھے تو مکہ اور مدینہ کے درمیان آپؐ پر سورت نازل ہوئی۔ وہ کونسی سورت تھی؟

ج:۔ سورۃ فتح۔

س:۔ حدیبیہ سے واپس ہو کر آنحضرتؐ مدینہ میں کب تک قیام پذیر رہے؟

ج:۔ ذوالحجہ کا پورا مہینہ اور محرم کا کچھ حصہ۔

غزوۂ خیبر

س:۔ غزوۂ خیبر کے اسباب کیا تھے؟

ج:۔ حدیبیہ سے مدینہ آئے حضورؐ کو ابھی تھوڑے ہی دن ہوئے تھے کہ خبر ملی کے یہودی مدینہ پر حملہ کرنے والے ہیں۔ حضورؐ عازم خیبر ہوئے۔

س:۔ غزوہ خیبر کے دوران مدینہ کا عامل کسے مقرر کیا گیا تھا؟

ج:۔ نمیلہ بن عبداللہ لیثی کو۔

س:۔ اسلامی لشکر کے مقدمہ کا سردار کون تھا؟

ج:۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔

س:۔ اسلامی لشکر کے میسرہ کے سردار کون تھے؟

ج:۔ کوئی اور صحابی تھے جن کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

س:۔ غزوہ خیبر میں بیس صحابیہ عورتیں بھی شامل تھیں۔ ان کی شمولیت کی غرض و غایت کیا تھی؟

ج:۔ بیماروں اور زخمیوں کی تیمار داری۔ خبر گیری۔

س:۔ عامر بن اکوع کون تھے؟

ج:۔ بڑے خوش الحان حدی خواں تھے۔

س:۔ خیبر کے سفر میں وہ حدی کیا تھی؟

ج:۔ اے اللہ تو اگر ہدایت نہ فرماتا تو ہم کبھی ہدایت نہ پاتے۔

س:۔ جب رسول اللہ کو خیبر نظر آیا تو آپؐ نے دعا فرمائی تھی وہ کیا دعا تھی؟

ج:۔ اے اللہ ہم اس بستی اور اس کے باشندوں کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔

س:۔ لشکر اسلام کس وقت خیبر پہنچا تھا؟

ج:۔ رات کے وقت لیکن رسول اللہ صلعم رات کو لڑائی شروع نہ کرتے تھے اور نہ شب خوں مارتے تھے۔ اس لئے لشکر اسلام نے میدان میں ڈیرے ڈال دیئے تھے۔

س:۔ خیبر کے کتنے قلعے تھے اور ان کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ خیبر کے دس قلعے تھے اور ان کے نام درج ذیل ہیں۔

قلعہ ناعم۔ قلعہ ملاۃ۔ قلعہ حصن۔ یہ چاروں قلعے حصوں ملاۃ کے نام سے مشہور تھے۔ حصن شن۔ حصن الزجیر۔ حص البر۔ حسن ابی۔ یہ تینوں حصون شن کہلاتے تھے۔ حصن قموص طبری۔ حصن دطیح یہ چاروں حصون بشیر کے نام سے نامزد تھے اور ان کو قلعہ خیبر بھی کہتے تھے۔

س:۔ رسول اکرم صلعم نے یہودیوں کے یہ قلعے یکدم فتح کئے یا ایک ایک کرکے فتح کئے؟

ج:۔ آنحضرت صلعم نے ان قلعوں کو ایک ایک کرکے فتح کرنا شروع کیا چنانچہ سب سے پہلے قلعہ ناعم فتح ہوا۔

س:۔ اس کے بعد کونسا قلعہ فتح ہوا؟

ج:۔ قلعہ القموص۔

س:۔ قلعہ خیبر کی فتح کی روداد بیان کرو؟

ج:۔ قلعہ خیبر سب قلعوں سے مضبوط تھا۔ اس کے محاصرہ پر رسول اللہ صلعم درد شقیقہ کی وجہ سے میدان میں تشریف نہ لا سکے۔ پرچم اسلام حضرت ابوبکرؓ کو دے کر روانہ کیا۔ قلعہ فتح نہ ہو سکا۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ کو بھیجا گیا لیکن خیبر فتح نہ ہوا تو رسول اللہ صلعم نے فرمایا۔ اب میں ایسے شخص کو جھنڈا دوں گا جو اس قلعہ کو فتح کرے گا۔ آپؐ نے حضرت علیؓ کو بلایا۔ اس وقت انہیں آشوب چشم کی شکایت تھی۔ حضورؐ نے ان کی آنکھوں پر لعاب دہن لگایا اور رخصت کیا۔

س:۔ کہتے ہیں اس موقع پر رسول اللہ صلعم نے کچھ فرمایا تھا مگر کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ کل ایمان کل کفر کے مقابلے میں جا رہا ہے۔

س:۔ حضرت علیؓ رجز پڑھتے ہوئے نکلے تو ان کے مقابلے میں کون آیا؟

ج:۔ یہودیوں کا نامور جنگجو اور قوی ہیکل پہلوان ابن مرحب سر سے پاؤں تک ہتھیار بند نکلا۔

س:۔ اس لڑائی کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ مرحب ذوالفقار حیدری (علیؓ کی تلوار) سے دو ٹکڑے ہو کر گرا حضرت علیؓ نے یہودیوں کے نامور جنگجو کو ڈھیر کر دیا۔

س:۔ اس موقع پر آنحضرت صلعم نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا۔ علیؓ کی ایک ضرب عبادت ثقلین سے افضل ہے۔

س:۔ آنحضرت صلعم کی زہر خوردنی کا وہ واقعہ کیا ہے جو آپؐ کو خیبر میں دیا گیا؟

ج:۔ زینب بنت حارث نے جو سلام بن مشکم کی بیوی تھی نے بھنا ہوا گوشت حضورؐ کو تواضعاً پیش کیا تھا۔ حضورؐ نے پہلا لقمہ لیا تھا کہ بھانپ گئے گوشت میں زہر ملایا گیا ہے۔ آپؐ نے وہ گوشت نہ کھایا۔

س:۔ باغ فدک سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ خیبر کے قریب ایک علاقہ تھا جسے فدک کہتے تھے۔ جو کہ آنحضرت صلعم نے خود خرید فرمایا تھا۔ اس باغ میں کھجوروں کے پیڑے تھے۔

س:۔ خیبر یہودیوں نے ازخود آنحضرت کو پیش کیا تھا یا حضورؐ نے بزور شمشیر فتح کیا تھا؟

ج:۔ بزور شمشیر فتح کیا تھا۔

مہاجرین حبشہ کی مراجعت

س:۔ عین فتح خیبر کے روز مسلمانوں کو ایک اور خوشی ہوئی تھی وہ کیا تھی؟

ج:۔ حضرت جعفر طیار بن ابی طالب حبشہ سے واپس تشریف لائے تھے۔

س:۔ مہاجرین حبشہ کو واپس لانے کے لئے رسول اللہ صلعم نے کیا تدبیر کی تھی؟

ج:۔ آنحضرت صلعم نے عمرو بن امیہؓ ضمری کو نجاشی کے پاس بھیجا تھا۔ وہ ہجرت کرنے والے صحابہ کرام کو دو کشتوں میں بٹھا کر خیبر لے آئے تھے۔

س:۔ مہاجرین حبشہ کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

ج:۔ جعفر بن ابی طالبؓ اور ان کی بیوی اسماء بنت عمیسؓ اور ان کے فرزند عبداللہ بن جعفر جو حبشہ میں پیدا ہوئے۔ خالد بن سعید اور ان کی بیوی امیہ بنت خلف اور ان کے بیٹے سعد بن خالد یہ دونوں حبشہ ہی میں پیدا ہوئے۔ سعم

بن قیس اور ان کے دونوں بیٹے۔

س:۔ حبشہ ہجرت کرنے والی مہاجر خواتین کے نام بتائیں؟

ج:۔ رقیہ بنت رسول اللہ صلعم۔ ام حبیبہؓ۔ ام سلمہؓ۔ ربیط بنت حارثؓ۔ رملہ بنت ابوعوفؓ۔ سودہ بنت اسعدؓ بن قیس فکیہہ بنت یسارؓ۔ برکت بنتؓ لیسار۔ سنہؓ۔ ام شرجیل بنت حسنہؓ۔

عمرۃ القضا

س:۔ عمرۃ قضا کے لئے روانگی پر رسول اللہ نے مدینہ پر کس کو عامل بنایا؟

ج:۔ عویف بن اضبط دیلی۔

س:۔ اس عمرہ کو رسول اللہ نے عمرۃ قصاص کا نام کیوں دیا؟

ج:۔ کیونکہ مشرکین نے رسول اللہ صلعم کو ذیقعد 6 ھ میں عمرہ کرنے سے روک دیا تھا۔ آپؐ ایک سال بعد مکہ میں داخل ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے اس سلسلے میں "والحرمات قصاص" کی آیت نازل فرمائی۔ یعنی حرمت کے معاملے میں اولے کا بدلہ۔

س:۔ اس موقع پر کفار مکہ نے مسلمانوں کے ساتھ کیا رویہ اختیار کیا؟

ج:۔ معاندانہ رویہ۔ دور کھڑے رسول مقبولؐ اور صحابہ کرام کو دیکھتے رہے آپؐ مسجد حرام میں داخل ہوئے اور اضطباع کیا۔

س:۔ اضطباع سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ احرام کی چادر کا ایک حصہ دائیں بغل میں دبانا اور دوسرا حصہ بائیں کندھے پر ڈالنا۔ آپؐ نے اپنا دایاں بازو چادر سے باہر نکالے رکھا۔ پھر آپؐ نے یہ کلمات زبان مبارک سے نکالے۔ اصرا اراھم الیوم من نفسہ قوۃ اے اللہ اپنے اس بندے پر رحم فرما۔ اس کے بعد آپؐ نے حجرا سود کو بوسہ دیا۔ پھر آپؐ اور آپؐ کے ساتھی ہرولہ کرنے لگے۔

س:۔ ہرولہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ لپک لپک کر چلنا۔ آپؐ اور آپؐ کے ساتھی لپک لپک کر چلنے لگے۔ یہاں تک کہ بیت اللہ نے رسولؐ اللہ کو چھپا لیا۔ اور مشرکین کی آنکھوں سے اوجھل ہو گئے۔ اس کے بعد آپؐ نے رکن یمانی کو بوسہ دیا۔ اس طرح تین مرتبہ آپؐ نے طواف کرتے ہوئے ہرولہ اختیار کیا۔ پھر طواف کے باقی شوط

معمولی رفتار سے پورے کئے۔

حضرت میمونہؓ سے نکاح

س:۔ حضرت میمونہ بنت حارث کے نکاح کے کوائف کیا ہیں؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے اسی سفر میں بہ حالت احرام میمونہ بنت حارثؓ سے نکاح کیا۔

س:۔ عمرۂ قضا کے بعد حضورؐ نے کتنے دن مدینہ میں قیام کیا؟

ج:۔ تین دن۔ جب تیسرا دن ہوا تو آپؐ کے پاس حو لطیب بن عبدالعزیٰ پہنچا۔ اس کے ساتھ کچھ اور قریش بھی تھے۔ قریش نے حو لطیب کو اس غرض سے اپنا وکیل بنا کر بھیجا تھا کہ رسول اللہ صلعم مکہ معظمہ سے چلے جائیں اس وفد نے رسول اللہ صلعم سے کہا کہ تین دن کی مدت پوری ہو چکی ہے اب مکہ چھوڑ کر نکل جائیے ۔ حضورؐ نے مکہ چھوڑ دیا۔ جب آپؐ مقام سرف میں پہنچے تو حضرت میمونہؓ وہیں پہنچ گئیں۔

غزوۂ موتہ

س:۔ غزوۂ موتہ میں لشکر اسلام کا سالار کون تھا؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثؓ۔

س:۔ اس لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ اس لشکر میں تین ہزار مجاہدین تھے۔ وہ جب بلقاء پہنچے تو شہنشاہ روم و شام ہرقل کا لشکر بھی آن پہنچا۔ یہاں ایک گاؤں تھا جس کا نام موتہ تھا۔ جہاں جنگ ہوئی۔

س:۔ مسلمانوں نے اپنے لشکر کی ترتیب کس طرح کی؟

ج:۔ مسلمانوں نے اپنے لشکر پر قطبہ بن قتادہ کو مقرر کیا میسرہ کی کمان صبابہ بن مالک انصاری کو دی تو جنگ شروع ہو گئی۔

س:۔ ہرقل کی فوج کتنی تھی؟

ج:۔ دو لاکھ۔ جس میں قبیلہ لخم' جزام اور قبیلہ بلی کے لوگوں نے مزید ایک لاکھ فوج کا اضافہ کر دیا تھا۔

س:۔ حضرت زید کی شہادت کیسے ہوئی؟

ج:۔ لڑتے لڑتے دشمن کے نرغہ میں گھر گئے اور دشمن کے نیزوں سے شہید ہو

گئے۔

س:۔ جعفرؓ بن طیار کی شہادت کے بعد پرچم کس نے سنبھالا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ نے۔

س:۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ کے بعد پرچم اسلام کس نے سنبھالا؟

ج:۔ ثابت بن ارقم نے مگر انہوں نے کہا کہ اے مسلمانوں بہتر ہو گا تم اپنے میں سے کسی کو سالار بنالو۔

س:۔ مسلمانوں نے کس کو اپنا سالار بنایا؟

ج:۔ حضرت خالدؓ بن ولید کو۔ آپ گھمسان کے رن میں کود گئے لڑتے ہوئے ایک کے بعد ایک نو تلواریں ان کے ہاتھ میں ٹوٹیں۔ اور بڑی جرات و شجاعت سے اسلامی فوج کو دشمن سے بچا کر ایک طرف اکٹھا کرنے لگے۔

س:۔ شہدائے جنگ موتہ کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ حضرت جعفر طیارؓ بن ابی طالب۔ زید بن حارث حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔ حضرت مسعودؓ بن اسود۔ حضرت وہبؓ بن سعد۔ حضرت عباد بنؓ قیس۔ حضرت حرثؓ بن قیس۔ حضرت حرثؓ بن لقمان۔ حضرت قرادہؓ بن عمرو۔ حضرت عامر بن سعد۔

سریہ ذات السلاسل
اور
سریہ خبط

س:۔ حضورؐ کو خبر ملی کہ بنی قضاعہ کی ایک جماعت جمع ہوئی ہے کہ مدینہ کے اطراف پر حملہ کرتے تو حضورؐ نے اس سریہ کے لئے کس کو منتخب کیا؟

ج:۔ عمرو بن العاص کو۔ اور ان کو سفید علم دیا۔

س:۔ اس لشکر میں کتنے جانباز تھے؟

ج:۔ تین سو اور تیس گھوڑے۔

س:۔ اس لشکر نے یہ مسافت کیسے طے کی؟

ج:۔ یہ لوگ رات کے وقت چلتے تھے اور دن کے وقت چھپ جاتے تھے۔ قریب پہنچے تو معلوم ہوا کہ دشمن کی تعداد زیادہ ہے۔

س:۔ اس موقع پر عمرو بن العاص نے کس کو رسالت مآبؐ کے پاس بھیجا تھا؟

ج:۔ رافع بن لیث الجہنی' آنحضورؐ نے حضرت ابوعبیدہ بن الجراح کو دو سو آدمیوں کے ساتھ بھیجا۔ اور ان کے ساتھ مہاجر و انصار کے معزز ترین لوگوں کو بھیجا۔

س:۔ ان لوگوں کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ سعید بنؓ زید۔ سعد بن ابی قاصؓ۔ عامر بن ربیعہؓ۔ سعد بن عبادہ۔

سریہ خبط

س:۔ سریہ خبط کب پیش آیا؟

ج:۔ رجب 8ھ میں۔

س:۔ اس غزوہ میں لشکر اسلام کے سالار کون تھے؟

ج:۔ ابوعبیدہ بن الجراح۔

س:۔ اس لشکر اسلام میں کتنے مجاہدین شامل تھے؟

ج:۔ تین سو مہاجر و انصار۔

س:۔ اس جیش نے کس طرح یلغار کی؟

ج:۔ قبیلہ جہینہ کی جانب۔

س:۔ اس سریہ کو سریہ خبط کیوں کہتے ہیں؟

ج:۔ خبط درخت کے پتوں کو کہتے ہیں۔ صحابہ کرام نے زادراہ ختم ہو جانے کی وجہ سے درختوں کے پتے کھائے۔ اس لئے اس کو سریہ خبط کہتے ہیں۔

س:۔ جب یہ جانباز مدینہ سے چلے تو ان کے پاس زاد راہ کیا تھا؟

ج:۔ حضورؐ نے ایک جراب کھجوریں دیں تھیں جو سب ختم ہو گئیں ایک روز تین اونٹ ذبح کئے۔ دوسرے اور تیسرے روز بھی اونٹ ذبح کئے۔ اس کے بعد حضرت ابوعبیدہؓ نے اونٹ ذبح کرنے سے منع کر دیا۔

س:۔ اس اثنا میں ایک عجیب و غریب واقع پیش آیا وہ کیا تھا؟

ج:۔ سمندر سے ایک بہت بڑی مچھلی کنارے آ گی۔ حضرت ابوعبیدہ نے کہا مردہ ہے اور مردار کھانا ناجائز نہیں۔ لیکن پھر اس پر سب متفق ہو گئے کہ ایسی حالت میں تو مردار بھی جائز ہے۔

س:۔ اس مچھلی کا گوشت جیش نے کتنے روز کھایا؟

ج:۔ اٹھارہ روز۔ روزانہ ایک بیل کے برابر اس میں سے ٹکڑا کاٹ لیتے تھے۔

س:۔ یہ واقعہ کب رونما ہوا؟

ج:۔ فتح مکہ سے کچھ دن پہلے۔

فتح مکہ فتح مبین

س:۔ سارہ کون تھی اور وہ جو خط لے جا رہی تھی اس میں کیا لکھا تھا؟

ج:۔ رسول اللہ صلعم نے مکہ کی جانب روانگی کا قصد فرمایا تو حاطب بن ابی بلتعہ نے قریش کو ایک خط لکھا جس کے ذریعے وہ قریش کو مطلع کرنا چاہتا تھا کہ رسول اللہ صلعم نے مکہ کی روانگی کا عزم فرما لیا ہے۔ یہ خط لکھ کر حاطب نے ایک عورت کو دیا جو قبیلہ مزینہ سے تھی۔ سارہ اس کا نام تھا۔ اس عورت سے کہا گیا کہ خط قریش تک پہنچا دے۔ اس کو اس کام کا معاوضہ دیا گیا۔

س:۔ اس خط کو اس عورت نے کہاں چھپایا؟

ج:۔ خط کو اپنے سر کے بالوں میں رکھ کر اوپر سے مینڈھیاں گوند لیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنحضورؐ کو حاطب کی ساری کاروائی کا علم ہو گیا۔

س:۔ اس خط کا انکشاف ہو جانے پر آنحضورؐ نے کیا کہا؟

ج:۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ کو اس عورت کے تعاقب میں بھیجا یہ عورت مقام خلیقہ بنی ابی احمد میں پکڑی گئی۔ اسے ڈرایا دھمکایا گیا تو اس نے خط نکال کر دے دیا۔

س:۔ اس عورت کو کیا سزا دی گئی؟

ج:۔ اسے معاف کر دیا گیا۔

س:۔ رسول اللہ صلعم سفر پر روانہ ہوئے تو مدینہ پر کس کو جانشین بنایا؟

ج:۔ ابن ام مکتوم بن حصین کو۔

س:۔ رسول اکرم صلعم کی روانگی کب ہوئی؟

ج:۔ دس رمضان المبارک کو۔

س:۔ آپؐ نے یہ روزہ کہاں افطار کیا؟

ج:۔ مقام کدید پہنچ کر جو عسفان اور امج کے درمیان واقع ہے۔

س:۔ اس وقت حضورؐ کے ساتھ مسلمانوں کی کتنی جمعیت تھی؟

ج:۔ دس ہزار۔

س:۔ ذی طویٰ کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ ذی طویٰ مکہ معظمہ کی ایک وادی ہے۔

س:۔ لشکر اسلام مکہ میں کس طرح داخل ہوئے؟

ج:۔ لشکر اسلام مقام کدا کی طرف سے مکہ میں داخل ہوا۔

س:۔ کدی اور کدا سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ دو پہاڑ ہیں۔ ایک کدی دوسرا کدا۔

س:۔ سعد بن عبادہ نے مکہ میں داخل ہوتے ہوئے کیا کہا تھا؟

ج:۔ آج کا دن کشت و خون کا دن ہے۔

س:۔ مکہ معظمہ کے مشہور قبرستان کا کیا نام ہے؟

ج:۔ جنت المعلیٰ۔

س:۔ خالد بن ولید مکہ میں کس طرف سے داخل ہوئے؟

ج:۔ لیط کی طرف سے۔

س:۔ حضرت خالدؓ کا لشکر اسلام میں منصب کیا تھا؟

ج:۔ میمنہ کے سالار تھے۔

س:۔ ابو عبیدہ بن الجراح کس طرف سے داخل ہوئے؟

ج:۔ مقام اذاخر سے داخل ہوئے۔

س:۔ اذاخر کونسی جگہ تھی؟

ج:۔ مکہ معظمہ کی ایک گھاٹی۔

س:۔ خندمہ کیا ہے؟

ج:۔ مکہ معظمہ کے پاس ایک چوٹی۔

س:۔ آنحضرت صلعم نے عبداللہ بن سعد کے قتل کا حکم کیوں دیا؟

ج:۔ وہ اسلام چھوڑ کر مشرک و مرتد ہو گیا تھا۔

س:۔ قرتنی کون تھی؟

ج:۔ عبداللہ ابن خطل کی لونڈی تھی۔ حضور صلعم کی ہجو میں گانے گایا کرتی تھی۔

س:۔ حضورؐ نے اس کافرہ کے لئے کیا حکم فرمایا تھا؟

ج:۔ قتل کا حکم۔

س:۔ حویرث ابن نقید کون تھا؟

ج:۔ مشرک تھا۔ رسول اللہ صلعم کی دو بیٹیاں فاطمہ اور ام کلثوم مکہ سے مدینہ جا رہی تھیں حویرث نے تیر مار کر زخمی کر دیا۔

س:۔ مقیس بن حبابہ کو قتل کرنے کا حکم کیوں دیا گیا تھا؟

ج:۔ اس نے ایک انصاری کو قتل کر دیا تھا اور مشرک ہو گیا تھا۔

س:۔ محجن کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ چھڑی جو شتر سوار کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ اور اس کا ایک سرا خم کھایا ہوا ہوتا ہے۔

س:۔ فتح مکہ کے بعد رسول اللہ بیت اللہ میں داخل ہوئے تو آپؐ کی زبان مبارک پر کیا الفاظ تھے؟

ج:۔ حق آیا باطل گیا۔

س:۔ خانہ کعبہ میں اس وقت کتنے بت تھے؟

ج:۔ تین سو ساٹھ بت جو سب توڑ دیئے گئے۔

س:۔ خانہ کعبہ میں پہلی اذان کس نے دی؟

ج:۔ حضرت بلالؓ نے۔

س:۔ پہلا مقتول جس کا خون بہا رسول اللہ صلعم نے یوم فتح میں ادا فرمایا وہ کون تھا؟

ج:۔ جنیب بن اکوع جسے بنو کعب نے قتل کر دیا تھا۔

س:۔ رسول اللہ صلعم نے اس کا کیا خون بہا ادا فرمایا؟

ج:۔ سو اونٹنیاں۔

غزوۂ حنین

س:۔ غزوہ حنین کے اسباب کیا تھے؟

ج:۔ قبیلہ ہوازن نے رسول اللہ صلعم کے بارے میں سنا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں مکہ فتح کرا دیا۔ یہ بات ہوازن سے برداشت نہ ہوئی اور مقابلے کی تیاری شروع کر دی۔

س:۔ ہوازن کا رئیس اعظم کون تھا؟

ج:۔ مالک بن عوف نصری۔

س:۔ لشکر ہوازن کا سپہ سالار کون تھا؟

ج:۔ مالک بن عوف نظری۔

س:۔ درید بن صمہ کون تھا؟

ج:۔ درید بن صمہ بنو جشم کا سردار بوڑھا شخص تھا اسے ایک ہودے میں بٹھا کرلائے تھے۔

س:۔ جنگ حنین میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج:۔ بارہ ہزار۔

س:۔ رسول اللہ کو جب ہوازن کے ارادہ کی خبر ملی تو آپؐ نے اپنے کس صحابی و تحقیق کے لئے بھیجا تھا؟

ج:۔ ابو حدرد والاسلمی۔

س:۔ غزوہ حنین میں مکہ کا امیر سے بنایا گیا تھا؟

ج:۔ عتاب بن اسیدؓ کو۔

س:۔ جب لشکر اسلام تہامہ کی تنگ وادی سے گزرا تو دشمن نے اچانک اس پر حملہ بول دیا۔ لشکر اسلام نے بے تحاشا پلٹا۔ آدمی پر آدمی اور اونٹ پر اونٹ گرنے لگا۔ مسلمانوں کے لشکر میں یہ بھگدڑ مچی تو حضورؐ نے کیا کیا۔

س:۔ آپؐ نے بلند آواز سے فرمایا۔

یا معشر الانصار۔ یا معشر اصحاب السمرا۔

س:۔ سمرا سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ سمرا سے مراد وہ درخت تھا جس نے نیچے حدیبیہ میں اصحاب نے بیعت کی تھی۔

س:۔ حضورؐ کی آواز سنتے ہی میدان سے بھاگنے والوں پر کیا اثر ہوا؟

ج:۔ ہر طرف سے لبیک لبیک کی آوازیں آنے لگیں۔

س:۔ اس رجعت قہقری میں ثابت قدم اصحاب کے اسمائے گرامی بتائیں؟

ج:۔ حضرت علی ابن ابی طالبؓ۔ ابو سفیان بن حارثؓ۔ فضل بن عباس۔ ربیعہ بن حارث۔ اسامہ بن زید۔

س:۔ حضورؐ نے خوش ہو کر کیا فرمایا۔

ج:۔ **الآن حمی الوطیس**۔ اب تنور گرم ہوا ہے۔

س:۔ ام سلیم بنت ملحان کون تھیں؟

ج:۔ جنگ حنین کی ایک مجاہدہ۔

س:۔ کہتے ہیں وہ حاملہ تھیں اسی حالت میں شریک جہاد ہوئیں؟

ج:۔ ہاں۔ انہوں نے اپنی کمر باندھ رکھی تھی۔ اور اونٹ بھی سنبھالے ہوئے تھیں۔ اندیشہ تھا اونٹ کہیں بے قابو نہ ہو جائے اس لئے اس کا سر قریب کرکے اپنا ہاتھ نکیل کے ساتھ اس کے نتھنوں میں دے رکھا تھا۔

س:۔ جنگ حنین میں فرشتے کب مسلمانوں کی مدد کے لئے اترے؟

ج:۔ جس وقت معرکہ جنگ گرم تھا۔ دشمن کا دباؤ بڑھتا جا رہا تھا۔ اس وقت سیاہ چادر سی کوئی چیز آسمان سے آکر مسلمانوں اور کافروں کے درمیان حائل ہو گئی۔ مسلمانوں کا پلہ بھاری ہو گیا۔ دشمن کو شکست ہو گئی۔

س:۔ کہتے ہیں جنگ حنین میں حضورؐ کی رضاعی بہن شیما بھی تھی حضورؐ نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج:۔ حضورؐ نے اپنی چادر بچھائی اور اس پر بٹھایا۔ اور انہیں رخصت کرتے ہوئے ایک باندی ایک غلام بھی دیا جس کا نام مکحول تھا۔

س:۔ جنگ حنین میں مسلمانوں کے ہاتھ کتنے قیدی اور کتنا مال غنیمت آیا؟

ج:۔ چھ ہزار عورتیں اور بچے چوبیس ہزار اونٹ۔ چالیس ہزار سے زیادہ بھیڑ بکریاں۔ اور چار ہزار اوقیہ چاندی۔

غزوہ طائف

س:۔ طائف کی طرف کوچ کرتے ہوئے آنحضرتؐ نے کونسا راستہ اختیار کیا؟

ج:۔ نخلیہ یمانیہ' پھر قرن اور بعد ازاں ملیح ہوتے ہوئے لیتہ کے مقام بحرۃ الرغا پہنچ گئے۔ وہاں سے چلے تو طائف پہنچ کر اس کا محاصرہ کر لیا۔

س:۔ یہ محاصرہ کتنے دن جاری رہا؟

ج:۔ یہ محاصرہ بیس دن جاری رہا۔

س:۔ کیا اس غزوے میں ازواج مطہرات بھی آپؐ کے ہمراہ تھیں؟

ج:۔ آپؐ کی دو بیویاں اس غزوہ میں آپؐ کے ہمراہ تھیں؟

س:۔ طائف کے محاصرے میں کس نوعیت کی جنگ ہوئی؟

ج:۔ دونوں طرف سے تیروں کی بارش ہوئی۔ رسول اللہ صلعم پہلے شخص جنہوں منجنیق کے ذریعے سنگباری کی۔

س:۔ جنگ طائف میں رسول اللہ صلعم کے زیرِ قیادت جن مسلمانوں کی شہادت ہوئی ان کے اسمائے گرامی بتائیں؟

ج:۔ عبداللہ بن ابوبکر صدیق۔ سعید بن سعید کو۔ عرفطہ بن حباب۔

س:۔ مولفتہ القلوب کسے کہتے ہیں۔

ج:۔ مولفتہ القلوب ان جدید الاسلام لوگوں کو کہتے ہیں جن کی دلداری اور منظور ہو۔ جب کوئی شخص نیا نیا مسلمان ہوتا تو اس کے حالات ایسے ہوتے کہ کچھ نہ کچھ مدد دیئے بغیر اطمینان سے کاروبار نہ چلا سکتا اس کے لئے مدد کا انتظام کر دیا جاتا۔

س:۔ جنگ حنین کے مولفتہ القلوب کی تفصیل کیا ہے؟

ج:۔ ابوسفیانؓ بن حرب اور اس کے بیٹے معاویہ کو بھی ایک سو اونٹ دیئے گئے۔ حارث بن ہشام' حویطب بن عبدالعزیٰ' ابن جارید' اقرع بن جالس تمیمی' مالک بن عوف ان سب کو ایک ایک سو اونٹ دیئے گئے۔

س:۔ اصحاب المئین سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ اشراف جن کو رسول اللہ صلعم نے ایک ایک سو اونٹ عطا فرمائے۔

س:۔ غنائم حنین کی قبیلہ وار تقسیم کیا ہے؟

ج:۔ غنائم حنین کی قبیلہ وار تقسیم یہ ہے۔

خاندان بنو امیہ

ابو سفیان بن حرب۔ معاویہ بن ابو سفیان۔ خالد بن اسید خاندان بنی عبدالدار بن قصی

شیبہ بن عثمان۔ عکرمہ بن عامر

خاندان بنو مخزوم

زہیر ابو امیہ۔ حارث بن ہشام بن مغیرہ۔ سائب بن الو السائب

خاندان بنی عدی کعب۔

مطیع بن اسود۔ ابو جہم بن حذیفہ بن خانم

خاندان بنو جمح بنو عمرو

صفوان بن امیہ بن خلف۔ احیحہ بن امیہ

خاندان بنو سہم

عدی بن قیس بن حذافہ

خاندان بنو عامر بن لوی

حو لطیب بن عبد العزیٰ۔ ہشام بن عمرو بن حارث

قبیلہ بنو بکر بن عبد مناۃ

نوفل بن معاویہ۔

قبیلہ بنو کلاب بن ربیعہ۔

علقمہ بن علاثہ۔ لبید بن ربیعہ۔

قبیلہ بنو عامر

خالد بن ہوزہ۔ حرملہ بن ہوزہ

قبیلہ بنو نضر

مالک بن عوف بن سعید یربوع

قبیلہ بنو سلیم بن منصور

عباس بن مرداس۔ بہشہ بن سلیم

قبیلہ بنو فزارہ

عیینہ بن حصن بن حذیفہ

س:۔ عمق دین سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ دین کے معاملات میں بال کی کھال اتارنا۔

س:۔ تقسیم غنائم کے موقعہ پر سعد بن عبادہؓ نے آنحضرت صلعم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر کیا کہا تھا؟

ج:۔ سعد بن عبادہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپؐ نے بڑے عطایا میں انصار کے لئے کچھ نہیں۔

س:۔ اس کے جواب میں آنحضرت صلعم نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا۔ اے گروہ انصار کیا تم اس بات سے خوش نہیں کہ لوگ اونٹ اور بکریاں لے جائیں اور تم اپنے کجاوں میں اللہ کے رسول کو لوٹا کر لے جاؤ۔

مبارزے
(غزوۂ تبوک سے سریہ علی ابن ابی طالب تک)

س:۔ غزوہ تبوک میں حضرت عثمانؓ نے کتنا مال خرچ کیا؟

ج:۔ حضرت عثمان نے غزوہ تبوک میں جیوش اسلام کے لئے بہت دولت صرف کی۔

س:۔ غزوہ تبوک میں حضرت عثمان نے کتنے ہزار دینار صرف کئے؟

ج:۔ ایک ہزار دینار۔

س:۔ رسول اللہ صلعم مقام حجر سے گزرے تو ان کھنڈروں سے جلدی نکل چلنے کا حکم کیوں دیا تھا؟

ج:۔ یہ قوم ثمود کا ملک تھا۔ جس کی بداعمالیوں سے غضب ناک ہو کر اللہ تعالیٰ نے عذاب نازل کیا اور غرق کر دیا۔

س:۔ ذوالبجادین کون تھے؟

ج:۔ وہ لوگ جو اپنی قوم سے اسلام کے لئے جھگڑا کرتے تھے۔

س:۔ مسجد ضرار کے بانیوں کی نیت کیا تھی؟

ج:۔ ان کی نیت تھی ایک ایسی مسجد بنائی جائے جس میں مسلمانوں کے خلاف اسلحہ جمع کیا جائے اور موقع پا کر اس اسلحہ کو استعمال کیا جائے۔

س:۔ اس مسجد کا بانی کون تھا؟

ج:۔ ابو بن عامر فاسق۔

س:۔ مدینہ سے تبوک تک رسول اللہؐ کی مشہور مسجدوں کے نام بتائیں؟

ج:۔ مسجد تبوک۔ مسجد ثینہ مدران۔ مسجد بالاخضر۔ مسجد باشق۔ مسجد ذی الجیفہ۔ مسجد حوضی۔ مسجد بالجر۔ مسجد بالصعیہ۔ مسجد وادی القری۔ مسجد ذی المروہ۔ مسجد فیضا۔ مسجد ذی خشب۔

س:۔ حضورؐ نے مسجد ضرار کے بارے میں کیا حکم صادر فرمایا تھا؟

ج:۔ مسجد ضرار کو جلانے اور مسمار کرنے کا حکم دیا تھا۔

س:۔ تبوک سے جب حضورؐ مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ آپؐ نے فرمایا۔ میں جبل احد کو پیارا ہوں جبل احد مجھ کو پیارا ہے۔

س:۔ تبوک جاتے ہوئے حضورؐ نے کس کو مدینہ پر عامل مقرر کیا تھا؟

ج:۔ ابو خیسمہ کو۔

س:۔ تبوک سے واپسی پر حضورؐ نے کس جگہ قیام کیا؟

ج:۔ مقام ذی اوان پر۔

سریہ عیینہ

س:۔ سریہ عیینہ کا تاریخی پس منظر کیا تھا؟
ج:۔ محرم 9 ھ میں حضورؐ نے عیینہ بن حصن فزاری کو پچاس سواروں کے ساتھ بنی تمیم سے غزوہ کے لئے بھیجا۔ انہوں نے صحرا میں ان پر حملہ کیا۔ وہ بھاگ گئے۔

سریہ قطبہ بن عامر الیٰ خثعم

س:۔ اس سریہ کا تاریخی پس منظر کیا ہے؟
ج:۔ حضورؐ نے قطبہ بن عامر کو بیس آدمیوں کے ساتھ دس اونٹوں پر خثعم کے ایک قبیلہ کی طرف بھیجا۔ جہاں قطبہ شہید ہو گئے۔

سریہ ضحاک بن سفیان کلابی

س:۔ اس سریہ کا تاریخی پس منظر کیا ہے؟
ج:۔ ربیع الاول 9 ھ میں حضورؐ نے ایک جیش ضحاک بن کلابی کی طرف بھیجا۔ زج میں جنگ ہوئی۔ کفار کو شکست ہوئی۔

سریہ علقمہ بن مجزز الی الحبشہ

س:۔ اس سریہ کا تاریخی پس منظر کیا ہے؟
ج:۔ خبر ملی کہ جدہ میں کچھ حبشی آئے ہیں۔ حضورؐ نے علقمہ بن مجزز الالجی کو تین سو آدمیوں کے ساتھ وہاں بھیجا مگر حبشی بھاگ گئے۔
س:۔ امیر جیش علقمہ بن مجزز نے کیا غلط حکم دیا تھا؟
ج:۔ اس نے آگ جلائی اور عجلت کرنے والوں سے کہا اس میں کود جاؤ۔ مگر انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا۔ یہ لوگ مدینہ آئے تو رسول اللہؐ کو خبر دی گئی۔ آپؐ نے فرمایا کہ امیر بھی اگر معصیت کا حکم دے تو مانو۔

سریہ علیؓ ابن ابی طالب

س:۔ اس سریہ کی غرض و غایت کیا تھی؟
ج:۔ قبیلہ طی کے بت خانے کو گرا دیا جائے۔
س:۔ اس سریہ کا قائد کون تھا؟
ج:۔ حضرت علی ابن ابی طالبؓ

س:۔ کیا سریہ کامیاب رہا؟

ج:۔ ہاں۔ مجاہدوں نے مقام فلس میں پہنچ کر حملہ کیا اور بت خانے کو گرا دیا۔

س:۔ کہتے ہیں اس سریہ میں بہت سی عورتیں بھی گرفتار کی گئیں ان نامور کون تھی؟

ج:۔ مشہور فیاض حاتم طائی کی بیٹی۔

پیغمبر اسلام کے سلاخ مبارک

س:۔ سلاح کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ پیغمبر اسلام کا سامان جنگ

س:۔ پیغمبر اسلام کے جنگی پرچموں کی تفصیل کیا ہے؟

ج:۔ مختلف پرچموں میں ایک کا نام العقاب تھا جو سیاہ رنگ کا تھا۔ کبھی زرد رنگ کا پرچم بھی ہوتا تھا۔ کبھی سفید دھاریوں والا سیاہ پرچم بھی ہوتا تھا۔

س:۔ خیمہ؟

ج:۔ آنحضرت صلعم کا ایک مخصوص خیمہ تھا جس کا نام کن تھا۔ جو ہر جنگ میں ساتھ ہوتا تھا۔

س:۔ آنحضرتؐ کے پاس تلواریں کتنی تھیں؟

ج:۔ نو تلواریں۔

س:۔ ان کے نام بتاؤ۔

ج:۔ ان تلواروں کے درج ذیل نام ہیں۔

ماثور۔ یہ تلوار حضورؐ نے اپنے والد گرامی سے ورثہ میں پائی تھی۔ لحسب۔ یہ تلوار جنگ بدر میں سعد بن عبادہ نے آپ کو دی تھی ذوالفقار۔ یہ تلوار جنگ بدر میں ہاتھ لگی۔ یہ عاص بن وائل کی تلوار تھی۔

الصمصامہ۔ یہ تلوار عمرو بن معدیکرب نے بھیجی اور آپؐ نے خالد بن سعید کو عطا کر دی۔

القلعی

صیف

الرسوب

یہ وہ تلواریں تھیں جو ملکہ سباء نے حضرت سلیمان کو تحفہ میں بھیجی تھیں اور

غزوات میں رسول اللہؐ کے ہاتھ لگی تھی۔
القضیب ---- یہ دو دھاری تلوار تھی۔

س:۔ زریں کتنی تھیں حضورؐ کے پاس؟
ج:۔ السغدیہ۔ الخفہ۔ البتراء۔ ذات الحورش۔ الوشاح۔
س:۔ رسول اللہؐ کی کمانوں کے نام کیا ہیں؟
ج:۔ الیبضاء۔ الروحہ۔ السیداد۔ الزوار جسے الکوم بھی کہتے تھے۔ العخفرا جو بدر کی جنگ میں ٹوٹ گئی تھی۔
س:۔ ڈھالیں کتنی تھیں حضورؐ کے پاس؟
ج:۔ الانزاق۔ اس پر سے ہتھیار پھسل جاتے تھے۔اس پر عقاب کی تصویر تھی۔ آپؐ نے یہ تصویر مٹا دی تھی۔
س:۔ حضورؐ کے پاس نیزے کتنے تھے؟
ج:۔ تین۔ المثوی جس کی انی چوڑی تھی۔
ایان۔ زفن۔
س:۔ حربہ کسے کہتے ہیں؟
ج:۔ چھوٹے نیزے کو۔
س:۔ حضورؐ کے پاس کتنے حربے تھے؟
ج:۔ تین۔
س:۔ ان کے نام بتائیں؟
ج:۔ النبعہ۔ البیضاء۔ الحصر
س:۔ حضورؐ کے پاس خود کتنے تھے؟
ج:۔ دو خود۔ الموشح۔ ذات السبوغ
س:۔ حضورؐ کے پاس ترکش کتنے تھے؟
ج:۔ صرف ایک ترکش۔
س:۔ برچھی؟
ج:۔ صرف ایک تھی حضورؐ کے پاس' جس کا نام صادر تھا۔

سالار اعظمؐ کی تیاریاں

س:۔ آنحضرتؐ کے کتنے گھوڑے۔ کتنے خچر اور کتنے اونٹ تھے؟

ج:۔ سات گھوڑے۔ سات خچر۔ تین اونٹ۔

س:۔ آپؐ کے گھوڑوں کے کیا نام ہیں؟

ج:۔ السکب۔ مرتجز۔ لحیف۔ لزار۔ ورد۔ سبحہ۔ لیسوب۔

س:۔ آپؐ کے خچروں کے کیا نام تھے؟

ج:۔ دلدلی۔ خضہ۔

س:۔ آپؐ کے خر کتنے تھے؟

ج:۔ حضورؐ کے پاس دو خر تھے۔ ایک کا نام یعفور تھا دوسرے کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

س:۔ حضورؐ کے ناقے کتنے تھے؟

ج:۔ تین۔ قصویٰ۔ عصباء۔ جدعاء

پیغمبرؐ اسلام کے محافظ

س:۔ پیغمبر اسلام کے محافظوں کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ سعد بن معاذ۔ محمد بن مسلمہ۔ زبیر بن عوام۔ مغیرہ بن شعبہ۔ ابو ایوب انصاری۔ بلال بن رباح۔ سعد بن ابی وقاص۔ ذکوان بن عبد قیس۔ ابن ابی مرثد الغنوی۔

س:۔ حضورؐ نے حفاظت کب ترک فرمائی؟

ج:۔ جب آیہ **واللہ یعصمک من الناس** اتری تو آپؐ نے حفاظت ترک کر دی۔

س:۔ یہ آیت کب نازل ہوئی؟

ج:۔ یہ آیت جنگ احد کے بعد نازل ہوئی۔

وفد ثقیف

س:۔ ثقیف کا وفد کب آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا؟

ج:۔ جب حضورؐ تبوک سے مدینہ تشریف لائے۔

س:۔ اس وفد میں کتنے آدمی تھے؟

ج:۔ چھ آدمی۔ حکم ابن عمرو۔ شرجیل بن غیلان۔ عثمان بن ابی العاص۔ اوس بن عوف۔ نمیہ بن خرشہ۔

پہلا اسلامی حج اور اعلان برات

س:۔ رسول اللہ صلعم اور مشرکین کے مابین یہ معاہدہ تھا کہ بیت اللہ میں جو بھی آئے گا اسے روکا نہ جائے گا۔ مگر رسول اللہؐ نے اس معاہدے کو توڑ دیا تو کیا آیات برآت نازل ہوئیں؟

ج:۔ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین سے دستبرداری ہے۔ جن سے تم نے عہد کر رکھا تھا۔ یعنی مشرکین کے عام عہد سے دستبرداری ہے۔

س:۔ "اگر میں جانتا کہ میرے ستر بار دعائے مغفرت کرنے سے اسے معاف کر دیا جائے گا تو میں ستر سے زیادہ مرتبہ اس کے لئے دعائے مغفرت کرتا۔" یہ الفاظ رسول اللہ صلعم نے کس کے بارے میں کہے تھے؟

ج:۔ عبداللہ بن ابی کے بارے میں جب اس کا انتقال ہوا تو آپؐ اس کے جنازے میں شریک ہوئے۔ نماز جنازہ پڑھائی۔ دعائے مغفرت کی۔

عام الوفود

س:۔ عام الوفود سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ رسول اللہؐ کی شہرت سن کر مختلف قبیلوں اور مختلف شہروں سے اس کثرت کے ساتھ وفود خدمت اقدس میں حاضر ہوئے کہ جسکی وجہ سے اس سال کا نام ہی عام الوفود ہو گیا۔

وفد نجران

س:۔ نجران کس کا نام ہے؟

ج:۔ یمن کی ایک بستی کا۔

س:۔ نجران کے پادریوں کا رسول مقبولؐ کے ساتھ مناظرہ ہوا تھا۔ نجرانی عیسائی حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا کہتے تھے لیکن رسول کریمؐ حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا نہ کہتے تھے۔ بات بڑھی تو حضورؐ نے عیسائی پادریوں کو کیا کہا تھا؟

ج:۔ مباہلہ کی دعوت دی تھی۔

س:۔ مباہلہ کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ فریقین کا دعا کرنا کہ جو حق پر ہے وہ سلامت رہے اور اور جس کا عقیدہ

غلط ہو وہ غارت ہو جائے۔ حضورؐ نے اہل نجران کو دعوت مباہلہ دی۔

س:۔ حضورؐ نے اہل نجران کو دعوت مباہلہ دی تو حضورؐ کس شان سے مباہلہ میں شریک ہوئے؟

ج:۔ آپ کے ساتھ حضرت علیؓ' حضرت فاطمہؓ' حضرت حسنؓ' حضرت حسینؓ اور پانچویں رسالت مابؐ خود آپ۔ سب کے اوپر کالی کملی ڈال رکھی تھی۔ نجران کے پادریوں نے جب ان نفوس قدسیہ کو دیکھا تو ایک دوسرے سے کہنے لگے یہ لوگ اگر خدا سے دعا کریں کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے تو ہٹ جائے گا۔ ان سے مباہلہ نہ کرنا چاہیے۔ لہٰذا مباہلہ سے باز رہے اور جزیہ دینے پر آمادہ ہو گئے۔

س:۔ جزیہ کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ جو قومیں اپنے مستقبل پر نظر کرکے حفاظت خود اختیاری کی غرض مسلمانوں کی حکومت کے ماتحت اپنے آپ کو سپرد کر دیتی ہیں مسلم حکومت ان کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کی خاطر صرف ایک ٹیکس لیتی ہے جس کا نام عربی میں جزیہ ہے۔

وفد بنی تمیم

س:۔ وفد بنی تمیم کا قائد عطارد بن حاجب بنو تمیم کے اشراف کے ساتھ رسول کریمؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس کے ساتھ اور کونسے لوگ اس وفد میں تھے؟

ج:۔ اقرع بن حالس۔ زبر قان بن بدر تمیمی۔ عمرو بن اہم

وفد بنو عامر

س:۔ رسول اللہ صلعم کے پاس بنو عامر کا وفد آیا تو اس میں کتنے آدمی شامل تھے؟

ج:۔ یہ وفد تین آدمیوں پر مشتمل تھا۔

س:۔ اس وفد کے آدمیوں کے نام کیا تھے؟

ج:۔ عامر بن طفیل۔ بدر بن قیس۔ جبار بن ابن سلمہ

وفد صمصام

س:۔ صمام بن علبہ کون تھا؟

ج:۔ اپنے قبیلہ کا سردار تھا۔ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

وفد عبدالقیس

س:۔ اس وفد کے بارے میں تاریخ کیا کہتی ہے؟

ج:۔ یہ وفد مدینہ پہنچا اور وہاں خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔

وفد طی

س:۔ وفد طی کا سردار کون تھا؟

ج:۔ زید بن الخیل۔ یہ وفد بھی حضورؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔

وفد کندہ

س:۔ کندہ کس کا نام ہے؟

ج:۔ ایک قبیلہ کا نام ہے اس قبیلہ سے بھی ایک وفد خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔

س:۔ اس وفد کا سردار کون تھا؟

ج:۔ اشعث بن قیس۔

وفد ازدشنوہ

س:۔ اس قبیلہ کی قبائلی اہمیت کیا تھی؟

ج:۔ عرب کے مشاہیر قبائل میں سے ایک تھا۔

س:۔ دور رسالت ماب میں اس قبیلے کا سردار کون تھا؟

ج:۔ صرد بن عبداللہ جو خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔

وفد بنی حنیفہ اور مسیلمہ کذاب

س:۔ بنی حنیفہ قبیلہ کون تھا؟

ج:۔ بنی حنیفہ یمن کے قبائل میں ایک بہت بڑا قبیلہ تھا۔

س:۔ اس قبیلے کا سردار کون تھا؟

ج:۔ اس زمانہ میں جبکہ اس قبیلہ کا وفد نبیؐ کریم کی خدمت میں حاضر ہوا سردار

مسیلمہ تھا؟

وفد ہمدان

س:- وفد ہمدان کب آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:- جب آپؐ تبوک سے واپس ہو رہے تھے تو اس قبیلہ کا وفد حاضر خدمت ہوا۔
س:- کہتے ہیں اس وفد میں مالک بن نمط بھی تھا بتایئے وہ کون تھا؟
ج:- وہ اپنی قوم کا مشہور شاعر تھا۔

وفد نجیب

س:- اس وفد کا تاریخی پس منظر کیا تھا؟
ج:- یہ کندہ قبیلہ کی ایک شاخ تھا۔
س:- اس وفد میں کتنے آدمی تھے؟
ج:- تیرہ آدمی۔

وفد ثعلبہ

س:- اس قبیلہ کا تاریخی پس منظر کیا ہے؟
ج:- اس قبیلہ کے چند اشخاص حاضر خدمت ہوئے اور آپؐ کے ہاتھ پر بیعت کی۔

وفد بنی فزارہ

س:- اس قبیلہ کے اکثر افراد حاضر خدمت ہوئے اور مشرف با اسلام ہوئے اس قبیلے نے حضورؐ سے درخواست کی تھی وہ کیا تھی؟
ج:- یہ قبیلہ قحط سالی کا شکار تھا۔ اس نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر درخواست کی کہ حضورؐ دعا فرمائیں تاکہ بارش ہو ۔ حضورؐ نے دعا فرمائی اور بارش ہوئی۔

وفد بنی محارب

س:- یہ قبیلہ کس وجہ سے زیادہ مشہور تھا؟

ج:۔ اسلام دشمنی میں۔

س:۔ اس دور کے چند بدوی قبائل کے نام بتائیں جن کا وفد حاضر ہوا؟

ج:۔ وفد بنی عذرہ۔ وفد بنی بلی۔ وفد بنی مرہ۔ وفد بنی فولان۔ وفد بنی غسان۔

وفد عامر

س:۔ یہ وفد کس سنہ میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا؟

ج:۔ یہ وفد 10ھ میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

س:۔ یہ وفد کتنے آدمیوں پر مشتمل تھا؟

ج:۔ دس آدمیوں پر۔

س:۔ اس سال دوسرے کونسے وفود آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے؟

ج:۔ وفد سعد ندیم من قضاعہ۔ وفد بنی اسعد۔ وفد بھرا۔ وفد الاشعر۔ وفد بنی حارث کعب۔ وفد بنی عذرا۔ وفد مزینہ۔ وفد بنی عبس۔ وفد سلامان۔ وفد بلی۔

واقعہ ایلاء

س:۔ واقعہ ایلا سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ آنحضرتؐ اپنی بیویوں سے ناراض ہو گئے تھے کہ وہ حضورؐ کے فقر و فاقہ سے پریشان تھیں۔ پریشان کرتی تھیں۔ حضورؐ ان کو طلاق دینے پر آمادہ ہو گئے تھے۔

س:۔ واقعہ ایلا کب پیش آیا؟

ج:۔ حضورؐ کی تبوک سے واپسی پر۔

س:۔ بیویوں کے حقوق میں معاشی تحفظ کو بھی اہمیت حاصل ہے حضورؐ نے ان امور میں کیا اہتمام کیا؟

ج:۔ ان امور کے اہتمام کا ذکر احادیث میں موجود ہے۔

س:۔ رسول اللہ صلعم کے خانگی انتظامات کا کیا حال تھا؟

ج:۔ ازواج مطہرات کے کھانے پینے اور رہنے سہنے کا انتظام حضرت بلالؓ سے متعلق تھا۔

س:۔ رسول اللہ صلعم نے ازواج مطہرات کے لئے گزر اوقات کا کیا انتظام کیا تھا؟

ج:۔ آپؐ نے ازواج مطہرات کے لئے بنو نضیر کے نخلستان میں سے ایک حصہ مقرر کر دیا تھا۔

حجتہ الوداع

س:۔ حجتہ الوداع کی تشریح کیا ہے؟

ج:۔ یہ حضورؐ کا آخری حج تھا۔

س:۔ اس حج کا اور کیا نام ہے؟

ج:۔ حجتہ الاسلام۔ حجتہ البلاغ۔

س:۔ حجتہ الوداع پر جاتے ہوئے آپؐ نے کس کو مدینہ کا عامل مقرر کیا تھا؟

ج:۔ ابو رجانہ سعدی کو۔

س:۔ رسول اللہ صلعم کب حجتہ الوداع پر روانہ ہوئے؟

ج:۔ 25 ذی القعدہ۔

س:۔ حج کیا ہے؟

ج:۔ دین اسلام کے اہم ارکان میں سے ہے۔

ج:۔ حج کب [illegible] فرض ہوا۔

س:۔ مکہ مکرمہ میں وہ مقامات مقدسہ کون سے ہیں جن کا تعلق حج اور مناسک حج سے ہے؟

ج:۔ حرم شریف۔ بیت اللہ شریف۔

س:۔ مقام ابراہیم کیا ہے؟

ج:۔ ایک پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیمؑ نے کعبہ کی دیواریں اٹھائیں۔

س:۔ حجر اسود کیا ہے؟

ج:۔ خانہ کعبہ کے جنوب مشرقی گوشہ میں فرش مطاف سے چار فٹ کی بلندی پر ایک پتھر ہے۔

س:۔ مطاف کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ خانہ کعبہ کے اردگرد صحن مسجد میں دائرہ کی شکل میں طواف کے لئے مخصوص ہے اسے مطاف کہتے ہیں۔

س:۔ ملتزم کیا ہے؟

ج:۔ باب کعبہ اور حجراسود والے گوشہ کے درمیان والی دیوار کو ملتزم کہتے ہیں۔

س:۔ آب زم زم کیا ہے؟

ج:۔ آب زمزم حضرت اسماعیلؑ کی یادگار ہے۔ خانہ کعبہ کے مشرق کی جانب ایک چشمہ ہے جس کے پانی کو آب زمزم ہے۔ جس کا پانی بڑا مقدس ہے۔

س:۔ زمزم پینے کا مستحب طریقہ کیا ہے؟

ج:۔ بیت اللہ شریف کی طرف رخ کر کے کھڑا ہو کر دائیں ہاتھ میں لے کر تین سانس میں پیئے۔

س:۔ صفا اور مروہ کیا ہے؟

ج:۔ صفا اور مروہ بیت اللہ شریف کے جنوب مشرق اور شمال کی طرف دو کم اونچے پہاڑ ہیں۔ جن کے درمیان سات چکر لگا کر سعی کی جاتی ہے۔

س:۔ مشعرالحرام کیا ہے؟

ج:۔ عرفات سے واپسی پر پانچ میل دور مزدلفہ کا مقام آتا ہے۔ یہیں پر ایک مسجد ہے جسے مشعرالحرام کہتے ہیں۔

س:۔ عرفات کیا ہے؟

ج:۔ یہ میدان مکہ مکرمہ سے بارہ میل دور ہے۔ یہیں پر حج کا ایک اہم رکن وقوف عرفہ ادا ہوتا ہے۔

س:۔ منیٰ کیا ہے؟

ج:۔ مکہ مکرمہ سے عرفات جاتے ہوئے سات میل پر ہے۔ یہاں چند دن قیام کرنا ہوتا ہے اور حج کے چند مناسک یعنی رمی جمار اور قربانی کرنا ہوتی ہے۔

س:۔ مناسک حج کیا ہیں؟

ج:۔ حج کسی ایک فعل کا نام نہیں یہ بہت سے افعال پر مشتمل ہے جو چند ایک معلوم اوقات میں اور ایک مخصوص لباس میں ادا کرنا ہوتے ہیں۔

س:۔ حج کے کتنے طریقے ہیں؟

ج:۔ تین طریقے ہیں۔ قران۔ عمرہ۔ اور حج۔

س:۔ قران کا طریقہ کیا ہے؟

ج:۔ اشہر حج میں عمرہ اور حج کا احرام باندھے' عمرہ کا طواف اور حلق نہ کرے۔

س:۔ کہتے ہیں علالت کے آخری لمحات میں حضورؐ نے کسی چیز کا خدشہ ظاہر کیا تھا وہ کیا چیز تھی؟

ج:۔ ایام علالت میں آپؐ کے پاس سات دینار تھے آپؐ نے گھر والوں کو ہدایت کی کہ ان دیناروں کو غربا و مساکین میں بانٹ دیا جائے۔

س:۔ رسول اللہ صلعم کے جسم اطہر کو غسل کس نے دیا؟

ج:۔ حضرت علی ابن ابیؓ طالب' حضرت عباس بن عبدالمطلب اور حضرت اسامہ بن زیدؓ نے۔

س:۔ حضورؐ کو کیسا کفن پہنایا گیا؟

ج:۔ آپ کا کفن ایک دھاری دار اور دو لمبی چادروں پر مشتمل تھا۔ اس کے علاوہ ایک قمیض پہلے ہی زیب تن تھی۔

رسول اللہ صلعم کے آخری دیدار

س:۔ تجہیز و تکفین کے بعد جنازہ کہاں رکھا گیا؟

ج:۔ رسول مقبولؐ کا جنازہ ایک چارپائی پر رکھ دیا گیا کہ لوگ آپؐ کے دیدار سے مشرف ہو سکیں۔

رسول اللہ کی نماز جنازہ

س:۔ کیا رسول اللہ صلعم کی نماز جنازہ باجماعت ہوئی؟

ج:۔ آپکی نماز جنازہ صحابہ نے علیحدہ علیحدہ ادا کی۔ جب مرد نماز جنازہ سے فارغ ہو چکے تو عورتوں اور بچوں کی باری آئی۔

س:۔ رسول اللہ کی تدفین کس تاریخ کو ہوئی؟

ج:۔ ربیع الاول کی رات کو۔

مرقد منور

س:۔ حضورؐ کی قبر کھودنے کا شرف کس کو حاصل ہوا؟

ج:۔ ابو طلحہؓ کو۔

س:۔ حضورؐ کے جسد اطہر کو لحد میں اتارنے کی سعادت کسے حاصل ہوئی؟

ج:۔ حضرت علیؓ اور شقرانؓ کو۔

س:۔ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح اہل مکہ کے دستور کے مطابق قبر کھودتے تھے انہوں نے یہ سعادت کیوں نہ حاصل کی

ج:۔ وہ اس وقت وہاں موجود نہ تھے۔

س:۔ رسول اللہ صلعم کی تدفین کس تاریخ کو ہوئی؟
ج:۔ ربیع الاول کی رات کو۔ نور نور سے جاملا۔

خاندان رسالت

اولاد طیبات

س:۔ سرور عالم صلعم کے کتنے صاحبزادے تھے؟
ج:۔ تین صاحبزادے جو اللہ کو پیارے ہو گئے۔
س:۔ حضورؐ کی کتنی صاحبزادیاں تھیں؟
ج:۔ چار صاحبزادیاں۔
س:۔ یہ اولادیں کس کے بطن سے تھیں؟
ج:۔ حضورؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کے علاوہ تمام اولاد حضرت خدیجہ الکبریٰ کے بطن سے پیدا ہوئی۔
س:۔ آپؐ کی اولاد میں سب سے بڑے کون تھے؟
ج:۔ حضرت قاسمؓ۔ ان سے چھوٹی حضرت زینبؓ۔ ان سے چھوٹی حضرت رقیہؓ۔ ان سے چھوٹی حضرت فاطمہؓ اور ان سے چھوٹی حضرت ام کلثومؓ۔
س:۔ آپؐ کی سب اولادیں بعثت سے پہلے پیدا ہوئیں یا بعد میں؟
ج:۔ بعثت سے پہلے ہوئیں اور بعثت کے بعد حضرت عبداللہ پیدا ہوئے۔ طیب و طاہر ان کے دو لقب تھے۔
س:۔ حضرت ابراہیمؓ کس کے بطن سے تھے؟
ج:۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے۔

حضرت فاطمہؓ کی شادی

س:۔ حضرت فاطمہؓ کی شادی کس سے ہوئی؟
ج:۔ حضرت علیؓ سے۔
س:۔ رسول اللہؐ نے اپنی پیاری بیٹی فاطمہؓ کو کیا جہیز دیا؟
ج:۔ کھجور کے پتوں کا ایک بستر۔ ایک مصلیٰ۔ دو موٹے ٹاٹ چمڑے کے چار تکیے۔ کپڑے دھونے کا لگن۔ ایک مشک۔ لکڑی کا بادیہ۔ دو مٹی کے آبخورے۔ ایک مٹی کی صراحی۔ ایک سفید چادر۔ ایک لوٹا۔

س:۔ حضرت فاطمہؓ کی رخصتی کیسے ہوئی؟

ج:۔ اسپ نامی ناقہ پر حضرت فاطمہؓ سوار تھیں۔ بنی ہاشم کے جوان ننگی تلواریں لئے برات کے جلوس میں تھے۔

س:۔ رسول مقبول کو ابتر ہونے کا طعنہ کس نے دیا تھا؟

ج:۔ عاص بن وائل سہمی نے۔

س:۔ ابتر کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ جس کی پسری اولاد باقی نہ رہے۔

س:۔ بحیثیت شفیق باپ کے رسول اللہؐ کیسے تھے؟

ج:۔ آنحضرتؐ نے شفیق باپ کی حیثیت سے نہایت عمدہ اسوہ چھوڑا ہے۔ جسے حدیث و سیرت کی کتابوں میں دیکھا جا سکتا ہے۔

س:۔ ولادت حسن رضی اللہ علیہ کب ہوئی؟

ج:۔ 3ھ کو۔

س:۔ ولادت حسین رضی اللہ علیہ کب ہوئی؟

ج:۔ 4 ھ حسن رضی اللہ علیہ کی ولادت ہوئی۔ حضرت حسینؓ اپنے بھائی حسنؓ سے تقریباً ایک سال چھوٹے تھے۔

س:۔ آنحضورؐ کے کتنے چچا تھے؟

ج:۔ گیارہ۔

س:۔ ان کے نام بتائیں؟

ج:۔ حارث۔ قثم۔ زبیر۔ حمزہؓ۔ عباسؓ۔ ابوطالب۔ ابولہب۔ عبدالکعبہ۔ جحل۔ ضرار۔ غنداق۔

س:۔ حضورؐ کے کتنے چچا مشرف باسلام ہوئے؟

ج:۔ دو چچا۔

س:۔ آنحضورؐ کی پھوپھیاں کتنی تھیں؟

ج:۔ حضورؐ کی چھ پھوپھیاں تھیں۔

س:۔ ان کے نام کیا تھے؟

ج:۔ عاتکہ۔ امیمہ۔ بیضابرہ۔ اروی۔ صیفہ۔ صفیہ۔

س:۔ حضورؐ کی رضاعی مائیں کتنی تھیں؟

ج:۔ دو۔

س:۔ حضورؐ کی رضاعی ماؤں کے نام بتائیں؟

ج:۔ حلیمہ سعدیہ۔ ثوبیہ۔

ازواج مطہرات

س:۔ رسول اللہ کی ازواج مطہرات کتنی تھیں؟

ج:۔ جن خواتین کے ساتھ آپ کا رشتہ ازواج قائم ہوا ان کی تعداد 13 تھی۔

س:۔ حضورؐ کی ازواج مطہرات کے نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ۔ حضرت سودہؓ۔ حضرت زینب بنت جحشؓ۔ حضرت عائشہؓ۔ حضرت ام سلمہؓ۔ حضرت حفصہؓ۔ حضرت ام حبیبہؓ۔ حضرت صفیہؓ۔ حضرت میمونہؓ۔ حضرت زینبؓ بنت حزیمہ۔

رسول اللہؐ کے موالی

س:۔ موالی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ وہ غلام جس کو آقا آزاد کردے اسے موالی کہتے ہیں۔

س:۔ رسول مقبولؐ کے موالیوں کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ زید بن حارثہؓ۔ اسامہ بن زیدؓ۔ ابو کبشہؓ۔ شقران حبشیؓ۔ رباح حبشیؓ۔ ابو رافع قبطیؓ۔ رفاہ بن زیدؓ سینہؓ۔

خلفائے رسول کریمؐ

س:۔ رسول کریمؐ کے بعد اسلام کا صحیح نمونہ کون ہیں؟

ج:۔ خلفائے راشدین۔

س:۔ رسول مقبول ﷺ کے خلفا کتنے ہیں؟

ج:۔ چار خلفائے راشدین۔

رسول اللہ کے محافظ

س:۔ یوم بدر آپؐ کی حفاظت کس نے کی؟

ج:۔ حضرت سعد بن معاذؓ نے۔

س:۔ احد کے دن حضورؐ کی حفاظت کس نے کی؟
ج:۔ حضرت محمد بن سلمہؓ نے۔
س:۔ خندق کے دن حضورؐ کی حفاظت کس نے کی؟
ج:۔ حضرت زبیر بن عوامؓ۔
س:۔ حدیبیہ کے دن حضورؐ کی حفاظت کس نے کی؟
ج:۔ حضرت مغیرہؓ بن شعبہ نے۔
س:۔ شب زفاف حضرت صفیہ خیبر کے راستے میں آپؐ کی حفاظت کس نے کی؟
ج:۔ حضرت ابو ایوبؓ انصاری۔
س:۔ وادی قریٰ میں حضورؐ کی حفاظت کس نے کی؟
ج:۔ حضرت بلالؓ نے۔

غلامانِ محمد

س:۔ حضرت شقرانؓ کون تھے؟
ج:۔ حضورؐ کے غلام تھے۔
س:۔ سقران اپنے کونسے وصف کی وجہ سے مشہور تھے؟
ج:۔ مستورات کے ناقوں کی حدی خوانی کیا کرتے تھے۔
س:۔ ابو رافع کس کے غلام تھے؟
ج:۔ حضرت عباس کے غلام تھے۔
س:۔ سفینہ کس کے غلام تھے؟
ج:۔ حضرت ام سلمہؓ کے غلام تھے۔
س:۔ سفینہ کا اصلی نام کیا تھا؟
ج:۔ رومان ان کا اصلی نام تھا۔
س:۔ ابو کبشہ کس کے غلام تھے؟
ج:۔ رسول کریم ﷺ کے۔
س:۔ رویفع کس کے غلام تھے؟
ج:۔ رسول کریم ﷺ نے ان کو بھی خرید کر آزاد کر دیا تھا۔
س:۔ آپ کا اصلی نام کیا تھا؟

ج:۔ ابو مویہبہ۔

س:۔ رباح الاسود کون تھے؟

ج:۔ آپ کبھی کبھی رسول اللہ ﷺ کے لئے اذان دیا کرتے تھے۔

س:۔ فضالہ کون تھے؟

ج:۔ آپ اہل یمن میں سے تھے۔ کسی نے ہدیہ کے طور پر پیش کیا تھا۔

س:۔ مدعم کون تھے؟

ج:۔ حبشی غلام تھے۔ رفاعہ بن زید الجزامی نے رسول اللہ ﷺ کو ہدیہ پیش کیا تھا۔ وادی قریٰ میں آپ قتل کر دیئے گئے۔

س:۔ یسار کون تھے؟

ج:۔ حضورؐ کے اونٹ چرایا کرتے تھے۔ قبیلہ عرنیہ کے آدمیوں نے انہیں مار ڈالا۔

س:۔ مدعم حبشی کے بارے تاریخ کیا کہتی ہے؟

ج:۔ ان کو حضرت عباسؓ نے آپؐ کو پیش کیا تھا۔

س:۔ بالور کون تھے؟

ج:۔ یہ خواجہ سرا تھے۔ خصی تھے۔ مقوقس بادشاہ نے کے ساتھ بطور ہدیہ آپؐ کی خدمت میں بھیجا تھا۔

س:۔ واقد کون تھے؟

ج:۔ آنحضرت ﷺ کے حدی خواں تھے۔

س:۔ انجشہ کون تھے؟

ج:۔ یہ بھی رسول کریمؐ کے بڑے خوش الحان حدی خواں تھے۔

س:۔ سلمان فارسی کون تھے؟

ج:۔ آپ فارس کے آتش کدے کے کاہن کے بیٹے تھے۔ دین حق کی تلاش میں گھر سے نکلے۔ راستہ میں یہودیوں نے گرفتار کر لیا۔ آپؐ نے یہود سے خرید کر آزاد کر دیا

پیغمبر اسلام کے امین

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے اخراجات کے امین کون تھے؟

ج:۔ بلال بن رباحؓ۔

س:۔ رسول کریمؐ کی مہر کے امین کون تھے؟

ج:۔ معیقب لروحی۔

س:۔ عبدالرحمٰن بن عوف کو کس لحاظ سے امین کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ان کے ذمہ آپ کی مہر کی حفاظت تھی۔

س:۔ اسد بن اسید الساعدی کس کام پر امین تھے؟

ج:۔ یہ بھی عورات پر امین تھے۔

رسولؐ اللہ کے شعرا

س:۔ رسولؐ اللہ کے شعرا سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ شاعر جو اشعار سے آنحضورؐ کی حمایت کرتے اور کفار قریش کی ہجو کرتے۔

س:۔ ان شعرا کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ حسان بن ثابت۔ کعب بن مالک۔ عبداللہ بن رواحہ۔

س:۔ حسان بن ثابت مہاجر تھے یا انصاری؟

ج:۔ انصاری۔

س:۔ حسان بن ثابت کو شاعر رسول کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ یہ رسول اللہ کے فضائل بیان کرتے تھے۔

س:۔ مشرکین میں سے رسول اللہ کی ہجو پر کونسے شاعر مقرر کئے گئے تھے؟

ج:۔ ابوسفیان بن حارث۔ عبداللہ بن زبعری۔ عمرو بن عاص۔ ضرار بن خطاب۔

س:۔ اسلام میں مشرکین کی ہجو کے لئے کونسے شاعر متعین کئے گئے تھے؟

ج:۔ حسان بن ثابت۔ کعب بن مالک۔ عبداللہ بن رواحہ۔

س:۔ عبداللہ بن رواحہ اپنے اشعار میں زیادہ کس موضوع کو لیتے تھے؟

ج:۔ کفار کے کفر پر انہیں مطعون کرتے تھے۔ پتھر کے خداؤں پر طنز کرتے تھے۔

س:۔ عبداللہ بن رواحہ کن غزوات میں رسول اکرمؐ کے ساتھ رہے؟

ج:۔ بدر۔ احد۔ خندق۔ حدیبیہ۔ خیبر۔

رسولؐ اللہ کے سراری

س:۔ سراری سے کیا مراد ہے؟
ج:۔ لونڈیاں۔ غلام۔
س:۔ ان کے نام اور کام بتائیں؟
ج:۔ ام ایمن۔ امیمہ۔ سرین حضورؐ کی لونڈیاں تھیں۔

رسولؐ اللہ کے موذن

س:۔ موذن رسول کہلانے کا شرف کن موذنوں کو حاصل ہے؟
ج:۔ بلال بن رباحؓ۔ ابن ام مکتومؓ۔ ابو مخدورہؓ۔ سعد قرظیؓ۔
س:۔ اسلام کے پہلے موذن ہونے کا شرف کس کو حاصل ہے؟
ج:۔ بلال بنؓ رباح۔
س:۔ ابن ام مکتوم کے بارے میں تاریخ کیا کہتی ہے؟
ج:۔ یہ نابینا اور قدیم الاسلام صحابی تھے۔
س:۔ ابو مخدورہ کہاں کے موذن تھے؟
ج:۔ مکہ معظمہ کے موذن تھے۔
س:۔ سعد قرظی کہاں کے موذن تھے؟
ج:۔ مسجد قبا کے موذن۔

کاتبین وحی

س:۔ کاتبین وحی سے کیا مراد ہے؟
ج:۔ آپؐ آیات و سور لکھوا دیا کرتے تھے۔ اس نسبت سے وہ کاتبین وحی کہلائے۔
س:۔ کاتبین وحی میں سے چند ممتاز شخصیتوں کے نام بتائیں؟
ج:۔ حضرت علی۔ حضرت ابوبکر۔ حضرت عمر۔ حضرت عثمان۔ حضرت زبیر بن العوام۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص۔ حضرت عامر بن فہیرہ۔ حضرت عمرو بن العاص۔ حضرت ابی بن کعب۔

رسولؐ اللہ کے سفیر

س:۔ رسول مقبولؐ تبلیغ اسلام اور دیگر ضروریات مذہب کے لئے مختلف ملکوں

اور قبیلوں میں سفرا روانہ فرمایا کرتے تھے ان کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

ج:۔ حضرت عمرو بن امیہ ضمری۔ حضرت شجاع بن وہب حضرت جریر بن عبداللہ بجلی۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری۔ حضرت معاذ بن جبل۔ حضرت بریدہ۔ حضرت ضحاک بن سفیان۔

شمائل رسولؐ اللہ

س:۔ شمائل رسول اللہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ آنحضرتؐ کے نورانی پیکر کے اوصاف۔ حضورؐ پر نور کا سراپا۔

س:۔ حضورؐ کا چہرہ مبارک کیسا تھا؟

ج:۔ نورانی رنگت والا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے موئے مبارک کیسے تھے؟

ج:۔ آپؐ کے بال کالے اور نہایت چمکدار تھے۔

س:۔ حضورؐ کی پیشانی مبارک کیسی تھی؟

ج:۔ صندلی اور کشادہ۔

س:۔ رسول مقبولؐ کی چشمان مبارک کیسی تھی؟

ج:۔ نہایت دلکش و دلفریب۔

س:۔ آنحضور کے دہن مبارک کی تعریف میں اہل علم و عرفاں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ آپؐ کا دہن مبارک خوشبودار تھا۔

س:۔ آپؐ کے دندان مبارک کیسے تھے؟

ج:۔ سچے موتی۔

س:۔ آپؐ کی آواز کیسی تھی؟

ج:۔ پر جلال و پر جمال۔

معجزات رسولؐ

س:۔ رسول اللہؐ کے وہ معجزات کونسے ہیں جن کا تعلق ملائکہ سے ہے؟

ج:۔ جنگ احد میں رسول اللہؐ کی مدد کے لئے ملائکہ آسمان سے اتارے گئے تھے یہ بھی تو ایک معجزہ ہی تو ہے۔

س:۔ حضرت عمار بن یاسر نے جبریلؑ کے متعلق حضورؐ سے کیا عرض کیا تھا؟

ج:۔ حضرت عمار بن یاسر نے کہا تھا کہ یا رسول اللہ مجھے جبریل کو ان کی اصل

صورت میں دکھا دیجئے۔ حضورؐ نے فرمایا تم انہیں دیکھنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ بیہوش ہو کر گر پڑو گے۔

س:۔ اسامہ بن زید اس اس بارے میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ان کا بیان ہے کہ انہوں نے جبریلؑ کو نبی کریم ﷺ کے پاس دیکھا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے وہ معجزات کیا ہیں جن کا تعلق برکتوں اور ہدایتوں سے ہے؟

ج:۔ حضرت ابو ہریرہ کی ماں مشرکہ تھیں۔ وہ اپنی ماں کو اسلام کی طرف بلاتے رہتے تھے مگر وہ نہیں مانتی تھیں۔ ابو ہریرہ نے حضورؐ سے عرض کیا کہ وہ دعا کریں ان کی ماں مسلمان ہو جائے حضورؐ نے دعا کی اور مسلمان ہو گئیں۔

س:۔ حضورؐ کا ایسا کوئی اور معجزہ؟

ج:۔ حضرت انس نے رسول اللہؐ سے عرض کیا کہ ان کے باغ کے متعلق کریں۔ حضورؐ نے دعا کی۔ لوگوں کے باغوں میں سال میں ایک بار پھل آتا ہے انس کے باغ میں دو بار آتا تھا۔

س:۔ ابن عباس کے بارے میں حضورؐ نے کیا دعا فرمائی تھی؟

ج:۔ حضورؐ نے دعا فرمائی کہ یا اللہ ابن عباس کو دین کی سمجھ اور تفسیر کا علم دے۔ اس دعا کا اثر یہ ہوا کہ ابن عباس نے علم کی زیادتی کی وجہ سے حبر کا خطاب پایا اور تفسیر میں وہ مرتبہ ملا کہ ترجمان القرآن کہلائے۔

س:۔ حضورؐ نے عبداللہ بن جعفر کے حق میں کیا دعا فرمائی تھی؟

ج:۔ اے اللہ ان کی خرید و فروخت میں برکت عطا فرما۔ دعا کا یہ اثر ہوا کہ عبداللہ جو کچھ بھی خریدتے اس میں کامل فائدہ ہوتا۔

س:۔ حضرت خالد بن ولید کی ٹوپی کی روایت کیا ہے؟

ج:۔ ان کی ٹوپی میں نبی کریم ﷺ کے سر کے چند بال تھے۔ اس کا اثر یہ تھا کہ خالد جس لڑائی میں وہ ٹوپی پہن کر جاتے فتح نصیب ہوتی۔

س:۔ حضرت اسماء بنت ابی بکر کی حضورؐ کے معجزے کے بارے میں کیا روایت ہے؟

ج:۔ حضرت اسماء بنت ابی بکر کے پاس حضورؐ کا جبہ تھا۔ اس یہ اثر تھا کہ اس جبہ کو بیماروں کے بدن سے لگائیں تو شفاء ہو جاتی۔

س:۔ سلمہ بن اکوع کی پنڈلی میں ایک زخم تھا وہ کیسے اچھا ہوا؟

ج:- حضورؐ نے زخم پر تین بار دم کیا تو زخم مندمل ہو گیا۔

س:- شرجیل جعفی کی ہتھیلی میں ایک بڑا سا غدور تھا۔ طبرانی کی روایت کے مطابق نہ وہ تلوار چلا سکتے تھے اور نہ گھوڑے کی لگام ہی تھام سکتے تھے۔ وہ غدود کیسے مٹ گیا؟

ج:- آپؐ نے اپنا ہاتھ غدود پر پھیرا۔ اس کی برکت کا یہ اثر ہوا کہ وہ غدود بالکل ختم ہو گیا۔

س:- حضرت علیؓ کی آنکھیں دکھنے لگیں۔ کسی طرح آرام نہ آیا تو ان کا علاج کیسے ہوا؟

ج:- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن لگایا تو بالکل اچھی ہو گئیں۔

س:- یہ معجزہ کب ظاہر ہوا تھا؟

ج:- غزوہ خیبر کے موقع پر۔

س:- ہجرت کی رات رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکر کے ساتھ غار ثور میں پناہ لی تو وہاں سانپ نے ان کے پاؤں پر کاٹ لیا۔ سانپ کا زہر کیسے زائل ہوا؟

ج:- حضورؐ نے اپنا لعاب دہن اس پر لگا دیا تو زہر کا اثر فوراً زائل ہو گیا۔

س:- جنگ بدر میں حبیب بن یساف کے دونوں کندھوں کے بیچ تلوار اس زور سے لگی کہ ایک طرف کا حصہ کٹ کر لٹک گیا تو کیا ہوا؟

ج:- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت ان کے لٹکے ہوئے حصے کو ملا کر دم کیا تو وہ اتنا اچھا ہو گیا کہ حبیب نے اس لڑائی میں اپنے زخمی کرنے والے کو مار ڈالا۔

س:- جنگ یمامہ میں ثابت بن قیس شہید ہوئے تو جب انہیں قبر میں رکھ دیا گیا تو کیا وہ کلمہ پڑھنے لگے تھے؟

ج:- یہ بھی آنحضورؐ کا معجزہ تھا کہ شہید نے آپ کی رسالت کی گواہی دی۔

س:- نبی کریم ﷺ نے فارس کے بادشاہ کسریٰ پرویز کو دعوت اسلام کا خط بھیجا جس کو اس نے پھاڑ ڈالا۔ حضورؐ نے بددعا فرمائی۔ جس کا کیا اثر ہوا؟

ج:- اس کی سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔

س:- چند کافروں نے حضورؐ کو قتل کرنے کے لئے آپؐ کے گھر کو گھیر لیا تو آپؐ ان کے شر سے کیسے محفوظ رہے؟

ج:۔ حضورؐ گھر سے نکلے اور شاہت الوجوہ کہتے ان کے درمیان سے نکل گئے۔ حضورؐ اپنی مٹھیوں میں بھری ہوئی مٹی بھی ان کی طرف اچھال رہے تھے۔

س:۔ ہجرت سے پہلے مکہ معظمہ میں کفار نے حضورؐ سے کہا کہ اگر تم سچے نبی ہو تو چاند کو دو ٹکڑے کر دکھاؤ۔ حضورؐ نے کیا کیا؟

ج:۔ آپؐ نے چاند کی طرف اشارہ کیا۔ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ یہ معجزہ عرب ہی نہیں ساری دنیا نے دیکھا۔

س:۔ ایک شخص اسلام سے پھر گیا تھا حضورؐ نے اس کے لئے کیا بددعا کی؟

ج:۔ حضورؐ نے بددعا کی کہ تیری لاش کو زمین قبول نہ کرے۔ وہ مر گیا تو لوگوں نے اسے کئی بار قبر میں رکھا۔ لیکن ہر بار زمین نے اس کو باہر پھینک دیا۔

رسولؐ اللہ کی پیشین گوئیاں

س:۔ حضورؐ نے حضرت عثمانؓ کے متعلق کیا پیشین گوئی کی تھی؟

ج:۔ "تم ایک فتنے میں بے گناہ مارے جاؤ گے"

س:۔ جنگ خیبر میں حضورؐ نے حضرت علی کے بارے میں کیا پیشین گوئی کی تھی؟

ج:۔ کل میں اس کے ہاتھ میں علم دوں گا جو فاتح خیبر ہو گا۔

س:۔ حضورؐ نے خلافت کے بارے کیا پیشین گوئی کی تھی؟

ج:۔ خلافت تیس برس ہو گی اس کے بعد سخت گیر ملوکیت ہو جائے گی۔

س:۔ آنحضرت ﷺ نے ایک دفعہ ازواج مطہرات کو خطاب کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ میری وفات کے بعد تم میں سے سب سے پہلے وہ مجھ سے ملاقات کرے گی جس کے ہاتھ لمبے ہوں گے۔

س:۔ حضورؐ نے حضرت عمار کے سر پر ہاتھ رکھ کر کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ تجھے باغیوں کا ایک گروہ قتل کرے گا۔

س:۔ حضورؐ کو جب یہ خبر ملی کہ ہوازن کے جنگجو مسلح ہو کر حنین آ گئے ہیں تو حضورؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا کہ وہ کل انشا اللہ سب مسلمانوں کی غنیمت اور ان کا مال ہو گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

س:۔ غزوہ تبوک میں نبی کریمؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ بڑی تیز آندھی چلے گی۔ دن میں رات ہو جائے گی۔

س:۔ آنحضرت ﷺ نے اپنی امت کے بارے میں کیا پیش گوئی کی تھی؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا بہت جلد میری امت میں تفرقے ہو جائیں گے۔

س:۔ حضور نے قیس بن شماس کے بارے میں کیا پیش گوئی کی تھی؟

ج:۔ حضورؐ نے شماس سے فرمایا تم زندہ رہو گے قابل تعریف زندگانی کے ساتھ اور تم مارے جاؤ گے تو شہید ہو گے ثابت جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

س:۔ آنحضرتؐ نے مدینہ کے بارے پیشین گوئی کرتے ہوئے حضرت ابو ہریرہ سے ایک مرتبہ کیا کہا تھا؟

ج:۔ مدینہ میں ایک مرتبہ اتنی خونریزی ہو گی کہ اس کے کالے پتھروں پر خون جم جائے گا یہ پیشین گوئی بھی سچی ثابت ہوئی۔ یزید نے مسرف بن عتبہ کو سپہ سالار بنا کر مدینہ پر ایک لشکر جرار بھیجا۔ اس نے قتل عام کیا۔ سینکڑوں صحابہ و صحابیات کے خون سے پتھر ڈھک گئے۔

خطبات رسولؐ

س:۔ خطبات سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ خطبات سے مراد ایسا بیان ہے جس میں زبان کی رشستگی' الفاظ کا شکوہ' جذبات کی فراوانی اور استدلال کی قوت یکجا ہو کر کلام کو موثر بناتی ہے۔ خطابت انسانیت کا اہم ترین ہتھیار ہے۔ اس نے حیات انسانی میں موثر کردار ادا کیا ہے۔ اور تمام سیاسی و فوجی قائد و رہنما حتیٰ کہ اخلاقی مصلح اور انبیاء و اولیا سب مشن کی تکمیل کے لئے خطابت سے کام لیتے رہے ہیں۔

س:۔ سورۃ ابراہیم میں کس پیغمبر کو خطیب الانبیاء کہا گیا ہے؟

ج:۔ حضرت شعیبؑ کو۔

س:۔ آنحضرتؐ جس ماحول اور معاشرے میں مبعوث ہوئے اس میں خطابت کے بارے میں کیا خیال رکھتے تھے؟

ج:۔ آنحضرتؐ جس ماحول و معاشرے میں مبعوث ہوئے وہ ایک ایسا معاشرہ تھا جس کے افراد اپنی خطابت اور زور بیان پر فخر کرتے تھے۔ ان کے ہر قبیلے میں زبان آور شعرا اور آتش بیان خطباء موجود تھے۔ انہیں اپنی فصاحت و بلاغت پر

اس قدر ناز تھا کہ اپنے سوا تمام دنیا کو عجم یعنی گونگا کہتے تھے۔ للہذا انہیں وعظ و نصیحت اور ہدایت و تلقین کے لئے ایسے پیرائے کی ضرورت تھی جو معنوی حیثیت کے علاوہ فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے بھی بے نظیر ہوتا۔

س:۔ آنحضرت ﷺ کی خطابت کیسی تھی؟

ج:۔ آنحضورؐ خطابت کے جوہر سے کامل طور پر متصف تھے۔ آپؐ کی خطابت میں بلا کی تاثیر تھی۔ وحی ربانی اور دانش نبوی نے اسے بے حد موثر بنا دیا تھا۔ اور اس وقت کے بڑے بڑے مقرر آپؐ کی اس حیثیت کے سامنے سر تسلیم خم کر چکے تھے۔ چنانچہ آپؐ نے بارہا تحدیث نعمت کے طور پر فرمایا کہ میں عرب کا سب سے زیادہ فصیح انسان ہوں مجھے جامع کلمات عطا کئے گئے ہیں۔

س:۔ آپؐ کی ولادت کے وقت کونسے قبائل فصاحت و بلاغت میں پورے عروج پر تھے؟

ج:۔ عرب کا اگرچہ ہر قبیلہ فصاحت و بلاغت میں پورے عروج پر تھے مگر قریش اور ہوازن کے دو قبیلے اس وصف میں مایاں حیثیت رکھتے تھے۔ ان میں سے قریش میں آپؐ کی ولادت ہوئی۔ اور ہوازن کی ایک شاخ بنو سعد میں آپؐ نے پرورش پائی۔ اس لئے دونوں لہجوں کی خوبیاں آپؐ کی ذات اقدس میں جمع تھیں۔

س:۔ عہد جاہلیت کی خطابت کیسی تھی؟

ج:۔ عربوں کے ہاں چونکہ لکھنے پڑھنے کا رواج نہ تھا اس لئے بیشتر ادبی ذخیرہ ضائع ہو گیا۔ شعری سرمایہ وزن و موسیقیت اور عربوں کی طبعی مناسبت کے باعث قدرے محفوظ رہا مگر نثری ذخیرے کے لئے کوئی محرک نہیں تھا۔ اس لئے بعض نقادوں نے جاہلی نثر کے وجود ہی سے انکار کر دیا۔ اس کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ شعر کو عرب ماحول میں تقدم حاصل تھا جو خطابت کو نہیں تھا۔ اس کے باوجود خطابت عربیہ سے انکار ممکن نہیں کیونکہ عرب اپنی زبان اور اپنے بیان کے اعتبار سے بہت ترقی یافتہ تھے۔ اس کا ثبوت ہمیں عہد جاہلیت کے بعض خطبات نبیؐ کی خدمت میں حاضر ہونے والے وفود کی گفتگوؤں اور خود قرآن کریم کے انداز بیان سے ملتا ہے۔

س:۔ حضور کا انداز خطابت کیسا تھا۔ اور اس کی جملہ خصوصیات کیا تھیں؟

ج:۔ آنحضرتؐ نہایت سادہ طریقے سے خطبہ دیتے تھے آپؐ جب خطبہ دینے

کے لئے اپنے حجرے سے باہر تشریف لاتے تھے تو نہ خطباء کا مخصوص لباس زیب تن فرماتے تھے اور نہ ہی سلاطین کی طرح آپؐ کے ساتھ چاؤش ہوتے تھے بلکہ ہاتھ میں صرف عصا ہوتا تھا اور کبھی کبھی کمان پر ٹیک لگا کر خطبہ ارشاد فرماتے تھے۔

س:۔ حضورؐ کے ارشاد خطبہ کے بارے میں ابن ماجہ سے روایت کیا ہے؟

ج:۔ جب آپؐ مسجد میں خطبہ دیتے تو دست مبارک میں عصا ہوتا تھا۔ اور جب میدان جنگ میں خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو کمان سے ٹیک لگا لیتے تھے۔

س:۔ جمعۃ المبارک اور عیدین کا خطبہ تو متعین تھا لیکن کیا اس کے علاوہ بھی خطبے کا کوئی وقت مقرر تھا؟

ج:۔ کوئی وقت مقرر نہ تھا جب ضرورت پیش آتی آپؐ فی البدیہہ خطبہ دینے کے لئے تیار ہو جاتے تھے۔

س:۔ آپؐ کا خطبہ لمبا ہوتا تھا یا مختصر؟

ج:۔ آپؐ نے بعض اوقات طویل خطبے بھی دیئے مگر عام طور پر آپؐ کے خطبے مختصر اور جامع ہوتے تھے۔

س:۔ غزوۂ حنین کے موقع پر آپؐ نے انصار کے سامنے جو خطبہ دیا وہ کیسا تھا؟

ج:۔ وہ شروع سے آخر تک سوالاً جواباً تھا۔ خطبہ حجۃ الوداع اور دوسرے تمام خطبات میں بھی یہ خصوصیت نمایاں تھی۔

س:۔ خطبے کے دوران حضورؐ کی کیا کیفیت ہوتی تھی؟

ج:۔ خطبے کے دوران جوش بیان کا یہ حال ہوتا تھا کہ حضورؐ کی آنکھیں سرخ اور آواز بلند ہو جاتی تھی۔ جوش بڑھ جاتا تھا اور ہاتھوں کی انگلیاں اٹھتی جاتی تھیں۔ زیادہ جوش کی حالت میں جسم مبارک دائیں بائیں جھومنے لگتا تھا۔ اور ہاتھوں کی حرکت پٹھوں کے چٹخنے کی آواز آتی تھی۔ آپؐ کبھی مٹھی بند کر لیتے تھے کبھی کھول دیتے تھے۔ آنحضرتؐ نے خطابت میں بعض نئے پہلو متعارف کرائے۔

س:۔ خطبے کے بارے میں حضورؐ کا کیا ارشاد تھا؟

ج:۔ خطبہ دینی فریضہ ہے۔

س:۔ حضرت ابوبکرؓ نے حضورؐ کی فصاحت و بلاغت کے بارے کیا کہا؟

ج:۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ میں عرب میں بہت گھوما پھرا ہوں بہت سے فصیح و بلیغ لوگوں کی باتیں سنی ہیں لیکن حضور سے زیادہ فصیح اللسان کوئی نہیں دیکھا۔

س:۔ خطابت کا بنیادی عنصر کیا ہے؟

ج:۔ فصاحت و بلاغت۔

س:۔ آپؐ کا سب سے عالیشان خطبہ کونسا ہے؟

ج:۔ جو خطبہ آپؐ نے حجتہ الوداع کے موقع پر دیا تھا۔

س:۔ حضورؐ کے خطبے کی جملہ خصوصیات کے علاوہ کیا خصوصیت تھی؟

ج:۔ اختصار اور جامعیت۔

س:۔ زیادہ اہم بات کو آپؐ خطبے میں کتنی بار دہراتے تھے؟

س:۔ آنحضرتؐ نے جس خطابت کی بنیاد رکھی اس کے موضوعات کیا تھے؟

ج:۔ حضورؐ نے جس خطابت اسلامیہ کی بنیاد رکھی اس کے موضوعات بھی بدل گئے۔ عہد جاہلیت کے بعض موضوعات بالکل متروک ہو گئے اور نئے موضوعات متعارف ہوئے۔

س:۔ موضوعات کے اعتبار سے آنحضرتؐ کے خطبات کو کن عنوانات کے تحت بیان کیا جا سکتا ہے؟

ج:۔ خطبات احکام۔
خطبات جہاد
خطبات وفود
خطبات اصلاح ذات البین
خطبات ارشاد
خطبات رقاق
خطبات نکاح
خطبات وصیت

س:۔ خطبات احکام سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ احکام شریعت کی تشریح و توضیح کے لئے دیئے گئے خطبات جو عام طور پر مذہبی تقریبات پر دیئے گئے۔

س:۔ خطبات جہاد کی وضاحت کریں؟

ج:۔ جو خطبات غزوات کے موقع پر جہاد کے لئے ارشاد فرمائے۔ ان خطبات میں عام طور پر تحریض علی القتال۔ فضائل شہادت اور دیگر ہنگامی ضروریات کو بیان کیا جاتا ہے۔

س:۔ ان خطبات کا عمدہ نمونہ کونسا ہے؟

ج:۔ جو خطبات جنگ خندق۔ موتہ۔ تبوک۔ بدر۔ احد میں دیئے گئے۔

س:۔ خطبات وفود سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ اسلام کو جب اللہ تعالیٰ نے استحکام عطا کیا تو عرب قبیلوں کے وفود عربوں کے دستور کے مطابق بارگاہ رسالت میں آنے لگے۔ یہ اپنے مقاصد بذریعہ خطابت بیان کرتے تھے۔ قبائل اپنے ہمراہ اپنے خطیبوں کو لاتے تھے۔ جو ان کے مقاصد پر زور طور پر بیان کرتے تھے۔ آنحضرتؐ کے ان جواب کے لئے خطبات ارشاد کرتے۔

س:۔ خطبات اصلاح ذات البین کا کیا مطلب ہے؟

ج:۔ دور جاہلیت میں قبائل کی باہمی عداوت اور افراد کی آپس کی رقابت و مخالفت کو دور کرنے کے لئے جو مساعی ہوتی تھی ان مصالحانہ خطبات کو بڑی اہمیت تھی۔ اسلام کی آمد کے بعد بعض اوقات مسلمانوں کے مختلف گروہوں کے مابین اختلافات رونما ہوئے۔ ایسے موقع پر آنحضرتؐ نے بڑے پر تاثیر خطبات دیئے کہ اختلافات مٹ گئے آپؐ کے یہ ارشادات اصلاح بین الناس کے خطبات کے ضمن میں آتے ہیں۔

س:۔ خطبات ارشاد کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ آنحضرتؐ کے خطبات کا اکثر موضوع تعلیم و ارشاد' ہدایت و تلقین' تہذیب و تزکیہ' مکارم اخلاق اور محاسن اعمال ہوتے تھے۔ جمعہ کے روز آپؐ جو خطبہ ارشاد فرماتے تھے عموماً انہی تعلیمات پر مبنی ہوتا تھا۔

س:۔ خطبات رقاق کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ دنیا کی پرالم زندگی اتنی دلچسپ ہے کوئی شخص خواہ کتنی ہی تکلیف میں ہو کوئی شخص مرنا گوارا نہیں کرتا۔ آنحضرت کی تعلیمات کا یہ لازمی جزو تھا کہ آپؐ دینوی تعلیمات کے جذبے کو اعتدال پر لا کر لوگوں کو خواہشات نفسانی میں مبتلا ہونے سے بچائیں۔ اس لئے رقاق کے موضوع پر آپؐ نے متعدد خطبے دیئے۔ جن میں دنیا کی بے ثباتی' زندگی کی بے اعتباری' قبر کے عذاب' آخرت

کے محاسبے اور جنت و دوزخ کا بیان ہوتا تھا۔

س:۔ خطبات نکاح سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ عربوں میں رواج تھا کہ نکاح اور منگنی کے موقعوں پر خطبے دیئے جاتے تھے۔ مرد کی طرف سے ایک شخص خطبہ دیتا جو مرد کے اوصاف اور اس کی خاندانی شرافت کی بات کرتا تھا۔ اسی طرح عورت کی طرف سے اس کے خاندان کے فضائل و مناقب بیان کئے جاتے تھے۔ آنحضرتؐ نے نکاح کے خطبے کو مسنون قرار دیا۔ اس میں آپؐ نے آیات نکاح کی تلاوت کے ساتھ ازدواجی رشتے کی اہمیت اور خاوند بیوی کی ذمہ داریوں کا ذکر ضروری قرار دیا۔

س:۔ خطبات وصیت سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ اس سے مراد وہ خطبات ہیں جو ایک شخص اپنی موت کو قریب دیکھ کر اپنے اہل و عیال اور اپنی قوم کو نصیحت کے طور پر دیتا ہے۔

س:۔ حضورؐ کا ایسا خطبہ کونسا ہے؟

ج:۔ بعثت کے بعد تین سال تک آنحضرت فریضہ تبلیغ نہایت رازداری سے ادا فرماتے رہے کیونکہ مکہ شرک و بت پرستی کا مرکز تھا۔ وہاں لوگوں کے لئے عقیدہ توحید قبول کرنا آسان نہ تھا۔

س:۔ حضورؐ نے اپنے عزیز و اقارب سے دعوت کا آغاز کیا تو کونسا خطبہ دیا؟

ج:۔ "لوگو یاد رکھو قافلہ سالار اپنے ساتھیوں سے کبھی جھوٹ نہ بولے گا۔ خدا کی قسم اگر میں دوسروں سے بہ فرض محال جھوٹ بولنے پر آمادہ بھی ہو جاتا تو تم سے پھر بھی جھوٹ نہ بولتا"

س:۔ تقویٰ کے بارے میں رسولؐ اللہ نے کیا خطبہ صادر فرمایا؟

ج:۔ نبوت کے تیرہویں سال جب آنحضرتؐ ہجرت کرکے مدینہ تشریف لے گئے تو پہلے چند روز قبا میں قیام فرمایا وہاں مسجد تعمیر کرائی اور ایک سو صحابہ کے ساتھ نماز جمعہ ادا فرمائی۔ یہ اسلام میں جمعہ کی پہلی نماز تھی اور آپؐ نے جمعہ کا پہلا خطبہ دیا۔

س:۔ کیا جمعتہ المبارک کی اہمیت پر رسول اللہ ﷺ نے کوئی خطبہ دیا؟

ج:۔ ایک موقعہ پر آنحضرت ﷺ نے جمعہ کی اہمیت پر خطبہ دیا اور اس کے ضروری احکام بیان فرمائے۔

س:۔ رسول مقبولؐ نے مدینہ منورہ پر جو پہلا خطبہ دیا اس کا موضوع کیا تھا؟

ج:۔ مہاجرین کی امداد اور جہاد کے لئے ایثار کی ترغیب۔

س:۔ رسول پاک ﷺ نے فضیلت کلام پاک پر کیا خطبہ دیا؟

ج:۔ آنحضرت نے مدینہ پہنچ کر جو خطبہ دیا اس میں زور دار الفاظ میں کلام مجید کی تلاوت کی ترغیب دی۔

س:۔ جنگ بدر۔ جنگ احد اور جنگ خیبر میں کس موضوع پر خطبے دیئے؟

ج:۔ جنگ و جہاد پر۔

س:۔ خطاب خیف سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ مکہ فتح ہو چکا تو آنحضرت نے منیٰ کے قریب مقام خیف پر جو خطبہ صادر فرمایا خطبہ خیف کہلاتا ہے۔

س:۔ خطاب جعرانہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ غزوہ حنین جو مال غنیمت ہاتھ آیا اسے مقام جعرانہ میں جمع کیا اور خطبہ دیا جو خطاب جعرانہ کہلاتا ہے۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے عسکری خطاب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ آنحضرت جب لشکر اسلام کو کسی مہم پر روانہ کرتے تو امیر جیش کو تقویٰ اور حسن سلوک کی تاکید کرتے۔

س:۔ غزوہ تبوک کے بارے میں حضورؐ کا خطبہ کیا تھا؟

ج:۔ جب آپؐ تیس ہزار کی جمعیت لے کر تبوک پہنچے تو معلوم ہوا خبر صحیح نہ تھی۔ آپ نے وہاں صحابہ کرام کے سامنے بلیغ خطبہ دیا جو جوامع الکلم کا بہترین نمونہ ہے۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ نے اطاعت امیر کے بارے میں خطبہ کی صورت میں کیا فرمایا ہے؟

ج:۔ امیر کی اطاعت اسلام کا ایک رکن اور مسلمانوں کی شیرازہ بندی کا اہم ذریعہ ہے۔

س:۔ حدود کے نفاذ کے بارے میں حضورؐ نے کیا خطبہ دیا؟

ج:۔ آنحضرت حدود قائم کرنے میں بڑی نرمی برتتے تھے۔ معمولی سے شبہ پر بھی ملزم کو چھوڑ دیتے تھے۔ اگر جرم ثابت ہو جاتا تو مجرم کو کوئی رعایت نہ دیتے۔

س:۔ حضورؐ نے حجتہ الوداع کا خطبہ کہاں صادر فرمایا؟

ج:۔ یہ خطبہ حضورؐ نے میدان عرفات میں اونٹنی پر سوار ہو کر دیا۔

س:۔ خطبہ خم غدیر حضورؐ نے کس مقام پر دیا تھا؟

ج:۔ غدیر خم کے میدان میں۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کا آخری خطبہ کونسا ہے؟

ج:۔ زمانہ علالت میں آپؐ کو افاقہ ہوا تو مسجد میں تشریف لائے۔ سر پر پٹی بندھی تھی۔ منبر پر رونق افروز ہوئے اور بخار کی حالت میں خطبہ ارشاد فرمایا۔

س:۔ تحریض علی الحرب کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ جنگ وجدال عربوں کی گھٹی میں تھا۔ ایسے مواقع پر تیر و تفنگ اور اسپ و سیف کے ساتھ زبان و بیان کے جوہر بھی دکھاتے تھے۔ انتقام کے لئے بعض اوقات بڑے موثر خطبات دیئے جاتے تھے۔

س:۔ انتقامی خطبات میں عرب میں کون سب سے زیادہ مشہور تھا؟

ج:۔ ہانی بن قبیصہ الیشبانی۔

س:۔ عربوں کے ہاں خطابت کا عروج کس عہد میں ہوا؟

ج:۔ ماہر لسانیات خطابت کے عروج کو عہد اسلامی سے منسوب کرتے ہیں۔

س:۔ رسول اللہ کے خطبات کی نمایاں خصوصیت کیا ہے؟

ج:۔ اختصار پسندی۔

س:۔ حضور ﷺ کی خطابت کے ذکر میں اہم امر کیا ہیں؟

ج:۔ حضور کی خطابت کے ذکر میں بڑا اہم امر اس کی اثر انگیزی ہے۔ خطبات نبوی کی تاثیر معجزہ الٰہی تھی۔

س:۔ عصمت اقوال کا کیا مطلب ہے؟

ج:۔ عصمت اقوال کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ کے اقوال ذاتی خواہشات اور شیطانی اثرات سے پاک ہوتے تھے۔

س:۔ عصمت اعمال کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ رسول اکرمؐ کے ہر قول کی طرح آپؐ کا ہر عمل اور ہر فعل بھی وحی الٰہی کے تحت سرزد ہوتا تھا۔

س:۔ تحریض علی الجہاد کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ عربوں کے ہاں تحریض علی القتال کے لئے خطبات ہوتے تھے۔ آپ نے تحریض علی الجہاد پر خطبات کئے۔

معلم انسانیت

س:۔ علم کی قدر و قیمت کے بارے میں حضورؐ کے کیا ارشادات ہیں؟

ج:۔ حضورؐ نے علم کی بڑی قدر و قیمت بیان فرمائی اور مسلمانوں کی حصول علم کی طرف توجہ دلائی۔

س:۔ تبلیغ نبوی کا عملی ارتقا کیا ہے؟

ج:۔ آپؐ کی تبلیغی مساعی کا اعلان نبوت ہے۔ آپؐ نے الٰہی رہنمائی میں دعوت و تبلیغ کا کام جاری رکھا۔ آپؐ کی پوری زندگی تبلیغی اصولوں کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔

س:۔ علم ایک دولت ہے اس کا فائدہ کس وقت مقصود ہو سکتا ہے؟

ج:۔ جب اس سے معاشرے کو انفرادی اور اجتماعی طور پر خیر نصیب ہو۔ خلق خدا کو فائدہ پہنچے۔

س:۔ دعوت و تبلیغ اپنے عمومی دائرے میں کب داخل ہوئی؟

ج:۔ بیعت عقبہ اولیٰ اور بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد۔

مکتوبات رسولؐ

س:۔ رسول مقبولؐ نے قیصر روم کے نام جو خط لکھا اس کا مضمون کیا تھا؟

ج:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم محمدؐ کی طرف سے جو اللہ کا بندہ اور رسول ہے۔ یہ خط ہرقل کے نام ہے جو روم کا رئیس اعظم ہے۔ اس پر سلامتی ہو جو ہدایت کا پیروکار ہے۔ اس کے بعد یہ کہ تم کو اسلام کی دعوت کی طرف بلایا جاتا ہے۔ اسلام لاؤ تم سلامت رہو گے۔ اللہ تجھ کو دگنا اجر دے گا۔ اور اگر تو نہ مانا تو اہل ملک کا گناہ تیرے اوپر ہو گا۔ اے اہل کتاب ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہم میں اور تم میں یکساں ہے۔

س:۔ خسرو پرویز شہنشاہ ایران کے نام آپؐ کے نامہ مبارک کے الفاظ مختصر پیرائے میں بیان کرو؟

ج:۔ اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے محمد پیغمبر کی طرف سے کسریٰ رئیس فارس کے نام سلام ہے۔ اسلام قبول کرو سلامت رہو گے ورنہ مجوسیوں کا وبال تمہاری گردن پر ہو گا۔

س:۔ رسول کریم ﷺ نے عزیز مصر کے نام جو خط لکھا اس کے الفاظ

مختصر پیرائے میں بیان کرو؟

ج:۔ اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے۔ محمدؐ اللہ کے بندے اور پیغمبر کی طرف سے رئیس قبط کے نام سلام ہے اس شخص پر جو راہ رابست کا پیرو ہے اما بعد میں تمہیں اسلام کی طرف بلاتا ہوں۔ اسلام قبول نہ کرو گے تو اہل قبط کا گناہ بھی تم پر ہو گا۔ اے اہل کتاب اس بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان متفق علیہ ہے کہ خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی کسی کو (خدا کو چھوڑ کر) مالک نہ بنائے۔ تم ہیں مانتے تو گواہ رہو کہ ہم مانتے ہیں۔

شارح کتاب اللہ

س:۔ شارح کتاب اللہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرمؐ کو یہ مقام عطا فرمایا کہ آپؐ کتاب اللہ کی تشریح و تفسیر کریں۔

س:۔ رسول اللہؐ نے اس فرض منصبی کو کتنے طریقوں سے انجام دیا؟

ج:۔ آپؐ نے تدریجی طور پر کامل دین الٰہی کے ان تمام حدود و احکام اور قوانین پر عمل کر دکھایا اور اس عملی پہلو کے ساتھ وہ توضیحات بھی شامل ہیں جو آپؐ نے مختلف اوقات میں فرمائیں۔

س:۔ کتاب کے علاوہ حضورؐ پر کونسی چیز نازل کی گئی؟

ج:۔ نبی کریم ﷺ پر کتاب کے علاوہ ایک چیز حکمت بھی نازل کی گئی جس کی تعلیم آپؐ لوگوں کو دیتے تھے۔

عظیم مبلغ و داعی

س:۔ تبلیغ کیا ہے؟

ج:۔ تبلیغ ایک مقدس فریضہ ہے جس کا مقصد صداقت و حقانیت پھیلانا اور لوگوں کو اس کا قائل کرنا ہے۔ انبیاء علیہم السلام کی شخصیتیں تاریخ انسانی میں تبلیغی سرگرمیوں کا مرکز رہی ہیں۔ اس ظلمت کدۂ دہر میں جہاں کہیں حق و صداقت کی روشنی نظر آتی ہے اس کا باعث یہی نورانی وجود ہیں۔ انہی داعیان و مبلغان حق و صداقت کی مساعی جمیلہ نے انسانی تاریخ کو ذلت و ظلمت کے اندھیروں میں گم نہیں ہونے دیا۔

س:۔ آپؐ کی مبلغانہ حیثیت کی تفسیر کیا ہے؟

ج:۔ آپؐ نے تبلیغ دین کو ایک منفرد و اچھوتا اسلوب دیا۔ اس کی اہمیت اجاگر کی۔ اس کے طریق کار کی سمتیں متعین کیں۔ اس کو تنظیم کے سانچوں میں ڈھالا۔ گو اس طریق تبلیغ میں وہ ربانی ہدایت اور رحمانی حکمت غالب ہے جو تمام انبیاء کے انداز تبلیغ میں قدر مشترک ہے تاہم آپؐ کی انفرادیت اور خصوصی بصیرت جھلکتی دکھائی دیتی ہے۔

س:۔ قرآن کریم نے مبلغ و داعی کے لئے جو قواعد و ضوابط بتائیے ہیں داعی اسلام خاتم الرسل نے کیا کیا؟

ج:۔ آپؐ نے اپنی عملی زندگی سے ان اصولوں کی حقانیت کا ثبوت فراہم کیا۔ ان اصولوں میں ایک اہم اصول داعی کی زبان اور اس کا اسلوب بیان بھی ہے۔ رسول اکرمؐ نے ایک داعی و مبلغ کی حیثیت سے زبان اور اسلوب بیان کا بے نظیر اسوہ چھوڑا۔ آپؐ کے مبلغانہ کلام میں اطاعت خداوندی اور خدمت انسانی کے تمام خصائص موجود تھے۔

س:۔ اعلان نبوت سے پہلے آپؐ کی پوری توجہ شخصیت کی تعمیر پر تھی یا گردوپیش کے گہرے مطالعہ پر؟

ج:۔ آپؐ نے اپنی تنہائیوں میں تفکر و تدبر کے ذریعے انفس و آفاق کے اسرار کا جائزہ لیتے رہے۔ آپؐ کی تبلیغی مساعی کا اعلان نبوت تھا۔ آپؐ نے الہامی رہنمائی میں دعوت و تبلیغ کا سلسلہ جاری رکھا۔ آپؐ کی پوری زندگی تبلیغی اصولوں کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔

شارع اعظم

س:۔ شارع کا مفہوم کیا ہے؟

ج:۔ شارع کا مفہوم ہے شریعت لانے والا۔ قانون سازی کرنے والا۔

س:۔ اسلام سے پہلے عربی معاشرہ کیا تھا؟

ج:۔ متفرق قبائل کا مجموعہ جو منتشر تھے۔ جن میں شیرازہ بندی نہ تھی۔ جن کے درمیان جنگ وجدل عام تھا۔ جن میں کوئی شریعت مدون نہ تھی۔

س:۔ حضورؐ کی ذات گرامی کے باعث عربوں کی معاشرت میں کیا انقلاب آیا؟

ج:۔ حکومتی سطح پر شوریٰ کا نفاذ ہوا۔ اور حاکم کے لئے نصوص مقدمہ کی پابندی

اور مصلحتِ عامہ کی ضرورت ٹھہری۔ حضورؐ چونکہ سنت و شریعت ایسے انسانوں تک پہنچانے آئے تھے اس لئے زماں و مکاں کی بندشوں سے قطع نظر انسانی زندگی کے تمام تر پہلوؤں پر اثر انداز ہوئے۔ حضورؐ کا ضابطہ قانون ایک مکمل دستاویز بن گیا۔

س:۔ حضورؐ کی شرعی حیثیت کیا تھی؟

ج:۔ حضور السلام کے اولیں شارع شریعت اور قانون ساز تھے۔ آپؐ کے قانونی ملفوظات دوسرے آسمانی قوانین کا ذریعہ بن گئے۔

انسان کامل

س:۔ انسان کامل سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ نبی کریمؐ کی ذات گرامی مسلمانوں کے لئے مکمل نمونہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ آپؐ کی ہمہ گیر شخصیت میں وہ تمام اوصاف جمع تھے جو کسی گوشہ زندگی میں مطلوب ہو سکتے ہیں آپؐ کی امارت و عبادت۔ آپؐ کے اخلاقی اطوار آپؐ کے محاربات و غزوات آپؐ کی مساعی امن و آشتی' آپؐ کی اجتماعی و انفرادی زندگی۔ غرضیکہ حیات طیبہ کا ہر پہلو ایک مثال ہے۔

س:۔ آپؐ کی حیات طیبہ کے کتنے حصے ہیں؟

ج:۔ دو حصے۔ مکی و مدنی۔ مکے میں عام شہری اور پھر داعی اسلام کی حیثیت سے جو کام کیا وہ قدرے مختلف ہے۔ مکی معاشرہ غیر منظم تھا کیونکہ وہاں مستحکم حکومت نہ تھی۔ البتہ مدینے میں آپؐ نے نظام حکومت قائم کیا۔ آپؐ نے دونوں معاشروں میں کام کیا۔ آپؐ نے اپنے کردار اور طرز عمل سے اپنی عظمت اور وقار کو قائم رکھا۔ ایک ذی وقار شہری کو حیثیت سے آپؐ نے ہمیشہ ہمسایوں کا لحاظ رکھا۔ عربوں میں اگرچہ اسلام سے پہلے بھی پڑوسی ہمسائیگی کے حقوق نہایت نہایت اہم تھے۔ لیکن اسلام نے آکر عربوں کے اس احساس کو چند ترامیم و اصلاحات کے اضافے سے اور زیادہ مستحکم کر دیا۔ اور حقوق ہمسائیگی کو اور ان کی نوعیت کو زیادہ وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا۔ حضورؐ نے فرمایا۔ پڑوسیوں کو تحفے دیا کرو اس سے محبت بڑھتی ہے۔ کسی آدمی کے لئے جائز نہیں کہ وہ پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا پڑوسی بھوکا رہے۔

ایک شہری کی وسیع تر ذمہ داری یہ ہے کہ پوری انسانیت کی فلاح و بہبود اور

معاشرے کی بھلائی کے لئے کام کرے۔ بالخصوص معاشرے کے کچلے ہوئے انسانوں کو سہارا دینا کسی انسان کا انسانیت کے لئے بہت بڑا کارنامہ ہے۔

س:۔ آنحضورؐ نے خدمت خلق میں کیا بے نظیر نمونے چھوڑے؟

ج:۔ رسول مقبولؐ کی بعد از نبوت کی زندگی تو پوری ہی انسانی خدمت میں گزری۔ قبل از نبوت بھی اس ذمہ داری سے غافل نہ تھے۔

س:۔ آپؐ کا نصب العین کیا تھا؟

ج:۔ بے کسوں، بیواؤں، غلاموں، مجبور و مقہور انسانوں کی دستگیری کرنا آپؐ کا نصب العین تھا۔ ایک ایسے معاشرے میں جہاں امیر کے نزدیک غریب ایک بدترین مخلوق تھا آپؐ نے غریبوں کا سر بلند کیا۔ غلاموں کے ساتھ اس معاشرے میں نہایت برا سلوک کیا جاتا تھا آپؐ نے ان پر خصوصی شفقت فرمائی اور فرمایا کہ یہ تمہارے بھائی ہیں جو خود کھاتے ہو ان کو بھی کھلاؤ۔ جو خود پہنتے ہو ان کو پہناؤ۔

س:۔ معاشی زندگی کیا ہے؟

ج:۔ معاشی زندگی دراصل اس جدوجہد کا نام ہے جو معاشی اصطلاح کے مطابق انسانی احتیاجات کی تکمیل کے لئے دولت کمانے اور اسے صرف کرنے سے متعلق ہے۔ آپؐ کی معاشی زندگی پر جو اشارات ملتے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ آپؐ نے زمانہ قبل از نبوت میں شغل تجارت اختیار کیا تو مال خریدا بھی اور بیچا بھی۔ تجارت میں ایسے نکھرے ستھرے اصول اپنائے جو دوسرے تاجروں کے لئے راہ ہدایت بن گئے۔

س:۔ حضورؐ نے اجرت پر کیا کیا کام کیا؟

ج:۔ بکریاں چرائیں۔ مزدوری کی۔

س:۔ لوگوں سے لین دین کا آپؐ نے کیا خیال رکھا؟

ج:۔ ایک مرتبہ کسی سے ایک پیالہ عاریتاً لیا جو گم ہو گیا تو اس کی قیمت ادا کی۔

س:۔ آپؐ کی خوش معاملگی اور بیوپار کی ایسی اور مثالیں پیش کریں؟

ج:۔ غزوہ حنین میں آپؐ نے صفوانؓ سے چالیس زرہیں عاریتاً لیں۔ لڑائی کے بعد معلوم ہوا کچھ ضائع ہو گئی ہیں آپؐ نے قیمت ادا کرنا چاہی لیکن صفوانؓ نے قیمت لینے سے انکار کر دیا۔

س:۔ کیا آپؐ نے شراکت پر بھی کام کیا؟

ج:۔ حضورؐ نے شراکت پر بھی کاروبار کیا۔ اور اپنے مثالی کردار کے انمٹ اثرات چھوڑے۔ جس شخص نے بھی آپؐ سے معاملہ کیا وہ آپؐ کی عظیم شخصیت کا گرویدہ ہو گیا۔

س:۔ حضرت خدیجہؓ سے ازدواجی تعلق کا آپؐ کی معاشی زندگی پر کیا اثر ہوا؟

ج:۔ آپؐ کی معاشی حیثیت مستحکم ہو گئی۔

س:۔ اعلان نبوت کے بعد آپؐ کی حیثیت کیسی تھی؟

ج:۔ آپ کی حیثیت ہمہ وقتی کارکن کی تھی۔ جس نے اپنے مشن کی تکمیل کے لئے جان و مال کی قربانی سے بھی دریغ نہ کیا۔

س:۔ اس ہمہ وقتی جدوجہد کے باعث ابتدائی برسوں میں سرمایہ کہاں سے آیا؟

ج:۔ وہ پونجی کام کرتی رہی جو حضرت خدیجہؓ کی ملکیت تھی۔

س:۔ حضورؐ کی زندگی کے آخری ایام کیسے تھے؟

ج:۔ حضورؐ کی مکی زندگی کے آخری ایام بڑی عزت کے تھے۔
حضورؐ نے فقر و فاقہ بھی برداشت کیا مگر کسی پر بوجھ نہ بنے۔ کسی کے دست نگر نہ ہوئے۔

س:۔ مشرکین کے معاشرتی مقاطعہ سے حضورؐ پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟

ج:۔ جسمانی اذیتوں تک نوبت پہنچ گئی۔ ان اذیتوں کا نقطہ عروج حضرت سمیہؓ کی شہادت تھی۔ ان صبر آزما حالات میں کسی معاشی جدوجہد کا جاری رکھنا ناممکن نظر آتا ہے اور پھر ایک ہمہ وقتی کارکن کے لئے جبکہ وہ ایک جمیعت و ملت کو ساتھ لے کر چل رہا ہو اور بھی مشکل ہو جاتا ہے۔

س:۔ لوگ حضورؐ کی خدمت میں ہدیتہً کچھ پیش کرتے تھے یا صدقہ کے طور پر؟

ج:۔ ہدیہ کے طور پر صدقہ تو آپؐ نے اپنے خاندان کے لئے حرام کر رکھا تھا۔

س:۔ عطایا اور ہدایا کے بارے میں آپؐ کا طرز عمل کیا تھا؟

ج:۔ ہدیہ دینے والے کو اس سے بہتر ہدیہ لوٹاتے تھے۔

س:۔ مدنی زندگی کے ابتدائی دور کے بعد آپؐ کی معیشت کا انحصار کس پر تھا؟

ج:۔ ان فتوحات پر جو اللہ تعالیٰ آپؐ کو عطا کرتا تھا جب اسلامی حکومت کی فتوحات کا سلسلہ شروع ہوا تو آپؐ کو حکمران اور شریک جنگ کی حیثیت سے مال غنیمت سے حصہ ملتا تھا۔

س:۔ قرآن مجید کی کس سورہ میں مال غنیمت اور مال فے کے سلسلے میں واضح احکامات دیئے گئے ہیں؟

ج:۔ سورۃ الانفال میں۔

س:۔ اس سورہ کے نزول کے بعد حضورؐ کیا فرمایا کرتے تھے؟

ج:۔ آپؐ فرماتے تھے یہ غنائم تمہارے لئے ہیں میری ذات کا ان میں کوئی حصہ نہیں۔

س:۔ حضورؐ غنائم سے جو حصہ لیتے تھے اس کو کیا کہتے تھے؟

ج:۔ خمس۔

س:۔ معاشرتی زندگی میں دو چیزیں بڑی اہمیت رکھتی ہیں ایک الفائے عہد اور حسن سلوک اور دوسری عفو و درگزر حضورؐ کی حیات طیبہ میں یہ دونوں چیزیں کیسی تھیں؟

ج:۔ حضورؐ کی کامل زندگی میں یہ دونوں چیزیں بڑی نمایاں تھیں۔

س:۔ اس کی کوئی مثال دیجئے؟

ج:۔ حضرت حمزہؓ کے قاتل وحشیؓ اور ابوسفیانؓ کی بیوی ہندؓ کے ساتھ آپؐ کا رویہ مثالی حیثیت کا حامل ہے۔

س:۔ انسان کامل کی ذات گرامی نے انسانی زندگی کا جو کامل نمونہ پیش کیا اس کا ایک پہلو آپ کی گھریلو زندگی بھی ہے آپؐ نے سربراہ خاندان کی حیثیت سے کیا اسوہ چھوڑا؟

ج:۔ آنحضورؐ کی حیات طیبہ کے اس پہلو میں انسانی احساسات اور انسانی جذبات کے علاوہ ایک ایسا روحانی و اخلاقی نظم و ضبط بھی دکھائی دیتا ہے جو ان جذبات و میلانات کو ہموار اور متوازن رکھتا ہے۔ اگر انسانی معاشرہ چلتے پھرتے بولتے چلتے پتھروں اور درندوں سے عبارت نہیں اور اس میں محض انسان بستے ہیں تو اسے ایسی رہنمائی درکار ہے جسے انسانی کہا جا سکے اس رہنمائی کے حصول میں تمام انسانی برادری بالعموم اور اسلامی معاشرہ بالخصوص اسوۂ کی پیروی کا شدید محتاج ہے۔

س:۔ خاندان کیا ہے؟

ج:۔ ایک قدیم ترین معاشرتی ادارہ۔

س:۔ حکمائے معاشرت کا اس بارے میں کیا نظریہ ہے؟

ج:۔ اسے پوری انسانی زندگی کی بنیاد قرار دیا۔

س:۔ حضورؐ کی سیرت طیبہ میں خاندان کے استحکام اور تنظیم کے بارے میں آپؐ کی تعلیمات اور طرز عمل کا نمونہ کیا ہے؟

ج:۔ سربراہ خاندان کی حیثیت سے آپؐ نے خاندان کے تمام عناصر کو جمع رکھنے اور ان سے حسن سلوک کرنے کا جو معیار قائم کیا اس سے یہ ثابت ہے کہ دور حاضر میں خاندان کو مستحکم رکھنے کے لئے سیرت حضورؐ کے سوا انسانیت کے لئے فکر و عمل کا کوئی نمونہ بھی پیروی کے لائق نہیں۔

س:۔ آپؐ نے خاندان کو انتشار سے بچانے اور اسے استحکام بخشنے کے لئے کیا حکمت عملی اختیار کی؟

ج:۔ آپؐ نے حقوق و فرائض کا ایک سلسلہ قائم کر دیا۔ جس پر عمل پیرا ہو کر معاشرتی عارضوں کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔

س:۔ اسلام فرد اور جماعت کے تعلق کے متعلق کیا کہتا ہے؟

ج:۔ اسلام فرد اور جماعت کے تعلق میں توازن اور اعتدال کا علمبردار ہے۔ اس کا تقاضا ہے کہ خاندان کی حیثیت ایک اجتماعی اکائی کے طور پر قائم رہے۔

س:۔ ازواج مطہرات سے آنحضور کا کیسا سلوک تھا؟

ج:۔ آنحضور ﷺ نے اپنی تمام ازواج کے ساتھ مثالی سلوک کیا۔

پیغمبر انسانیت

س:۔ حضورؐ کی تشریف آوری کے وقت انسانیت نسلی' لسانی اور طبقاتی گروہوں میں بٹی ہوئی تھی۔ ایسے میں پیغمبر انسانیت نے کیا کیا؟

ج:۔ حضورؐ نے قرآن کریم کے ارشادات کی روشنی میں مساوات کا درس دیا۔

س:۔ حضورؐ نے اپنے کس عظیم خطبے میں مساوات پر روشنی ڈالی تھی؟

ج:۔ خطبہ حجتہ الوداع کے موقع پر۔

س:۔ اس ضمن میں حضورؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ کسی عربی کو کسی عجمی پر کوئی فضیلت نہیں اور نہ کسی گورے کو کالے پر سوائے تقویٰ کے۔

س:۔ معاشرے میں مساوات کو کیا کہا جا سکتا ہے؟

ج:۔ حضورؐ کا ایک عظیم کارنامہ۔ جس نے بلال حبشیؓ' سلمان فارسیؓ اور صہیبؓ

رومی کو ایک صف میں لا کھڑا کیا۔

عظیم مدبر عظیم منتظم

س:۔ رسول اللہؐ کی ہمہ گیر اور جامع شخصیت میں آپؐ کے تدبر و تفکر کا پہلو کیسا ہے؟

ج:۔ حضورؐ نے اپنے حسن تدبر اور حسن انتظام سے روئے زمین پر ایک ایسی مثالی سلطنت اور معاشرہ قائم کیا جس کی حضورؐ سے پہلے کوئی مثال نہیں ملتی۔ حضورؐ کے سیاسی تدبر کا اندازہ اسی سے لگایا جا سکتا ہے کہ انتہائی نامساعد حالات میں اپنی دعوت کو فروغ دیا۔

س:۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں وہ کیا چیز تھی جس نے کفار کی ہر تدبیر کو ناکام کر دیا؟

ج:۔ حضورؐ کی فراست۔

س:۔ حضورؐ کی فراست کی مزید مثالیں کیا ہیں؟

ج:۔ حجر اسود کو نصب کرنا۔ اسلام پھیلانا۔ مختلف قبائل کے ساتھ رابطہ حضورؐ کی فراست کی بین دلیلیں ہیں۔

س:۔ میثاق مدینہ کیا تھا؟

ج:۔ اسلامی ریاست کی بنیاد۔

س:۔ صالح معاشرے کے قیام کے لئے حضورؐ کو کس چیز کی ضرورت تھی؟

ج:۔ حکومت و ریاست کی۔

س:۔ کونسی چیز آپؐ کی مدبرانہ صلاحیتوں کی غمازی کرتی ہے؟

ج:۔ ایک عظیم مدبر کی حیثیت سے حضورؐ کا داخلہ اور خارجہ پالیسیوں کو مرتب کرنا۔

س:۔ آپؐ کی حکمت عملی میں سب سے زیادہ اہمیت کس چیز کو حاصل تھی؟

ج:۔ اسلام کو۔

س:۔ آپؐ نے کس صحابی کو لکھنے پڑھنے کے کام پر مامور کیا؟

ج:۔ حضرت سعید بن العاص کو۔

س:۔ اس وقت باقاعدہ اسلامی درس گاہ کونسی تھی؟

ج:۔ صفہ۔

س:۔ پیغمبر ہونے کے علاوہ آپؐ کیا تھے؟

ج:۔ ایک عظیم نابغہ۔ عظیم عبقری۔

س:۔ عقل و حکمت کے بلند مقام پر فائز ہونے کے باوجود آپؐ جملہ مسائل میں کیا کرتے تھے؟

ج:۔ دوسروں کے ساتھ مشورہ کیا کرتے تھے۔

س:۔ حضور اکرمؐ کی داخلہ سیاست کا اہم جزو کیا تھا؟

ج:۔ احترام انسانیت۔ آپ ہمیشہ قتل و غارت سے گریز کیا کرتے تھے۔ بیجا تشدد کی آپؐ نے کبھی حمایت نہ کی۔

س:۔ آپؐ کے عہد میں احتساب کا مستقل کوئی شعبہ نہ تھا اس ملی فریضہ کو کون سرانجام دیتا تھا؟

ج:۔ پیغمبر اسلام صلعم کی ذات گرامی۔

س:۔ آپؐ نے اصلاحات کب جاری کیں؟

ج:۔ مدینہ منورہ میں قدم رنجہ فرماتے ہی۔

س:۔ کیا آپؐ کے وقت میں کوئی جیل خانہ تھا؟

ج:۔ نہیں تھا۔

س:۔ مجرم کو سزا دینے کے لئے اس کا متبادل اسلام کے پاس اس وقت کیا تھا؟

ج:۔ مجرم کے معاشرتی تعلقات لوگوں سے منقطع کر دیئے جاتے مجرم کو ایک گھر یا مسجد میں بند کر دیا جاتا تھا۔

س:۔ حضورؐ کے عہد میں پولیس کا ابتدائی نمونہ کیا تھا؟

ج:۔ قیس بن سعد اس خدمت کو انجام دیتے تھے۔

س:۔ مجرموں کی گردنیں کون مارتے تھے؟

ج:۔ حضرت علیؓ۔ حضرت زبیرؓ۔ حضرت محمد بن سلمہؓ۔ حضرت عاصم بن ثابت۔

س:۔ حضورؐ کا مرکز حکومت کونسی جگہ تھی؟

ج:۔ مسجد نبوی۔

رسول رحمت

س:۔ رحمت کی تشریح کیا ہے؟

ج:۔ مولانا ابو الکلام آزاد ترجمان القرآن میں رحمت کی تشریح کرتے ہوئے

فرماتے ہیں۔ عربی میں رحمت عواطف کی ایسی رقت کو کہتے ہیں جس سے کسی دوسری ہستی کے لئے احسان اور شفقت جوش میں آ جائے۔

س:۔ حضورؐ کو رحمت للعالمین کیوں کہا گیا؟

ج:۔ حضورؐ اپنی ذات میں مجسم و سراسر رحمت تھے۔ رحمت کی یہ خصوصیت آپؐ کی پوری زندگی پر محیط و بسیط تھی۔ مکی زندگی میں غلاموں کی آزادی میں آپ کی کوشش اور مدنی زندگی میں رئیس المنافقین کی تکفین میں اسے اپنا کرتہ پہنانا اور اس کے جنازے میں شرکت کرنا۔ طائف کے تبلیغی سفر میں آپؐ کا کفار کے پتھر اور گالیاں کھانا۔ غزوہ احد میں فرمانا کہ اللہ میری قوم کو ہدایت دے۔ نیز مدینہ کے یہودیوں کے ساتھ اور عیسائیوں کے ساتھ آپؐ کا حسن سلوک اور فتح مکہ پر قریش سے یہ کہہ کر معاف کر دینا کہ آج تم پر کوئی الزام نہیں۔ جہاں تک آپؐ کا انفرادی طرز عمل ہے مجسم رحمت نہیں تو کیا ہے۔ رحمت نبوی نے مذہبی زندگی کے باطل تصورات کو مٹایا۔ خود ساختہ شریعت کی نفی کی۔ انسانیت کو حلال و حرام اور جائز و ناجائز کے خود ساختہ قانون سے نجات دلائی۔ نسلی تفاخر اور علاقائی تعصب کے پردے چاک کر دیئے سب انسانوں کو برابری کا درجہ دیا۔ غلاموں کو اپنے ساتھ بٹھایا۔ عورت کو ماں' بیٹی' بہن اور بیوی کی حیثیت سے بلند مقام دیا۔ اس کے حقوق کا تحفظ کیا۔ نسلی اور لسانی امتیازات کو ختم کرنے کے ساتھ ان مظالم اور ناروا تفرقات کو بھی ختم کیا۔

بے مثال داعی انقلاب

س:۔ اسلامی نقطہ نظر سے انقلاب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ اسلامی نقطۂ نظر سے انقلاب سے مراد ایسی سیاسی تنظیم اور مسلم و غیر مسلم جدوجہد ہے جس سے باطل مغلوب اور حق غالب ہو جائے۔ جس سے دنیا سے جبرو تشدد مٹ جائے اور انسانوں کے لئے عدل و انصاف قائم ہو جائے۔ اسلامی تعلیمات کی رو سے انقلاب کی روح رواں رجوع الی اللہ ہے۔

س:۔ مصلح کس وقت مبعوث ہوا کرتا ہے؟

ج:۔ جب انسانی معاشرے میں جبرواستبداد' قہر و غلبہ' بدکاری' و ریاکاری پھیل جائے تو ایک مصلح مبعوث ہوا کرتا ہے۔ جو انقلابی ہوتا ہے۔ اور اپنی سعی و عمل سے ایک ایسے انقلاب کو جنم دیتا ہے جو نظام باطلہ و فاسدہ کا تار پور بکھیر

دیتا ہے۔ یہ انقلاب تخریبی نہیں تعمیری ہوتا ہے۔ جزوی نہیں کلی ہوتا ہے۔ ایک فرد سے لے کر پوری قوم اس سے متاثر ہوتی ہے۔ دنیا کی کوئی قوم اور کوئی عہد انقلاب کی زد سے نہیں بچ سکا۔

س:۔ انقلاب کی کتنی اقسام ہیں؟

ج:۔ پانچ اقسام۔

س:۔ ان کے نام بتائیں؟

ج:۔ اجتماعی انقلاب۔
انفرادی انقلاب
کلی انقلاب
جزوی انقلاب
تعمیری انقلاب
تخریبی انقلاب

س:۔ جزوی و کلی انقلاب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ جزوی انقلاب یہ ہے کہ زندگی اور معاشرے کے کسی ایک پہلو کا نقشہ بدل جائے۔ جبکہ کلی انقلاب مجموعی تبدیلی کی صورت پیش کرتا ہے۔

س:۔ تعمیری و تخریبی انقلاب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ تعمیری و تخریبی انقلاب یہ ہے کہ جو چیز اس کو تعمیری و تخریبی بناتی ہے وہ اس کا مقصد اور طریق کار ہے۔ اگر مقصد شخصی مفاد کا تحفظ یا اس میں کوئی تبدیلی ہے یا کوئی جماعتی مفادات کی حفاظت یا ان کی ترویج کے لئے کسی نظام کو بدلتی ہے اور اس کے کسی اخلاقی ضابطے اور انسانی اقدار کی پرواہ نہیں کرتی تو یہ تخریبی انقلاب ہو گا۔ اور اگر کسی بلند نصب العین اور اصولی مقاصد کے لئے درست میں جدوجہد کی جائے تو وہ تعمیری انقلاب ہو گا۔

س:۔ انقلاب کی محرک کیا چیز ہے؟

ج:۔ کوئی نہ کوئی تحریک۔ ہر انقلاب کسی تحریک سے جنم لیتا ہے۔

س:۔ اور تحریک کیا ہے؟

ج:۔ سیاست کا پیچیدہ عمل۔

س:۔ سیاست کی کتنی اقسام ہیں؟

ج:۔ دو قسمیں۔ رحمانی اور شیطانی سیاست۔ منفی اور مثبت سیاست۔

س:۔ تعمیری انقلاب میں یہ تحریک کیا کہلائے گی؟

ج:۔ تحریک تطہیر۔

س:۔ تحریک تطہیر سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ جس میں کسی ابتلا و خلفشار کی جذباتی کشمکش، عملی و فکری تاخت و تاراج اور فعلی و نظری الحاد کا شائبہ بھی نہ ہو۔

س:۔ انسانی اقدار کو بدل دینے کے خلاف کوئی سازش، کوئی سرکشی، کوئی بغاوت کوئی طریق عمل کیا کہلائے گا؟

ج:۔ الحاد۔

س:۔ انارکی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ بدامنی۔ بغاوت۔

س:۔ بدامنی پھیلانے والے کو کیا کہتے ہیں؟

س:۔ انارکی سے جنم لینے والا انقلاب کیسا ہوتا ہے؟

ج:۔ اس میں انسانوں کے لئے امن و سلامتی اور فلاح و بہبود کی کوئی راہ نہیں ہوتی۔

س:۔ حضورؐ نے جو انقلابی تحریک چلائی کیا اس میں انسانوں کے لئے امن و سلامتی تھی؟

ج:۔ سراسر انسانی امن و سلامتی پر مبنی تھی۔

س:۔ ہر انقلابی قائد کارکن سازی پر کیا کرتا ہے؟

ج:۔ خصوصی توجہ دیتا ہے۔ آپؐ نے سب سے پہلے ایسے ہی سرفروش و جانباز کارکن فراہم کئے جو آگے چل کر انقلابی جماعت کی صورت اختیار کر گئے۔ جس کے انقلابی عمل سے انقلابی تحریک پروان چڑھی۔

س:۔ کیا حق و باطل ایک ہی چیز ہیں؟

ج:۔ حق و باطل دو متضاد چیزیں ہیں۔ ان میں ہمیشہ سے تضاد اور تصادم رہا ہے۔

س:۔ اسلام نے اس انقلابی عمل سے کیا کیا ہے؟

ج:۔ اسلام نے اپنے انقلابی عمل سے وابستگی اور اس پر ایمان رکھنے والی شخصیتیں پیدا کی ہیں۔

س:۔ اسلامی انقلاب کا اولیں قائد کون ہے؟

ج:۔ تمام انبیاء۔

س:۔ اسلامی انقلاب کے آخری قائد کون ہیں؟

ج:۔ آخری قائد محمد رسولؐ اللہ خصوصی مرتبہ کے حامل ہیں۔

س:۔ رسول اللہ صلعم کو نصب العین سے وابستگی کمال درجہ کی تھی آپؐ کے پیروکار نصب العین سے وابستگی میں کیسے تھے؟

ج:۔ آپؐ کے پیروکار بھی جہاں تک وابستگی کا تعلق ہے اس نصب العین پر مر مٹنے والے تھے۔

س:۔ پوری انسانی تاریخ میں واحد کامیاب تعمیری انقلاب کونسا ہے؟

ج:۔ حضرت محمدؐ کا لایا ہوا تعمیری انقلاب۔

س:۔ اسلامی انقلابی تحریک کی نوعیت کیا ہے؟

ج:۔ فرد کی سیرت میں مخصوص انقلاب پیدا کرنے والی۔

س:۔ اسلام کس کا نام ہے؟

ج:۔ قرآن کی انقلابی تعلیمات اور محمد رسول اللہ کے انقلابی طرزِ عمل کا۔

س:۔ حضورؐ کے متعلق اس بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے؟

ج:۔ عظیم ترین اور کامل ترین قائد انقلاب۔

س:۔ اور آپؐ کی تحریک؟

ج:۔ تاریخ انسانی کی عظیم ترین انقلابی تحریک۔

س:۔ اسلامی انقلاب کا مفہوم کیا ہے؟

ج:۔ نبی کریمؐ جو انقلاب لائے اس کی حیثیت منفرد ہے۔

س:۔ اسلامی نقطۂ نظر سے انقلاب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ ایک ایسی سیاسی تنظیم' ایسی مسلح و غیر مسلح جدوجہد جس سے باطل مغلوب اور حق غالب ہو جائے۔

س:۔ اس کا نعرہ کیا ہے؟

ج:۔ اطاعت خداوندی۔ انسان دوستی۔ نفع انسانی۔

س:۔ کیا سب پیغمبر انقلابی تھے؟

ج:۔ سب پیغمبر انقلابی تھے۔

س:۔ طریقہ کار سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ منصوبہ بندی جس سے مطلوبہ مقاصد صحیح طور پر حاصل ہو سکیں۔

س:۔ منصوبہ بندی کے اہم اجزا کیا ہیں؟
ج:۔ نصب العین۔ قیادت۔ حربی عمل کے لحاظ سے اسلام کو انفرادیت حاصل ہے۔
س:۔ اس طریق کار میں مرکزی حیثیت کس امر کو حاصل ہے؟
ج:۔ نصب العین کو۔
س:۔ نصب العین کے بعد کس چیز کو بنیادی اہمیت حاصل ہے؟
ج:۔ قیادت کو۔
س:۔ اس کی وجہ کیا ہے؟
ج:۔ کوئی انقلاب ایسا نہیں جو قیادت کے بغیر بپا ہوا ہو۔
س:۔ اسلامی نقطۂ نظر سے قائد میں کن امور کا ہونا ضروری ہے؟
ج:۔

(1) قائد کا اپنی ذات پر اعتماد
(2) نصب العین واضح ہو اور قائد اسے اپنی ذات پر ترجیح دے۔
(3) پیروؤں کو اپنے قائد پر اعتماد ہو۔
(4) قائد کو اپنے پیروؤں پر اعتماد ہو۔

س:۔ نبی کی تربیت کہاں اور کیسے ہوتی ہے؟
ج:۔ نبی کی شخصیت چونکہ الہامی ہوتی ہے۔ اس کی تربیت براہ راست ربانی نگرانی میں ہوتی ہے۔
س:۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے حضورؐ کے سردار اولاد آدم ہونے کی کیا حدیث بیان کی ہے؟
ج:۔ ابو ہریرہؓ کہتے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ قیامت کے دن میں آدم کی اولاد سردار ہوں گا۔ سب سے پہلے قبر سے اٹھوں گا۔ سب سے پہلے شفاعت کروں گا۔ اور سب سے پہلے میری شفاعت ہو گی۔
س:۔ انقلابی عمل کے لئے دوسری اہم ضرورت کیا ہے؟
ج:۔ کارکنوں کا وجود۔ کارکنوں کے بغیر کوئی انقلاب نتیجہ خیز نہیں ہو سکتا۔ ہر قائد کارکن سازی پر خاص توجہ دیتا ہے۔
س:۔ نبیؐ کی دعوت میں کارکن کی کیا اہمیت ہے؟
ج:۔ نقطۂ آغاز کی۔

س:۔ تعمیر سیرت کو قرآن اصطلاح اور کیا نام دیا جاسکتا ہے؟
ج:۔ تعمیر سیرت کی اس سعی و جہد کو اصطلا
تزکیہ نفس کا نام دیا جا سکتا ہے۔
س:۔ انقلاب کے مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے کے لئے قائد اپنے کام کا آغاز کیسے کرتا ہے؟
ج:۔ انقلاب کے مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے کے لئے قائد اپنے کام کا آغاز انفرادی دعوت سے کرتا ہے۔ یوں یہ تحریک پہلے قومی اور پھر بین الاقوامی منازل کی طرف بڑھتی ہے۔
س:۔ حضرت حسان بن ثابتؓ شاعر رسولؐ نے حضورؐ کی شان میں کیا اشعار کہے تھے؟
ج:۔ میری آنکھوں نے کبھی آپؐ سے زیادہ کوئی حسین نہیں دیکھا، عورتوں نے آپؐ سے زیادہ کوئی صاحب جمال نہیں جنا۔ آپؐ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا ہے جیسے آپ اپنی مرضی کے مطابق کئے گئے ہوں۔
س:۔ جرہم اور قطورا کون تھے؟
ج:۔ یمن کے دو قبیلے تھے۔ جو یہاں آکر آباد ہو گئے۔
س:۔ حضرت اسماعیل کے بیٹوں کے ماموں کا کیا نام تھا؟
ج:۔ مضاض بن عمرو الجرہمی۔
س:۔ حضرت اسماعیلؑ کے بیٹے جرھم اور قطورا کے درمیان جھگڑا ہو گیا تھا۔ بتائیں یہ جھگڑا کہاں ہوا؟
ج:۔ قعیقعان میں۔
س:۔ عربوں کی سخن گوئی کی خصوصیات کیا تھیں؟
ج:۔ بڑے فخر سے اپنے بڑوں کے قصیدے پڑھتے تھے۔ ان میں بعض قصیدے بڑے ہی لمبے تقریباً نو دس ہزار اشعار پر مشتمل ہوتے ہیں۔
س:۔ عربی کس زبان کی شاخ ہے؟
ج:۔ عربی سامی زبان کی ایک شاخ ہے۔
س:۔ عربی کس اعتبار سے بڑی وسیع زبان ہے؟
ج:۔ اس میں کسی ایک لفظ کے بہت سے مترادف الفاظ اس میں موجود ہیں۔ اور اس کی وسعت میں ایک ارتقائی عمل موجود ہے۔ عرب کوئی نئی چیز دیکھتے تو

اس کے لئے نیا لفظ وضع کر لیتے۔

س:۔ وسعت الفاظ کی وجہ سے عربی کیا کہلاتی ہے؟

ج:۔ ام الالسنہ یعنی زبانوں کی ماں۔

س:۔ حضرت اسماعیل ؑ کونسی زبان بولتے تھے؟

ج:۔ عبرانی۔

س:۔ شام اور عرب میں بسنے والی قومیں کس کی اولاد ہیں؟

ج:۔ حضرت نوح کے بیٹے سام کی۔ اس لئے سامی زبانیں کہلاتی ہیں۔

س:۔ جاہلی عربوں میں ایسے معائب کیا تھے جو انہیں دیمک کی طرح چاٹ رہے تھے؟

ج:۔ اعتقادات کی پستی کے ساتھ ساتھ ہر اخلاقی گراوٹ بھی ان میں موجود تھی۔

س:۔ کیا عرب شعرا فحش گوئی اور فواحش نویسی بھی کرتے تھے؟

ج:۔ وہ فحش گوئی میں بے مثال تھے۔

س:۔ اگر کوئی جانور کسی کام پر جاتے ہوئے شخص کے بائیں سے دائیں نکل جاتا تو جاہلی عرب اس شگون کو کیا کہتے تھے؟

ج:۔ سانح۔

س:۔ اگر کوئی جانور کسی کام پر جاتے ہوئے شخص کے دائیں سے بائیں نکل جاتا تو کیا سمجھتے تھے؟

ج:۔ بدشگونی۔

س:۔ اس بدشگون کو وہ کیا کہتے تھے؟

ج:۔ بارح۔

س:۔ اس شخص کے مرنے کے بعد اس کے اونٹ سے کیا سلوک کیا جاتا تھا؟

ج:۔ مرنے والے کی قبر سے باندھ دیتے تھے۔ حتیٰ کہ وہ بھوکا پیاسا مر جاتا۔ ایسے اونٹ کو بلیہ کہتے تھے۔

س:۔ قحط اور گرانی کے زمانہ میں جاہلی عرب کیا کرتے تھے؟

ج:۔ اونٹ کو مجروح کرکے اس کا خون پیا کرتے تھے۔

س:۔ جاہلی عرب ہرن کی قربانی بھی دیتے تھے بتائیے ایسے ہرن کو کیا کہتے تھے؟

ج:۔ ایسے ہرن کو عقیدہ کہتے تھے۔

س:- عرب گھوڑ دوڑ پر بازی لگاتے تھے۔ اس طرح بازی لگانے کو وہ کیا کہتے تھے؟

س:- صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی کس نے کی؟

ج:- بنو بکر اور بنو خزاعہ میں جنگ کی آگ بھڑک اٹھی۔ قبیلہ بنو بکر نے قبیلہ خزاعہ کا ایک آدمی قتل کر کے صلح نامہ حدیبیہ کی خلاف ورزی کی تھی۔

س:- زکوٰۃ کیا ہے؟

ج:- زکوٰۃ اسلام کا پل ہے۔

س:- بہادر کون ہے؟

ج:- فرمایا رسول اللہؐ نے بہادر وہ ہے جو اپنے نفس پر قابو پائے۔

س:- بہترین حسن؟

ج:- رسول اللہ نے فرمایا بہترین حسن حسن اخلاق ہے۔

س:- بخیل کون ہے؟

ج:- رسول اللہ نے فرمایا بخیل تریں وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔

س:- دنیا کی عمر کتنی ہے؟

ج:- فرمایا رسول اللہ صلعم نے دنیا کی ساری عمر آخرت کے ایک ہفتہ کے برابر ہے۔

س:- دعا کیا ہے؟

ج:- فرمایا رسول اللہ نے دعا عبادت ہے۔

سیرت کوئز

س:- آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت ملک عرب کا حدود اربعہ بتائیں؟

ج:- مشرق خلیج فارس۔ جنوب بحرہند۔ مغرب بحر عرب۔ شمال ملک شام۔

س:- جغرافیائی اعتبار سے ملک عرب کے کتنے طرف پانی ہے؟

ج:- تین طرف۔

س:- ساخت کے اعتبار سے عرب کی زمین کیسی ہے؟

ج:- پتھریلی۔

س:- عرب کا طویل پہاڑی سلسلہ کونسا ہے؟

ج:- سلسلہ جبل السراۃ۔

س:۔ عرب کی سب سے اونچی چوٹی کتنی بلند ہے؟
ج:۔ آٹھ ہزار فٹ۔
س:۔ عرب کے کونسے حصے کو عروج کہتے ہیں؟
ج:۔ یمامہ اور بحرین پر مشتمل حصے کو عروج کہتے ہیں۔
س:۔ بحیرہ عرب کے ساتھ پھیلے نشیبی حصے کی آب و ہوا کیسی ہے؟
ج:۔ بے حد گرم۔
س:۔ وہ کونسی سرزمین ہے جس کو حجاز کہتے ہیں اور جہاں سے اسلام کا سرچشمہ پھوٹا تھا؟
ج:۔ حجاز۔
س:۔ اہل طائف کس بت کی پرستش کرتے تھے؟
ج:۔ لات کی۔
س:۔ عرب میں سب سے پہلا بت کہاں نصب کیا گیا؟
ج:۔ کوید کے مقام پر۔
س:۔ قریش و کنانہ کے بت کا متولی کون تھا؟
ج:۔ بنو شیبان۔
س:۔ یہ بت کہاں تھا؟
ج:۔ نخلہ کے مقام پر۔
س:۔ ہبل بت کس جگہ نصب تھا؟
ج:۔ خانہ کعبہ کی چھت پر۔
س:۔ یہ بت کس قیمتی پتھر کا بنا ہوا تھا؟
ج:۔ یاقوت کا۔
س:۔ اس کی شکل انسانی تھی کہ حیوانی؟
ج:۔ انسانی۔
س:۔ ہبل کے پاس رکھے تیروں سے بت پرست کیا کام لیتے تھے؟
ج:۔ ان سے فال نکالتے تھے۔
س:۔ منات بت کی شکل کیسی تھی؟
ج:۔ اس کی کوئی شکل نہ تھی۔ ایک بے ڈول پتھر تھا۔
س:۔ عرب عاربہ کی چند خصوصیات بتائیں؟

ج:۔ انہوں نے یمنی' حمیری اور سبائی تہذیبوں کی طرح ڈالی یہ نظام آبپاشی کے موجد تھے۔

س:۔ عرب مستعربہ کون تھے؟

ج:۔ حضرت اسماعیل کی اولاد۔

س:۔ بنو قصاعہ کے ذیلی قبائل کے نام بتائیں؟

ج:۔ بنو کلب۔ بنو تنوخ۔ بنو جرہم۔ بنو ہند۔ بنو اسلم۔

س:۔ بنو خندف کے ذیلی قبائل بتائیں؟

ج:۔ خندف۔ قیس۔

س:۔ حضور اکرم سے پہلے وہ کون سا یہودی تھا جس نے اپنی بدکاری اور بدمعاشی کی وجہ سے حکم دے رکھا تھا کہ یثرب میں جس دوشیزہ کی شادی ہو وہ پہلی رات اس کے ہاں سے گزرے؟

ج:۔ فطیون۔

س:۔ فطیون کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج:۔ بن عجلان نے۔

س:۔ اسلام سے پہلے عرب کی کیا حالت تھی؟

ج:۔ تمام عرب جہالت و بربریت کے اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا۔

س:۔ ایام العرب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ جنگیں جو اسلام سے پہلے مختلف قبائل میں لڑی گئیں۔

س:۔ حرب قیس کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج:۔ واحس و غبرا کی لڑائی۔

س:۔ حرب قیس کن قبائل کے درمیان لڑی گئی؟

ج:۔ قبیلہ عبس و ذبیان کے درمیان۔

س:۔ واحس کس کے گھوڑے کا نام تھا؟

ج:۔ قیس بن زہیر کے۔

س:۔ غبرا کس کی گھوڑی کا نام تھا؟

ج:۔ حمل بن بدر کی۔

س:۔ بسوس کی لڑائی کن قبائل میں لڑی گئی؟

ج:۔ بنی بکر اور بنی تغلب میں۔

س:۔ یہ لڑائی کتنے سال جاری رہی؟
ج:۔ چالیس سال جاری رہی۔
س:۔ بسوس کی لڑائی کی وجہ بتائیں؟
ج:۔ بنو تغلب کی بسوس نامی بڑھیا کی اونٹنی کو بنو بکر نے زخمی کر دیا تھا۔
س:۔ اسلام سے پہلے عرب میں کونسے مذہب کے لوگ آباد تھے؟
ج:۔ یہودی۔ عیسائی۔ صابی۔ مشرکین۔ حنفائی۔
س:۔ وہ لوگ جو بت پرستی کے خلاف تھے عقیدہ توحید کی سچائی کے قائل تھے لیکن خدا کی صفات سے بے بہرا تھے کیا کہلاتے تھے؟
ج:۔ حنفاء۔
س:۔ صابی لوگوں سے کون سے لوگ مراد ہیں؟
ج:۔ آگ اور ستارہ پرست۔
س:۔ اسلام سے پہلے عرب میں سردار کا انتخاب کس بنا پر ہوتا تھا؟
ج:۔ عمر۔ تجربہ۔ اثر و نفوذ اور دولت کی بنیاد پر۔
س:۔ اسلام سے پہلے کی چند ایک سلطنتوں کے نام بتائیں؟
ج:۔ معینی۔ سبائی۔ حضر موتی۔ قتبانی۔ نابتی۔
س:۔ ابرہہ نے مکہ مکرمہ پر کس سن عیسوی میں حملہ کیا؟
ج:۔ 570 عیسوی۔
س:۔ اسلام سے پہلے عرب کے لوگوں کا پیشہ لوٹ مار تھا لیکن وہ کن مہینوں میں اس سے گریز کرتے تھے؟
ج:۔ رجب۔ ذی قعد۔ ذی الحج۔ محرم۔
س:۔ عرب کے لوگ لوٹ مار اور غارت گری کے لئے چار مہینوں میں ادل بدل کر لیتے۔ بتائیں اس کو کیا کہتے تھے؟
ج:۔ نسئ۔
س:۔ ایسا عطیہ جس میں شرط لکھی جائے کہ اگر عطیہ پانے والا عطیہ دینے والے سے پہلے مر جائے تو عطا کرنے والے کو واپس مل جائے گا ورنہ نہیں۔ ایسے عطیے کو عرب کیا کہتے تھے؟
ج:۔ رقبی۔
س:۔ عرب میں ثار کا قانون رائج تھا اس کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ اگر کسی قبیلے کا آدمی قتل ہو جاتا تو دوسروں پر اس کا انتقام لینا فرض ہو جاتا۔ اگرچہ سینکڑوں برس گزر جائیں۔ اور قاتل بلکہ اس کے خاندان کا نام و نشان مٹ جاتا۔ جب تک قاتل کے قبیلے کا ایک آدمی قتل نہ ہو جاتا قومی فرض ادا نہیں ہو سکتا تھا اس کو ثار کہتے تھے۔

س:۔ عرب میں مقتول کے بارے میں یہ عقیدہ تھا کہ اس کی روح پرندہ بن جاتی ہے۔ اور جب تک اس کا انتقام نہیں لیا جاتا قتل قتل پکارتی ہے۔ اس پرندے کو کیا کہتے تھے؟

ج:۔ صدا یا ہامہ۔

س:۔ عرب میں رئیس فوج غنیمت کا چوتھا حصہ لیتا تھا اسے عرب کی اصطلاح میں کیا کہتے تھے؟

ج:۔ مرباع۔

س:۔ عرب کے ہاں قدیم دستور تھا کہ مویشیوں کے لئے چراگاہیں متعین کر لیتے تھے۔ ایسی چراگاہوں کو وہ کیا کہتے تھے؟

ج:۔ حمی۔

حضور اکرم کے اسمائے قدسیہ

س:۔ حضور اکرمؐ کا شجرہ نسب بتائیں؟

ج:۔ حضرت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن لوی بن غالب بن فہد بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن محمد بن عدنان حضرت اسماعیل سے جا ملتا ہے۔

س:۔ حضرت ابراہیمؑ نے کتنی عمر پائی؟

ج:۔ ایک سو پچھتر سال۔

س:۔ حضرت اسماعیلؑ کی پیدائش کے وقت حضرت ابراہیمؑ کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔ چھیاسی سال۔

س:۔ حضرت ابراہیمؑ کی پہلی زوجہ محترمہ کا نام بتائیں؟

ج:۔ ابو الانبیاء۔

س:۔ حضرت ابراہیمؑ کی کنیت کیا تھی؟

ج:۔ حضرت سارہ۔

س:۔ حضرت اسحٰق کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج:۔ حضرت سارہ۔

س:۔ حضرت یعقوبؑ اور حضرت اسماعیلؑ میں کونسی بات مشترک تھی؟

ج:۔ دونوں کے بارہ بیٹے تھے۔

س:۔ حضرت محمدؐ حضرت ابراہیم کے کس بیٹے کی اولاد سے تھے؟

ج:۔ حضرت اسماعیل کی اولاد سے۔

س:۔ حضرت ہاجرہ مصر کے کس بادشاہ کی بیٹی تھی؟

ج:۔ رقیون کی۔

س:۔ حضرت اسماعیل نے 137 سال عمر پائی ان کا زمانہ حضورؐ سے کتنے سال پہلے کا ہے؟

ج:۔ دو ہزار دو سال چالیس سال پہلے کا۔

س:۔ ذبیح اللہ کس پیغمبر کا لقب ہے؟

ج:۔ حضرت اسماعیلؑ کا۔

س:۔ حضرت اسماعیل کی بارہ اولادیں کس زوجہ محترمہ سے ہوئیں؟

ج:۔ مضاض بن عمر۔

س:۔ ان کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج:۔ بنو جرہم سے۔

س:۔ حضرت اسماعیل کہاں دفن ہوئے؟

ج:۔ میزاب اور حجر اسود کے درمیان۔

س:۔ آنحضورؐ حضرت اسماعیلؑ کے کس بیٹے کی اولاد سے ہیں؟

ج:۔ قیدار۔

س:۔ حضرت اسماعیلؑ کے بعد ان کے کونسے بیٹے کعبہ کے متولی بنے؟

ج:۔ حضرت ثابت۔

س:۔ مکہ کے اور کتنے نام ہیں؟

ج:۔ چودہ۔ مکہ ۔ بکہ۔ بلد۔ امین۔ آمنہ۔ قریہ عظمت۔ ام القریٰ۔ بلدۃ الحرام۔ صلاح مثل قطام۔ باسر۔ حاطمہ کوثا۔ کوسحلہ ام الرحم۔

س:۔ مکہ میں لوگ خیموں میں رہتے تھے پہلا مکان کس نے بنایا؟

ج:۔ سعد بن سعید بن عمرو۔

س:۔ حضرت اسماعیلؑ نے اپنے والد بزرگوار ابراہیمؑ کے ساتھ مل کر کونسا اہم کارنامہ سرانجام دیا؟

ج:۔ تعمیر کعبہ۔

س:۔ حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت محمدؐ تک خانہ کعبہ کی کتنی دفعہ تعمیر ہوئی؟

ج:۔ دس مرتبہ۔

س:۔ مطاف کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ جو جگہ طواف کے لئے چھوڑی گئی ہو۔

س:۔ کعبہ پر غلاف سب سے پہلے کس نے چڑھایا؟

ج:۔ یمن کے حمیری بادشاہ اسعد تبع برویمانی نے۔

س:۔ کعبہ کے ستونوں پر سونے کے پتر کس نے چڑھائے؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے۔

س:۔ کعبہ کے قریب سب سے پہلے کونسا قبیلہ آباد ہوا؟

ج:۔ بنو جرہم۔

س:۔ عربی زبان نے کس طرح جنم لیا؟

ج:۔ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد کی زبان عبرانی تھی۔ بنو جرہم کے میل جول سے عربی زبان نے جنم لیا۔

س:۔ حضرت محمدؐ، حضرت یحییٰ اور حضرت داؤد میں کونسی مشترک بات ہے؟

ج:۔ موسم بہار میں پیدا ہونا۔

س:۔ قرآن مجید میں حضرت عیسیٰؑ کی زبان سے حضرت محمدؐ کا کیا نام بتایا گیا ہے؟

ج:۔ احمد۔

س:۔ توریت یا عبرانی زبان میں حضرت محمدؐ کا کیا نام لکھا ہے؟

ج:۔ فار قلیط۔

س:۔ حضرت محمدؐ کو نبی القبلتین کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ بیت المقدس اور بیت اللہ کی طرف نماز پڑھنے کی وجہ سے۔

س:۔ انبیائے کرامؑ کے نزدیک آنحضرت کا اسم گرامی کیا ہے؟

ج:۔ عبدالوہاب۔

س:۔ فرشتوں کے نزدیک نبی آخرالزمان کا نام کیا ہے؟

ج:۔ عبدالمجید۔

س:۔ حضرت داؤد پر نازل ہونے والی الہامی کتابوں میں حضورؐ کا اسم مبارک کیا؟

ج:۔ فاروق۔

س:۔ انجیل مقدس میں حضورؐ کا کیا نام ہے؟

ج:۔ طاب طاب۔

س:۔ سریانی زبان میں آنحضورؐ کے لئے کونسا لفظ بولا گیا ہے؟

ج:۔ منحمنا۔

س:۔ تورات میں حضورؐ کا اسم گرامی کیا ہے؟

ج:۔ ماذ ماذ۔

س:۔ حضورؐ کے آباؤ اجداد میں قریش کا لقب کس نے اختیار کیا تھا؟

ج:۔ فہر بن کنانہ نے۔

س:۔ کس یمنی نے خانہ کعبہ کے پتھر اٹھا کر یمن لے جانے کی کوشش کی؟

ج:۔ حسان بن عبد کلال حمیری۔

س:۔ عرب اپنے کس قومی دن کعبہ کے پاس جمع ہوتے؟

ج:۔ جمعہ کے دن۔

س:۔ آنحضرتؐ کے آباء میں سے ایک کا نام کلاب تھا اس کا اصلی نام کیا تھا۔ اور اسے کلاب کیوں کہا گیا؟

ج:۔ اصلی نام حکیم۔ شکاری کتوں سے شکار کھیلنے کے بڑے شوقین تھے اس لئے کلاب کہلائے۔

س:۔ عربی مہینوں کے موجودہ نام کس نے رکھے؟

ج:۔ کلاب نے۔

س:۔ حضورؐ کے آباؤ اجداد میں قصی کب پیدا ہوئے؟

ج:۔ چار سو عیسوی میں۔

س:۔ حضرت محمدؐ سے پہلے قمر البطحاء کسے کہا جاتا تھا؟

ج:۔ آنحضرتؐ کے جد رابع عبد مناف کو۔

س:۔ حضورؐ کے پردادا ہاشم نے کب وفات پائی؟

ج:۔ پانچ سو دس عیسوی میں۔

س:۔ کس جگہ وفات پائی؟

ج:۔ غزہ ملک شام میں۔

س:۔ اصحاب ایلاف سے کون لوگ مراد ہیں؟

ج:۔ حضرت محمدؐ کے پڑدادا حضرت ہاشم اور ان کے بھائی۔

س:۔ آنحضورؐ کی سگی دادی حضرت فاطمہ سے کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج:۔ ابوطالب۔ زبیر۔ حضرت عبداللہ۔ تین لڑکے پانچ لڑکیاں عاتکہ۔ امیمہ۔ برہ۔ بیضا اروی۔

س:۔ آپؐ کی دادی ممنعہ سے آپؐ کے کونسے چچا پیدا ہوئے؟

ج:۔ غیداق۔

س:۔ حضورؐ اکرم کے چچا حضرت عباسؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج:۔ حضرت نیلہ۔

س:۔ حضور اکرمؐ کی دادی حضرت نیلہ نے خانہ کعبہ پر ریشمی غلاف کیوں چڑھایا تھا؟

ج:۔ ان کے بیٹے عباس بچپن میں گم ہو گئے تھے منت مانی اگر مل جائیں تو ریشمی غلاف چڑھاؤں گی۔

ظہور قدسی

س:۔ بکرمی سال کے حساب سے آپؐ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

ج:۔ یکم جیٹھ چھ سو اٹھائیس بکرمی۔

س:۔ بخت نصری سن کے مطابق آپؐ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

ج:۔ 18 توت 1319 بخت نصری۔

س:۔ سن نوشیروانی کے مطابق آپؐ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

ج:۔ 18 ماہ سے 40 جلوس نوشیروانی۔

س:۔ حضورؐ سے پہلے عرب میں محمدؐ نامی کتنے اشخاص تھے؟

ج:۔ کوئی بھی نہ تھا۔

س:۔ محمد اور احمد ناموں کے بارے میں حدیث نبوی میں کیا بات درج ہے؟

ج:۔ زمین پر میرا نام محمدؐ اور آسمان پر احمد ہے۔

س:۔ حضورؐ کے بچپن کے دوستوں میں سے دو کے نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت ابوبکرؓ۔ ضماد بن علیہ ازدی۔

س:۔ حضورؐ بچپن میں بکریوں کی چوپالی کس پہاڑی پر کرتے تھے؟
ج:۔ مکہ کی جیاد نامی پہاڑی پر۔
س:۔ جنگل میں بکریاں چراتے آپؐ وہاں کون سا پھل کھاتے؟
ج:۔ اراک یعنی پیلو۔
س:۔ بچپن میں وہ کونسی تقریب تھی جس میں ابوطالب نے شمولیت پر زور دیا مگر آپؐ نے انکار کر دیا؟
ج:۔ بوانہ بت کی تقریب۔
س:۔ جنگ فجار میں حضورؐ نے کتنی بار شرکت فرمائی؟
ج:۔ دوبار۔
س:۔ جنگ فجار میں کونسا قبیلہ برحق تھا؟
ج:۔ بنو قریش۔
س:۔ بعثت سے پہلے لوگ حضورؐ کو کس نام سے پکارتے تھے؟
ج:۔ صادق و امین۔
س:۔ حضورؐ نے منصب نبوت پر فائز رہ کر کتنے دن تبلیغ فرمائی؟
ج:۔ آٹھ ہزار ایک سو چھپن دن۔
س:۔ سب سے پہلی اسلامی یونیورسٹی کا نام کیا تھا؟
ج:۔ دارارقم۔
س:۔ یہ کہاں واقع تھی؟
ج:۔ کوہ صفا پر واقع تھی۔
س:۔ حضورؐ کو بے اولاد ہونے کا طعنہ کس نے دیا تھا؟
ج:۔ عاص بن وائل السہمی۔
س:۔ وہ ہستی کون تھی جس کے قبول اسلام پر کفار نے پہلی مرتبہ محسوس کیا کہ تحریک اسلامی زور پکڑ رہی ہے؟
ج:۔ حضرت حمزہ۔
س:۔ خانہ کعبہ میں نماز کے دوران ابوجہل نے ایک دن حضورؐ کو مارنے کے لئے پتھر اٹھایا لیکن خوف سے کانپتا بھاگ نکلا۔ اس نے کیا دیکھا؟
ج:۔ کہ نہایت قوی ہیکل اونٹ اس کی طرف منہ پھاڑے اس کی طرف آ رہا ہے۔

س:۔ اسلام میں پہلا خون کیسے بہا؟

ج:۔ حضرت سعد بن ابی وقاص نے ایک مشرک کا سر پھوڑ دیا وہ صحابہ کرام کو پوشیدہ نماز پڑھتے دیکھ کر برا بھلا کہہ رہا تھا۔

س:۔ قائد مکہ قریش کس نوجوان کو آنحضورؐ کے بدلے ابوطالب کو دینا چاہتے تھے تاکہ حضورؐ کو حاصل کر کے (نعوذ باللہ) شہید کر دیں؟

ج:۔ عمارہ بن ولید۔

س:۔ حضورؐ کے قتل کے عوض ابو جہل نے کتنے انعام کا اعلان کیا تھا؟

ج:۔ ایک سو اونٹ۔ ایک ہزار اوقیہ چاندی۔

س:۔ حضرت عمرؓ اسلام لائے تو ان کو کس نے اپنی پناہ میں لیا؟

ج:۔ عاص بن وائل سہمی۔

س:۔ جس دن حضرت امیر حمزہؓ نے اسلام قبول کیا اس دن کونسی خاتون مشرف بہ اسلام ہوئیں؟

ج:۔ ام الخیر والدہ حضرت ابوبکرؓ۔

س:۔ خانہ کعبہ میں پہلی بار اعلانیہ نماز ادا کی گئی تو ہنگامہ ہو گیا۔ اس میں سب سے پہلے کون شہید ہوا؟

ج:۔ حضرت حارث بن ابی ہالہ۔

س:۔ کس پہلوان نے کہا تھا اگر محمدؐ مجھے کشتی میں پچھاڑ دیں تو اسلام لے آوں گا؟

ج:۔ رکانہ نے جسے حضورؐ نے تین بار پچھاڑا۔

س:۔ حضورؐ نے عرب کے کس مشہور پہلوان کو کشتی میں پچھاڑا لیکن اس نے اسلام قبول نہ کیا؟

ج:۔ ابوالاشد کلدۃ بن جمحی۔

س:۔ قریش کے کس شخص نے کہا تھا کہ میں تم پر بھی ایمان نہیں لاؤں اگر تم میرے سامنے آسمان کو زینہ لگا کر اوپر چڑھ جاؤ اور میرے سامنے چار فرشتوں کے اترو؟

ج:۔ عبداللہ بن ابی امیہ بن مغیرہ۔

س:۔ حبشہ کی طرف مسلمانوں کی پہلی ہجرت کس سن عیسوی میں ہوئی؟

ج:۔ 615 عیسوی۔

س:۔ ہجرت حبشہ اول کے قافلہ سالار کون تھے؟
ج:۔ حضرت عثمان بن عفان۔
س:۔ حضورؐ اکرم کے قول کے مطابق حضرت لوط اور حضرت ابراہیم کے بعد کس جوڑنے نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی؟
ج:۔ حضرت عثمانؓ اور ان کی اہلیہ حضرت رقیہؓ۔
س:۔ پہلی ہجرت حبشہ میں کتنے عشرہ مبشرہ شامل تھے؟
ج:۔ تین۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت زبیرؓ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ۔
س:۔ لفظ صلوٰۃ کے معنی بتایئے؟
ج:۔ برکت۔ رحمت۔

مسلمانوں کی نظربندی

س:۔ شعب ابی طالب کی نظربندی کب شروع ہوئی؟
ج:۔ یکم محرم 7 بعثت۔
س:۔ شعب ابی طالب کی نظربندی کب ختم ہوئی؟
ج:۔ 9 بعثت کے آخر یا 10 بعثت کا آغاز۔
س:۔ شعب ابی طالب کس پہاڑی کا درہ تھا؟
ج:۔ کوہ ابو قیس کا۔
س:۔ اہل مکہ نے مسلمانوں کے مقاطع کا فیصلہ کس مقام پر کیا تھا؟
ج:۔ مکہ اور منی کے درمیان مقام محصب پر۔
س:۔ بنو ہاشم سے قریش کا مکمل معاشرتی مقاطعہ لکھنے والا کون تھا؟
ج:۔ منصور بن عکرمہ۔
س:۔ خاندان بنو ہاشم سے لاتعلقی کا معاہدہ کہاں آویزاں کیا گیا؟
ج:۔ خانہ کعبہ میں۔
س:۔ حضورؐ کے زمانہ میں جہاں طائف آباد تھا وہاں آجکل کونسی بستی آباد ہے؟
ج:۔ مناۃ کی آبادی۔
س:۔ جب حضور اکرمؐ طائف سے سخت مایوسی کی حالت میں باہر تشریف لائے تو ملک الجبال (پہاڑوں کے فرشتے) نے حاضر ہو کر کیا عرض کیا؟
ج:۔ آپؐ اگر حکم دیں تو ان پہاڑوں کو اٹھا کر اہل طائف پر گرا دوں تاکہ یہ تباہ

ہو جائیں۔

س:۔ حضورؐ نے جواباً کیا ارشاد فرمایا؟

ج:۔ نہیں۔ اللہ تعالیٰ ان میں سے ایسے لوگ پیدا کر دے گا جو خدائے واحد کی عبادت کریں گے۔

س:۔ طائف سے واپسی پر آپؐ کونسی سورۃ تلاوت فرما رہے تھے جسے جنوں نے سنا؟

ج:۔ سورہ رحمٰن۔

س:۔ مدینہ منورہ کے اس شخص کا نام بتائیں جو آنحضور صلعم کے پیغام سے سب سے پہلے بہرہ ور ہوئے؟

ج:۔ سوید بن صامت۔

س:۔ ان کا اپنی قوم میں کیا لقب تھا؟

ج:۔ کامل۔

س:۔ حضرت سوید بن صامت کا تعلق مدینہ کے کس قبیلے سے تھا؟

ج:۔ خزرج۔

س:۔ مدینہ کے کس شخص نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا؟

ج:۔ حضرت ایاس بن معاذ۔

س:۔ حضرت ایاس نے کب اسلام قبول کیا؟

ج:۔ ذی الحجہ 10 نبوت۔

س:۔ حضرت ایاس بن معاذ کا یثرب کے کس قبیلہ سے تعلق تھا؟

ج:۔ خزرج سے۔

س:۔ مقام عقبہ کہاں واقع ہے؟

ج:۔ حرا اور منیٰ کے درمیان واقع ہے۔

س:۔ انصار کے جن چھ اشخاص نے اسلام قبول کیا ان کے نام بتائیں؟

ج:۔ ابو الہیثم۔ ابو امامہ حضرت سعد بن زرارہ۔ حضرت عوف بن حارث۔ حضرت رافع بن مالک۔ حضرت قطبہ بن عامر حدیدہ۔ حضرت جابر بن عبداللہ بن رباب۔

س:۔ مدینہ منورہ کے پہلے امام نماز کون تھے؟

ج:۔ حضرت مصعب بن عمیر۔

س:۔ حضرت مصعب بن عمیر کا مدینہ میں کس کے ہاں قیام تھا؟
ج:۔ حضرت اسعد بن زرارہ کے ہاں۔
س:۔ حضرت مصعب بن عمیر مدینہ میں کس نام سے پکارے جاتے تھے؟
ج:۔ قاری۔
س:۔ بیعت عقبہ ثانیہ کو اور کس نام سے پکارا جاتا تھا؟
ج:۔ بیعت حرب۔

ہجرت مدینہ قبا تک

س:۔ سب سے پہلے مہاجر مدینہ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟
ج:۔ حضرت ابو سلمہ۔
س:۔ اس مسلمان خاتون کا نام بتائیں جس نے خواتین میں سب سے پہلے ہجرت مدینہ کی؟
ج:۔ حضرت ام سلمہؓ۔
س:۔ دارالہجرت کس شہر کو کہا جاتا ہے؟
ج:۔ مدینہ منورہ۔
س:۔ کس خاتون محترم کی بروقت مخبری سے حضور اکرمؐ نے ہجرت فرمائی؟
ج:۔ حضرت عبدالمطلب کی بھتیجی رقیقہ بنت صیفی۔
س:۔ سورہ یٰسین میں آیا ہے **فاغشینھم فھم لایبصرون** ہم نے ان کی آنکھوں پر پردے ڈال دیئے اور وہ کچھ نہیں دیکھتے تھے۔ یہ کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟
ج:۔ حضور اکرم صلعم کے مکان سے ہجرت کے لئے نکلنے کی طرف
س:۔ حضورؐ ہجرت مدینہ کے لئے گھر سے کب نکلے تھے؟
ج:۔ 27 صفر 13 نبوت روز پنج شنبہ۔
س:۔ حضرت محمدؐ حضرت ابوبکرؓ کے گھر کس دروازے سے نکل کر ہجرت کے لئے روانہ ہوئے؟
ج:۔ عقبی کھڑکی سے۔
س:۔ غار ثور جبل نور کے کس حصے میں واقع ہے؟
ج:۔ پہاڑ کے بالکل اوپر۔

س:۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا دارالہجرت کہاں ہے؟
ج:۔ مکہ معظمہ میں۔
س:۔ حضورؐ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر ہجرت کا سفر کیا؟
ج:۔ قصویٰ۔
س:۔ سرداران قریش میں سے کس نے حضرت اسمؓا کے طمانچہ مار کر ان کی بالی کان سے گرادی تھی؟
ج:۔ ابوجہل نے۔
س:۔ ہجرت کے وقت سراقہ بن جعشم کے بعد حضورؐ کا تعاقب کس نے کیا تھا؟
ج:۔ بریدہ اسلمی نے۔ اس کے ساتھ ستر آدمی تھے۔
س:۔ بریدہ اسلمی کس مقام پر حضور صلعم سے ملا تھا؟
ج:۔ رابغ اور جحفہ کے درمیان ایک موضع غمیم میں۔
س:۔ بریدہ اسلمی کے تعاقب کیا نتیجہ کیا نکلا؟
ج:۔ اس نے اسلام قبول کیا۔
س:۔ سب سے پہلا اسلامی علم کس کپڑے سے تیار گیا تھا؟
ج:۔ حضور اکرم صلعم کے عمامہ سے۔

س:۔ حضور ﷺ ہجرت کر کے قبا میں کب تشریف لائے؟

ج:۔ آٹھ ربیع الاول 13

س:۔ سفر ہجرت میں حضرت علیؓ سرور کائنات ؐ سے کس مقام پر آ کر ملے تھے؟

ج:۔ قبا میں۔

س:۔ بتایئے حضرت علیؓ نے مکہ سے قبا تک کا سفر کس سواری پر کیا تھا؟

ج:۔ پیدل۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے کس کنوئیں میں اپنا لعاب دہن ڈالا تھا کہ کھارا پانی میٹھا ہو گیا تھا؟

ج:۔ بئیر ریس۔ بئیر خاتم۔

س:۔ بئیر خاتم کہاں واقع ہے؟

ج:۔ مسجد قبا سے پچاس قدم کے فاصلے پر۔

س:۔ بئیر ریس کا نام بئیر خاتم کیوں پڑا؟

ج:۔ حضرت عثمانؓ سے حضور ﷺ کی انگوٹھی جو مراسلات پر لگائی جاتی

تھی اس کنوئیں میں گر گئی تھی اس وقت سے بئر خاتم نام پڑا۔

س:۔ آنحضرت ﷺ کے کون سے صحابی آپؐ کی مدینہ تشریف آوری کے کافی عرصہ بعد تک روزانہ رات کو کھانے پر اپنے ہاں سے ایک بڑا دیگچہ سالن اور کافی روٹیاں بھیجا کرتے تھے؟

ج:۔ حضرت سعدؓ بن عبادہ۔

س:۔ حضورؐ نے ایک یہودی سے کس غلام کو خریدنے کے لئے رقم کے علاوہ اس کے باغ میں اپنے دست مبارک سے تین سو پودے بھی لگائے تھے؟

ج:۔ حضرت سلمان فارسیؓ۔

س:۔ اوس و خزرج کے درمیان جو لڑائی لڑی گئی تھی اس کا نام بتائیں؟

ج:۔ جنگ بعاث۔

س:۔ انصار مدینہ کا اصل علاقہ کونسا تھا؟

ج:۔ یمن۔

س:۔ پہلی اسلامی ریاست کی شروع میں کل کتنی آبادی تھی؟

ج:۔ پانچ ہزار نفوس۔

س:۔ سب سے پہلی اسلامی ریاست کا شروع میں کتنا رقبہ تھا؟

ج:۔ ایک سو مربع میل۔

بھائی چارہ

مسلمان مسلمان کا بھائی

س:۔ مدینہ پہنچ کر حضورؐ نے مہاجرین و انصار میں بھائی چارہ قائم کیا اسے کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ مواخات۔

س:۔ مواخات کا اجتماع کس صحابی کے مکان پر ہوا؟

ج:۔ حضرت انس بن مالک۔

س:۔ مسجد قبلتین کس قبیلہ کی مسجد تھی؟

ج:۔ بنو مسلمہ۔

س:۔ تبدیلی کعبہ کا حکم قرآن پاک میں کس جگہ آیا ہے؟

ج:۔ پارہ نمبر2 سورہ بقرہ۔

س:۔ زکوٰۃ اسلام کا اہم رکن ہے بتائیے یہ کب فرض ہوئی؟
ج:۔ 2 ہجری۔
س:۔ پہلی اذان کے الفاظ کیا تھے؟
ج:۔ الصلوٰۃ جامع۔
س:۔ اذان کا موجودہ طریقہ سب سے پہلے کس صحابی نے خواب میں دیکھا؟
ج:۔ حضرت عبداللہ بن زید انصاری۔
س:۔ اسلام میں اذان کی ابتدا کب ہوئی؟
ج:۔ 2 ہجری میں۔
س:۔ مسلم خواتین نے سب سے پہلے کس جنگ میں حصہ لیا؟
ج:۔ جنگ احد میں۔
س:۔ تیمم کے حکم کا نزول کب ہوا؟
ج:۔ شعبان 3 ہجری میں۔
س:۔ وراثت کے تمام قوانین کس سن ہجری میں نازل ہوئے؟
ج:۔ 4 ہجری میں۔
س:۔ قذف کی سزا کس سن ہجری میں نازل ہوئی؟
ج:۔ 5 ہجری میں۔
س:۔ قذف کے کیا معنی ہیں؟
ج:۔ پاک دامن عورت پر تہمت لگانے کی سزا۔
س:۔ کس سال ہجری میں حضرت زید بن ثابتؓ نے حضورؐ کے حکم سے عبرانی سیکھی اور کتنے دنوں میں سیکھی؟
ج:۔ 4 ہجری۔ پندرہ دنوں میں۔
س:۔ 4 ہجری کی برکات میں سب سے بڑی برکت کونسی ہے؟
ج:۔ حرمت شراب کا اعلان۔
س:۔ زنا کی سزا سو درے کس سورہ میں ہے؟
ج:۔ سورہ نور میں۔
س:۔ ثمامہ بن اثال سردار بجد نے کس سن ہجری میں اسلام قبول کیا؟
ج:۔ 5 ہجری میں۔
س:۔ حضورؐ نے کس شخص کی موت پر فرمایا آج منافقین سرخیل مرگیا؟

ج:۔ رافع بن حریملہ یہودی۔

س:۔ صدقہ عید الفطر کا حکم کب نافذ ہوا؟

ج:۔ یکم شوال 2 ہجری۔

س:۔ عید الاضحیٰ کی قربانی کس سن ہجری میں واجب ہوئی؟

ج:۔ 2 ہجری۔

س:۔ 2 ہجری میں نماز عید الفطر سے کتنے دن پہلے صدقہ فطر کا حکم نافذ ہوا؟

ج:۔ دو دن پہلے۔

س:۔ اسلام میں سب سے پہلا وقف کس نے کیا تھا؟

ج:۔ حضرت مخیریق۔

س:۔ کس سن ہجری میں مشرکہ عورت سے نکاح حرام قرار دیا گیا؟

ج:۔ 2 ہجری۔

س:۔ کس غزوہ کے دوران شراب حرام کی گئی؟

ج:۔ بنو نضیر۔

س:۔ پردے (حجاب) کا حکم 4 ہجری کے کس ماہ میں ہوا؟

ج:۔ یکم ذی قعد بروز جمعہ۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ نے وادی عقیق کی جاگیر کس کو عطا فرمائی؟

ج:۔ حضرت بلالؓ کو۔

س:۔ زنا کی سزا کس سن ہجری میں نازل ہوئی؟

ج:۔ 5 ہجری کو۔

س:۔ 5 ہجری میں چاند گرہن ہوا تو حضورؐ نے کیا کیا؟

ج:۔ نماز کسوف پڑھی۔

س:۔ ذی قرد کس چیز کا نام ہے؟

ج:۔ ایک چشمہ کا نام ہے۔

س:۔ غزوہ غابہ کے بعد آپؐ مدینہ منورہ کب واپس تشریف لائے؟

ج:۔ 21 ربیع الاول 6 ہجری۔

س:۔ غزوہ صلح کس غزوہ کو کہتے ہیں؟

ج:۔ صلح حدیبیہ۔

س:۔ حدیبیہ کیا ہے؟

ج:۔ مکہ سے ایک منزل کے فاصلے پر ایک کنواں ہے۔ اس کے ساتھ ہی ایک گاؤں ہے اس کا نام بھی حدیبیہ ہے۔

س:۔ حدیبیہ کا اصل اور پرانا نام کیا تھا؟

ج:۔ مرا لظہران۔

س:۔ حدیبیہ کا موجودہ نام بتائیں؟

ج:۔ شمیسی۔

س:۔ حدیبیہ کا علاقہ حرم میں شامل ہے یا حل میں؟

ج:۔ کچھ حرم میں شامل ہے اور کچھ حل میں۔

س:۔ غزوہ حدیبیہ کے موقعہ پر حضورؐ نے کس صحابی کو بال کاٹنے کے لئے کہا؟

ج:۔ حضرت خراش بن امیہ۔

س:۔ غزوہ احد میں کس پہاڑی کے درے پر حضورؐ اکرم ﷺ نے پچاس تیرانداز مقرر فرمائے تھے؟

ج:۔ جبل عینین۔ جبل الرماۃ۔

س:۔ غزوہ احد کے آغاز سے پہلے لشکر کفار کی تعداد معلوم کرنے کے لئے حضورؐ نے کس صحابی کو بھیجا تھا؟

ج:۔ حضرت خباب بن منذر۔

س:۔ احد کے پہاڑ پر کوئی چیز بھی اگی ہوئی نہیں ہے بتایئے اس کا رنگ کونسا ہے؟

ج:۔ بالکل سرخ۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کے لشکر سے اپنے تین سو ساتھیوں کے ساتھ کون واپس آگیا تھا؟

ج:۔ عبداللہ بن ابی سلول۔

س:۔ عبداللہ بن ابی سلول اپنے ساتھیوں کے ساتھ کس مقام سے لشکر اسلام سے الگ ہو کر واپس مڑا؟

ج:۔ شوطہ کے مقام سے۔

س:۔ شیخین کے مقام پر رات کے لئے حضور اکرم ﷺ نے کس کی قیادت میں پچاس صحابہ کی ڈیوٹی رات کے وقت پہرہ کے لئے لگائی تھی؟

ج:۔ حضرت محمد بن مسیلمہ۔

س:۔ شیخین سے جب رات کے پچھلے پہر چلے تو حضور ﷺ کے صحابی کو بطور رہبر روانہ فرمایا؟

ج:۔ حضرت ابو خیثمہ حارثی۔

س:۔ شیخین سے احد تشریف لے جاتے ہوئے فجر کی نماز حضورؐ نے کس مقام پر ادا کی تھی؟

ج:۔ الشوط۔

س:۔ غزوہ احد کے لئے حضورؐ سواری پر سوار تشریف لے جا رہے تھے بتایئے مرکب کے آگے آگے کونسے صحابہ کرام دوڑ رہے تھے؟

ج:۔ حضرت سعدؓ بن معاذ۔ حضرت سعدؓ بن عبادہ۔

س:۔ جنگ احد میں کس بچے نے ایڑیوں پر کھڑے ہو کر اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرتے ہوئے حضورؐ سے جنگ میں شمولیت کی اجازت حاصل کی؟

ج:۔ حضرت رافعؓ بن خدیج۔

س:۔ غزوہ احد میں کس لڑکے نے حضرت رافع بن خدیج جو بذات خود لڑکے تھے، کشتی میں پچھاڑ کر جنگ میں شمولیت کی اجازت حاصل کی؟

ج:۔ حضرت سمرہؓ۔

س:۔ حضرت رافعؓ اور حضرت سمرہؓ کی عمریں غزوہ احد میں شمولیت کے وقت کتنی تھی؟

ج:۔ پندرہ پندرہ سال۔

س:۔ غزوہ احد میں اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ سات سو۔

س:۔ مدینہ منورہ سے جبل احد کو آئیں، تو سب سے پہلے کونسی پہاڑی آتی ہے؟

ج:۔ جبل عینین۔

س:۔ جبل عینین کا موجودہ نام کیا ہے؟

ج:۔ جبل الرماۃ۔

س:۔ جبل عینین اور جبل احد کے درمیان ایک وادی ہے اس وادی کا نام بتائیں؟

ج:۔ وادی قناۃ۔

س:۔ غزوہ احد میں کس پہاڑی کے درے پر حضور اکرم ﷺ نے پچاس

تیر انداز مقرر فرمائے تھے؟

ج:۔ جبل عینین۔ جبل الرماۃ۔

س:۔ آنحضورؐ نے پچاس تیر اندازوں کے دستہ کو کس کی زیر قیادت درہ پر متعین فرمایا؟

ج:۔ حضرت عبداللہؓ بن جبیر۔

س:۔ تیر اندازوں کے سردار حضرت عبداللہ بن جبیرؓ کو کس نے شہید کیا؟

ج:۔ عکرمہ بن ابوجہل نے۔

س:۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کے لشکر میں صرف دو گھوڑے تھے۔ ایک پر حضورؐ سوار تھے بتائیے دوسرے پر کون سوار تھا؟

ج:۔ حضرت ابوہریرہؓ۔

س:۔ غزوہ احد میں مسلمانوں کے گھوڑ سوار دستہ کے قائد کون تھے؟

ج:۔ حضرت زبیرؓ بن عوام۔

س:۔ غزوہ احد میں لشکر اسلامی کے مقدمتہ الجیش کی قیادت کس کے سپرد تھی؟

ج:۔ حضرت حمزہؓ کے۔

س:۔ غزوہ احد میں حضورؐ نے کتنی زرہیں زیب تن فرمائیں؟

ج:۔ دو زرہیں۔

س:۔ غزوہ احد میں لشکر قریش کی تعداد کتنی تھی۔

ج:۔ تین ہزار۔

س:۔ غزوہ احد میں قریش مکہ کے پاس کتنے گھوڑے اور کتنے اونٹ تھے؟

ج:۔ دو سو گھوڑے اور تین ہزار اونٹ۔

س:۔ غزوہ احد میں قریش مکہ کا امیر کون تھا؟

ج:۔ ابوسفیان بن حرب۔

س:۔ قریش مکہ کی فوج میں زرہ پوش اور گھوڑ سوار کتنے تھے؟

ج:۔ سات سو زرہ پوش اور دو سو گھوڑ سوار۔

س:۔ غزوہ احد میں کفار کے ساتھ کتنی عورتیں تھیں؟

ج:۔ پندرہ۔

س:۔ قریش مکہ غزوہ احد میں اپنی عورتوں کو بھی ساتھ لائے تھے۔ چند ایک کے نام بتائیں جو شریک جنگ ہوئیں؟

ج:۔ ہندہ زوجہ ابو سفیان عتبہ کی بیٹی' ام حکیم عکرمہ بن ابوجہل کی بیوی' فاطمہ بنت ولید خالد بن ولید کی بہن ریطہ' عمرو بن العاص کی زوجہ برزہ' رئیس طائف مسعود ثقفی کی بیٹی خناس' حضرت معصب بن عمیر کی والدہ۔

س:۔ غزوہ احد میں قریش کی عورتوں کا بڑا ہتھیار کیا تھا؟

ج:۔ رجزیہ اشعار۔

س:۔ غزوہ احد میں قریش مکہ کے لشکر میں کتنے علم تھے؟

ج:۔ تین۔

س:۔ غزوہ احد میں لشکر قریش کے میمنہ اور میسرہ پر کمان کن کے سپرد تھی؟

ج:۔ خالد بن ولید۔ عکرمہ بن ابوجہل۔

س:۔ غزوہ احد میں لشکر قریش کے سواروں اور تیر اندازوں کے افسر کون تھے؟

ج:۔ صفوان بن امیہ۔ عبداللہ بن ربیعہ۔

س:۔ قریش کا سب سے بڑا علم غزوہ احد میں کس کے پاس تھا اور کس کے ہاتھوں قتل ہوا؟

ج:۔ طلحہ بن ابی طلحہ۔ حضرت علیؓ کے ہاتھوں قتل ہوا۔

س:۔ کفار مکہ کی طرف سے غزوہ احد میں سب سے پہلے میدان جنگ میں کون آیا؟

ج:۔ ابو عامر راہب۔

س:۔ غسیل الملائکہ کس صحابی کو کہتے ہیں؟

ج:۔ حضرت حنظلہؓ۔

س:۔ غزوہ احد میں غسیل الملائکہ حضرت حنظلہؓ کو کس نے شہید کیا؟

ج:۔ شداد بن الاسود۔

س:۔ جب حضرت حنظلہؓ شداد بن الاسود کے ہاتھ شہید ہوئے بتائیے وہ اس وقت کس سردار مکہ کو قتل کرنے والے تھے؟

ج:۔ ابو سفیان کو۔

س:۔ غزوہ احد میں حضور اکرم ﷺ ایک گڑھے میں گر گئے تھے کس صحابی نے آپؐ کا دست مبارک پکڑا تھا اور کس نے سہارا دے کر کھڑا کیا تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ نے ہاتھ پکڑا اور حضرت طلحہ بن عبیداللہ نے سہارا دے کر کھڑا کیا۔

س:۔ یہ گڑھا کس نے کھودا تھا؟

ج:۔ ابو عامر نے۔

س:۔ ابو عامر فاسق کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج:۔ قبیلہ اوس سے۔

س:۔ غزوہ احد میں ابی بن خلف چھوٹی برچھی لے کر آنحضور ﷺ کی طرف بڑھ رہا تھا۔ آپؐ نے کس صحابی سے نیزہ لے کر ابی بن خلف کی طرف پھینکا تھا؟

ج:۔ حضرت حارثؓ بن الصمہ۔

س:۔ آنحضرتؐ کے ہاتھ سے غزوہ احد میں کونسا قریشی زخمی و مقتول ہوا؟

ج:۔ ابی بن خلف۔

س:۔ غزوہ احد میں کس کافر نے آنحضرتؐ کے دندان مبارک شہید کیے؟

ج:۔ ابن قمیہ۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کا نیچے کا داہنا دانت اور لب مبارک کس کی ضرب سے شہید ہوا؟

ج:۔ عتبہ بن ابی وقاص۔

س:۔ کس کی تلوار کے وار سے حضور اکرم ﷺ کے خود کی دو کڑیاں چہرہ مبارک میں دھنس گئیں؟

ج:۔ ابن قمیہ کی تلوار کے وار سے۔

س:۔ جس وقت حضورؐ کے دندان مبارک شہید ہوئے آپؐ کو سخت پیاس لگی ہوئی تھی۔ بتایئے کونسے صحابی جاکر پانی لائے جسے پی کر حضورؐ نے دعائے خیر دی؟

ج:۔ حضرتؓ محمد بن مسلمہ۔

س:۔ غزوہ احد میں حضورؐ کی پیشانی مبارک کو کس نے زخمی کیا تھا؟

ج:۔ عبداللہ بن مشاب۔

س:۔ غزوہ احد میں زخمی ہونے پر حضور اکرم ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ وہ قوم کیا فلاح پا سکتی ہے جو اپنے پیغمبر کا چہرہ خوں سے رنگین کرتی ہے۔

س:۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے کیا وحی نازل فرمائی؟

ج:۔ **لیس لک من الامر من شی** آپؐ کو اس معاملہ میں کچھ اختیار نہیں۔

س:۔ حضورؐ کے رخسار مبارک میں دھنسی ہوئی خود کی کڑیوں کو کس صحابی نے کھینچ کر نکالا؟

ج:۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ نے۔

س:۔ حضرت عامر بن عبداللہ جراح کے حضورؐ کے چہرے سے خود کی کڑیاں نکالتے وقت کتنے دانت نکل گئے تھے؟

ج:۔ دو دانت۔

س:۔ بتائیے حضورؐ کے رخسار مبارک سے جو خون نکلا تھا وہ کس صحابی نے چوس کر نگل لیا تھا؟

ج:۔ حضرت مالک بن سنانؓ خدری۔

س:۔ غزوہ احد میں حضورؐ کس کے پتھر کی ضرب سے زخمی ہوئے؟

ج:۔ عتبہ بن ابی وقاص۔

س:۔ غزوہ احد میں حضورؐ کے زخم مبارک کس نے دھوئے تھے؟

ج:۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

س:۔ زخموں کو دھونے کے لئے حضرت علیؓ کس برتن میں پانی لائے تھے؟

ج:۔ اپنی ڈھال میں۔

س:۔ ان مسلم خواتین کے نام بتائیں جنھوں نے غزوہ احد میں زخمیوں کو پانی پلایا؟

ج:۔ حضرت ام سلیطؓ۔ حضرت عائشہؓ۔ حضرت ام سلیمؓ۔

س:۔ غزوہ احد میں گھمسان کا رن پڑا تو حضورؐ نے اپنی تلوار ہاتھ میں لے کر فرمایا کون اس کا حق ادا کرے گا۔ بہت سے ہاتھ اسے لینے کے لئے آگے بڑھے بتائے یہ سعادت کس کے حصہ میں آئی؟

ج:۔ حضرت ابو دجانہؓ کے۔

س:۔ وہ کونسا پہلا اظہار فخر تھا جو حضورؐ کی نگاہ میں مقبول ہوا؟

ج:۔ غزوہ احد میں حضرت ابو دجانہؓ کا تلوار تان کر اکڑ اکڑ کر چلنا۔

س:۔ اپنے سر پر سرخ رومال یا سرخ پٹی باندھنے کو عرب میں کیا کہتے تھے؟

ج:۔ عرب میں اسے موت کو تسمہ کہا جاتا تھا۔

س:۔ غزوہ احد میں حضرت ابودجانہؓ نے کس کافرہ عورت کے سر پر تلوار رکھ دی لیکن اس احساس سے اٹھا لی کہ حضور اکرم ﷺ کی عطا کردہ تلوار

کے شایان شان نہیں کہ اس سے کسی عورت کی جان لی جائے؟

ج:۔ ہندہ زوجہ ابوسفیان۔

س:۔ غزوہ احد میں وہ کونسے صحابی ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے انتقال کی خبر سن کر اٹھے اور جوش سے لڑتے ہوئے جسم پر ستر زخم کھانے کے بعد شہید ہو گئے؟

ج:۔ حضرت انسؓ بن نضر۔

س:۔ ان دو صحابہ کے نام بتائیں جنھوں نے حضور اکرم ﷺ کو تیروں سے بچانے کے لئے خود کو حضورؐ کی حفاظت کے لئے ڈھال بنا دیا اور تیروں نے ان کو چھلنی کر دیا؟

ج:۔ حضرت طلحہؓ۔ حضرت ابو دجانہؓ۔

س:۔ غزوہ احد میں حضورؐ کے ترکش سے کونسے صحابی تیر چلاتے جاتے تھے اور حضورؐ فرماتے تھے تم پر میرے ماں باپ قربان تیر چلاتے جاؤ؟

ج:۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س:۔ حضرت طلحہؓ کو غزوہ احد میں کتنے زخم آئے تھے؟

ج:۔ ستر زخم۔

س:۔ غزوہ احد کے دن حضرت سعدؓ بن ابی وقاص نے کتنے تیر پھینکے؟

ج:۔ ایک ہزار۔

س:۔ کس غزوہ میں شہدا کی نماز جنازہ نہیں پڑھی گئیں؟

ج:۔ غزوہ احد۔

س:۔ حضرت مصعب بن عمیر غزوہ احد میں شہید ہوئے کفن چھوٹا تھا۔ بتائیے پاؤں پر کونسی چیز رکھ کر دفن کئے گئے؟

ج:۔ گھاس۔

س:۔ حضرت مصعب بن عمیر کی زوجہ محترمہ کا نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت حمنہؓ بنت جحش۔

س:۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ابن قمیہ نے حملہ کیا تو وہ کونسی خاتون تھیں جنھوں نے حضورؐ کا دفاع کرتے ہوئے خود گہرا زخم کھایا؟

ج:۔ حضرت سیبہ بنت جحش۔

س:۔ وہ کونسے صحابی ہیں جو غزوہ احد میں مسلمانوں ہی کی تلواروں سے شہید

ہوئے؟

ج:۔ حضرت حذیفہ کے والد حضرت یمانؓ۔

س:۔ ہندہ زوجہ ابو سفیان کو اکلۃ الا کباد (جگر چبانے والی) کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ اس نے غزوہ احد میں حضرت حمزہؓ کا کلیجہ چبایا تھا۔

س:۔ ؟غزوہ احد میں حضرت حمزہؓ کی لاش کا مثلہ کس نے کیا تھا

ج:۔ ہندہ زوجہ ابو سفیان۔

س:۔ غزوہ احد میں حضرت حمزہؓ کی قبر میں اور کس دوسرے صحابی کو دفن کیا گیا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن جحش کو۔

س:۔ غزوہ احد میں سب سے پہلے کس صحابی نے شہادت پائی؟

ج:۔ حضرت عبداللہؓ بن عمرو۔

س:۔ حضرت ابو بکرؓ کا کونسا سسر غزوہ احد میں شہید ہوا؟

ج:۔ حضرت خارجہ بن زید بن ابی زہرانصاری۔

س:۔ غزوہ احد میں مسلمانوں کی طرف سے لڑنے والے یہودی کا نام بتائیں؟

ج:۔ مخیریق۔

س:۔ غزوہ احد میں قریش کے کتنے علمبردار حضرت علیؓ کے ہاتھوں قتل ہوئے؟

ج:۔ آٹھ۔

س:۔ قرآن مجید میں غزوہ احد سے متعلق سور آل عمران میں کتنی آیات نازل فرمائیں؟

ج:۔ ساٹھ آیات۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے شہدائے احد کے لئے خصوصی دعا کب فرمائی تھی؟

ج:۔ صفر 11 ہجری۔

س:۔ غزوہ بدر کے اسیروں میں ایک شاعر بھی تھا بتائیے اس کا نام کیا تھا؟

ج:۔ صفوان بن امیہ۔

س:۔ روحا کے مقام پر ابو سفیان کو بنو خزاعہ کے کس رئیس نے خوف دلایا کہ محمدؐ ایک بڑی قوت کے ساتھ آ رہے ہیں اس سے ابو سفیان ہراساں ہو کر رخصت ہوا؟

ج:۔ معبد خزاعی۔

س:۔ غزوہ احد میں حضرت انس بن مالک کے چچا شہید ہوئے ان کی لاش اسطرح مسخ کی گئی کہ پہچانے نہیں جاتے تھے بتایئے ان کی کونسی ہمشیرہ نے انگلیوں کے نشانات سے شناخت کیا؟

ج:۔ حضرت ربیعہؓ بنت نضر۔

غزوہ حمراء الاسد

س:۔ غزوہ احد کے آخری دن قریش کے میدان جنگ چھوڑ جانے کے بعد آنحضورؐ نے صحابہ کرام سے کیا فرمایا؟

ج:۔ اگلے دن قریش کا تعاقب کیا جائے گا۔

س:۔ غزوہ احد کے دوسرے دن آنحضورؐ نے صحابہ کرام کے ہمراہ کس مقام تک قریش کا تعاقب فرمایا؟

ج:۔ حمراء الاسد تک۔

س:۔ غزوہ حمراء لاسد کے موقعہ پر لشکر اسلام کا علم کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ۔

س:۔ غزوہ حمراء الاسد کب پیش آیا؟

ج:۔ شوال 3ہجری۔

س:۔ حمراء الاسد کی طرف حضورؐ کس دن روانہ ہوئے؟

ج:۔ اتوار کے دن۔

س:۔ غزوہ حمراء الاسد ہجرت کے کونسے مہینے پیش آیا؟

ج:۔ بتیسویں مہینے میں۔

س:۔ غزوہ حمراء الاسد کے دوران مدینہ میں آنحضرتؐ نے کسے نائب مقرر فرمایا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن مکتوم۔

سریہ ابو سلمہؓ

س:۔ حضورؐ نے قطن کے بنواسد کی جانب حضرت ابو سلمہؓ عبداللہ بن عبدالاسد کو کب روانہ فرمایا؟

ج:۔ محرم 4ہجری۔

س:۔ قطن کے کونسے سردار مدینہ پر ڈاکہ زنی کا پروگرام بنا رہے تھے؟

ج:۔ طلیحہ اور سلمہ فرزندان خویلد۔

س:۔ سریہ ابو سلمہؓ کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ دشمن منتشر ہو گئے۔

س:۔ سریہ ابو سلمہؓ میں حضرت ابو سلمہؓ کے زخم ہرے ہو گئے اور انہی زخموں سے شہید ہوئے بتایئے اس سریہ سے پہلے حضرت ابو سلمہ کب زخمی ہوئے تھے؟

ج:۔ غزوہ احد میں۔

سریہ حضرت عبداللہ بن انیس

س:۔ سفیان بن خالد الہندلی کے جمیعت اکٹھی کر کے مدینہ پر حملہ کرنے کی اطلاع حضورؐ کو کب ملی تھی؟

ج:۔ پانچویں محرم سن 4 ہجری۔

س:۔ سفیان بن خالد الہندلی کس قبیلے سے تھا؟

ج:۔ قبیلہ لحیان سے۔

س:۔ کہاں کا رئیس تھا؟

ج:۔ کوہستان عرفہ کا۔

س:۔ یہ فطرتاً کیسا انسان تھا؟

ج:۔ مفسد۔ فتنہ ساز۔

س:۔ حضورؐ نے سفیان بن خالد کے فتنہ کے خاتمہ کے لئے کس صحابی کو منتخب کیا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن انیس جہنی انصاری۔

س:۔ عرفہ پہنچ عبداللہ بن انیس نے کونسا کارنامہ سرانجام دیا؟

ج:۔ سفیان بن خالد کا سر کاٹ ڈالا۔

س:۔ حضرت عبداللہ بن انیس نے سفیان کا سر حضورؐ کی خدمت میں پیش کیا تو حضورؐ نے اسے کیا عطا کیا؟

ج:۔ اپنا عصا انعام میں دیا۔

س:۔ اپنا عصا انعام میں دیتے ہوئے حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ اسے پکڑ کر جنت میں لے جاؤ۔ حضرت عبداللہ بن انیس نے حضور کے عصا کو ہمیشہ ساتھ رکھا اور مرتے وقت وصیت کی اسے میرے کفن میں رکھا

جائے۔

سریہ رجیع

س:۔ رجیع کا واقع کب پیش آیا؟

ج:۔ صفر 4 ہجری۔

س:۔ رجیع کس چیز کا نام تھا؟

ج:۔ ہذیل کے ایک کنوئیں کا نام۔

س:۔ رجیع نامی کنواں کہاں واقع تھا؟

ج:۔ مکہ اور طائف کے درمیان ہداۃ کے قریب تھا۔

س:۔ شہدائے رجیع کو آنحضرت ﷺ نے کن قبائل کی طرف تبلیغ اسلام کے لئے بھیجا تھا؟

ج:۔ بنو عضل و بنو قارہ۔

س:۔ عقیل و قارہ کے لوگوں کی درخواست پر آنحضرت نے کتنے صحابہ کو تبلیغ دین کے لئے ان ساتھ بھیجا تھا؟

س:۔ سزائے موت سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنے کا طریقہ سب سے پہلے کس صحابی سے شروع ہوا؟

ج:۔ حضرت خبیب بن عدی۔

س:۔ وہ صحابی کون تھے جنہوں نے سفر ہجرت میں حضورؐ کا ساتھ دیا اور بیئر معونہ کے واقعہ میں شہادت پائی؟

ج:۔ حضرت عامرؓ بن فہیرہ۔

س:۔ بیئر معونہ کے واقعہ کے بعد کس یہودی قبیلہ کو مدینہ سے نکالا گی؟

ج:۔ بنو نضیر۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے بنو نضیر کو مدینہ سے نکل جانے کا نوٹس دینے کے لئے کس صحابی کو بنو نضیر کے پاس بھیجا تھا؟

ج:۔ حضرت محمد بن سلمہؓ۔

س:۔ احد سے بھاگتے ہوئے ابو سفیان سردار قریش نے کیا کہا تھا؟

ج:۔ آئندہ سال اسی ماہ بدر کے مقام پر مقابلہ ہو گا۔

س:۔ غزوہ مریسیع میں ایک مسلمان غلطی سے شہید ہوئے ان کا نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت ہشام بن صبابہ۔

س:۔ مقیس بن صبابہ کون تھا؟

ج:۔ پہلے مشرک تھا۔ مسلمان ہوا۔ پھر مرتد ہو گیا۔

س:۔ غزوہ خندق میں مسلمانوں کا شعار کیا تھا؟

ج:۔ **حم لاینصرون۔**

س:۔ غزوہ احزاب میں رسول اللہ ﷺ کا مرکز قیام کہاں تھا؟

ج:۔ جبل سلع پر۔

س:۔ غزوہ خندق میں شمولیت کے لئے ابوسفیان مکہ سے کتنے شمشیر زن لے کر نکلا تھا؟

ج:۔ چار ہزار۔

س:۔ نوفل بن عبداللہ کی لاش ابوسفیان نے کتنے اونٹوں کے بدلے حاصل کرنے کی پیش کش کی؟

ج:۔ ایک سو اونٹ۔

س:۔ طوفان بلاد و باراں کس غزوہ میں آیا تھا؟

ج:۔ غزوہ خندق۔

س:۔ غزوہ احزاب میں قیامت خیز طوفان کے بارے کس نے کہا تھا کہ یہ مصیبت قریش پر محمدؐ کی وجہ سے نازل ہوئی ہے؟

ج:۔ طلحہ بن خویلد نے۔

س:۔ رسول اللہ کی متعدد نمازیں کس غزوہ میں قضاء ہوئیں؟

ج:۔ غزوہ احزاب میں کفار کے تیروں کی وجہ سے۔

س:۔ حضرت سعدؓ بن معاذ کو کس کا جان لیوا تیر لگا تھا؟

ج:۔ ابن حبان بن عرقہ۔

س:۔ غزوہ بنو قریظہ سے متعلق تائید غیبی حضورؐ کو کس ام المومنین کے حجرہ میں ملی؟

ج:۔ حضرت ام سلمٰی۔

س:۔ بنو قریظہ کے کھیتوں کے پاس کنواں تھا جہاں مسلمانوں نے اپنا کیمپ لگایا تھا اس کنوئیں کا نام بتائیں؟

ج:۔ اناء۔

س:۔ غزوہ بنو قریظہ کے موقعہ پر کونسا یہودی مسلمان ہوا؟
ج:۔ عمر بن سعد۔
س:۔ سریہ عبداللہ بن عتیک کب پیش آیا؟
ج:۔ ذی الحجہ 5ہجری میں۔
س:۔ ابو رافع بن ابی الحقیق کو سوتے میں کس نے قتل کیا؟
ج:۔ حضرت عبداللہ بن عتیک نے۔
س:۔ حضرت عبداللہ بن عتیک کی ٹانگ کیسے ٹوٹی؟
ج:۔ قلعہ کی سیڑھیاں اترتے ہوئے پاؤں پھسلے تھے۔

1ہجری تا 5ہجری کے متفرق واقعات

س:۔ مہاجرین میں سے سب سے پہلی نرینہ اولاد کس کے ہاں ہوئی؟
ج:۔ حضرت زبیرؓ بن عوام ہاں عبداللہ بن زبیرؓ پیدا ہوئے۔
س:۔ قبا کے میزبان رسولؐ حضرت کلثوم بن ہدم نے کب وفائی پائی؟
ج:۔ 1ہجری۔
س:۔ آنحضرت ﷺ نے کس صحابی کی پیدائش پر ان کے کان میں اذان دی اور اپنا لعاب دہن منہ میں ڈالا اور فرمایا لے جاؤ خلفاء کے باپ کو؟
ج:۔ حضرت عبداللہ بنؓ عباس۔
س:۔ حضرت عمر سید المسلمین کس کو کہتے تھے؟
ج:۔ حضرت ابی بن کعب کو۔
س:۔ منافقین مدینہ نے کس صحابی کی موت پر کہا تھا کہ اگر محمدؐ نبی ہوتا تو اس کا ساتھی نہ مرتا؟
ج:۔ ابو امامہ اسعدؓ بن زرارہ کی موت پر۔
س:۔ حضرت اسعد بن زرارہ نے کب وفات پائی؟
ج:۔ 1ہجری۔
س:۔ حضرت اسعد بن زرارہ بنو نجار کے نقیب تھے ان کی وفات پر حضورؐ نے کس کو بنو نجار کا نقیب بنایا؟
ج:۔ خود حضور ﷺ نقیب بنے۔
س:۔ ہجرت کے کتنا عرصہ بعد آنحضرت ﷺ نے حرم پاک اور دختران کو مکہ

سے مدینہ لانے کے لئے آدمی بھیجے؟

ج:۔ سات ماہ بعد۔

س:۔ آنحضرت ﷺ نے مدینہ تشریف لانے کے بعد حرم پاک اور دختران کو مکہ لانے کے لئے کن کو بھیجا؟

ج:۔ حضرت زید بن حارث اور حضرت ابو رافع۔

س:۔ 1 ہجری میں یہودیوں میں سے کس نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا؟

ج:۔ عبداللہ بن سلام۔

س:۔ عیسائی مذہب کے کون سے راہب 1 ہجری میں مشرف بہ اسلام ہوئے؟

ج:۔ حضرت ابو قیس صرمہ بن ابی انس۔

س:۔ رسول کریمؐ کی شان میں ہجوگو شاعر ابو عفک کو قتل کرنے کی سعادت کس کے حصے میں آئی؟

ج:۔ حضرت سالم بن عمیرؓ اوسی۔

س:۔ مروان بن زید کی بیٹی بھی شاعرہ تھی۔ اس نے بھی رسول کریم کی شان میں گستاخانہ شعر کہے۔ عصما اس کا نام بتایئے اس کو کس نے قتل کیا؟

ج:۔ حضرت عمیر بن عوف نے۔

س:۔ پہلے غیر مسلم کا نام بتائیں جو جمیعت اسلام کے تحت قتل ہوا؟

ج:۔ ابو غفلہ۔

س:۔ شروع میں کتنے روزوں کا حکم آیا تھا؟

ج:۔ شروع میں صرف تین روزوں کا حکم آیا تھا۔

س:۔ تاریخ اسلام میں عیدالفطر سب سے پہلے کب باجماعت ادا ہوئی؟

ج:۔ یکم شوال 2 ہجری۔

س:۔ پہلی ازان کے الفاظ کیا تھے؟

ج:۔ الصلوۃ جامع۔

س:۔ غزوہ ذی قرو کا دوسرا نام بتائیں؟

ج:۔ غزوہ تمابہ۔

س:۔ غزدہ ذی قرو کی وجہ بتائیں؟

ج:۔ بنو غطفان کے لٹیروں نے مدینہ کی چراگاہ پر حملہ کیا۔

س:۔ ذی قرو کس چیز کا نام ہے؟

ج:۔ ذی قرو ایک چشمہ کا نام ہے۔

س:۔ بتایئے طرق کس کا نام ہے؟

ج:۔ طرق بنو ثعلبہ کے ایک چشمہ کا نام ہے۔

س:۔ سریہ طرق میں کس صحابی کی قیادت میں دستہ روانہ کیا گیا؟

ج:۔ حضرت زیدؓ بن حارث۔

س:۔ حضرت زیدؓ کے ساتھ کتنے ساتھی تھے؟

ج:۔ پندرہ۔

س:۔ وادی القریٰ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ بہت سے دیہات والی آبادی۔

س:۔ سریہ فدک کب پیش آیا؟

ج:۔ شعبان 6 ہجری میں۔

س:۔ سریہ فدک کی قیادت کس نے کی؟

ج:۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س:۔ سریہ فدک کا مال غنیمت کیا تھا؟

ج:۔ پانچ سو اونٹ۔ ایک ہزار بکریاں۔

س:۔ سریہ دومتہ الجندل میں کس صحابی نے سردار قبیلہ کی لڑکی سے شادی کی؟

ج:۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے تماضر ام ابی سلمہ سے شادی کی۔

س:۔ وہ کونسی صلح تھی جس پر مسلمانوں کی اکثریت وقتی طور پر بے اطمینانی کا شکار ہوئی؟

ج:۔ صلح حدیبیہ۔

س:۔ صلح حدیبیہ کے بعد قربانی کے لئے حضورؐ نے اپنا سر مبارک کس حجام سے منڈوایا تھا؟

ج:۔ خراش بن امیہ۔

س:۔ بیعت رضوان کا ذکر کس سورہ اور کس آیت میں ہے؟

ج:۔ سورہ فتح۔ آیت دس۔

س:۔ بیعت الشجرہ کس کا نام ہے؟

ج:۔ بیعت رضواں کا دوسرا نام۔

س:۔ آج کے دن تم لوگ تمام زمین والوں سے افضل ہو۔ یہ الفاظ حضور ﷺ نے اپنے ساتھیوں سے کب فرمائے؟

ج:۔ بیعت رضوان کے بعد۔

س:۔ صلح حدیبیہ میں قریش کی نمائندگی کس نے کی؟

ج:۔ سہیل بن عمرو۔

س:۔ صلح نامہ حدیبیہ کے ابتدائی الفاظ کیا تھے؟

ج:۔ **باسمک اللھم**

س:۔ حدیبیہ کے عہد نامہ میں کل کتنے فقرے تھے؟

ج:۔ نو فقرے تھے۔

س:۔ معاہدہ حدیبیہ کا پہلا نسخہ حضرت علیؓ نے تحریر کیا بتایئے دوسرا کس نے تحریر کیا؟

ج:۔ حضرت مسلم بن میلہ۔

س:۔ صلح حدیبیہ کے وقت حضور کی عمر مبارک کتنی تھی؟

ج:۔ 59 سال۔

س:۔ بیعت رضواں کس سن ہجری میں ہوئی؟

ج:۔ 6ہجری۔

س:۔ بیعت رضواں کس درخت کے نیچے ہوئی؟

ج:۔ کیکر کے درخت کے نیچے۔

س:۔ ایک شخص نے بیعت رضواں نہیں کی تھی اس کا نام بتائیں؟

ج:۔ جد بن قیس۔

س:۔ کس صحابی نے تین بار بیعت کی تھی؟

ج:۔ حضرت سلمہؓ بن اکوع۔ ایک دفعہ شروع میں۔ ایک دفعہ درمیان میں۔ ایک دفعہ آخر میں۔

س:۔ کس سورہ میں غزوہ خیبر کے واقع ہونے کی اطلاع دی گئی تھی؟

ج:۔ سورہ فتح۔

س:۔ ذی قرہ کی حفاظت کرتے ہوئے کونسے صحابی شہید ہوئے؟

ج:۔ ذر بن ابو ذر غفاری۔

س:۔ ذر بن ابو ذر غفاری کون تھے؟

ج:۔ حضرت ابوذر غفاریؓ کے بیٹے۔
س:۔ خیبر کتنے قلعوں کا مجموعہ تھا؟
ج:۔ دس قلعوں کا۔
س:۔ ان کے نام بتائیں؟
ج:۔ ناعم۔ ملاۃ۔ حصن صعب بن معاذ۔ حصن زبیر۔ حصن شن۔ حصن البر۔ حصن ابی۔ حصن قموص طبری۔ حصن و طیح۔ حصن سلام۔
س:۔ لشکر اسلام خیبر کے لئے روانہ ہوا تو کونسے شاعر رجز خوانی کر رہے تھے؟
ج:۔ حضرت عامر ابن الاکوع۔
س:۔ غزوہ خیبر میں لشکر اسلامی کے میمنہ پر ون متعین تھا؟
ج:۔ حضرت عمرؓ۔
س:۔ قلعہ ملاۃ پر حملہ کرنے کے لئے سب سے پہلے کس مجاہد کو لشکر اسلام کی کمان دی گئی؟
ج:۔ حضرت محمود بن مسلمہ۔
س:۔ غزوہ خیبر میں کنانہ ابن الربیع کو کس نے قتل کیا؟
ج:۔ قصاص محمود بن مسلمہ۔
س:۔ حضرت محمود بن مسلمہ کیسے شہید ہوئے؟
ج:۔ قلعہ کی فصیل پر سے ان پر کنانہ بن ابن الربیع نے چکی کا پاٹ گرا دیا۔
س:۔ غزوہ خیبر میں قلعہ ملاۃ کے محاصرہ میں ایک حبشی چرواہا حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دعوت دین سنی اسلام لایا۔ اس کے بعد خود یہودیوں کے خلاف لڑتا ہوا شہید ہوا چرواہے کا نام بتائیں؟
ج:۔ حضرت اسود راعی۔
س:۔ قلعہ ناعم کس نے فتح کیا؟
ج:۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ نے۔
س:۔ قلعہ ناعم کتنے دن بعد فتح ہوا؟
ج:۔ تین دن بعد۔
س:۔ غزوہ خیبر میں حضرت علیؓ کے سپرد جو علم کیا گیا وہ کس کپڑے سے تیار کیا گیا تھا؟
ج:۔ حضرت عائشہؓ کی اوڑھنی سے۔

س:۔ حضرت علیؓ کے علم کا رنگ کیا تھا؟

ج:۔ سفید۔

س:۔ وہ کونسا غزوہ ہے جس میں غیر مسلموں کو رعایا بنایا گیا؟

ج:۔ غزوہ خیبر۔

س:۔ حضورؐ نے خیبر کے یہودیوں سے کیا معاہدہ کیا تھا؟

ج:۔ زمین یہودیوں کی واپس دے دی گئی۔ پیداوار کا نصف حصہ مسلمان وصول کریں گے۔

س:۔ خیبر کی بٹائی وصول کرنے کے لئے حضورؐ کس صحابی کو بھیجا کرتے تھے؟

س:۔ تیما کے یہودیوں نے مسلمانوں سے کس شرط پر معاہدہ کیا؟

ج:۔ بغیر لڑے خیبر کی شرائط پر معاہدہ کیا۔

س:۔ سریہ کدید کب پیش آیا؟

ج:۔ 7 ہجری میں۔

س:۔ اس سریہ کے امیر کون تھے؟

ج:۔ حضرت غالب بن عبداللہ۔

س:۔ سریہ حمی کب پیش آیا؟

ج:۔ جمادی الثانی 7 ہجری۔

س:۔ سریہ تربہ کے امیر کون تھے؟

ج:۔ حضرت عمرؓ۔

س:۔ بنو کلاب کی جانب جو دستہ بھیجا گیا اس کی قیادت کس نے کی؟

ج:۔ حضرت ابوبکرؓ۔

س:۔ سریہ بنو مرہ کی جانب کس کی سربراہی میں دستہ بھیجا گیا؟

ج:۔ حضرت بشر بن سعد کی سربراہی میں۔

س:۔ جہینہ کے کس شخص نے کلمہ پڑھ لیا تھا لیکن حضرت اسامہؓ نے یہ سمجھتے ہوئے کہ جان بچانے کو ایسا کر رہا ہے قتل کر دیا؟

ج:۔ نہیک بن مرداس۔

س:۔ سریہ موتہ کی وجہ کیا تھی؟

ج:۔ حضرت حارث بن عمیر الاسدی کو شرجیل بن عمرو غسانی نے شہید کر دیا تھا بدلہ لینا مقصود تھا۔

س:۔ سریہ موتہ کے لئے مجاہدین کہاں جمع ہوئے؟
ج:۔ مدینہ کے نزدیک جرف کے مقام پر۔
س:۔ موتہ جانے والے لشکر کو حضورؐ نے کس مقام رخصت فرمایا تھا؟
ج:۔ ثنیۃ الوداع کے مقام سے۔
س:۔ سریہ موتہ میں حضرت جعفر طیار کے جسم پر بوقت شہادت کتنے زخم تھے؟
ج:۔ نوے /90۔
س:۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ کی شہادت کے بعد کس صحابی نے علم سنبھال لیا؟
ج:۔ حضرت زید بن ارقم نے۔
س:۔ حضورؐ نے حضرت جعفر طیارؓ کو ذوالجناحین کا لقب کیوں دیا؟
ج:۔ دشمن نے حضرت جعفرؓ کا ایک بازو کاٹا تو انہوں نے علم دوسرے ہاتھ میں لے لیا۔ دشمن نے وہ بازو بھی کاٹ دیا۔
س:۔ ذوالجناحین کے کیا معنی ہیں؟
س:۔ سریہ موتہ میں لڑتے ہوئے حضرت خالد بن ولید کے ہاتھ میں کتنی تلواریں ٹوٹیں؟
ج:۔ نو تلواریں۔

دعوت اسلام اور سلاطین

س:۔ صلح حدیبیہ کے بعد حضورؐ کونسا اہم کام شروع کیا؟
ج:۔ تبلیغ و اشاعت اسلام۔ سلاطین کے نام دعوتی خطوط لکھنے کا کام۔
س:۔ مختلف بادشاہوں اور روساء کے نام کونسے صحابہ کرام آنحضرت ﷺ کے خطوط لے کر گئے؟
ج:۔ حضرت دحیہ کلبی۔ حضرت سلیط بن عمر۔ حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی۔ حضرت عمرو بن امیہ۔ حضرت عمرو بن العاص۔
س:۔ عزیز مصر کا نام کیا تھا؟
ج:۔ مقوقس۔
س:۔ باذان گورنر یمن نے خسرو پرویز کے حکم کے مطابق کن افراد کو حضورؐ کی گرفتاری کے لئے مدینہ بھیجا تھا؟
ج:۔ بابویہ۔ خرخرہ۔

س:۔ والیٔ حبشہ شاہ نجاشی کا اصلی نام کیا تھا؟
ج:۔ اصحمہ بن ابجر۔
س:۔ حبشہ کے کس بادشاہ کی نماز جنازہ غائبانہ آنحضرتؐ نے پڑھائی تھی؟
ج:۔ اصحمہ شاہ حبش کی۔
س:۔ آنحضور ﷺ کے کس سفیر کو شرجیل بن عمرو غسانی والیٔ موتہ نے شہید کیا تھا؟
ج:۔ حضرت حارث بن عمیر الاسدی۔
س:۔ آنحضرتؐ نے کس صحابی و روسائے فارس کی طرف دعوت اسلام کے لئے بھیجا تھا؟
ج:۔ حضرت وبر بن یحیس کو۔
س:۔ شاہ یمامہ کا نام کیا تھا؟
ج:۔ ہوذہ بن حنفی۔
س:۔ حضورؐ نے عمان کے دو بادشاہوں کے نام دعوتی خطوط ارسال فرمائے تھے ان کے نام بتائیں؟
ج:۔ جیفر اور عبد۔

8-9 کے چند سرایا

س:۔ سریہ ذات السلاسل کب ہوا؟
ج:۔ جمادی الثانی 8 ہجری۔
س:۔ ذات السلاسل کا مقام کہاں ہے؟
ج:۔ وادی القریٰ سے آگے ہے۔
س:۔ سریہ ذات السلاسل کا نتیجہ کیا نکلا؟
ج:۔ دشمن گروہ بھاگ گیا۔
س:۔ سریہ سیف البحر کب پیش آیا؟
ج:۔ رجب 8 ہجری میں۔
س:۔ سریہ سیف البحر میں بھوک کی وجہ سے صحابہ کرام کا برا حال تھا۔ پھر سمندر سے ایک بڑی مچھلی نکلی جسے مسلمانوں نے کئی دنوں تک کھایا اس مچھلی کا نام کیا تھا؟
ج:۔ عنبر۔

س:۔ کس سریہ میں مسلمانوں کی یہ حالت تھی کہ ایک ایک چھوہارے پر دن بھر گزارا کیا؟

ج:۔ سریہ سیف البحر۔

س:۔ سریہ محارب کب پیش آیا؟

ج:۔ شعبان 8 ہجری۔

س:۔ سریہ علقمہ کب پیش آیا؟

ج:۔ ربیع الاول 9 ہجری کو۔

س:۔ سریہ بنو طے کب پیش آیا؟

ج:۔ ربیع الثانی 9 ہجری۔

س:۔ رضہ خاخ مدینہ منورہ سے کتنی دور ہے؟

ج:۔ بارہ میل۔

س:۔ قبیلہ مزینہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج:۔ 5 ہجری میں۔

س:۔ وہ کون مشرک تھا جو قتل کی سزا سے بچنے کیلئے کعبہ کے پردوں میں چھپ گیا تھا؟

ج:۔ عبدالعزیٰ ابن اخطل۔

س:۔ حضرت بلالؓ نے سب سے پہلے کس نماز کے لئے اذان دی تھی؟

ج:۔ نماز ظہر کیلئے۔

س:۔ فتح مکہ کے دن حضور ﷺ نے سواری پر سے ہی طواف کعبہ کیا بتایئے ناقہ کی نکیل کون پکڑے ہوئے تھے؟

ج:۔ حضرت محمد بن مسیلمہ۔

س:۔ طواف کعبہ کے بعد فتح مکہ کے دن آنحضورؐ نے مقام ابراہیم پر کتنے نفل پڑھے؟

ج:۔ دو۔

س:۔ یہ نفل حضورؐ نے کس جگہ کھڑے ہو کر پڑھے تھے؟

ج:۔ دو یمنی ستونوں کے درمیان

س:۔ فتح مکہ کے دن جب حضورؐ طواف کر رہے تو کون آپؐ کو شہید کرنے کے خیال سے قریب آیا تھا؟

ج:۔ فضالہ بن عمیر۔

س:۔ دینی تعلیم دینے کے لئے حضورؐ نے کس صحابی کو مکہ میں چھوڑا تھا؟

ج:۔ حضرت معاذ بن جبل۔

س:۔ غزوہ حنین میں حضورؐ نے کونسی حفاظتی اشیاء پہنی ہوئی تھیں؟

ج:۔ دو زرہیں۔ ایک خود۔ خود کے نیچے جالی دار ٹوپی۔

س:۔ غزوہ حنین اور غزوہ احد میں کیا مماثلت ہے؟

ج:۔ دونوں میں عارضی ہزیمت ہوئی تھی۔

س:۔ غزوہ حنین میں مسلمان بھاگ کھڑے ہوئے تو کتنے ثابت قدم رہے؟

ج:۔ سو سے بھی کم۔

س:۔ **"انا النبی لاکذب"** انا ابن عبدالمطلب حضورؐ اکرم ﷺ نے یہ الفاظ کس غزوہ میں کہے تھے؟

ج:۔ حنین میں۔

س:۔ غزوہ حنین میں کن صحابہ کرام نے حضور اکرم ﷺ کو گھیرے میں لیا ہوا تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ۔ حضرت عباسؓ۔ حضرت عمرؓ اور حضرت ابوبکرؓ۔

س:۔ غزوہ حنین کے نازک ترین لمحات میں حضور اکرمؐ کے سفید خچر کی لگام کس نے تھام رکھی تھی اور زین کا پچھلا حصہ کس نے پکڑا ہوا تھا؟

ج:۔ لگام حضرت عباس عم رسولؐ نے تھام رکھی تھی۔ زین کا پچھلا حصہ حضرت مغیرہ بن حارث بن عبدالمطلب نے پکڑا ہوا تھا۔

س:۔ غزوہ حنین میں جب مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے بتایئے کونسی صحابیہ ثابت قدم رہیں؟

س:۔ غزوہ حنین کے بعد قیدیوں کی رہائی کے لئے حلیمہ سعدیہ کے قبیلہ کے معززین کس کی سربراہی میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے؟

ج:۔ زہیر بن صرو۔

س:۔ غزوہ حنین کے اسیروں کی رہائی کے لئے وفد ہوازن کس مقام پر حضورؐ کی خدمت میں باریاب ہوا؟

ج:۔ جعرانہ کے مقام پر۔

س:۔ بعثت کے بعد حضورؐ کی ملاقات اپنی رضائی بہن شیما سے کب ہوئی؟

ج:۔ غزوہ حنین میں جب شیما قیدی بن کر آئیں۔

س:۔ غزوہ حنین میں کن دو قبیلوں نے اپنے حصے کے اسیروں کو فدیہ لے کر رہا کیا اور فدیہ بھی حضور اکرم ﷺ نے خود ادا فرمایا؟

ج:۔ بنو سلیم۔ بنو فزارہ۔

س:۔ غزوہ حنین میں دشمن کے مشیر اعلیٰ درید بن صمہ کس کے ہاتھوں قتل ہوئے؟

ج:۔ حضرت ربیع بن رفیع سلمی۔

س:۔ غزوہ حنین میں حضرت ابو بکرؓ کے کونسے فرزند شہید ہوئے؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن ابی بکر۔

س:۔ غزوہ حنین کے موقعہ پر کس صحابی کو آنحضورؐ نے فیاض کے لقب سے ملقب کیا؟

ج:۔ حضرت طلحہ بن عبداللہ۔

س:۔ غزوہ حنین میں وہ کونسے صحابی تھے جو سرور کائنات ﷺ کی طرف آنے والے تیروں کو اپنے بائیں ہاتھ پر روک رہے تھے؟

ج:۔ حضرت ابو طلحہ۔

س:۔ غزوہ حنین میں کس صحابی کو یہ شرف حاصل ہے کہ اس کے ہاتھوں بیس کافر مقتول ہوئے؟

ج:۔ حضرت ابو طلحہؓ۔

س:۔ کس غزوہ میں آنحضرتؐ نے مشت خاک دشمنوں کی طرف پھینکی تھی؟

ج:۔ غزوہ حنین۔

س:۔ غزوہ طائف کب ہوا؟

ج:۔ شوال 8 ہجری۔ فروری 630 عیسوی۔

س:۔ طائف میں کس قبیلہ کے لوگ آباد تھے؟

ج:۔ بنو ثقیف۔

س:۔ ان کے سردار کا نام کیا تھا؟

ج:۔ عروہ بن مسعود ثقفی۔

س:۔ عروہ بن مسعود ثقفی کا ابو سفیان سے کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ ابوسفیان کی بیٹی عروہ بن مسعود ثقفی سے بیاہی ہوئی تھی۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے معرکہ حنین کے بعد طائف کے محاصرہ کے لئے کس صحابی کو تھوڑی سی فوج دے کر بھیجا؟

ج:۔ حضرت ابو عامر اشعری۔

س:۔ طائف کے قلعہ میں حنین کے میدان سے بھاگ کر کس سردار نے پناہ لی ہوئی تھی؟

ج:۔ مالک بن عوف۔

س:۔ طائف کے اس قلعہ کا نام بتائیں جس میں مالک بن عوف چھپا ہوا تھا اور اس پر آنحضور ﷺ نے حملہ کرنے کا حکم دیا تھا؟

ج:۔ قلعہ لیہ۔

س:۔ حضرت عامر اشعری محاصرہ طائف میں شہید ہوئے بتایئے ان کی شہادت کے بعد علم کس نے سنبھالا تھا؟

ج:۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری ابوعامر اشعری کے بھائی نے۔

س:۔ محاصرہ طائف میں قائد لشکر اسلامی حضرت ابوعامر اشعری کس کے ہاتھوں شہید ہوئے؟

ج:۔ مالک بن عوف۔

س:۔ بنو ہوازن و ثقیف کے سپہ سالار مالک بن عوف نے لشکر اسلام کی جاسوسی کے لئے کتنے جاسوس بھیجے تھے جو خوفزدہ ہو کر بھاگ گئے؟

ج:۔ تین۔

س:۔ درید بن الصمہ کے بیٹے کو کس نے قتل کیا؟

ج:۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری۔

س:۔ حضور اکرمؐ نے کس غزوہ میں پہلی بار قلعہ شکنی کے لئے منجنیق اور دبابے استعمال کئے؟

س:۔ حضرت ابوسفیان کی ایک آنکھ غزوہ طائف میں ضائع ہوئی بتائیے دوسری آنکھ کس جنگ میں ضائع ہوئی؟

ج:۔ جنگ یرموک میں۔

س:۔ غزوہ طائف میں ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کے کونسے بھائی شہید ہوئے؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن ابی ربیعہ۔

س:۔ طائف کا محاصرہ کتنے دن جاری رہا؟

ج:۔ اٹھارہ دن۔

س:۔ غزوہ حنین و طائف سے فارغ ہو کر حضورؐ کہاں تشریف لے گئے؟

ج:۔ مکہ معظمہ۔

س:۔ غزوہ طائف میں حضورؐ نے کس کے مشورہ سے منجنیق نصب فرمائی تھی؟

ج:۔ حضرت سلمان فارسی۔

س:۔ غزوہ طائف میں آنحضورؐ کے ساتھ کونسی ازواج مطہرات تھیں؟

ج:۔ حضرت ام سلمہؓ۔ حضرت زینب بنت جحش۔

س:۔ غزوہ طائف میں کتنے مسلمان زخمی ہوئے؟

ج:۔ تیرہ۔

س:۔ ثمامہ بن اثال بجد کا حکمران کب مسلمان ہوا؟

ج:۔ 6ھ میں۔

س:۔ غسان کا حکمران جبلہ کب مسلمان ہوا؟

ج:۔ 7 ہجری میں۔

س:۔ دومتہ الجندل کا حکمران اکیدر کب مسلمان ہوا؟

ج:۔ 9 ہجری میں۔

س:۔ حضور ﷺ کی خدمت عالیہ سب سے پہلے کس قبیلہ کا وفد حاضر ہوا تھا؟

ج:۔ قبیلہ مزنیہ۔

س:۔ یہ وفد کب حاضر ہوا؟

ج:۔ 5 ہجری میں۔

س:۔ بنو تمیم کا مشہور خطیب کون تھا؟

ج:۔ عطارد بن حاجب۔

س:۔ تقریروں کے مقابلہ کے بعد بنو تمیم کے کس فرد نے قصیدہ پڑھا تھا؟

ج:۔ زبرقان بن بدر۔

س:۔ زبرقان بن بدر کس قبیلہ کا مشہور شاعر تھا؟

ج:۔ بنو تمیم کا۔

س:۔ وفد بنی عبدالقیس کب خدمت اقدس ﷺ میں حاضر ہوا تھا؟

ج:۔ 5 ہجری۔

س:۔ بحرین کے علاقہ میں دعوت اسلام کا آغاز کس سے ہوا؟

ج:۔ حضرت منقذ بن حبان۔

س:۔ قبیلہ عبدالقیس کی شراب نوشی سے اجتناب کے لئے حضورؐ نے کن ظروف کا استعمال ممنوع فرمایا؟

ج:۔ دبا۔ ختم۔ نقیر۔ مزفت۔

س:۔ بنو سعد سے کس نے سب سے پہلے آنحضورؐ کی خدمت میں شرف باریابی حاصل کیا؟

ج:۔ ضمام بن ثعلبہ۔

س:۔ یمن کے قبیلہ اشعر میں دعوت حق کس کے ذریعہ پہنچی؟

ج:۔ حضرت طفیلؓ دوسی۔

س:۔ قبیلہ اشعر کے کتنے آدمی بحری سفر کے ذریعے مدینہ پہنچنے کے لئے روانہ ہوئے لیکن مخالف ہوا کے چلنے سے مہاجرین حبشہ سے جا ملے؟

ج:۔ تین آدمی۔

س:۔ 5 ہجری میں کس کی قیادت میں قبیلہ دوس کا ستر آدمیوں کا وفد حضور کی خدمت میں حاضر ہوا؟

ج:۔ حضرت طفیل بن عمرو دوسی۔

س:۔ قبیلہ دوس کی قوم کس گناہ میں مبتلا تھی؟

ج:۔ زنا کاری۔

س:۔ صدا قبیلہ کے کس شخص نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔

ج:۔ حضرت زیاد بن حارث۔

س:۔ قبیلہ صدا کی میزبانی کے لئے حضورؐ نے کس صحابی کو مقرر کیا

ج:۔ حضرت سعد بن عبادہ۔

س:۔ قبیلہ صدا سے حجۃ الوداع میں کتنے افراد نے شرکت کی تھی؟

ج:۔ ایک سو افراد نے۔

س:۔ بنو ثقیف میں سے سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا۔

ج:۔ حضرت عمرو بن مسعود ثقفی نے۔

س:۔ عروہ بن مسعود ثقفی نے اسلام کی سعادت کس غزوہ کے بعد حاصل کی تھی؟

ج:۔ غزوہ حنین و طائف کے بعد مدینہ منورہ حاضر ہوا تھا۔

س:۔ عروہ بن مسعود ثقفی کے گھر اسلام لانے سے پہلے کتنی بیویاں تھیں؟

ج:۔ دس۔ چھ کو طلاق دی۔

س:۔ حضرت عروہ بن مسعود ثقفی نے مکان کی چھت پر کھڑے ہو کر دعوت اسلام دی تو قوم نے کس طرح جواب دیا؟

ج:۔ چاروں طرف سے تیر برسنے لگے ایک تیر لگنے سے شہید ہو گئے۔

س:۔ عروہؓ کی شہادت کے بعد بنو ثقیف کا وفد کس سردار کی قیادت میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟

ج:۔ 9 ہجری میں۔

س:۔ اس وفد کا قائد کون تھا؟

ج:۔ عبد یالیل۔

س:۔ حضورؐ کے حکم سے بنو ثقیف کے وفد کی میزبانی کے فرائض کس نے ادا کئے؟

ج:۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ نے مسجد نبوی کے صحن میں خیمہ لگا کر ادا کئے۔

س:۔ فریقین کی کونسی شخصیت ذریعہ گفتگو بنی؟

ج:۔ حضرت خالد بن سعید بن العاص۔

س:۔ بنو ثقیف کا بت کونسا تھا؟

ج:۔ لات۔

س:۔ یہ بت مونث تھا یا مذکر؟

ج:۔ مونث اسے ربہ کہتے تھے۔

س:۔ لات کو گرانے کے لئے کن صحابہ کو وفد کے ہمراہ بھیجا تھا؟

ج:۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ۔ ابوسفیان بن حرب۔

س:۔ بنو ثقیف کے وفد میں سب سے کم عمر شخص کون تھا؟

ج:۔ حضرت عثمان بن ابوالعاص۔

س:۔ وفد بنو ثقیف نے رخصت ہوتے ہوئے عرض کیا کہ ہم میں سے ایک کو ہمارا امام بنا دیں بتایئے حضورؐ نے کس کو ان کا امام بنایا؟

ج:۔ حضرت عثمان بن ابوالعاص۔

س:۔ بنو حنیفہ کے اس رئیس کا نام بتائیں جنہیں حضور ﷺ نے گرفتاری کے بعد مسجد نبوی کے ایک ستون سے بندھوا دیا تھا؟

ج:۔ ثمامہ بن اثال۔

س:۔ وفد بنو حنیفہ میں کس شخص نے حضور ﷺ سے کہا تھا کہ آپؐ یہ اقرار کریں کہ میں ان کا جانشین ہوں تو میں بیعت کرتا ہوں۔ بعد میں اس نے نبوت کا دعویٰ کیا؟

ج:۔ مسیلمہ کذاب۔

س:۔ حضور ﷺ کا نامہ مبارک مسیلمہ کذاب کی جانب کونسے صحابی لے کر گئے تھے اور مسیلمہ نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا؟

ج:۔ حضرت حبیب بن زیدؓ۔ مسیلمہ کذاب نے ان کے دونوں ہاتھ پاؤں کٹوا دیئے تھے۔

س:۔ جو خط مسیلمہ کذاب کو لکھا گیا کس نے لکھا تھا؟

ج:۔ حضرت ابی بن کعب۔

س:۔ نجران سے حضور ﷺ کی خدمت میں کتنے وفد حاضر ہوئے؟

ج:۔ دو۔

س:۔ نجران کے وفد سے آنحضرت ﷺ کا جو معاہدہ ہوا اس پر کن صحابہ کرام نے اپنی شہادتیں ثبت فرمائیں؟

ج:۔ ابوسفیان بن حرب۔ غیلان بن عمرو۔ مالک بن عوف۔ اقرع بن حابس۔

س:۔ نجران کا دوسرا وفد کس کی سربراہی میں حضورؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا؟

ج:۔ اسقف ابوالحارث کی قیادت میں۔

س:۔ وفد اسد حضورؐ کی خدمت میں کب حاضر ہوا؟

ج:۔ 9 ہجری۔

س:۔ وفد بنی فزارہ نے حضورؐ سے کس بات کی درخواست کی تھی؟

ج:۔ بارش کے لئے دعا فرمائیں۔

س:۔ وفد بنی عامر کس نیت سے آیا تھا؟

ج:۔ حضورؐ کو قتل کرنے۔

س:۔ خدا کے رسولؐ کو قتل کرنے کا منصوبہ بنانے والوں کا انجام کیا ہوا؟

ج:۔ عامر بن طفیل طاعون سے مرا اور اربد بن قیس پر بجلی گری اور مر گیا۔

س:۔ عذرہ قبیلہ کا وفد خدمت نبوی میں کب حاضر ہوا؟

ج:۔ صفر 9 ہجری۔

س:۔ وفد عذرا کو حضورؐ نے کن باتوں سے منع فرمایا؟

ج:۔ کاہنوں سے غیب کی باتیں پوچھنا چھوڑ دیں۔ سوائے ابراہیمی قربانی کے دوسری تمام قربانیوں سے منع فرمایا۔

س:۔ بلی قبیلہ کا وفد کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟

ج:۔ ربیع الاول۔

س:۔ کندہ قبیلہ کا وفد کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟ اس کا قائد کون تھا؟

ج:۔ صرد بن عبداللہ ازدی۔

س:۔ قبیلہ ہمدان میں کن صحابہ کرام نے اسلام کی تبلیغ فرمائی؟

ج:۔ حضرت علیؓ۔ حضرت خالد بن ولیدؓ۔

س:۔ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے والے ان افراد کے نام بتائیں جو وفد ہمدان میں تھے؟

ج:۔ مالک بن نمط۔ ابوثور۔ عمیر بن مالک اور ضمام بن مالک۔

س:۔ فروہ بن عمرو الجذامی کس علاقے کا گورنر تھا؟

ج:۔ فلسطین کا۔ حضورؐ کا نامہ مبارک دیکھ کر اسلام قبول کیا۔

س:۔ قسطنطنیہ کے بادشاہ نے فروہ بن عمرو الجذامی کو اسلام قبول کرنے کے جرم میں کیا سزا دی؟

ج:۔ فلسطین میں عفرا نامی شہر میں پھانسی دی گئی۔

س:۔ قبیلہ نجیب کے کتنے اشخاص پر مشتمل وفد حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور وفد اپنے ساتھ کونسی چیز لے کر آیا تھا؟
ج:۔ یہ وفد تیرہ افراد پر مشتمل تھا قوم کے مال مویشیوں کی زکوٰۃ لے کر آیا تھا۔
س:۔ بھرا قبیلہ کا وفد کتنے افراد پر مشتمل تھا؟
ج:۔ تیرہ افراد پر۔
س:۔ وفد ذی مرہ میں کتنے افراد تھے؟
ج:۔ تیرہ۔
س:۔ یہ وفد کس کی قیادت میں آیا تھا؟
ج:۔ حارث بن عوف۔
س:۔ وفد خولان کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:۔ شعبان 10 ہجری۔
س:۔ قبیلہ خولان کا کونسا بت تھا؟
ج:۔ عم انس۔
س:۔ وفد محارب کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:۔ 10 ہجری۔
س:۔ وفد محارب کی میزبانی کے فرائض کس صحابی نے سرانجام دیئے؟
ج:۔ حضرت بلالؓ۔
س:۔ وفد غسان حضورؐ کی خدمت میں کب باریاب ہوا؟
ج:۔ رمضان 10 ہجری۔
س:۔ سلامان قبیلہ کا وفد حضورؐ کی خدمت میں کب حاضر ہوا؟
ج:۔ شوال 10 ہجری۔
س:۔ وفد بنی عیش کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:۔ حضور ﷺ کے وصال سے چار ماہ پہلے۔
س:۔ وفد نمامہ کب خدمت اقدس میں حاضر ہوا؟
ج:۔ 10 ہجری۔
س:۔ اس وفد کے افراد کی تعلیم حضورؐ نے کس صحابی کے ذمہ لگائی؟
ج:۔ حضرت ابی بن کعب۔
س:۔ وفد بنی الحارث کب رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر

ہوا؟

ج:۔ شوال 10 ہجری۔

س:۔ سب سے آخری وفد جو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا وہ کونسا تھا؟

ج:۔ وفد نخع۔

س:۔ اس وفد کے افراد کس صحابی کے ہاتھ پر اسلام لائے؟

ج:۔ حضرت معاذ بن جبلؓ۔

س:۔ جیش عسرت کس لشکر کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ لشکر غزوہ تبوک۔

س:۔ جیش عسرت کی مدینہ منورہ سے روانگی کب عمل میں آئی؟

ج:۔ رجب 9 ہجری۔

س:۔ رومیوں کے تبوک کے مقام پر جمع ہونے کی اطلاع مدینہ منورہ میں سب سے پہلے کس نے پہنچائی؟

ج:۔ شام کے نبطی سوداگروں نے جو مدینہ میں روغن زیتون بیچنے آتے تھے۔

س:۔ تبوک کا مقام کس جگہ واقعہ ہے؟

ج:۔ مدینہ اور دمشق کے درمیان۔

س:۔ غزوہ تبوک کے موقعہ پر کس صحابی نے گھر کا پورا سامان لاکر حضورؐ کی خدمت میں حاضر کیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیق۔

س:۔ غزوہ تبوک کے موقعہ پر اخراجات کے لئے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے کتنے درہم پیش کئے؟

ج:۔ دو سو اوقیہ چاندی۔ چالیس ہزار درہم۔

س:۔ غزوہ تبوک کیلئے حضرت عثمانؓ نے کتنے اونٹ اور گھوڑے دیئے تھے؟

ج:۔ غلہ اور توشہ سے بھرے ہوئے نو سو اونٹ۔ ایک سو گھوڑے اور ایک ہزار دینار۔

س:۔ غزوہ تبوک کے موقعہ پر کس صحابی نے دو سیر چھوہارے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کئے؟

ج:۔ حضرت ابو طفیل انصاریؓ۔

س:۔ غزوہ تبوک پر مسلمانوں کی حالت کیسی تھی؟

ج:۔ قحط اور تنگی کے دن تھے۔

س:۔ مدینہ کے کس منافق یہودی کے گھر جمع ہو کر لوگوں کو غزوہ تبوک پر جانے سے روکا تھا؟

ج:۔ سویلم یہودی۔

س:۔ غزوہ تبوک میں حضورؐ نے حضرت علیؓ کو گھر پر کیوں چھوڑا تھا؟

ج:۔ اہل بیت کی ضروریات پوری کرنے کے لئے۔

س:۔ غزوہ تبوک کی لڑائی کتنے دن ہوئی؟

ج:۔ غزوہ تبوک میں لڑائی نہیں ہوئی۔

س:۔ تبوک پہنچنے کے بعد ایلہ کا کونسا عیسائی حکمران امان حاصل کر کے گیا تھا؟

ج:۔ یوحنا بن ردبہ۔

س:۔ تبوک کے مقام پر یوحنا نے حضور ﷺ کی خدمت میں کونسی چیز پیش کی؟

ج:۔ ایک سفید خچر۔

س:۔ حضورؐ نے ایلہ کے سردار یوحنا کو کیا تحفہ عنایت فرمایا؟

ج:۔ اپنی ردائے مبارک۔

س:۔ سفر تبوک میں ایک صحابی بخار سے فوت ہو گئے تھے ان کا نام بتائیں؟

ج:۔ نوفل بن معاویہ۔

س:۔ آنحضرت ﷺ نے کس صحابی کو ذوالبجادیں کا لقب عطا فرمایا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ ذوالبجادین۔

س:۔ ذوالبجادین کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ دو کملی والے۔

س:۔ حضور ﷺ پر یہودیوں کے کہنے سے کس شخص نے عمل سحر کیا؟

ج:۔ بنی زریق کے .سید بن عاصم نے۔

س:۔ مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کے لئے مدینہ منورہ میں کونسی مسجد تعمیر کی گئی؟

ج:۔ مسجد ضرار۔

س:۔ مسجد ضرار کا بانی کون تھا؟

ج:۔ ابو عامر راہب۔

س:۔ غزوہ تبوک سے واپسی پر حضور اکرم ﷺ نے ذی اوان کے مقام سے کن صحابہ کرام کو مسجد ضرار گرانے کا حکم دیا؟

ج:۔ حضرت مالکؓ بن الدخشم۔ حضرت معنؓ بن عدی۔

س:۔ غزوہ تبوک کے وقت اسلامی مملکت کا رقبہ بتائیں؟

ج:۔ دس لاکھ مربع میل۔

س:۔ منافقین کا پول کھول دینے والے غزوہ کا نام کیا ہے؟

ج:۔ غزوہ تا نحو۔

حجتہ الوداع

س:۔ ہجرت کے بعد حضور اکرم ﷺ نے کتنی دفعہ حج ادا فرمایا؟

ج:۔ صرف ایک دفعہ۔

س:۔ لفظ حج کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج:۔ قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

س:۔ آنحضور صلعم نے حجتہ الوداع کے لئے تاریخ کو احرام باندھا؟

ج:۔ ذی قعد 10 ہجری یک شنبہ ظہر کے وقت۔

س:۔ ذوالحلیفہ کا موجودہ نام بتائیں؟

ج:۔ بئیر علی۔

س:۔ میقات کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ کعبہ کے گرد وہ مقام جہاں سے حرم کی حدود شروع ہوتی ہیں۔

س:۔ عروس عرب کس عمارت کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ خانہ کعبہ کو۔

س:۔ کن پہاڑیوں کو کلام اللہ میں شعائر اللہ کہا گیا ہے؟

ج:۔ صفا اور مروہ۔

س:۔ خانہ کعبہ پر غلاف چڑھانے کیلئے کتنا کپڑا درکار ہوتا ہے؟

ج:۔ ایک ہزار گز۔

س:۔ خانہ کعبہ کی موجودہ بلندی بتائیں؟

ج:۔ 54 فٹ اور 9 انچ۔

س:۔ حضور اکرمؐ نے مدینہ سے مکہ تک کا فاصلہ کتنے دن میں طے فرمایا؟

ج:۔ نو دن میں۔

س:۔ حجتہ الوداع کے موقعہ پر حضورؐ نے کس کے ہاں قیام فرمایا؟

ج:۔ مکہ سے باہر قیام فرمایا۔

س:۔ حجتہ الوداع کے دن آپؐ نے خطبہ حج کس وقت ادا فرمایا؟

ج:۔ 9 ذی الحجہ بروز جمعہ بعد زوال آفتاب۔

س:۔ حجتہ الوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی حاضر تھی؟

ج:۔ ایک لاکھ چالیس ہزار۔

س:۔ حجتہ الوداع کے موقعہ پر حضورؐ نے کتنے خطبے ارشاد فرمائے؟

ج:۔ تین۔

س:۔ کونسے صحابی حضورؐ کی آواز دوسروں تک پہنچانے کے لئے دہرا رہے تھے؟

ج:۔ حضرت ربیعہ بن امیہ بن صلت۔

س:۔ قرآن مجید کی آیت آج میں نے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دن اسلام کو پسند فرمایا کب نازل ہوئی؟

ج:۔ حجتہ الوداع کے موقعہ پر۔

س:۔ بتایئے کس میدان میں یہ آیت نازل ہوئی۔ **الیوم اکملت لکم دینکم** ؟

ج:۔ میدان عرفات میں۔

س:۔ حجتہ الوداع پر تکمیل دین کی جو آیات نازل ہوئیں وہ قرآن پاک کی کس سورہ میں ہیں؟

ج:۔ سورۂ مائدہ۔

س:۔ حجتہ الوداع کے موقعہ پر حضورؐ نے کس کا خون معاف فرمایا تھا؟

ج:۔ اپنے چچا زاد بھائی ربیعہ بن حارث کا خون۔

س:۔ حضورؐ نے کس صحابی کی درخواست پر خطبہ حجتہ الوداع لکھ کر دینے کا حکم دیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابو شاہ یمنی صحابی۔

س:۔ حضورؐ نے کس دن کو یوم الحرام کہا تھا؟

ج:۔ حج کے دن کو۔

س:۔ حضورؐ مزدلفہ سے روانہ ہوئے تو ناقہ پر پیچھے کون سوار تھا؟

ج:۔ حضرت فضل بن عباس۔

س:۔ مزدلفہ سے حضورؐ کس راستے سے جمرات تک پہنچے؟

ج:۔ وادی محسر کے راستے۔

س:۔ وادی محسر کہاں واقع ہے؟

ج:۔ منیٰ اور مزدلفہ کے درمیان۔

س:۔ یہاں حضورؐ نے تیز تیز گزرنے کی ہدایت کیوں فرمائی؟

ج:۔ یہاں ابرہہ کے لشکر پر تباہی نازل ہوئی تھی۔

س:۔ حجتہ الوداع پر جانوروں کی قربانی کے لئے کس جگہ کی تخصیص فرمائی؟

ج:۔ حضور ﷺ نے اس کی کوئی تخصیص نہیں فرمائی ہر جگہ قربانی ہو سکتی ہے۔

س:۔ وہ شب کونسی تھی جس میں حضورؐ نے نماز تہجد ادا نہیں فرمائی؟

ج:۔ نو اور دس ذی الحجہ کی درمیانی رات۔

س:۔ حجتہ الوداع کے اور کونسے نام ہیں؟

ج:۔ حجتہ البلاغ۔ حجتہ الاسلام۔ حجتہ التمام۔ حجتہ الکمال۔

س:۔ جمرات پر پھینکنے کے لئے حضورؐ کی خدمت میں کنکریاں چن چن کر کس نے پیش کی تھیں؟

ج:۔ حضرت فضل بن عباسؓ۔

س:۔ قربانی کے اونٹوں میں سے کتنے اونٹ حضورؐ اور کتنے حضرت علیؓ نے ذبح فرمائے؟

ج:۔ تریسٹھ اونٹ خود ذبح فرمائے اور سینتیس اونٹ حضرت علی نے ذبح فرمائے۔

س:۔ حضورؐ نے عیدالضحیٰ کس مقام پر ادا فرمائی؟

ج:۔ کسی مقام پر بھی نہیں۔ حاجی عیدالضحیٰ ادا نہیں کرتے۔

س:۔ حجتہ الوداع سے واپسی پر کس صحابی نے حضرت علیؓ کی چند شکایات آنحضرت ﷺ تک پہنچائی تھیں؟

ج:۔ بریدہ اسلمی نے۔

6 ہجری سے 10 ہجری تک کے متفرق واقعات

س:۔ مکہ سے حضرت ابوجندلؓ نے کفار کی قید سے بھاگ کر کہاں پناہ لی تھی؟

ج:۔ ابو بصیرؓ کے پاس۔

س:۔ صلح حدیبیہ کے بعد وہ کونسی صحابیہ تھیں جو مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ آئیں اور معاہدہ حدیبیہ کے مطابق واپس مکہ بھیجی گئیں؟

ج:۔ حضرت ام کلثومؓ بنت عقبہ بن ابی معیط۔

س:۔ اسلامی مہینہ کونسا تھا؟

ج:۔ ربیع الاول۔

س:۔ کس غزوہ میں حضورؐ نے کچی پیاز اور لہسن کھا کر مسجد میں آنے سے منع فرمایا؟

ج:۔ رجب۔

س:۔ کس سن ہجری میں حضورؐ کا منبر مبارک تیار ہوا تھا؟

ج:۔ 8 ہجری۔

س:۔ زکواۃ کا حکم کس سن ہجری میں آیا؟

ج:۔ 9 ہجری۔

س:۔ تنظیم زکوۃ کے لئے محصلین کا اولیں تقرر کس ماہ میں ہوا تھا؟

ج:۔ محرم 9 ہجری۔

س:۔ محصلین زکواۃ پر حملہ آوروں کو سرکوبی کے لئے حضورؐ نے کس کو روانہ فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت عیینہ بن حصنؓ۔

س:۔ غیر مسلموں کے لئے جزیہ کی آیات کس ہجری میں نازل ہوئیں؟

ج:۔ 9 ہجری۔

س:۔ اس کے بارے آیات کس سورہ میں ہیں؟

ج:۔ سورہ توبہ۔

س:۔ عام الوفود کس سن ہجری کو کہتے ہیں؟

ج:۔ 9 ہجری۔

س:۔ یمن میں قیام پذیر فارس کے روسا کیا کہلاتے تھے؟

ج:۔ انباء۔

س:۔ 9 ہجری کے حج کو قرآن پاک نے کس قسم کا حج قرار دیا؟

ج:۔ حج اکبر۔

س:۔ حضورؐ نے سب سے پہلے قاضی کے عہدہ پر کسے مقرر فرمایا؟
ج:۔ حضرت شرجیل بن حسنہ کندی۔
س:۔ مکہ میں سب سے پہلے کتابت کا فرض کس نے انجام دیا؟
ج:۔ حضرت شرجیل بن حسنہ کندی۔
س:۔ 9 ہجری کے حج کے موقعہ پر حضورؐ نے حضرت علیؓ کو کیا القاب عطا کیا تھا؟
ج:۔ نقیب اسلام۔
س:۔ 8 ہجری میں آنحضورؐ کے کس صاحبزادے کا انتقال ہوا؟
ج:۔ حضرت ابراہیم۔
س:۔ حضورؐ نے مدنی زندگی میں کتنے عمرے ادا کئے؟
ج:۔ چار۔
س:۔ میلمہ کذاب نے سب سے پہلے کس جگہ دعویٰ نبوت کیا؟
ج:۔ جبیلہ کے مقام پر۔
س:۔ میلمہ کذاب کی جائے پیدائش بتائیں؟
ج:۔ عیینہ۔
س:۔ وہ کونسی آخری مہم ہے جس کے لئے حضور ﷺ نے حکم صادر فرمایا؟
ج:۔ جیش اسامہ کی روانگی۔
س:۔ علالت کے دوران غشی کی حالت میں حضورؐ کو کس کے نسخہ کا بنا ہوا شربت پلایا گیا؟
ج:۔ حضرت اسماء۔
س:۔ وفات سے پانچ روز قبل حضورؐ نے کتنی مشک پانی سے غسل فرمایا؟
ج:۔ سات مشک۔
س:۔ آخری نماز جس کی مسجد نبوی میں امامت فرمائی اس میں کس سورت کی حضورؐ نے تلاوت فرمائی؟
ج:۔ والمرسلات عرفا۔
س:۔ وفات سے تھوڑی دیر پہلے کونسے صحابی مسواک لے کر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے؟
ج:۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ۔

س:۔ حضورؐ کے لئے مسواک کو نرم کس نے کیا تھا؟
ج:۔ حضرت عائشہؓ۔
س:۔ حضورؐ کے انتقال کی خبر سن کر کونسے صحابی انتقال کر گئے؟
ج:۔ حضرت عبداللہ بن انیس۔
س:۔ حضورؐ نے وفات سے ذرا پہلے کونسے الفاظ ادا فرمائے تھے؟
ج:۔ بل الرفیق الاعلی۔ (اب کوئی نہیں بلکہ وہ بڑا رفیق ہے)۔
س:۔ زرہ نبوی ایک یہودی کے پاس کتنے جو کے عوض رہن تھی؟
ج:۔ تین صاع جو۔
س:۔ حضورؐ کو غسل دیتے وقت کن صحابہ کرام نے پردہ کیا تھا؟
ج:۔ حضرت فضل بن عباس اور حضرتؓ اسامہ بن زید نے پردہ کیا تھا۔
س:۔ غسل دیتے وقت انصار کے اصرار پر کس انصاری صحابی کو شامل کیا گیا؟
ج:۔ حضرت اوس بن خولی انصاری۔
س:۔ حضورؐ کے آخری غسل کے لئے پانی کس کنوئیں سے لایا گیا؟
ج:۔ غرس نامی کنوئیں سے۔
س:۔ حضورؐ کے کفن میں کتنے کپڑے تھے؟
ج:۔ تین سوتی کپڑے۔

تبرکات نبویؐ

س:۔ آنحضورؐ کے وصال کے بعد جو آثار متبرکہ چھوڑے گئے بتائیں؟
ج:۔ موئے مبارک۔ نعلین مبارک۔ لکڑی کا پیالہ۔ ذوالفقار۔ کپڑے۔ خاتم۔ عصائے مبارک۔
س:۔ حضورؐ کی تلوار کس صحابی کے پاس تھی؟
ج:۔ حضرت علیؓ کے پاس۔
س:۔ اس تلوار کا کیا نام تھا؟
ج:۔ ذوالفقار۔
س:۔ حضرت انس بن مالکؓ کے پاس حضورؐ کی کونسی متبرک اشیاء تھیں؟
ج:۔ موئے مبارک۔ نعلین مبارک۔ لکڑی کا ٹوٹا ہوا پیالہ جسے چاندی کے تاروں سے جوڑا گیا تھا۔

س:۔ حضورؐ کے بعد خاتم اور عصائے مبارک کن کے حوالے ہوا؟
ج:۔ حضرت ابوبکرؓ۔

خدوخال رسولؐ

س:۔ حضورؐ کا قد مبارک کیسا تھا؟
ج:۔ میانہ اور موزوں اندام۔
س:۔ حضورؐ کا رنگ مبارک کیسا تھا؟
ج:۔ گورا۔ روشن تاباں۔ سرخی مائل۔
س:۔ حضورؐ کا چہرہ مبارک کیسا تھا؟
ج:۔ بدر کی طرح گولائی لئے ہوئے چاند سے کہیں زیادہ حسین و جمیل۔
س:۔ حضورؐ کی پیشانی مبارک کیسی تھی؟
ج:۔ کشادہ چراغ کی مانند چمکتی ہوئی۔
س:۔ حضورؐ کے ابرو مبارک کیسے تھے؟
ج:۔ خم دار۔ باریک اور گنجان۔ دونوں جدا جدا۔
س:۔ حضورؐ کی ناک مبارک کیسی تھی؟
ج:۔ بلندی مائل اور اس پر نورانی چمک۔
س:۔ حضورؐ کی چشم مبارک کیسی تھی؟
ج:۔ آنکھیں بڑی۔ پلکیں دراز۔ آنکھوں میں سرخ ڈورے۔
س:۔ آپؐ کے رخسار مبارک کیسے تھے؟
ج:۔ ہموار اور پر گوشت۔
س:۔ حضور کے گوش مبارک کیسے تھے؟
س:۔ حضورؐ کا دہن مبارک کیسا تھا؟
ج:۔ فراخ تھا۔
س:۔ حضورؐ کا لعاب دہن کیسا تھا؟
ج:۔ زخمیوں اور بیماروں کے لئے شفا۔
س:۔ حضورؐ کے دندان مبارک کیسے تھے؟
ج:۔ چمکدار سامنے کے دانتوں میں خوشنما ریخیں۔
س:۔ آپؐ کا سر مبارک کیسا تھا؟

ج:۔ نہایت موزوں و مبارک۔

س:۔ حضورؐ کی ریش مبارک کیسی تھی؟

ج:۔ گھنی تھی۔ کنگھی کرتے تھے۔ مونچھ مبارک کٹوایا کرتے تھے۔

س:۔ آخری عمر میں سر مبارک اور داڑھی مبارک میں کتنے سفید بال تھے؟

ج:۔ تقریباً سترہ۔

س:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس پیغمبر سے سب سے زیادہ مشابہ تھے؟

ج:۔ حضرت آدم علیہ السلام۔

س:۔ حضورؐ کی شکل و صورت اور اخلاق عادات کس اعتبار سے سب سے زیادہ کس پیغمبر سے مشابہ تھے؟

ج:۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س:۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام جب انسانی شکل میں تشریف لائے تو کس صحابی سے مشابہ ہوتے؟

ج:۔ حضرت دحیہ کلبیؓ۔

ملبوسات رسول کریمؐ

س:۔ حضورؐ کے لباس میں عام طور پر کتنے کپڑے ہوا کرتے تھے؟

ج:۔ چادر۔ کرتہ۔ تہمد۔ عمامہ۔

س:۔ حضور کے لباس کا وہ کونسا جزو ہے جو آپؐ نے کپڑا خرید کر سلایا اور آپ کے ترکہ میں موجود تھا مگر پہننا ثابت نہیں ہے؟

ج:۔ پاجامہ۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کا پسندیدہ لباس کونسا تھا؟

ج:۔ قمیص۔

س:۔ حضورؐ نیا کپڑا کس دن پہننا پسند فرماتے تھے؟

ج:۔ جمعہ کے روز۔

س:۔ آپؐ کوئی نیا کپڑا زیب تن کرتے تو کیا کرتے؟

ج:۔ اللہ کا شکر ادا کرتے اور دو رکعت نماز پڑھتے۔

س:۔ حضورؐ کن رنگوں کو پسند فرماتے تھے؟

ج:۔ زرد۔ سفید۔ سبز رنگ۔

س:۔ حضور قمیص کرتہ پہنتے وقت کونسی آستین پہلے پہنا کرتے تھے؟
ج:۔ دائیں ہاتھ والی۔
س:۔ آپؐ جہاد میں کس قسم کا کرتہ پسند فرماتے تھے؟
ج:۔ جس کے دامن اور آستین کا طول کم ہو۔
س:۔ لباس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ کونسی چادر پسند تھی؟
ج:۔ یمنی چادر دھاری دار۔
س:۔ حضورؐ کی چادر کتنی لمبی اور چوڑی ہوتی تھی؟
ج:۔ چار گز لمبی اور سوا دو گز چوڑی۔
س:۔ حضورؐ کے عمامہ کا شملہ عموماً بالشت بھر ہوتا تھا بتائیے اسے کہاں رکھتے تھے؟
ج:۔ پیچھے کی جانب دونوں شانوں کے درمیان۔
س:۔ حضورؐ کے کمبل اور عمامہ کا رنگ کیسا تھا؟
ج:۔ سیاہ۔
س:۔ حضورؐ کے عمامہ کا دوسرا نام کیا تھا؟
ج:۔ سحاب۔
س:۔ آپؐ کی نعلین مبارک کی شکل کیسی تھی؟
ج:۔ چپل یا کھڑاؤں جیسی۔
س:۔ آپؐ کے جوتے کی لمبائی کتنی ہوتی تھی؟
ج:۔ ایک بالشت دو انگل۔
س:۔ شاہ نجاشی نے آپؐ کے لئے کس رنگ کے موزے۔ تحفتہ" بھیجے تھے؟
ج:۔ سیاہ۔
س:۔ سفر کے دوران آپؐ کن چیزوں کو اپنے ساتھ رکھتے تھے؟
ج:۔ تیل کی شیشی۔ سرمہ دانی۔ آئینہ۔ کنگھی۔ قینچی ۔ مسواک۔ سوئی دھاگہ۔
س:۔ ان چیزوں کو آپؐ کس میں رکھتے تھے؟
ج:۔ چمڑے کے تھیلے میں۔
س:۔ آرائش کی چیزوں میں سے آپؐ کو کونسی چیز پسند تھی؟

ج:۔ خوشبو۔

س:۔ کس طرح کی خوشبو استعمال کرتے تھے؟

ج:۔ سکہ نام کی خوشبو۔

س:۔ حضورؐ کونسا سرمہ پسند کرتے تھے؟

ج:۔ اثمد۔

س:۔ رات کو سوتے وقت آنحضورؐ کتنی کتنی سلائیاں سرمہ دونوں آنکھوں میں لگاتے تھے؟

ج:۔ تین تین۔

س:۔ آپؐ نے مردوں کے لئے کس قسم کی خوشبو پسند فرمائی؟

ج:۔ جس کی مہک پھیلے۔

س:۔ حضور نے مستورات کے لئے کس قسم کی خوشبو پسند فرمائی؟

ج:۔ جس کا رنگ نمایاں ہو اور مہک مخفی رہے۔

ماکولات و مشروبات

س:۔ حضور کیسے آٹے کی روٹی کھاتے تھے؟

ج:۔ ان چھنے آٹے کی روٹی۔

س:۔ حضورؐ نے کم سے کم کتنی انگلیوں سے کھانا کھایا؟

ج:۔ تین۔

س:۔ کس سبزی کے بارے میں حضور فرماتے تھے یہ میرے بھائی یونس کا درخت ہے؟

ج:۔ لوکی۔

س:۔ آپ کونسے الفاظ پڑھ کر کھانا شروع کرتے تھے؟

ج:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

س:۔ حضور کس ہاتھ سے کھاتے تھے؟

ج:۔ دائیں ہاتھ سے۔

س:۔ حضور پانی پیتے وقت کتنے سانس لیتے تھے؟

ج:۔ تین سانس میں پانی پیتے تھے۔

س:۔ حضورؐ کھانے میں کن چیزوں کو خصوصیت سے پسند فرماتے تھے؟

ج:۔ سرکہ۔ شہد۔ جلوہ۔ روغن زیتون۔ کدو۔

س:۔ پینے کی چیزوں میں کونسی دو اشیاء پسند تھیں؟

ج:۔ دودھ اور شہد۔

س:۔ حضورؐ کو کس حصے کا گوشت پسند تھا؟

ج:۔ بونگ' گردن اور پیٹھ کا گوشت۔

س:۔ حضورؐ نے کس کھانے کو سید الطعام کہا؟

ج:۔ گوشت کو۔

س:۔ حضور روغنیات میں سے کونسا روغن پسند کرتے تھے؟

ج:۔ روغن زیتون۔

س:۔ اگر کوئی شخص کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو حضورؐ کے فرمان کے مطابق اس کو کیا کہنا چاہیے؟

ج:۔ بسم اللہ اولہ و آخرہ اس کھانے کے اول و آخر میں بسم اللہ پڑھتا ہوں۔

س:۔ ثرید کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ شوربے میں ڈوبی ہوئی روٹی کو۔

س:۔ حضورؐ کو اور کیا چیز بڑی مرغوب تھی؟

ج:۔ ستو۔

س:۔ حضورؐ کے استعمال میں کس قسم کے برتن آئے؟

ج:۔ مٹی کے برتن۔ شیشہ کے برتن۔ تانبے اور لکڑی کے برتن۔

س:۔ کھانے کھاتے وقت حضورؐ کے بیٹھنے کا انداز کیا تھا؟

ج:۔ دو زانو یا اکڑوں بیٹھتے تھے۔

س:۔ کھانوں میں حضورؐ کو ایک اور چیز بڑی پسند تھی وہ کیا تھی؟

ج:۔ حیس۔

س:۔ حیس کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ گھی میں پنیر اور کھجور ڈال کر پکایا جاتا ہے۔

س:۔ اور کیا چیز حضورؐ کو مرغوب تھی؟

ج:۔ سرکہ۔

س:۔ سبزیوں میں سے کونسی سبزی زیادہ پسند تھی؟

ج:۔ کدو۔

س:۔ حضورؐ صدقہ اور ہدیہ میں سے کس چیز کو پسند فرماتے تھے؟
ج:۔ ہدیہ کو۔
س:۔ حضورؐ کو من بھاتی چیز مل جاتی تو کیا فرماتے؟
ج:۔ الحمد اللہ رب العالمین۔

حرم رسولؐ

س:۔ حضرت خدیجہؓ کے پہلے خاوند سے دو لڑکوں کے نام بتائیے؟
ج:۔ ہند اور حارث۔
س:۔ ابوہالہ کے بعد حضرتؓ کی شادی کن سے ہوئی تھی؟
ج:۔ عتیق بن عاید مخزومی۔
س:۔ اس شوہر سے جناب خدیجہؓ کو نسی اولاد ہوئی؟
ج:۔ ہند نامی ایک بیٹی۔
س:۔ حضرت خدیجہؓ کی کنیت بتائیں؟
ج:۔ ام ہند۔
س:۔ حضرت خدیجہؓ کے پہلے دونوں شوہروں کا تعلق کن خاندانوں سے تھا؟
ج:۔ بنو تمیم۔ بنو مخزوم۔
س:۔ تعمیر کعبہ کا واقع حضرت خدیجہؓ سے نکاح سے پہلے کا ہے یا بعد کا؟
ج:۔ بعد کا۔
س:۔ ام المومنین حضرت خدیجہؓ نے حضورؐ سے نکاح کی خوشی کا اظہار کیسے کیا؟
ج:۔ اپنی لونڈیوں کو دف بجانے اور رقص کرنے کے لئے کہا۔
س:۔ ابو العاص کی والدہ صحابیہ تھیں ان کا نام بتائیں؟
ج:۔ رقیہ۔
س:۔ حضرت خدیجہؓ سے حضورؐ کے کتنے بیٹے ہوئے؟
ج:۔ دو بیٹے۔
س:۔ ان کے نام بتائیں؟
ج:۔ حضرت قاسم۔ حضرت عبداللہ۔
س:۔ حضرت خدیجہؓ سے حضورؐ کی کتنی بیٹیاں ہوئیں؟
ج:۔ چار بیٹیاں۔

س:۔ ان کے نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت زینب۔ حضرت رقیہ۔ حضرت ام کلثوم۔ حضرت فاطمہ خاتون جنت۔

س:۔ ام المومنین حضرت خدیجہؓ کی اس سہیلی کا نام بتائیں جو خدیجہؓ کی وفات کے حضورؐ سے ملنے مدینہ تشریف لائیں؟

ج:۔ حسانہ مزینہ۔

س:۔ حضرت سودہ بنت زمعہ کے بھائی جو اس وقت مسلمان نہیں ہوئے تھے پر نکاح کا کیا اثر ہوا؟

ج:۔ نکاح کا پتہ چلنے پر انہوں نے اپنے سر میں خاک ڈالی۔

س:۔ حضرت سودہ نے کس خلیفہ کے عہد میں وفات پائی؟

ج:۔ ہجرت حبشہ دوم سے واپس آ کر چند دن بیمار رہ کر وفات پائی۔

س:۔ حضرت سودہ نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

ج:۔ بہتر سال۔ 24 ہجری۔

س:۔ کتب احادیث میں حضرت سودہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج:۔ پانچ۔

س:۔ صحیح بخاری میں حضرت سودہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج:۔ صرف ایک۔

س:۔ ام المومنین میں سے حمیرا کن کا القاب ہے؟

ج:۔ حضرت عائشہ کا۔

س:۔ حضرت عائشہؓ کی والدہ ام رومان کا کس قبیلہ سے تعلق تھا؟

ج:۔ غنم بن مالک قبیلہ سے۔

س:۔ حضرت عائشہؓ کی کیا کنیت تھی؟

ج:۔ ام عبداللہ کنیت تھی۔

س:۔ ان دو محترم خواتین کے اسمائے گرامی بتائیں جن کی قبروں میں حضورؐ خود اترے؟

ج:۔ حضرت علیؓ کی والدہ حضرت فاطمہ بنت اسد اور حضرت عائشہ کی والدہ ام رومان کی قبر میں۔

س:۔ حضرت عائشہؓ نے حضورؐ کی رفاقت میں کتنا عرصہ گزارا؟

ج:۔ نو سال۔

س:۔ حضورؐ نے کن غزوات میں جناب عائشہؓ کی چادر کا علم استعمال فرمایا؟

ج:۔ غزوہ بدر۔ غزوہ خیبر۔ غزوہ فتح مکہ۔

س:۔ حضرت عائشہؓ کا ہار کس غزوہ میں گم ہوا تھا؟

ج:۔ غزوہ بنو مصطلق۔

س:۔ صحیحین میں جناب عائشہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج:۔ ایک سو اکیس۔

س:۔ حضرت حفصہؓ کے کونسے ماموں ذوا الہجر تین تھے؟

ج:۔ حضرت عثمان بن مظعون۔

س:۔ حضرت زینب بنت خزیمہ کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج:۔ بنو عامر صعصہ ہلالی قرشی۔

س:۔ حضرت ام سلمہؓ کے پہلے خاوند کس غزوہ میں زخمی ہو کر شہید ہوئے؟

ج:۔ غزوہ احد میں۔

س:۔ حضرت ابو سلمہؓ کی نماز جنازہ میں حضورؐ نے چار کی بجائے کتنی تکبیریں کہیں؟

ج:۔ نو تکبیریں۔

س:۔ کتب احادیث میں حضرت ام سلمہؓ سے کل کتنی مرویات ہیں؟

ج:۔ 378 مرویات۔

س:۔ واقعہ افک میں حضرت زینب بنت جحش کی کونسی بہن حضرت عائشہؓ پر اتہام لگانے والوں میں شریک تھی؟

ج:۔ حمنہ۔

س:۔ ام المومنین حضرت جویریہ کے پہلے خاوند کا نام کیا تھا؟

ج:۔ مسافع بن صفوان۔

س:۔ کتب احادیث میں حضرت جویریہ کے مرویات کی تعداد کیا ہے؟

ج:۔ دو۔

س:۔ حضرت ام حبیبہؓ کے پہلے خاوند نے مرتد ہو کر کونسا مذہب اختیار کیا؟

ج:۔ عیسائی۔

س:۔ نجاشی شاہ حبشہ نے اپنی کس لونڈی کے ذریعے ام حبیبہؓ کی خدمت میں

حضورؐ کی طرف سے نکاح کا پیغام بھیجا؟

ج:۔ ابرہہ۔

س:۔ حضرت ام حبیبہ کا وکیل نکاح کون تھا؟

ج:۔ حضرت خالد بن سعید اموی۔

س:۔ شاہ نجاشی نے کس صحابی کے ساتھ حضورؐ کی خدمت میں بھیجا؟

ج:۔ شرجیل بن حسنہ۔

س:۔ بتایئے کتب احادیث میں حضرت ام حبیبہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج:۔ صرف ایک۔

س:۔ حضرت صفیہؓ سے نکاح کے بعد حضورؐ نے دعوت ولیمہ کہاں کی تھی؟

ج:۔ صہبا میں۔

س:۔ حضورؐ نے دعوت ولیمہ میں صحابہ کرام کو کیا پیش کیا؟

ج:۔ ستو اور کھجوریں۔

س:۔ حضرت میمونہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج:۔ ابو رہم بن عبدالعزیٰ سے۔

س:۔ حضرت میمونہؓ نے وصیت کی تھی کہ انہیں مقام سرف پر دفن کیا جائے۔ مقام سرف سے کیا تعلق تھا؟

ج:۔ مقام سرف پر شادی کے بعد پہلی رات گزاری تھی۔

س:۔ حضرت میمونہؓ نے کب وفات پائی؟

ج:۔ 51 ہجری۔

س:۔ کہاں دفن ہوئیں؟

ج:۔ مقام سرف میں۔

س:۔ آپ سے مرویہ احادیث کی تعداد بتائیں؟

ج:۔ 76 احادیث۔

س:۔ حضرت ماریہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج:۔ حضرت عمرؓ نے۔

س:۔ حضورؐ پر ازواج مطہرات کی پابندی قرآن پاک کی کس آیت سے ثابت ہے؟

ج:۔ سورہ احزاب آیت 52۔

س:۔ قرآن پاک کی کس آیت سے حضورؐ کو مملوکہ عورتوں سے تمتع کی اجازت ہے؟

ج:۔ سورہ احزاب آیت 52۔

س:۔ حضورؐ کے پروردہ بچوں کے نام بتائیں؟

ج:۔ حارث۔ ہند۔ سلمہ۔ زینب۔ درہ۔

س:۔ گرمی کی وجہ سے سب سے پہلی بار کس ام المومنین کی قبر کھودتے وقت جنت البقیع میں خیمہ لگایا گیا؟

ج:۔ حضرت زینب بنت جحش۔

س:۔ تیمم کی آیات کے نزول کا تعلق حضور اکرم ﷺ کس زوجہ مطہرہ سے ہے؟

ج:۔ حضرت عائشہؓ۔

س:۔ آیات حجاب کس ام المومنین کے نکاح کے بعد نازل ہوئی تھیں؟

ج:۔ حضرت زینب بنت جحش۔

س:۔ ام المومنین کا لفظ سب سے پہلے کس رسولؐ کے لئے بولا گیا؟

س:۔ حضرت جرائیل نے حضورؐ کی کس زوجہ مطہرہ کو خدا کا پیغام پہنچایا تھا؟

ج:۔ حضرت خدیجہؓ۔

س:۔ امہات المومنین میں سے کس کی نماز جنازہ نہ پڑھائی گئی؟

ج:۔ حضرت خدیجہؓ کی کیونکہ نماز جنازہ اس وقت فرض نہ ہوئی تھی۔

س:۔ حضورؐ کی کونسی زوجہ مطہرہ فن کتابت میں ماہر تھیں؟

ج:۔ حضرت حفصہ بنت عمرؓ۔

س:۔ خواتین اسلام میں سے سب سے پہلے ہجرت مدینہ کی سعادت کسے حاصل ہوئی؟

ج:۔ حضرت ام سلمہؓ۔

اولادِ رسولؐ

س:۔ حضور ﷺ کے کتنے صاحبزادے تھے؟
ج:۔ تین۔
س:۔ ان صاحبزادوں کے نام بتائیں جو حضرت خدیجہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے؟
ج:۔ حضرت قاسمؓ۔ حضرت عبداللہؓ۔
س:۔ پسر رسول حضرت عبداللہ کے القاب بتائیں؟
ج:۔ طاہر۔ طیب۔
س:۔ حضرت قاسم کتنا عرصہ زندہ رہے؟
ج:۔ دو سال۔
س:۔ حضورؐ کے تیسرے صاحبزادے کا نام بتائیں؟
ج:۔ حضرت ابراہیم۔
س:۔ حضرت ابراہیم کی ولادت کی خوشخبری حضور کو کس نے سنائی؟
ج:۔ آزاد کردہ غلام ابو رافع نے۔
س:۔ حضور کے صاحبزادے حضرت قاسم کا انتقال کب ہوا؟
ج:۔ جب وہ چلنے پھرنے لگے۔
س:۔ حضورؐ کے کونسے صاحبزادے بعثت سے پہلے پیدا ہوئے؟
ج:۔ حضرت قاسمؓ۔
س:۔ پسر رسولؐ کو کس نے دودھ پلایا؟
ج:۔ حضرت ام سیف۔
س:۔ حضورؐ کی آخری اولاد کا نام بتائیں؟
ج:۔ حضرت ابراہیمؓ۔
س:۔ سورۂ کوثر کے مضمون کا تعلق حضورؐ کے کس فرزند سے ہے؟
ج:۔ حضرت عبداللہ سے۔
س:۔ حضرت ابراہیمؓ کی قبر کس صحابی سے متصل ہے؟
ج:۔ حضرت عثمان بن مظعون۔
س:۔ حضرت ماریہ قبطیہ مدینہ کی بستی عالیہ میں رہا کرتی تھیں۔ حضرت ابراہیم کی نسبت سے اسے کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔ مشربہ ابراہیم۔

س:۔ وہ کونسا سن ہجری ہے جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صاحبزادے اور ایک صاحبزادی کا انتقال ہوا؟

ج:۔ 8 ہجری۔

س:۔ حضورؐ کے کس صاحبزادے کے انتقال کے دن سورج کو گرہن لگا تھا؟

ج:۔ حضرت ابراہیم کے انتقال کے دن سورج کو گرہن لگا تھا۔

س:۔ ابوالعاص حضرت خدیجہؓ کے رشتے میں کیا لگتے تھے؟

ج:۔ بھانجے۔ حضرت خدیجہؓ کی بہن ہالہ کے فرزند تھے۔

س:۔ ابوالعاص کا لقب کیا تھا؟

ج:۔ جبرو البطحا۔

س:۔ کس مقام پر ہبار بن الاسود نے حضرت زینبؓ کو نیزہ مار کر اونٹ سے نیچے گرایا تھا؟

ج:۔ ذی طویٰ۔

س:۔ اونٹ سے گرنے سے حضرت زینبؓ کو کیا صدمہ پہنچا؟

ج:۔ آپ حاملہ تھیں حمل ساقط ہو گیا۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کے اس نواسے کا نام بتائیں جو فتح مکہ کے دن حضورؐ کے ردیف تھے؟

ج:۔ حضرت زینبؓ کے بیٹے علی۔

س:۔ حضرت امامہ کس کی بیٹی تھی؟

ج:۔ حضرت زینبؓ کی۔

س:۔ حضرت رقیہ نے کس بیماری سے 6 ہجری میں وفات پائی؟

ج:۔ چیچک کی بیماری سے۔

س:۔ کس نے حضورؐ سے کہا تھا کہ اللہ کے حکم سے حضرت ام کلثوم کا عقد حضرت عثمان سے کر دیں؟

ج:۔ حضرت جبرئیلؑ نے۔

س:۔ حضرت فاطمہؓ کے جنازہ پر گہوارہ کس نے باندھا تھا؟

ج:۔ حضرت اسماءؓ بنت عمیس۔

آنحضرت ﷺ کا سامان جنگ

س:۔ غزوہ احد میں حضرت عبداللہؓ بن جحش کی تلوار ٹوٹ جانے پر نبی اکرم ﷺ نے ان کو کھجور کی چھڑی مرحمت فرمائی تو وہ کیا بن گئی؟

ج:۔ وہ تلوار بن گئی۔

س:۔ اس تلوار کا کیا نام تھا؟

ج:۔ عرجون۔

س:۔ مال غنیمت میں آنے سے پہلے ذوالفقار کس کی ملکیت تھی؟

ج:۔ عاص بن وائل سہمی کی۔

س:۔ حضورؐ نے کونسی تلوار حضرت خالد بن سعید کو یمن کا گورنر مقرر کرتے وقت بطور ہدیہ عطا فرمائی؟

ج:۔ صمصامہ۔

س:۔ حضورؐ کی کونسی کمان غزوہ احد میں ٹوٹی؟

ج:۔ کہتوم۔

س:۔ حضورؐ کی کس زرہ کے بارے میں روایت ہے کہ یہ زرہ حضرت داؤد علیہ السلام نے جالوت کے مقابلے کے وقت پہنی تھی؟

ج:۔ سعدیہ۔

س:۔ حضورؐ کے مشہور نیزے الغزہ کو کون اٹھا کر چلتا تھا؟

ج:۔ حضرت بلالؓ۔

س:۔ حضور اکرمؐ کس نیزے کو عید کے دن سجدہ گاہ میں گاڑ کر نماز ادا کرتے تھے؟

ج:۔ الغزہ۔

س:۔ حضور اکرمؐ کی خدمت میں کونسا گھوڑا پہلے آیا تھا؟

ج:۔ سکب۔

س:۔ حضور اکرمؐ کی خدمت میں کونسا گھوڑا حضرت فروہ بن عمرو نے بلقا سے بھیجا تھا؟

ج:۔ لحیف۔

س:۔ حضور اکرمؐ نے کونسا گھوڑا حضرت عمرؓ کو ہدیہ کر دیا تھا؟

ج:۔ ورد۔

س:۔ حجتہ الوداع کے سال حضورؐ کا کونسا گدھا مر گیا تھا؟

ج:- لجفور۔

س:- حضور اکرم غزوہ حنین میں جس خچر پر سوار تھے آپؐ کو کس نے ہدیہ دی تھی؟

ج:- حضرت فروہ بن عمرو۔

س:- حضرت انس بن مالک نے کتنے برس حضور کی خدمت کی؟

ج:- دس سال۔

س:- حضرت عبداللہ بن مسعود اسلام نے لانے سے پہلے کس کا ریوڑ چلایا کرتے تھے؟

ج:- عقبہ بن ابی معیط کا۔

س:- حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی احادیث کی تعداد صحیح بخاری میں کتنی ہے؟

ج:- اکیس (21)۔

س:- اس صحابی کا نام بتائیں جنہیں حضور اکرم کبھی کبھی پیار سے ''او دو کانوں والے'' کہا کرتے تھے؟

ج:- حضرت انس بن مالک۔

س:- غزوہ احد میں اپنی کس نشانی کی وجہ سے حضرت عقبہ بن عامر دور سے پہچانے جاتے تھے؟

ج:- خود پر سبز عمامہ باندھ رکھا تھا۔

س:- حضرت زید بن حارثہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج:- سعدی بن علبہ۔

س:- حضرت سلمانؓ فارسی نے سب سے پہلے کس غزوہ میں شرکت فرمائی؟

ج:- غزوہ خندق میں۔

س:- حضور کے سیاہ فام غلام حضرت مدغم کس لڑائی میں شہید ہوئے؟

ج:- وادی القریٰ کی لڑائی میں اونٹ سے محمل اتارتے ہوئے دشمن کا تیر لگنے سے شہید ہوئے۔

س:- حضرت مدغم کو حضورؐ کی خدمت میں کس نے پیش کیا تھا؟

ج:- حضرت رفاعہ بن زید جزامی۔

س:- حضورؐ کے کونسے غلام حضورؐ کے اونٹ چرایا کرتے تھے اور جنہیں عرنی

قبیلے کے لوگوں نے شہید کیا اور ان کی آنکھیں پھوڑیں؟

ج:۔ حضرت یسار۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کے غلام فضالہ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ یمن سے۔

س:۔ حضورؐ کے غلام حضرت انسہ کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔ سراۃ میں پیدا ہوئے۔

س:۔ حضرت تمیع بن مسروح حضورؐ کے غلام تھے انہیں آزاد کر دیا گیا۔ بتایئے کس غزوہ میں اپنی خوشی سے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے؟

ج:۔ غزوہ طائف میں۔

س:۔ مسجد نبوی کی جگہ پر تعمیر مسجد سے پہلے کیا تھا؟

ج:۔ کچھ قبریں۔ کچھ کھجور کے درخت۔

س:۔ حضورؐ عام طور پر مسجد نبوی کے کس دروازے سے داخل ہوا کرتے تھے؟

ج:۔ باب جبریل سے۔

س:۔ کوہ سلع کے دامن میں کونسی مسجد ہے جس میں حضورؐ نے فتح کے لئے تین بار دعا فرمائی؟

ج:۔ مسجد فتح۔

س:۔ سلع پہاڑی پر وہ کونسی مسجد ہے جہاں پر غزوہ احزاب میں حضورؐ نے نماز پڑھی اور اپنا خیمہ نصب فرمایا تھا؟

ج:۔ مسجد ذباب۔

س:۔ مساجد خمسہ کن مساجد کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سلع پہاڑی پر مسجد فتح کے قریب مختلف صحابہ کرام کے نام پر پانچ مسجدیں بنی ہوئی ہیں جن کو مسجد خمسہ کہتے ہیں۔

س:۔ مسجد حرام کہاں ہے؟

ج:۔ خانہ کعبہ کے ساتھ مسجد حرام ہے۔

س:۔ مسجد حرام سے متعلق جو بیت الخلا اور غسل خانے بنائے گئے ہیں اس جگہ کس کا مکان تھا؟

ج:۔ ابو جہل کا۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ حجتہ الوداع کے موقعہ پر کس مسجد کی طرف تشریف لے جا رہے تھے کہ سورۂ مائدہ نازل ہوئی؟

ج:۔ مسجد نمرہ۔

س:۔ حضرت شرجیل بن حسنہ کندی اپنی والدہ حسنہ کی نسبت سے مشہور ان کے والد کا نام بتائیں؟

ج:۔ عبداللہ بن المطاع بن عمرو بن کندہ۔

س:۔ مدینہ منورہ میں کتابت وحی میں اولیت کا شرف کس کو حاصل ہے؟

ج:۔ حضرت ابیؓ بن کعب۔

س:۔ مشہور کاتب وحی کا نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت زیدؓ بن ثابت۔

س:۔ آپ کے القاب بتائیں؟

ج:۔ مقری۔ فرضی کاتب الوحی۔ حبرالامت۔

س:۔ کس صحابی نے حضورؐ کے بعد قرآن پاک جمع کرنے میں اہم کردار ادا کیا؟

ج:۔ حضرت زیدؓ بن ثابت۔

س:۔ کس صحابی کو موت پر حضرت ابن عباس نے فرمایا تھا دیکھو علم کا آج بڑا حصہ دفن ہو گیا؟

ج:۔ حضرت زیدؓ بن ثابت۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے دربار نبوت کا خطیب کسے مقرر فرمایا؟

ج:۔ حضرت ثابت بن قیسؓ۔

س:۔ حضرت حنظلہ بن ربیع کس چیز کی کتابت کرتے تھے؟

ج:۔ مراسلات نبوی کی کتابت۔

س:۔ حضرت حنظلہ کے کونسے چچا بعثت سے پہلے آپؐ کے ظہور کی خبر دیا کرتے تھے؟

ج:۔ اکثم بن صیفی۔

شعرائے کرام دربار رسالتؐ

س:۔ حضور اکرم ﷺ کے درباری شاعروں کے نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت حسان بن ثابت۔ حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔ حضرت کعبؓ بن

مالک۔

س:۔ شاعر رسولؐ کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت حسان بن ثابت۔

س:۔ آپکے والد کا کیا نام تھا؟

ج:۔ ثابت بن منذر بن حرام۔

س:۔ آپکی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج:۔ فریضہ بنت خالد بن خنیس۔

س:۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج:۔ ابوالولید۔

س:۔ حضرت حسان نے کتنی عمر پائی؟

ج:۔ ایک سو بیس سال۔

س:۔ حضرت حسان بن ثابت حضورؐ سے کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ ہم زلف تھے۔

س:۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ نے کس جنگ میں شہادت پائی؟

ج:۔ جنگ موتہ۔

س:۔ مشہور شاعر حضرت طفیل بن دوسی نے کونسی آیات سن کر اسلام قبول کیا؟

ج:۔ سورہ اخلاص۔

س:۔ حضرت کعب بن مالک کے اشعار سن کر کونسا قبیلہ اسلام لایا تھا؟

ج:۔ قبیلہ دوس۔

س:۔ حضرت کعب بن مالک کی والدہ کا نام بتائیں؟

ج:۔ لیلیٰ بنت زید بن علبہ۔

س:۔ غزوہ احد میں حضرت کعب بن مالک کے کتنے زخم آئے تھے؟

ج:۔ گیارہ (11)۔

س:۔ حضرت کعب بن مالک کی شاعری کا موضوع کیا تھا؟

ج:۔ مسلمانوں کا کفار کے قلوب پر سکہ جمانا۔

پہریدار

س:۔ غزوہ بدر میں حضور اکرم ﷺ کے عریش کی حفاظت کس صحابی نے

فرمائی؟

ج:۔ حضرت سعد بن معاذ۔

س:۔ حضورؐ نے کس کی شہادت پر فرمایا کہ ان کی موت پر عرش الرحمان بھی جھوم گیا اور ان کے جنازے میں ستر 70 ہزار فرشتے ایسے شامل ہوئے جو کبھی زمین پر نہ اترے تھے؟

ج:۔ حضرت سعد بن معاذ۔

س:۔ حضرت سعد بن معاذ نے اسلام کب قبول کیا؟

ج:۔ بیعت عقبہ اولیٰ و ثانی کے درمیان۔

س:۔ حضرت سعد بن معاذ نے شہادت کب پائی؟

ج:۔ غزوہ خندق میں زخمی ہوئے' ایک ماہ بعد شہادت پائی۔

س:۔ کس صحابی کا عصا رات کی تاریکی میں روشن ہو جاتا تھا؟

ج:۔ حضرت عباد بن بشر۔

س:۔ حضرت ابو ایوب انصاری کی قبر کہاں ہے؟

ج:۔ دیوار قسطنطنیہ کے قریب۔

س:۔ بتائیے رسول اکرم ﷺ میں غزوہ بواطہ میں کسے نائب مقرر فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت سعد بن معاذ۔

س:۔ حضورؐ نے دومتہ الجندل کے موقعہ پر مدینہ منورہ میں کسے نائب مقرر فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت سباع بن عرفطہ انصاری۔

س:۔ حضرت عمرؓ بچپن میں کس جگہ اونٹ چرایا کرتے تھے؟

ج:۔ قدید سے دس میل دور ضجنان کے مقام پر۔

س:۔ حضرت عمرؓ کے بچپن میں مشاغل کیا تھے؟

ج:۔ نسب دانی۔ سپہ گری۔ پہلوانی۔ مقرری۔

س:۔ حضرت علیؓ کے قاتل کا نام بتائیں؟

ج:۔ عبدالرحمٰن بن ملجم۔

س:۔ حضرت علیؓ اشجع کسے کہتے تھے؟

ج:۔ حضرت زبیرؓ بن عوام۔

س:۔ سیرت مبارکہ پر سب سے پہلی کتاب حضرت زبیرؓ کے کس فرزند نے لکھی؟

ج:۔ حضرت عروہ بن زبیر نے۔

س:۔ بتایئے سیف الاسلام کس صحابی کو کہتے ہیں؟

ج:۔ حضرت سعد بن ابی وقاص کو۔

س:۔ ابو اسحاق کس کی کنیت تھی؟

ج:۔ حضرت سعد بن ابی وقاص کی۔

س:۔ ان صحابی کا نام بتائیں جن کے پیچھے حضورؐ نے ایک دفعہ نماز پڑھی تھی؟

ج:۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف۔

س:۔ باب العلم تو حضرت علیؓ کا خطاب ہے بتایئے. بحرالعلم کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن عباس۔

س:۔ اس صحابی کا نام بتائیں جن کا ست اونٹ حضور ﷺ کی دعا سے تیز ہو گیا تھا؟

ج:۔ حضرت جابر۔

س:۔ قرآن پاک کی کتنی سورتوں کے مکی یا مدنی ہونے پر اختلاف ہے؟

ج:۔ اکتیس (31)۔

س:۔ حضرت سعد بن معاذ نے اسلام کب قبول فرمایا؟

ج:۔ بیعت عقبہ اول و ثانی کے درمیان 11 نبوت۔

س:۔ حضرت سعد بن معاذ نے شہادت کب پائی؟

ج:۔ غزوہ خندق میں زخمی ہوئے۔ ایک ماہ بعد شہادت پائی۔

س:۔ غزوہ بدر میں حضرت سعد بن معاذ رات کے وقت حضورؐ کے خیمہ پر پہرہ دیتے تھے بتایئے دن کے وقت کون پہرہ دیتا تھا؟

ج:۔ حضرت ابوبکرؓ۔

س:۔ غزوہ احد کے موقع پر حضور ﷺ کے پہرہ دار کون تھے؟

ج:۔ حضرت محمد بن مسلمہ۔ حضرت ذکوان بن عبد قیس۔

س:۔ حضرت زبیر بن عوام ہر غزوے میں حضورؐ کے ہمرکاب رہے۔ بتایئے انہوں نے کس عمر میں وفات پائی؟

ج:۔ عمر 27 سال 10 جمادی الاول 26 ہجری مقام یوم الخمیس۔

س:۔ غزوہ خیبر اور وادی القریٰ کے معرکے میں حضور اکرم ﷺ کی پہرہ داری کا شرف کن صحابہ کرام کو حاصل ہے؟

ج:۔ حضرت عباد بن بشرؓ۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ۔ حضرت بلالؓ۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے پہلے غزوہ ابوا کے موقعہ پر مدینہ منورہ میں کسے اپنا نائب بنایا؟

ج:۔ حضرت سعد بن عبادہ کو۔

س:۔ بتایئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو البابہؓ بن منذر کو کتنی بار اور کن غزوات میں مدینہ منورہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا؟

ج:۔ چار مرتبہ۔ غزوہ بدر۔ غزوہ بنی قینقاع۔ غزوہ سویق۔ غزوہ قرۃ الکدر۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے شاعر انصار حضرت عبداللہ بن رواحہ کو کس غزوہ میں مدینہ منورہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا؟

ج:۔ غزوہ بدر ثانی میں۔

س:۔ وہ کونسے غزوات تھے جن میں حضور نے حضرت ابن مکتوم کو نو مرتبہ مدینہ منورہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا؟

ج:۔ غزوہ بنی سلیم۔ غزوہ احد۔ غزوہ حمراء الاسد۔ غزوہ بنو نضیر۔ غزوہ خندق۔ غزوہ بنو قریظہ۔ غزوہ غابہ۔ غزوہ حدیبیہ۔

س:۔ غزوہ عمرۃ القضاء کے موقع پر حضورؐ نے مدینہ منورہ میں نیابت کے فرائض کو کو سپرد کیے؟

ج:۔ حضرت ابو رہم غفاری۔

عشرہ مبشرہ

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے چند ممتاز صحابہ کرام کو اس دنیا ہی میں جنت کی خوشخبری دی تھی انہیں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ عشرہ مبشرہ۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کے بعد مکہ معظمہ میں سب سے پہلے بلند آواز میں قرآن پاک کی تلاوت کون کیا کرتے تھے؟

ج:۔ حضرت ابو بکرؓ۔

س:۔ حضرت ابو بکرؓ کا اصل نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت عبداللہ۔

س:۔ حضرت ابو بکرؓ نے ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا۔ آپؐ کے بال عمر سے پہلے سفید ہونے لگے ہیں؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا۔ مجھے سورۂ ہود۔ واقعہ اور المرسلات نے وقت سے پہلے بوڑھا کر دیا ہے۔

س:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کے متعلق فرمایا کہ جو کوئی زندہ شہید کو دیکھنا چاہے وہ ان کو دیکھ لے؟

ج:۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہ۔

س:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس غزوہ سے پہلے حضرت طلحہ بن عبید اللہ کو سرحد شام میں ادھر ادھر کے حالات معلوم کرنے کے لئے بھیجا تھا جس وجہ سے وہ غزوہ میں شرکت نہ کر سکے لیکن حضورؐ نے شرکت تسلیم کی؟

ج:۔ غزوہ بدر۔

س:۔ عشرہ مبشرہ میں سے کس صحابی کے والد ان کے اسلام لانے سے پہلے فوت ہو چکے تھے لیکن ان کی درخواست پر حضورؐ نے ان کے والد کے حق میں دعائے مغفرت فرمائی؟

ج:۔ حضرت سعید بن زید۔

س:۔ بتایئے عشرہ مبشرہ میں سے سب سے بعد کس صحابی نے وفات پائی؟

ج:۔ حضرت سعد بن وقاص۔

س:۔ بتایئے سیف الاسلام کس صحابی کو کہتے ہیں؟

ج:۔ حضرت سعد بن ابی وقاص کو۔

س:۔ اسلام کی حمیت میں پہلا اتفاقی قتل کس کے ہاتھوں ہوا؟

ج:۔ حضرت سعد بن ابی وقاص۔

س:۔ حضورؐ اکرم ﷺ نے امین الامت کا لقب کس صحابی کو عنایت فرمایا؟

ج:۔ حضرت ابو عبیدہ بن جراح کو۔

س:۔ اس صحابی رسول کا نام بتائیں کہ غزوہ احد میں حضور اکرمؐ کی دائیں بائیں

نظر جاتی وہی تلوار چلاتے نظر آتے؟

ج:۔ حضرت شماس بن عثمان۔

س:۔ ایک روز حضورؐ کھجوریں کھا رہے تھے ایک صحابی بھی شامل ہو گئے حضورؐ نے فرمایا کہ تیری آنکھ دکھتی ہے اس پر وہ بولے میں تو دوسری طرف کے جبڑے سے کھاتا ہوں بتائیے یہ صحابی کون تھے؟

ج:۔ حضرت صہیب۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے کس صحابیہ کے لئے فرمایا تھا کہ وہ بحری جنگ میں شریک ہوں گی؟

ج:۔ حضرت ام حرام کے لئے۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کی دعا کردہ کھجوریں کس صحابی کے تھیلے میں حضرت عثمانؓ کے زمانہ تک رہیں اور وہ ہر ضرورت کے وقت اس میں سے نکال لیتے لیکن یہ کم نہ ہوتیں؟

ج:۔ حضرت ابو ہریرۃؓ۔

س:۔ صحابی کا پاؤں ٹوٹ گیا تھا اور اس پر جب کہ حضورؐ نے اپنا دست مبارک رکھا تو ٹھیک ہو گیا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن عتیک۔

س:۔ عرب کا قدیم دستور تھا کہ مویشیوں کے لئے چراگاہیں متعین کر لیتے تھے۔ ایسی چراگاہوں کے لئے کونسا لفظ بولا جاتا تھا؟

ج:۔ حمی۔

س:۔ ذبیح اللہ کس پیغمبر کا لقب ہے؟

ج:۔ حضرت اسمٰعیل۔

س:۔ حضرت اسمٰعیل کی اس زوجہ محترمہ کے والد کا نام بتائیے جن سے حضرت اسماعیل کی بارہ اولادیں ہوئیں؟

ج:۔ مضاض بن عمر۔

س:۔ حضرت اسماعیل کی زوجہ محترمہ مضاض بن عمر کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج:۔ بنو جرہم۔

س:۔ خانہ کعبہ خداوند تعالیٰ کا گھر تھا بت خانہ میں کیسے تبدیل ہوا؟

ج:۔ بنو جرہم کو عمرو بن لحی نے لڑ کر نکال دیا اس نے شام سے بت لا کر خانہ

کعبہ میں نصب کر دیئے۔

س:۔ آنحضرتؐ کے آباؤ اجداد میں سے عمرو العلا کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ہاشم کو۔

س:۔ جس دن حضرت عبداللہ والد نبی کریمؐ کا نکاح حضرت آمنہ سے ہوا اسی دن حضرت عبدالمطلب نے حضرت آمنہ کی کس پھوپھی سے نکاح کیا؟

ج:۔ اہالہ۔

س:۔ حضور اکرمؐ کے دادا عبدالمطلب کے انتقال کے وقت عام الفیل کو کتنے سال گزر چکے تھے؟

ج:۔ 8 برس۔

س:۔ حضرت عبدالمطلب کے ننھیال کہاں تھے؟

ج:۔ یثرب (مدینہ) میں۔

س:۔ قریش کے اس پہلے آدمی کا نام بتایئے جو اسلام سے پہلے ہر ماہ رمضان میں غار حرا میں جا کر گوشہ نشینی اختیار کرتے اور یاد الہٰی میں وقت گزارتے؟

ج:۔ دادا حضورؐ حضرت عبدالمطلب۔

س:۔ آنحضرت کے آباؤ اجداد میں سے سب سے پہلے خضاب (وسمہ) کس نے استعمال کیا؟

ج:۔ حضرت عبدالمطلب نے۔

س:۔ عبدالمطلب کی کتنی بیویاں تھیں نام بتائیں؟

ج:۔ چھ بیویاں۔ لُبنیٰ۔ صفیہ۔ نیلہ۔ اہالہ۔ ممنہ۔ فاطمہ۔

س:۔ ابرہہ نے حضرت عبدالمطلب کے کتنے اونٹ پکڑے تھے جو اس نے بعد میں واپس کر دیئے؟

ج:۔ سو اونٹ۔

س:۔ عبدالمطلب نے کس عمر میں بتوں کی پرستش ترک کی؟

ج:۔ آخری عمر میں۔

س:۔ آنحضورؐ کی دادی محترم کا نام بتائیں؟

ج:۔ فاطمہ بنت عمر۔

س:۔ عبدالمطلب نے آنحضرت کا نام محمد کہاں رکھا؟

ج:۔ خانہ کعبہ میں۔

س:۔ آپؐ کی دادی لبنیٰ سے آپؐ کے کونسے چچا پیدا ہوئے؟
ج:۔ ابولہب۔
س:۔ آپؐ کے کس چچا نے اسلام قبول نہ کیا لیکن عمر بھر آپ کا ساتھ دیا؟
ج:۔ ابو طالب۔
س:۔ حضور اکرمؐ کے اس چچا کا نام بتائیں جنھوں نے کافی عرصہ تک اسلام قبول کرنے کے باوجود چھپائے رکھا اور درپردہ حضورؐ کی مدد کرتے رہے؟
ج:۔ حضرت عباسؓ۔
س:۔ حضورؐ کے کس چچا نے آپؐ کا ولی بن کر آپؐ کا نکاح حضرت خدیجہ سے کروایا؟
ج:۔ ابوطالب۔
س:۔ 10 ہجری میں حجتہ الوداع کے موقع پر پیغمبر اقدس ﷺ نے سود کے حرام ہونے کا حکم فرمایا تو سب سے پہلے آپؐ کے کس چچا نے سودی کاروبار بند کرنے کا اعلان فرمایا؟
ج:۔ حضرت عباسؓ۔
س:۔ آپؐ کے کس چچا کا لقب سید الشہدا ہے؟
ج:۔ حضرت حمزہ۔
س:۔ حضور اکرمؐ کی اس چچی کا نام بتائیں جس کا ذکر سورۂ لہب میں "لگائی بجھائی کرنے والی اور اس کی گردن میں مونج کی رسی ڈالی جائے گی" سے کیا گیا ہے؟
ج:۔ ام جمیل۔
س:۔ حضورؐ کی اس پھوپھی کا نام بتائیں جن کے بیٹے حضرت زبیرؓ عشرہ مبشرہ میں شامل ہیں؟
ج:۔ حضرت صفیہؓ۔
س:۔ حضور اکرمؐ کی اس پھوپھی کا نام بتائیں جو آپؐ کے والد حضرت عبداللہ کی جڑواں بہن ہیں؟
ج:۔ ام حکیم بیضا۔
س:۔ حضور ﷺ کی کونسی پھوپھی حضرت عثمانؓ کی نانی تھیں؟
ج:۔ ام حکیم بیضا۔
س:۔ حضور اکرمؐ کے اس چچا زاد بھائی کا نام بتائیں جو نماز فجر ادا کرتے ہوئے

شہید ہوئے؟

ج:۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س:۔ حضرت عبداللہ کی وفات کے بعد ان کا ترکہ کیا تھا؟

ج:۔ پانچ اونٹ۔ بکریوں کا ایک ریوڑ۔ ایک کنیز ام ایمن۔

س:۔ حضور اکرمؐ نے اپنی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کے علاوہ اور کن کن خواتین کو اپنی ماں کہہ کر پکارا؟

ج:۔ ام ایمن۔ حلیمہ سعدیہ۔ حضرت فاطمہ بنت اسد زوجہ ابوطالب۔

س:۔ نام رکھنے کے لحاظ سے احمد اور اسمٰعیل میں کونسی چیز مشترک ہے؟

ج:۔ حضرت اسمٰعیل کی والدہ حضرت ہاجرہ کو بھی حضرت آمنہ کی طرح خواب میں فرشتے نے نام رکھنے کی بشارت دی تھی۔

س:۔ بتایئے ابن الذ بیحین کن کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو۔

س:۔ آپؐ کی ولادت کے وقت خانہ کعبہ میں کتنے بت تھے؟

ج:۔ تین سو ساٹھ۔

س:۔ حلیمہ سعدیہ آپؐ کو چار سال بعد مکہ چھوڑنے آ رہی تھیں کہ آپؐ راستے میں گم ہو گئے حلیمہ سعدیہ نے مکہ آ کر اطلاع کی بتائیں آپؐ کو کون ڈھونڈ کر لایا؟

ج:۔ ورقہ بن نوفل۔

س:۔ خانہ کعبہ میں حجر اسود کونسی دیوار میں نصب ہے؟

ج:۔ مشرقی دیوار میں۔

س:۔ قریش نے جب کعبہ کو تعمیر کیا تو نجاری کے فرائض کس نے سر انجام دیئے؟

ج:۔ باقوم ایک مصری تاجر نے۔

س:۔ غار حرا میں حضورؐ جو مخصوص عبادت کرتے تھے اس کا نام کیا تھا؟

ج:۔ تحنث۔

س:۔ حضورؐ کے جسم اطہر پر خاتم نبوت کہاں تھی؟

ج:۔ دونوں شانوں کے درمیان مثل گھنڈی کے تھی۔

س:۔ ارہاص کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ اگر دعویٰ نبوت سے پہلے نبی سے کوئی معجزہ رونما ہو تو اسے معجزہ نہیں ارہاص کہتے ہیں۔

س:۔ نبوت کے اعتبار سے آپؐ اور حضرت موسیٰ میں کونسی بات مشترک ہے؟

ج:۔ حضرت موسیٰ کو بھی آپؐ کی طرح چالیس برس پورے ہونے پر نبوت ملی تھی۔

س:۔ سب سے پہلے جو وحی حضورؐ پر نازل ہوئی اس کے الفاظ کیا تھے؟

ج:۔ اقرا باسم ربک الذی خلق۔

س:۔ پہلی وحی کے الفاظ کس سورہ میں ہیں؟

ج:۔ سورہ علق۔

س:۔ حضرت جبرائیل جب پہلی بار وحی لے کر تشریف لائے تو وحی کے الفاظ کس چیز پر لکھے ہوئے تھے؟

ج:۔ ریشمی کپڑے پر۔

س:۔ حضرت خدیجہؓ کے بعد سب سے پہلی خاتون کون ہیں جنہوں نے اسلام قبول فرمایا؟

ج:۔ حضرت لبابہؓ بنت حارث زوجہ حضرت عباسؓ۔

س:۔ انصاری خواتین میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

ج:۔ حضرت کبشیہ بنت رافع۔

س:۔ معراج کے سفر میں آنحضور ﷺ نے سات آسمانوں پر آٹھ پیغمبروں سے ملاقات فرمائی۔ ان کے نام معہ آسمان بتائیں؟

ج:۔

حضرت آدم علیہ السلام پہلا آسمان

حضرت یحییٰ علیہ السلام دوسرا آسمان

حضرت یوسف علیہ السلام تیسرا آسمان

حضرت ادریس علیہ السلام چوتھا آسمان

حضرت ہارون علیہ السلام پانچواں آسمان

حضرت موسیٰ علیہ السلام چھٹا آسمان

حضرت ابراہیم علیہ السلام ساتواں آسمان

س:۔ معراج کی شب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کس مقام سے آگے جانے

سے معذوری کا اظہار فرمایا؟

ج:۔ سدرة المنتہیٰ۔

س:۔ سدرة المنتہیٰ کیا چیز ہے؟

ج:۔ بیری کی قسم کا ایک درخت۔

س:۔ جس طرح بیعت عقبہ ثانی کو بیعت النساء کہتے ہیں اسی طرح بیعت عقبہ ثانی کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

ج:۔ بیعت حرب۔

س:۔ "سب سے پہلا مہاجر مدینہ" کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت ابو سلمہؓ کو۔

س:۔ دارالہجرت کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ مدینہ منورہ۔

س:۔ بتایئے کس خاتون کی بروقت مخبری سے حضورؐ نے ہجرت فرمائی؟

ج:۔ رقیقہ بنت صیفی۔

س:۔ مسجد قبلتین کس قبیلہ کی مسجد تھی؟

ج:۔ بنو سلمہ۔

س:۔ تبدیلی کعبہ کا حکم قرآن پاک میں کس جگہ آیا ہے؟

ج:۔ پارہ نمبر2۔ سورہ بقرہ۔

س:۔ غزوہ کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ وہ جنگ جس میں حضورؐ نے شرکت فرمائی۔

س:۔ سریہ کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ جس جنگ میں حضورؐ شریک نہ ہوئے۔

س:۔ عہد نبوی میں جتنے غزوات ہوئے ان میں کتنے غزوات میں لڑائی ہوئی؟

ج:۔ نو غزوات میں۔

س:۔ سریہ عبداللہ بن جحش میں حضرت عبداللہ بن جحش کو کیا لقب دیا گیا؟

ج:۔ امیرالمومنین۔

س:۔ جس لشکر کو حضورؐ نے ابوسفیان کے تجارتی قافلے کو روانگی کے وقت گھیرنے کے لئے روانہ فرمایا اس لشکر کا نام بتائیں؟

ج:۔ جیش العشیرہ۔

س:۔ بتائیے کس مقام پر تین غزوات ہوئے؟

ج:۔ بدر۔

س:۔ حضورؐ نے ابوسفیان کے شام سے واپس آنے والے تجارتی قافلہ کی خبر لانے کے لئے کن صحابہ کو بدر کی طرف روانہ فرمایا؟

ج:۔ بسبس بن عمرو الجنی۔

س:۔ حضورؐ نے قافلہ کی خبر لانے کے لئے دو افراد کو کس مقام سے روانہ فرمایا؟

ج:۔ صفرا کے مقام سے۔

س:۔ غزوہ بدر سے پہلے دشمن کے لشکر کی تعداد معلوم کرنے کے لئے کن دو صحابہ کرام کو مقرر کیا؟

ج:۔ حضرت بسبس۔ حضرت عدی۔

س:۔ غزوہ بدر میں لشکر اسلام اور طالوت کے لشکر کی تعداد برابر تھی بتائیے حضرت طالوت کس سے لڑتے تھے؟

ج:۔ جالوت سے۔

س:۔ غزوہ بدر میں قریش کی طرف سے مبازرت کے لئے پہلے کون سے تین اشخاص آئے؟

ج:۔ عتبہ بن ربیعہ۔ شیبہ۔ ولید۔

س:۔ عتبہ۔ شیبہ۔ اور ولید کے مقابلے پر انصار مدینہ سے کونسے صحابہ میدان میں نکلے؟

ج:۔ حضرت عوفؓ۔ حضرت معاذؓ۔ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ۔

س:۔ قریش نے انصار کے بھیجے ہوئے آدمیوں سے لڑنے سے انکار کیوں کر دیا تھا؟

ج:۔ اس بنا پر کہ یہ ہم جیسے نہیں ہیں۔ ہم جیسے بھیجے جائیں۔

س:۔ قریش کی مبازرت کے جواب میں حضورؐ نے مہاجرین میں سے کن صحابہ کرام کو مقابلے پر بھیجا؟

ج:۔ حضرت حمزہؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت عبیدہ بن حارثؓ۔

س:۔ قریش کی دعوت مبازرت کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ حضرت حمزہ نے عتبہ کو قتل کیا۔ حضرت علیؓ نے ولید کو قتل کیا۔ حضرت عبیدہ بن حارث شیبہ کے ہاتھوں زخمی ہوئے۔ حضرت علیؓ نے بڑھ کر شیبہ کو

قتل کر دیا۔

س:۔ حضرت ابوبکرؓ کے کونسے بیٹے مسلمان تھے اور لشکر اسلام سے مل کر لڑے ان کا نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت ابوحذیفہؓ۔

س:۔ حضورؐ نے کس صحابی سے غزوہ بدر میں ایک برچھی مانگی اور پھر یہ برچھی حضورؐ سے ہوتی ہوتی چاروں خلفا کے پاس گئی؟

ج:۔ حضرت زبیر بن عوام۔

س:۔ غزوہ بدر میں حضرت زبیرؓ بن عوام کی برچھی یاد گار بنی بتایئے حضرت زبیرؓ نے اس برچھی سے کس کافر کو مارا تھا؟

ج:۔ سعید بن العاص کا بیٹا عبیدہ جو پورے کا پورا لوہے میں ڈوبا ہوا تھا۔ صرف آنکھیں ننگی تھیں۔ آنکھوں میں برچھی مار کر جہنم واصل کیا۔

س:۔ شہدائے بدر میں مہاجرین و انصار کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ مہاجر چھ۔ انصار آٹھ۔

س:۔ قریش مکہ کے کس سردار نے جنگ میں حصہ نہ لیا اور اپنی بجائے کرائے کا آدمی بھیجا؟

ج:۔ ابولہب۔

س:۔ ابولہب بدر کی شکست کی خبر سن کر کتنے دن بعد مرا؟

ج:۔ سات دن بعد۔

س:۔ اسیران بدر کی رہائی کی بات کرنے کے لئے مکہ سے سب سے پہلے کون آیا؟

ج:۔ مکرز بن حفص۔

س:۔ غزوہ بدر کے اسیروں سے زیادہ سے زیادہ کتنا فدیہ لیا گیا؟

ج:۔ چار ہزار درہم۔

س:۔ اسیران بدر میں وہ شخص کون تھا جسے دیکھ کر ام المومنین حضرت سودہؓ بے ساختہ پکار اٹھیں۔ تم نے بھی عورتوں کی طرح بیڑیاں پہن لیں یہ نہ ہو سکا کہ مردوں کی طرح لڑ کر مر جاتے؟

ج:۔ سہیل بن عمرو جو حضرت سودہ کے عزیز تھے۔

س:۔ اسیران بدر میں وہ کون تھا جو نہایت فصیح البیان تھا اور عام مجمعوں میں

حضورؐ کے خلاف تقریریں کیا کرتا تھا؟

ج:۔ سہیل بن عمرو۔

س:۔ اسران بدر میں حضورؐ کے ایک داماد بھی تھے ان کا نام بتائیں؟

ج:۔ ابو العاص۔

س:۔ ابو العاص سے کتنا فدیہ لے کر رہا کیا گیا؟

ج:۔ مکہ سے حضرت زینب نے اپنا ہار بھیجا لیکن حضورؐ نے ہار واپس کر دیا اور بغیر فدیہ لئے رہا کر دیا۔

س:۔ جنگ بدر کے جو قیدی فدیہ نہ دے سکے اور پڑھے لکھے تھے ان سے کیا معاوضہ لیا گیا؟

ج:۔ وہ دس دس مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا کر رہا ہو سکتے تھے۔

س:۔ اسیران بدر میں حضورؐ کے کونسے چچا تھے؟

ج:۔ حضرت عباس۔

س:۔ انصار بدر نے کس اسیر بدر کو اپنا بھانجا کہہ کر ان کا فدیہ دینے کی پیشکش کی مگر آپؐ نے اسے گوارا نہ کیا؟

ج:۔ حضرت عباس عم رسول۔

س:۔ اسیران بدر میں اس شاعر کا نام بتائیں جس نے اپنی مفلسی کا واسطہ دے کر کہا تھا کہ مجھ پر احسان فرمائیں اور رہا کر دیں۔ میں آئندہ مسلمانوں کے خلاف کوئی کام نہیں کروں گا؟

ج:۔ ابو عزہ۔

س:۔ ابو عزہ نے اپنی رہائی کے بعد کس قبیلہ کو مسلمانوں کے خلاف قریش کا ساتھ دینے کے لئے ابھارا تھا؟

ج:۔ بنو کنانہ۔

س:۔ آنحضورؐ نے اسیران بدر میں سے کن دو کے قتل کرنے کا حکم صادر فرمایا؟

ج:۔ نضر بن حارث۔ عتبہ بن ابی معیط۔

س:۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے عرق الظبیہ کے مقام پر عقبہ بن ابی معیط کی گردن کس نے ماری؟

ج:۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س:۔ مکہ کے دو مسلم نوجوان کون تھے جو جنگ میں شرکت کے لئے مکہ سے

تشریف لائے لیکن حضورؐ نے ایفائے عہد کی خاطر جنگ میں شرکت سے منع فرمایا؟

ج:۔ ابو حذیفہؓ بن یمان۔

س:۔ اللہ تعالیٰ نے یوم الفرقان کس دن کو فرمایا؟

ج:۔ غزوہ بدر کے دن کو۔

س:۔ ذلت و ظلمت کو مٹانے کے لئے ہدایت کا اولیں تصادم کس غزوہ کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ غزوہ بدر۔

س:۔ بتایئے غزوہ کا ذکر نام کے ساتھ کس سورہ میں ہے؟

ج:۔ سورہ آل عمران۔

س:۔ حضورؐ نے غزوہ بدر کے دن کس آزاد کردہ غلام کو شہید الشہدا کے خطاب سے نوازا؟

ج:۔ حضرت عمرؓ کے آزاد کردہ غلام حضرت مہجعؓ کو۔

س:۔ کس صحابی کی تلوار غزوہ بدر میں ٹوٹ گئی تھی کہ حضورؐ نے انہیں کھجور کی شاخ عنایت فرمائی جو ان کے ہاتھ میں تلوار کا کام دیتی رہی؟

ج:۔ حضرت عکاشہؓ۔

س:۔ حضرت عفراؓ کے کونسے بیٹے غزوہ بدر میں شہید ہوئے؟

ج:۔ حضرت عاقلؓ۔ حضرت معوذؓ۔ حضرت عوفؓ۔

س:۔ معرکہ بدر کے بعد کس سردار مکہ نے قسم کھائی تھی کہ اس وقت تک نہ غسل جنابت کروں گا اور نہ سر میں تیل ڈالوں گا جب تک مقتولان بدر کا انتقال نہ لے لوں گا؟

ج:۔ ابو سفیان نے۔

س:۔ غزوہ بدر کے سات دن بعد جو غزوہ ہوا اس کا کیا نام تھا؟

ج:۔ غزوہ الکدر۔

س:۔ غزوہ بنو سلیم کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

ج:۔ خبر ملی تھی کہ بنو سلیم مدینہ پر یورش کی تیاری کر رہا ہے۔

س:۔ قبائل یہود میں سب سے جری اور بہادر قبیلہ کون تھا؟

ج:۔ بنو قینقاع۔

س:۔ بنو قینقاع کا پیشہ کیا تھا؟
ج:۔ زرگری۔
س:۔ حاسر کس سپاہی کو کہا جاتا ہے؟
ج:۔ جس کے پاس زرہ نہ ہو۔
س:۔ وارع کس سپاہی کو کہا جاتا ہے؟
ج:۔ وہ سپاہی جو زرہ زیب تن کئے ہوئے ہو وارع کہلاتا ہے۔
س:۔ غزوہ سویق کو سویق کیوں کہتے ہیں؟
ج:۔ ابو سفیان بھاگتے وقت وزن ہلکا کرنے کے لئے ستو کے تھیلے پھینکتے چلے گئے۔ اور عربی میں ستو کو سویق کہتے ہیں۔
س:۔ غزوہ سویق کے موقع پر ابو سفیان رات کے وقت کس یہودی سردار کے مکان پر گیا لیکن اس نے دروازہ نہ کھولا؟
ج:۔ حی بن اخطب۔
س:۔ حی بن اخطب کا دروازہ نہ کھولنے پر ابوسفیان نے کس یہودی سردار کے ہاں رات کاٹی؟
ج:۔ سلام بن مشکم یہودی کے ہاں۔
س:۔ غزوہ احد میں کس پہاڑی کے درے پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچاس تیرانداز مقرر فرمائے تھے؟
ج:۔ جبل عینین۔
س:۔ غزوہ احد میں غسیل الملائکہ حضرت حنظلہ کو کس نے شہید کیا؟
ج:۔ شداد بن الاسود نے۔
س:۔ جنگ احد میں وہ کونسے صحابی تھے جو لنگڑے تھے اور لنگڑا کر تلوار چلاتے ہوئے جہاد کیا؟
ج:۔ حضرت عمرؓ بن الجموح۔
س:۔ ابن قمیہ نے حضورؐ پر حملہ کیا تو کس خاتون نے دفاع کیا اور خود گہرا زخم کھایا؟
ج:۔ حضرت سیبہؓ زوجہ زید بن عاصمؓ۔
س:۔ صلواۃ خوف سب سے پہلے کس غزوہ میں حضورؐ نے ادا فرمائی؟
ج:۔ غزوہ ذات الرقاع۔

س:۔ غزوہ احزاب میں لشکر کفار سے کن لوگوں نے خندق عبور کرنے کی کوشش کی؟

ج:۔ عمر بن عبدود۔ ضرار۔ جبیرہ۔ نوفل۔

س:۔ خندق کو عبور کرنے میں عرب کا کونسا نامی گرامی پہلوان ہوا؟

ج:۔ عمرو بن عبدود۔

س:۔ طوفان بادوباراں کس غزوہ میں آیا تھا؟

ج:۔ غزوہ احزاب میں۔

س:۔ غزوہ خندق کے آخری ایام میں آنحضرت ﷺ کس مسجد میں تین دن تک فتح اسلام اور شکست کفار کے لئے دعائیں مانگتے رہے؟

ج:۔ مسجد فتح۔

س:۔ حضرت سعد بن معاذ کو کس کا تیر لگا تھا جس سے زخمی ہو کر کچھ عرصہ بعد شہید ہوئے؟

ج:۔ ابن حبان بن عرقہ۔

س:۔ غزوہ خندق کے موقعہ پر ابو سفیان سردار قریش کا کونسا قاصد حضور اکرم ﷺ کے نام ایک پیغام لایا تھا؟

ج:۔ ابو سلمہ خشنی۔

س:۔ ابو سفیان کے پیغام کا جواب آنحضور ﷺ نے کس صحابی سے لکھنے کے لئے فرمایا تھا؟

ج:۔ حضرت ابی بن کعب۔

س:۔ غزوہ خندق میں آنحضرت ﷺ نے اپنی کس پھوپھی کی بہادری کی وجہ سے ان کا مال غنیمت میں حصہ مردوں کے لئے برابر لگایا؟

ج:۔ حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب۔

س:۔ غزوہ خندق سے فوراً بعد کونسا غزوہ ہوا؟

ج:۔ غزوہ بنو قریظہ۔

س:۔ غزوہ بنو قریظہ سے متعلق تائید غیبی حضور ﷺ کو کس ام المومنین کے حجرہ میں ملی؟

ج:۔ حضرت ام سلمہؓ۔

س:۔ غزوہ احزاب کے بعد آنحضرت ﷺ نے مقدمتہ الجیش کی حیثیت

سے بنو قریظہ کا محاصرہ کرنے کے لئے کسے روانہ فرمایا؟

ج:۔ حضرت علیؓ۔

س:۔ غزوہ بنو قریظہ میں کس صحابی کے حق میں حضورؐ نے فرمایا کہ ان کو دو شہیدوں کا ثواب ملا؟

ج:۔ حضرت خلادؓ بن سوید بن ثعلبہ۔

س:۔ بارگاہ نبوت میں سب سے پہلے منصب انشا پر کسے مقرر کیا گیا؟

ج:۔ حضرت ابیؓ بن کعب۔

س:۔ حضرت عمرؓ حضرت ابی بن کعب کو کس لقب سے پکارتے تھے؟

ج:۔ سید المسلمین۔

س:۔ حضرت سلمانؓ فارسی مسلمان ہونے سے پہلے کس چیز کی پرستش کرتے تھے؟

ج:۔ ابلق گھوڑے کی۔

س:۔ مدینہ کے اس ہجو گو شاعر کا نام بتائیں جو حضورؐ کی شان میں گستاخانہ نظمیں کہتا تھا؟

ج:۔ ابو عفک۔

س:۔ شاتم رسول ابو عفک کو قتل کرنے کی سعادت کسے حاصل ہوئی؟

ج:۔ حضرت سالم بن عمرؓ روسی کو۔

س:۔ عصما شاعرہ عرب نے بھی اپنی شاعری کا رخ ہجو کی طرف پھیر دیا تھا بتایئے اسے کس مسلمان نے قتل کیا؟

ج:۔ حضرت عمیرؓ بن عوف۔

س:۔ 1 ہجری میں مکہ کے دو بڑے رئیسان کفر نے انتقال کیا۔ ان کے نام بتائیں؟

ج:۔ ولید بن مغیرہ۔ عاص بن وائل سہمی۔

س:۔ تاریخ اسلام میں عید الفطر سب سے پہلے کب با جماعت ادا ہوئی؟

ج:۔ یکم شوال 6 ہجری۔

س:۔ سریہ طریق میں کس صحابی کی قیادت میں دستہ روانہ کیا گیا؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثہ۔

س:۔ خیبر کتنے قلعوں کا مجموعہ تھا؟

ج:۔ دس قلعوں کا۔

س:۔ مرحب کس قلعے کا سردار تھا؟

ج:۔ خیبر کے قلعے کا۔

س:۔ غزوہ خیبر میں کنانہ بن ابن الربیع کو کس نے قتل کیا؟

س:۔ خیبر کا وہ کونسا قلعہ تھا جسے فتح کرنے کے لئے حضورؐ نے علم حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کو دیا لیکن وہ قلعہ فتح نہ ہوا۔ آخر میں حضرت علیؓ نے اس قلعے کو فتح کیا؟

ج:۔ قلعہ ناعم۔

س:۔ حضورؐ نے حضرت دحیہؓ کلبی کو ہرقل کے دربار میں سفیر بنا کر بھیجا تھا۔ جب وہ تحائف لے کر واپس آ رہے تھے تو راستے میں کس نے ڈاکہ ڈال کر سب کچھ لوٹ لیا تھا؟

ج:۔ ہید بن عوص جزری۔

س:۔ حضورؐ نے 10 ہجری میں کس صحابی کو روسائے فارس کی طرف دعوت اسلام کے لئے بھیجا؟

ج:۔ حضرت وبر بن یحنس۔

س:۔ سریہ محارب کب پیش آیا؟

ج:۔ شعبان 8 ہجری میں۔

س:۔ سریہ محارب میں امارت کے فرائض کس نے سرانجام دیئے؟

ج:۔ حضرت ابو قتادہؓ۔

س:۔ خولان قبیلے کا کونسا بت تھا؟

ج:۔ عم انس۔

س:۔ حضورؐ پر یہودیوں کے کہنے سے کس ساحر نے عمل سحر کیا؟

ج:۔ بنی زریق کے ساحر .بید بن عاصم نے۔

س:۔ حضورؐ پر جادوگر کے گنڈے کو کس کنوئیں میں رکھا گیا؟

ج:۔ ذروان نامی کنوئیں میں۔

س:۔ غزوہ تبوک کے وقت اسلامی مملکت کا رقبہ کتنا تھا؟

ج:۔ دس لاکھ مربع میل۔

س:۔ حضرت ابوجندل نے کفار کی قید سے بھاگ کر کہاں پناہ لی؟

ج:۔ مقام عیص پر جو سمندر کے کنارے ذو مرو کے قریب تھا۔

س:۔ آیت حجاب کس اسلامی مہینے میں نازل ہوئی؟

ج:۔ ربیع الاول۔

س:۔ کس سن میں حضورؐ نے ان بتوں کو توڑنے کا حکم دیا تھا جو لوگوں نے گھروں میں رکھے ہوئے تھے؟

ج:۔ 8 ہجری۔

س:۔ حضور نے مختلف بت خانوں کو توڑنے کے لئے مختلف سرایا ارسال فرمائے ان میں سے چند ایک کے نام اور بت خانوں کے نام بتائیں؟

ج:۔ ۔

سریہ حضرت خالدؓ بن ولید	بت خانہ عزیٰ
سریہ حضرت عمروؓ بن العاص	بت خانہ سواع
سریہ حضرت سعد بن زید الشلی	بت خانہ منات
سریہ حضرت ابوسفیان و حضرت مغیرہ بن شجر	بت خانہ لات
سریہ حضرت جریرؓ	بت خانہ ذی الخلصہ
سریہ حضرت خبریدؓ	بت خانہ ذی الخلصہ
سریہ حضرت طفیلؓ بن عمر دوسی	بت خانہ ذی الکفین
سریہ حضرت علیؓ ابن ابی طالب	بت خانہ کلس

س:۔ تنظیم کے لئے محصلین کا اولیں تقرر کس ماہ میں ہوا؟

ج:۔ محرم 9 ہجری۔

س:۔ حضورؐ نے چند صحابہ کو جن کا تقدس' زہد اور پاکیزگی مسلم تھی زکواۃ اور جزیہ کے اعمال مقرر فرمایا۔ ان میں سے چند ایک نام معہ علاقے کے بتائیں؟

ج:۔ ۔

حضرت مہاجر بن امیہ	صنعا یمن
حضرت زیدؓ بن لبید	حضر موت
حضرت خالدؓ بن سعید	صنعا یمن
حضرت عدیؓ بن حاتم	قبیلہ طے
حضرت علاؓ بن حضرمی	یمن
حضرت معاذؓ بن جبل	صبد

حضرت جریرؓ بن عبداللہ بجلی   ذوالعلاح حمیری

س:۔ محصلین زکوٰۃ پر اچانک حملہ کس قبیلہ نے کیا تھا؟

ج:۔ بنو تمیم۔

س:۔ بنو تمیم کے محصلین زکوٰۃ پر حملہ کے بعد حضور نے کس قیادت میں پچاس صحابہ کو بنو تمیم کی گوشمالی کے لئے روانہ فرمایا؟

ج:۔ حضرت عیینہؓ بن حصن۔

س:۔ غیر مسلموں کے لئے جزیہ کی آیات کس سن ہجری میں نازل ہوئیں؟

ج:۔ 9 ہجری۔

س:۔ عام الوفود کس سن ہجری کو کہتے ہیں؟

ج:۔ 9ہجری۔

س:۔ بعض روسائے قبائل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ اسلام قبول کرتے پھر اپنے قبیلے میں اسلام کی تبلیغ کرتے۔ ان میں سے چند ایک کے نام معہ قبائل بتائیں؟

ج:۔

حضرت طفیلؓ بن عمرروسی	قبیلہ روس
حضرت عامرؓ بن شہر	بنو ہمدان
حضرت عروۃؓ بن مسعود	بنو ثقیف
حضرت صمامؓ بن علبہ	بنو سعد
حضرت منقذؓ بن حبان	بحرین
حضرت ثمامہؓ بن اثال	اطراف بجد

س:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کو خاص اشاعت اسلام کے لئے مختلف علاقوں میں بھیجا ان میں سے چند ایک کے نام معہ قبائل بتائیں؟

ج:۔

حضرت علی بن ابی طالب	قبیلہ ہمدان
حضرت مغیرہ بن شعبہ	نجران
حضرت دبرؓ بن یحنس	ابنائے فارس
حضرت محیصہؓ بن مسعود	فدک
حضرت اسعتؓ	قبیلہ سلیمہ

حضرت خالدؓ بن ولید	اطراف مکہ
حضرت عمروؓ بن عاص	عمان
حضرت مہاجرؓ بن امیہ	حارث بن عبر کلاں

س:۔ حضورؐ نے سب سے پہلے قاضی کے عہدہ پر کسے مقرر فرمایا؟

ج:۔ حضرت شرجیل بن حسنہ کندی کو۔

س:۔ مکہ میں سب سے پہلے کتابت وحی کا فرض کس نے انجام دیا؟

ج:۔ حضرت شرجیل بن حسنہ کندی نے۔

س:۔ آنحضور ﷺ 9 ہجری کو جب گھوڑے پر سے گر پڑے تھے تو جسم کے کس حصے پر چوٹ آئی تھی؟

ج:۔ دائیں پہلو اور پنڈلی پر خراش آئی تھی۔

س:۔ 9 ہجری میں حج فرض ہوا بتایئے اس سال حضورؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کیوں ادا نہ فرمایا؟

ج:۔ عرب ننگے ہو کر طواف کرتے تھے حضورؐ ایسی بے حیائی کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا پسند نہ کرتے تھے۔

س:۔ آنحضورؐ رمضان شریف میں عموماً دس دن اعتکاف میں بیٹھتے تھے لیکن کس سن میں بیس دن اعتکاف میں بیٹھے؟

ج:۔ رمضان 10 ہجری۔

س:۔ حضورؐ نے کیا ورثہ پیچھے چھوڑا؟

ج:۔ کوئی ورثہ پیچھے نہیں چھوڑا۔

س:۔ آپؐ کی تکفین و تدفین وصال سے کتنے گھنٹوں بعد ہوئی تھی؟

ج:۔ تیس گھنٹے۔

س:۔ آنحضرت ﷺ کی لحد مبارک کو خام انٹوں سے بند کیا گیا تھا بتائیں اس پر کتنی انٹیں چنی گئیں؟

ج:۔ نو انٹیں۔

س:۔ آنحضورؐ کے وصال کے بعد جو آثار متبرکہ چھوڑے گئے بتائیں؟

ج:۔ موئے مبارک۔ نعلین مبارک۔ لکڑی کا پیالہ۔ ذوالفقار۔ کپڑے۔ خاتم۔ عصائے مبارک۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک کس نے کھودی؟
ج:۔ حضرت ابو طلحہؓ نے۔
س:۔ قبر کس طرز کی کھودی؟
ج:۔ مدنی طرز کی۔
س:۔ حضور ﷺ کو کن صحابہ کرام نے غسل دیا؟
ج:۔ حضرت علیؓ۔ حضرت عباسؓ۔ حضرت فضلؓ بن عباس۔ حضرت اسامہؓ بن زید۔ آزاد کردہ غلام شقرانؓ نے۔
س:۔ حضورؐ کے آخری غسل کے لئے پانی کس کنوئیں سے لایا گیا؟
ج:۔ غرس نامی کنوئیں سے۔
س:۔ حضورؐ کا کفن کیسا تھا؟
ج:۔ سوتی۔
س:۔ حضورؐ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج:۔ کوئی امام نہ تھا۔
س:۔ تدفین کس رات عمل میں آئی؟
ج:۔ تیرہ اور چودہ ربیع الاول 11 ہجری کی درمیانی شب۔
س:۔ آنحضرت صلعم کے جسم اطہر کو قبر مبارک میں کن صحابہ کرام نے اتارا؟
ج:۔ حضرت علیؓ۔ حضرت فضلؓ بن عباس۔ حضرت اسامہؓ بن زید۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف۔
س:۔ آخری وقت حضورؐ نے اپنا خرقہ مبارک کس کو پہنچانے کے لئے فرمایا تھا؟
ج:۔ حضرت اویس قرنیؓ۔
س:۔ حضورؐ کے موئے مبارک کن صحابہ کرام کے پاس تھے؟
ج:۔ حضرت معمرؓ بن عبداللہ۔ حضرت ابو طلحہؓ۔
س:۔ آپؐ کے دست مبارک کیسے تھے؟
ج:۔ کف دست اور بازو پر گوشت نرم۔ ہاتھوں سے خوشبو آتی تھی۔
س:۔ آپؐ کا سینہ مبارک کیسا تھا؟
ج:۔ کشادہ۔ سینہ سے ناف تک بالوں کی لمبی لکیر۔
س:۔ آپؐ کا شکم مبارک کیسا تھا؟
ج:۔ سینہ مبارک اور شکم مبارک ہموار اور برابر تھے۔

س:۔ حضورؐ کی پشت مبارک کیسی تھی؟
ج:۔ پشت مبارک صاف اور سفید شانوں کے درمیان گوشت کا ابھار جسے مہر نبوت کہتے تھے۔
س:۔ حضورؐ کی ہتھیلیاں مبارک کیسی تھیں؟
ج:۔ پر گوشت اور چوڑی۔
س:۔ حضورؐ کی جلد مبارک کیسی تھی؟
ج:۔ جلد مبارک نرم تھی اور خوشبو لگائے بغیر آپؐ سے دلکش خوشبو آتی تھی۔
س:۔ حضور کے موئے مبارک کیسے تھے؟
ج:۔ سر کے بال قدرے خمدار۔ نہ بہت پیچیدہ نہ بالکل سیدھے۔ بدن پر زیادہ بال نہ تھے۔
س:۔ آپؐ کو کونسا رنگ سب سے زیادہ پسند تھا؟
ج:۔ سبز رنگ۔
س:۔ حضورؐ کس رنگ کی ٹوپ اوڑھتے تھے؟
ج:۔ سفید۔
س:۔ حضورؐ کو کس قسم کا گوشت پسند تھا؟
ج:۔ دستی کا۔
س:۔ کس سالن سے زیادہ رغبت تھی؟
ج:۔ گوشت کے سالن سے۔
س:۔ حضورؐ نے حضرت خدیجہؓ کو حق مہر میں کتنے اونٹ ادا فرمائے؟
ج:۔ بیس اونٹ۔
س:۔ حضرت خدیجہؓ کے کس چچا زاد بھائی نے حضورؐ اکرم کے رسول ہونے کی خبر دی؟
ج:۔ ورقہ بن نوفل نے۔
س:۔ کس ام المومنین نے جنگ یرموک میں حصہ لیا تھا؟
ج:۔ حضرت جویریہ نے۔
س:۔ ان دو خواتین کا نام بتائیں جنہیں حضور اکرم صلعم نے نکاح کا پیغام دیا لیکن وہ منکوحہ بن کر نہ آ سکیں؟

ج:۔ حضرت اسماء بنت نعمان۔ حضرت عمرہ بنت یزید کلابی۔

س:۔ امہات المومنین میں سے بلند و بالا اور فربہ اندام کون سی ام المومنین تھیں؟

ج:۔ حضرت سودہ بنتؓ زمعہ۔

س:۔ حضور اکرم صلعم نے سب سے پہلا ولیمہ کب کیا؟

ج:۔ المومنین حضرت خدیجہ کے نکاح کے بعد۔

س:۔ حضورؐ اکرم کی کنیت بتائیں؟

ج:۔ ابوالقاسم۔

س:۔ حضرت ابراہیمؓ کی والدہ ماجدہ کا نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ۔

س:۔ حضرت ابراہیم پسر رسول کے عقیقہ پر کتنے مینڈھے ذبح فرمائے؟

ج:۔ دو مینڈھے۔

س:۔ حضرت ابراہیمؓ کے بالوں کے برابر کونسی چیز خیرات فرمائی؟

ج:۔ چاندی۔

س:۔ حضورؐ کے کونسے صاحبزادے بعثت کے بعد مکہ میں پیدا ہوئے؟

ج:۔ حضرت عبداللہؓ۔

س:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس نواسے کا نام بتائیں جو ایک روز مسجد میں اس وقت لڑکھڑاتے ہوئے داخل ہوئے جب آپ منبر پر خطبہ دے رہے تھے۔ آپؐ منبر سے اترے اور گود میں اٹھالیا؟

ج:۔ حضرت حسینؓ۔

س:۔ صاحب النعل۔ صاحب الوسادہ۔ صاحب المطہرہ کس صحابی کے نام ہیں؟

ج:۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

س:۔ حضرت عقبہؓ بن عام جہنی انصاری کون تھے؟

ج:۔ تفسیر اور معنی قرآن کریم کے عالم اور مشہور شاعر تھے۔

س:۔ حضورؐ کے متبنی زید بن حارث نے ام ایمن سے کیوں نکاح کیا تھا؟

ج:۔ حضورؐ نے ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ کسی جنتی عورت سے اگر کوئی شادی کرنا چاہے تو ام ایمن سے کرے۔

س:۔ حضورؐ نے حضرت زید بن حارثؓ کو کتنے سرایا میں امیر مقرر فرمایا؟

ج:۔ نو سرلیا میں۔

س:۔ حضرت جمیع بن مسروح کون تھے؟

ج:۔ حضورؐ کے غلام۔

س:۔ مسجد قبا میں اذان کی خدمت کون انجام دیا کرتے تھے؟

ج:۔ حضرت سعد القرظی۔

س:۔ تاریخ اسلام میں جمعہ کی نماز سب سے پہلے کس نے پڑھائی تھی؟

ج:۔ حضرت مصعبؓ بن عمیر نے۔

س:۔ مسجد نبوی میں سب سے پہلے کس صحابی نے چراغ جلایا اور حضورؐ نے اس کا کیا نام رکھا؟

ج:۔ فتح نامی انصاری نے۔ حضور نے اس کا نام سراج رکھا۔

س:۔ مسجد نبوی میں جھاڑو دینے والی عورت کا نام بتائیں؟

ج:۔ ام محجن۔

س:۔ قدیم مسجد نبوی سے متصل شمالی کنارے پر ایک چبوترہ تھا اس کو کیا کہتے تھے؟

ج:۔ صفہ۔

س:۔ مسجد ضرار کن لوگوں نے تعمیر کی تھی؟

ج:۔ منافقین مدینہ نے۔

س:۔ ایمان کیا ہے؟

ج:۔ صبر اور سخاوت۔

س:۔ سب سے سچی بات کونسی ہے؟

ج:۔ اللہ کی کتاب۔

س:۔ بہترین امت کونسی ہے؟

ج:۔ ملت ابراہیم۔

س:۔ سب سے بہتر زندگی کونسی ہے؟

ج:۔ رسول اللہ ﷺ کا طرز زندگی۔

س:۔ سب سے افضل بات کونسی ہے؟

ج:۔ اللہ کا ذکر۔

س:۔ سب سے اچھا قصہ کیا ہے؟

ج:۔ قرآن مجید۔
س:۔ بدترین کام کیا ہے؟
ج:۔ بدعت۔
س:۔ سب سے عزت کی موت کونسی ہے؟
ج:۔ شہادت۔
س:۔ بہترین توشہ کیا ہے؟
ج:۔ تقویٰ۔
س:۔ شک کیا ہے؟
ج:۔ کفر کی ایک شاخ۔
س:۔ رسول اللہ کے عسکری خطاب سے کیا مراد ہے؟
ج:۔ آنحضرتؐ جب لشکر اسلام کو کسی مہم پر روانہ فرماتے تو امیر جیش کو تقویٰ اور حسن سلوک کی تاکید فرماتے۔
س:۔ ترتیل و فصل فی الکلام سے کیا مراد ہے؟
ج:۔ حضورؐ اس طرح گفتگو فرماتے کہ سننے والا فوراً حفظ کر لیتا۔
س:۔ حضورؐ کی خطابت کے ذکر میں اہم امر کیا ہے؟
ج:۔ حضورؐ کی خطابت کی اثر انگیزی۔

جوامع الکلم
اقوال پیغمبر

○:۔ بہترین ایمان یہ ہے کہ لوگ تم سے امان میں رہیں اور بہترین اسلام یہ ہے کہ لوگ تمہارے ہاتھ اور زبان سے صحیح و سالم رہیں۔
○:۔ انسانوں کا بہی خواہ اور ہمدرد اللہ کو سب سے زیادہ محبوب ہے۔
○:۔ قیامت کے روز محبوب ترین اور مقرب بندہ اللہ کے نزدیک عادل حاکم ہو گا۔
○:۔ میری بعثت کا مقصد یہ ہے کہ میں اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کے لئے آیا ہوں۔
○:۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ دوسرے مسلمان کے دکھ درد میں شریک ہو جس طرح سارا جسم جسم کے کسی حصے کی تکلیف کو محسوس کرتا ہے۔
○:۔ علم معیار شخصیت ہے۔ انسان کی قدر و قیمت علم کے اعتبار سے ہوتی

ہے۔

○:۔ جو سب سے زیادہ متقی ہے وہ سب سے بڑا آدمی ہے۔

○:۔ جب دشمن پر اختیار و اقتدار حاصل ہو جائے تو اس پر احسان کرو۔ اسے معاف کر دو۔

○:۔ جس فعل پر معذرت کرنا پڑے اس سے اجتناب کرو۔

○:۔ ایمان باللہ کے بعد سب سے بہتر عمل انسانوں سے محبت ہے۔

○:۔ بہترین عمل کسب حلال ہے۔

○:۔ دوستی بھی اللہ کے لئے کرو اور دشمنی بھی اسی کے لئے ہو۔

○:۔ بہترین ایمان صبر اور سخاوت ہے۔

○:۔ بہترین جہاد جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کہنا ہے۔

○:۔ اپنے نفس اور خواہش سے جہاد جہاد اکبر ہے۔

○:۔ بہترین دعا وہ ہے جو اپنے لئے کی جائے۔

○:۔ بہترین صدقہ صداقت زبان ہے۔

○:۔ بہترین عمل بھوکے کو کھانا کھلانا ہے۔

○:۔ بہترین عمل نیک ارادہ ہے۔

○:۔ رحمدل جنت میں جائے گا۔

س:۔ کافر کا قصاص کیا ہے؟

ج:۔ مسلم کو کافر کے قصاص میں قتل نہیں کیا جا سکتا۔

س:۔ دنیا کو جھکانے کا طریقہ کیا ہے؟

ج:۔ دنیا ترک کر دو وہ خود جھکے گی۔

س:۔ کامیابی کس سے وابستہ ہے؟

ج:۔ کامیابی صبر سے وابستہ ہے۔

س:۔ کس کی نماز قبول نہیں ہوتی؟

ج:۔ بھاگے ہوئے غلام کی۔

اس عورت کی جس سے اس کا شوہر ناراض ہو۔

اس امام قوم کی جس سے اس کی قوم ناراض ہو۔

س:۔ کن تین آدمیوں کی عزت نہ کرنی چاہیے؟

ج:۔ فاسق۔ ظالم امیر۔ بدعتی۔

س:۔ بہترین راستہ کونسا ہے؟
ج:۔ اعتدال کا راستہ۔
س:۔ دنیا کی ساری عمر کتنی ہے؟
ج:۔ آخرت کے ایک ہفتے کے برابر۔
س:۔ رسول اللہ نے فرمایا دنیا مومن کا قید خانہ ہے تو کافر کے لئے کیا ہے؟
ج:۔ محفل عیش و نشاط۔
س:۔ کونسی دعا مستجاب ہوتی ہے؟
ج:۔ اذان اور اقامت کے درمیان کی ہوئی۔
س:۔ نماز کیا ہے؟
ج:۔ حضورؐ نے فرمایا نماز جنت کی کنجی ہے۔
س:۔ کفار کی ریشہ دوانیاں آنکھوں سے دیکھتے ہوئے اپنی موت سے کھیلنے والی بات تھی اس کے بلوجود اتنی بڑی مخالفت اور عداوت کے مقابلے کے لئے حضورؐ کے پاس ایسے کونسے ہتھیار تھے جن کا مخالفین کے پاس کوئی توڑ نہ تھا؟
ج:۔ یہ تھے معجزہ کردار۔ معجزہ قرآن اور معجزۂ کلام۔
س:۔ حضورؐ کے معجزہ کلام سے کیا مراد ہے؟
ج:۔ حضور اکرم ﷺ کا نطق مبارک۔ آپؐ کے کلام کی سلاست' اس کی جامعیت اور اس کا اعجاز عالم احساس میں زبردست ارتعاش پیدا کر دیتا تھا۔
س:۔ ہجرت کا اسلامی انقلاب سے کیا تعلق ہے؟
ج:۔ ہجرت اسلامی انقلاب کی طرف ایک اہم قدم ہے یہ باطل کے تسلط سے بغاوت کر کے خدا کی بندگی اختیار کرنے کا کھلا اعلان ہے۔
س:۔ ہجرت کا سب سے اہم نتیجہ کیا ہوا؟
ج:۔ مدینے میں ابتدائی طرز کی ایک اسلامی ریاست وجود میں آئی ۔ جس کے ذریعے مسلمانوں کو ایک جائے پناہ حاصل ہو گئی۔ ہجرت دنیا کے مقابلے میں آخرت کو ترجیح دینے کا فیصلہ تھا۔
س:۔ ہجرت کے بعد دعوت اسلامی کی تحریک پر امن راستے سے گزر کر کس راستے پر گامزن ہوئی؟
ج:۔ مسلح انقلاب کے راستے پر جس کے بعد باطل کے سامنے زندگی اور موت کا چیلنج رکھ دیا گیا۔ دعوت اسلامی کی تحریک جنگ و جہاد کے مرحلہ میں داخل ہو

گئی۔

س:۔ اللہ کی راہ میں جہاد کے بارے رسول اللہ نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ میرا جی چاہتا ہے کہ میں اللہ کی راہ میں لڑوں اور مارا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں۔ پھر لڑوں اور مارا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں۔ یوں اللہ کی راہ میں زندگی اور موت کا یہ سلسلہ اللہ کی رضا کی خاطر پیہم جاری رہے۔

س:۔ جہاد کا اسلام سے کیا تعلق ہے؟

ج:۔ جہاد اسلامی زندگی کا جزو ہے۔ جہاد بالنفس سے لے کر کفار کے خلاف جہاد بالسیف تک۔

س:۔ حضور ﷺ نے جہاد کی فضیلت کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج:۔ میدان جنگ میں دشمن کے مقابلے میں ایک رات پہرہ دینا ہزار راتوں کی عبادت سے افضل ہے۔

س:۔ مثالی اسلامی نظام کی نشو و نما اور حفاظت کے لئے حضورؐ نے کیا کیا؟

ج:۔ ایک معتدل' متوازن اور منصفانہ معاشرہ تشکیل دیا ایسا مثالی معاشرہ انسانیت نے اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔

س:۔ استحصال سے پاک اسلامی معاشرہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ حضور اکرم ﷺ نے جو معاشرہ قائم فرمایا اس کی بنیادیں عدل و انصاف پر قائم تھیں۔ اس میں ظلم و استحصال کی مکمل بیخ کنی کر دی گئی تھی۔

س:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظلم کے بارے میں کیا حکم دیا ہے؟

ج:۔ آپؐ نے ظالم کا ہاتھ پکڑ لینے کا حکم دیا ہے۔ چاہے وہ اپنا بھائی ہی کیوں نہ ہو۔

س:۔ کیا رسول مقبول ﷺ کی جنگ اقتدار کے لئے تھی؟

ج:۔ حضورؐ کی تمام تر جنگ فی سبیل اللہ تھی۔ اس جنگی جدوجہد سے آپؐ کا مقصود شہرت یا ناموری کا حصول نہ تھا۔

س:۔ سارے اسلامی نظام کی بنیاد کس چیز پر رکھی گئی؟

ج:۔ سارے اسلامی نظام کی بنیاد ایک خدا' ایک رسول اور ایک کتاب پر رکھی گئی۔

س:۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مشیت کو پورا کرنے کے لئے عالم اسباب میں سے جن موزوں تریں عوامل کو یکجا کرنے کی ضرورت فرمائی ان عوامل میں سب سے بڑا

اور سب سے موثر عامل کیا تھا؟

ج:۔ سب سے بڑا عامل حضور اکرم ﷺ کی ذات مبارک تھی۔ آپؐ میں وہ ساری خوبیاں تھیں جن سے اسلامی انقلاب جیسا منفرد اور تاریخی کارنامہ سرانجام دیا جا سکتا تھا۔

س:۔ عمیر بن وہب نے مدینہ آکر اپنے اونٹ کو کس جگہ بٹھایا تھا جہاں سے حضرت عمر پکڑ کر حضور اکرمؐ کی خدمت میں لے گئے؟

ج:۔ مسجد نبوی کے قریب۔

س:۔ غزوہ سلیم کے موقعہ پر آنحضورؐ کے ساتھ کتنے صحابہ تھے؟

ج:۔ دو سو صحابہ۔

س:۔ غزوہ بنو سلیم کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ حضورؐ کی تشریف آوری کا سن کر بنو سلیم منتشر ہو گئے۔

س:۔ غزوہ بنو سلیم سے کونسا مال غنیمت ہاتھ آیا؟

ج:۔ پانچ سو اونٹ۔

س:۔ آنحضورؐ کا ختنہ پیدائش سے کتنے دن بعد کرایا گیا؟

ج:۔ کرایا ہی نہیں گیا۔ آپ شکم مادر ہی سے مختون تھے۔

س:۔ کعبتہ اللہ میں سب سے پہلے کس صحابی نے کلمہ اسلام بلند آواز سے پکار کر مار کھائی؟

ج:۔ حضرت ابوذر غفاری نے۔

س:۔ حضرت حمزہ کے ایمان لانے کے بعد حضرت عمرؓ کب ایمان لائے؟

ج:۔ تین دن بعد۔

س:۔ حضرت ابوبکرؓ کی والدہ ام الخیر کب مسلمان ہوئیں؟

ج:۔ جب حضرت حمزہ نے اسلام قبول کیا۔

س:۔ حضرت ابو سلمہؓ اور حضرت ام سلمہؓ کے ساتھ کونسا واقعہ پیش آیا جب وہ ہجرت کر کے مدینہ جا رہے تھے؟

ج:۔ بنو مغیرہ آکر حضرت ام سلمہ کو واپس لے گئے اور بنو عبدالاسد ان کے بچے کو لے گئے حضرت ابو سلمہؓ نے تنہا ہجرت کی۔

س:۔ کفار مکہ کی دشمنی عروج پر پہنچ گئی تو حضورؐ نے کہاں ہجرت کرنے کا فیصلہ کیا؟

ج:۔ مدینہ منورہ جسے اس وقت یثرب کہتے تھے۔
س:۔ مدینہ منورہ کو ہجرت کی نسبت سے کس نام سے پکارا جاتا ہے؟
ج:۔ دارالہجرت۔
س:۔ یوم الزحمتہ کس دن کو کہتے ہیں؟
ج:۔ جس دن حضورؐ کو دارالندوہ میں شہید کرنے کا منصوبہ بنایا گیا۔
س:۔ پہلی اسلامی ریاست کہاں قائم ہوئی؟
ج:۔ مدینہ منورہ میں۔
س:۔ پہلی اسلامی ریاست کے سربراہ کا نام بتائیں؟
ج:۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔
س:۔ پہلی اسلامی ریاست کی کل آبادی کتنی تھی؟
ج:۔ پانچ ہزار نفوس۔
س:۔ سب سے پہلی اسلامی ریاست کا شروع میں رقبہ کتنا تھا؟
ج:۔ ایک سو مربع میل۔
س:۔ مدینہ منورہ کے حدود حرم کی حد بندی مستقل کرنے کے لئے حضورؐ نے کس صحابی کو مقرر فرمایا؟
ج:۔ حضرت کعب بن مالک نے۔
س:۔ کس غزوہ میں مسلمانوں کے پاس سواری کے ستر اونٹ اور دو گھوڑے تھے؟
ج:۔ غزوہ بدر میں۔
س:۔ بدر میں حق و باطل کا معرکہ کب ہوا؟
ج:۔ 17 رمضان 6 ہجری۔
س:۔ غزوہ بدر کے موقعہ پر مدینہ منورہ میں نماز پڑھانے کی ذمہ داری حضورؐ نے کس کے سپرد کی؟
ج:۔ حضرت ابن مکتومؓ۔
س:۔ غزوہ بدر میں حضورؐ نے مدینہ کی بالائی آبادی عالیہ کا حاکم کسے مقرر کیا گیا؟
ج:۔ حضرت عاصم بن عدی۔
س:۔ غزوہ بدر سے پہلے کے غزوات و سرایا میں انصار میں سے کتنے صحابہ نے شرکت کی؟

ج:۔ پہلے غزوات و سرایا میں صرف مہاجرین نے شرکت کی۔
س:۔ غزوہ بدر میں لشکر قریش کا قائد کون تھا؟
ج:۔ عتبہ بن ربیعہ۔
س:۔ جنگ بدر میں قریش کے لشکر کو جنگ سے واپس لے جانے کی آخری کوشش سرداران قریش میں سے کس نے کی؟
ج:۔ عتبہ بن ربیعہ۔
س:۔ غزوہ بدر کے پہلے شہید حضرت مہجع کس کے ہاتھوں شہید ہوئے؟
ج:۔ عامر بن حضرمی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔
س:۔ غزوہ بدر میں سب سے زیادہ عمر کے کونسے صحابی تھے؟
ج:۔ حضرت عبیدہؓ بن حارث۔
س:۔ غزوہ بدر کا پہلا قیدی کون تھا جس کا فدیہ ادا کیا گیا؟
ج:۔ عمرو بن عبداللہ بن عمیر۔
س:۔ فتح بدر کے بعد مال غنیمت کس صحابی کے سپرد کیا گیا؟
س:۔ حضورؐ نے بدر سے واپسی پر کس مقام پر منزل فرما کر مال غنیمت تقسیم فرمایا؟
ج:۔ کوہ صفرا کے درہ میں منزل فرما کر۔
س:۔ غزوہ بدر میں کل کتنے صحابہ نے شرکت کی سعادت حاصل کی؟
ج:۔ تین سو تیرہ (313)۔
س:۔ کس خاتون محترمہ کے سات بیٹے غزوہ بدر میں شریک ہوئے؟
ج:۔ حضرت عفراؓ بنت عبید انصاریہ۔
س:۔ غزوہ بنو قینقاع کے موقعہ پر یہودیوں کی تعداد سات سو تھی ان میں زرہ پوش کتنے تھے؟
ج:۔ تین سو۔
س:۔ غزوہ سویق کہاں پر ہوا؟
ج:۔ مقام عریض پر۔
س:۔ غزوہ بدر کے بعد قریش مکہ نے شام کے قدیم تجارتی راستہ چھوڑ کر کونسا راستہ اختیار کرنے کا سوچا؟
ج:۔ عراق کا راستہ۔

س:۔ عراق کے راستے سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے قریش مکہ نے کس کی خدمات حاصل کیں؟

ج:۔ فرات بن حیان عجلی۔

س:۔ قریش کا جو تجارتی قافلہ عراق کے راستہ سے روانہ ہوا اس میں قریش کے کونسے بڑے سردار شامل تھے؟

س:۔ سن عیسوی کے حساب سے آنحضرت ﷺ غزوہ بحران سے واپس کب تشریف لائے؟

ج:۔ 18 نومبر 624 عیسوی۔

س:۔ سریہ قردہ کی وجہ کیا تھی؟

ج:۔ عراق کے راستے سے جانے والے قریش کے تجارتی قافلہ روکنا۔

س:۔ جب لشکر قریش ذوالحلیفہ کے مقام پر تھا حضور اکرمؐ نے خبر رسانی کے لئے کن صحابہ کو بھیجا تھا؟

ج:۔ حضرت فضالہ کے بیٹوں حضرت انسؓ اور حضرت مونسؓ کو۔

س:۔ جنگ احد میں جس میدان میں اسلامی فوج نے پڑاؤ کیا وہ جنوبی سمت میں ہلالی شکل کا ہے بتایئے اس کا قطر کتنا ہے؟

ج:۔ تقریباً تین سو گز۔

س:۔ غزوہ احد میں مسلمانوں کا شعار کونسا تھا؟

ج:۔ امت۔ امت۔

س:۔ یہ لفظ لشکر اسلام میں کس نے تجویز کیا؟

ج:۔ حضرت امیر حمزہؓ نے۔

س:۔ غزوہ احد میں قریش کی طرف سے سب سے پہلے جنگ کی ابتدا کس چیز سے ہوئی؟

ج:۔ قریشی عورتوں کے ہندہ کی قیادت میں دف بجا کر راگ الاپنے سے۔

س:۔ جبیر بن مطعم کے حضرت حمزہؓ کو شہید کرنے والے حبشی غلام کا کیا نام ہے؟

ج:۔ وحشی۔

س:۔ شداد بن الاسود کون تھا؟

ج:۔ غزوہ احد میں غسیل الملائکہ حضرت حنظلہ کا قاتل۔

س:۔ تمام غزوات میں کونسا غزوہ ایسا ہے جو مسلمانوں پر سب سے زیادہ کٹھن گزرا؟

ج:۔ غزوہ احد۔

س:۔ غزوہ احد میں کافروں کا ہجوم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھا تو کونسے صحابی ان کے راستے میں حائل ہوئے؟

ج:۔ حضرت زیاد بن سکن پانچ انصار کو لے کر آگے بڑھے۔

س:۔ غزوہ احد میں حضورؐ کے دندان مبارک شہید کرنے والا کون تھا؟

ج:۔ ابن قمیہ۔

س:۔ غزوہ احد میں حضور ﷺ نے کن کے متعلق فرمایا تھا وہ زندہ ہیں یا شہید ہو چکے ہیں؟

ج:۔ حضرت سعد بن ربیع۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے شہدائے احد کے لئے خصوصی دعا کب فرمائی تھی؟

ج:۔ صفر 11 ہجری۔

س:۔ غزوہ بدر کا وہ کونسا اسیر شاعر تھا جسے بغیر فدیہ لئے رہا کیا گیا؟

ج:۔ صفوان بن امیہ۔

س:۔ ہجرت کے بعد کونسے مہینے میں غزوہ حمراء الاسد پیش آیا؟

ج:۔ بتیسویں مہینے میں۔

س:۔ سفیان بن خالد الہندلی کس قبیلے سے تھا؟

ج:۔ قبیلہ لحیان سے۔

س:۔ وہ کہاں کا رئیس تھا؟

ج:۔ کوہستان عرفہ کا رئیس تھا۔

س:۔ سفیان بن خالد الہندلی کے لشکر کشی کی خبر حضورؐ کو کب ملی؟

ج:۔ پانچ محرم سن 4 ہجری۔

س:۔ سفیان بن خالد الہندلی کی سرکوبی پر حضورؐ نے کس کو مقرر کیا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن انیس جہنی۔

س:۔ بنو نضیر کے سردار کی تلوار حضورؐ نے کسے عنایت فرمائی؟

ج:۔ حضرت سعدؓ بن معاذ کو۔

س:۔ یامین بن عمیر اور ابو سعید بن وہب یہودی کس غزوہ میں مسلمان ہوئے؟
ج:۔ غزوہ بنو نضیر۔
س:۔ اس شخص کا نام بتائیں جس کی تلوار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دھمکی دیتے ہوئے گر گئی کہ اب بولو تمہیں میرے ہاتھ سے کون بچا سکتا ہے؟
ج:۔ دعثور بن حارث۔
س:۔ غزوہ ذات الرقاع میں حضورؐ نے جو نماز ادا فرمائی اسے کیا کہتے ہیں؟
ج:۔ صلوۃ خوف۔
س:۔ غزوہ دومتہ الجندل کی وجہ بتائیں؟
ج:۔ والئی دومتہ الجندل کیدر نصرانی مسلمانوں کے تجارتی قافلوں کو مسلسل پریشان کر رہا تھا۔
س:۔ حضورؐ نے حضرت سباعؓ بن عرفطہ کو مدینہ میں اپنا نائب کب بنایا؟
ج:۔ غزوہ دومتہ الجندل پر تشریف لے جاتے ہوئے۔
س:۔ غزوہ دومتہ الجندل کے موقعہ پر حضورؐ نے کس سردار سے حلیفانہ تعلقات بڑھائے؟
ج:۔ عیینہ بن حصین سے۔
س:۔ 2 شعبان 5 ہجری میں حضورؐ کس غزوہ کے لئے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے؟
ج:۔ غزوہ بنو مصطلق۔
س:۔ کس غزوہ میں ایک مسلمان غلطی سے شہید ہوئے؟
ج:۔ غزوہ مریسیع۔
س:۔ ان کا نام کیا تھا؟
ج:۔ حضرت ہشام بن صبابہ۔
س:۔ کس نوجوان نے غزوہ بنو مصطلق میں اپنے منافق باپ کو قتل کرنے کی پیشکش کی؟
ج:۔ عبداللہ بن عبداللہ بن ابی۔
س:۔ غزوہ خندق کے موقعہ پر کس صحابی نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ اے اللہ کے رسولؐ میں مسلمان ہو گیا ہوں۔ دشمن کو میرا اسلام لانا معلوم نہیں۔ حکم ہو تو میں قریش اور بنو قریظہ کا اتحاد توڑنے کے لئے کام

کروں؟

ج:۔ حضرت نعیم بن مسعود۔

س:۔ جنگ خیبر میں عمرو بن عبدود کی تلوار کا زخم حضرت علیؓ کے جسم کے کس حصے پر لگا تھا؟

ج:۔ پیشانی پر۔

س:۔ غزوہ خندق کے موقع پر قریش کے کن بھاگتے ہوئے دو سرداروں کا بھالا اور زرہ حضرت زبیر بن عوام کے ہاتھ آئے؟

ج:۔ جبیر کی زرہ اور عکرمہ کا بھالا۔

س:۔ صحابیہ رفیدہ کس غزوہ میں شریک ہوئیں؟

ج:۔ غزوہ خندق میں۔

س:۔ رجیع کے واقعہ میں کیا ہوا؟

ج:۔ بنو لحیان نے دھوکہ سے دس صحابہ کو بلا کر شہید کر دیا۔

س:۔ وادی القریٰ میں زمانہ قدیم میں کونسی قومیں آباد تھیں؟

ج:۔ عاد اور ثمود۔

س:۔ کس سریہ میں سارے اسلامی دستے کا صفایا ہو گیا؟

ج:۔ سریہ تربہ میں۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کس موقعہ پر سب سے پہلے ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھیں؟

ج:۔ فتح مکہ کے دن۔

س:۔ عطارد بن حاجب بنو تمیم کا خطیب تھا بتایئے اس کی تقریر کے جواب میں حضور اکرم ﷺ کے اشارے سے کس نے تقریر فرمائی؟

ج:۔ حضرت ثابت بن قیس۔

س:۔ وفد بنی اسد جو حضور اکرم ﷺ اس میں سے کسی مشہور فرد کا نام بتائیں؟

ج:۔ وابصہ بن معبد۔

س:۔ غار حرا مکہ سے گزرنے والی کس شاہراہ پر ہے؟

ج:۔ شارع عرفات۔

س:۔ حضورؐ نے اپنی عمر کے چالیسویں سال کا زیادہ حصہ کہاں گزارا؟

ج:۔ غار حرا میں۔

س:۔ حضور اکرم نے منصب بنوت پر فائز رہ کر کتنے دن تبلیغ فرمائی؟

ج:۔ آٹھ ہزار ایک سو چھپن دن۔

س:۔ حضورؐ نے دعوت عام کا آغاز کس مقام سے فرمایا؟

ج:۔ کوہ فاران سے۔

س:۔ سب سے پہلے کس پورے گھرانے نے اسلام قبول کیا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیق کے گھرانے نے۔

س:۔ مکہ مکرمہ سے باہر بدوی قبائل آنحضرت کو کس نام سے پکارتے تھے؟

س:۔ بتایئے آنحضرت ﷺ نے حضرت ایوب انصاری کے دو منزلہ مکان کی کس منزل میں رہنا پسند فرمایا؟

ج:۔ نیچے کے حصے میں رہنا پسند کیا۔

س:۔ دنیا کا پہلا تحریری دستور کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ میثاق مدینہ کو۔

س:۔ ثمامہ بن اثال سردار بحد نے کس سن ہجری میں اسلام قبول کیا؟

ج:۔ 10 ہجری۔

س:۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کس سفیر کو کس نے قتل کیا؟

ج:۔ حضرت حارث بن عمیر الاسدی کو شرجیل بن عمرو غسانی والئی موتہ نے۔

س:۔ بحرین میں اسلام کی روشنی کب پھیلی؟

ج:۔ 8 ہجری۔

س:۔ سب سے پہلے بحرین میں کون مسلمان ہوا؟

ج:۔ منذر شاہ بحرین۔

س:۔ اہل بحرین کا قدیم مذہب کیا تھا؟

ج:۔ آتش پرستی۔

س:۔ حضورؐ نے کس صحابی کو روسائے فارس جو یمن میں مقیم تھے کی طرف دعوت اسلام کے لئے بھیجا؟

س:۔ اس کا مذہب کیا تھا؟

ج:۔ عیسائی۔

س:۔ ۔بنو خزاعہ پر حملے کے وقت قریش کے کن سرداروں نے بنو بکر کے ساتھ

مل کر بنو خزاعہ پر ظلم ڈھائے؟

ج:۔ عکرمہ بن ابی جہل۔ صفوان بن امیہ۔ سہیل بن عمرو۔

س:۔ بنو خزاعہ پر بنو بکر اور قریش کے ظلم اور حملہ کی خبر آنحضور ﷺ کی خدمت میں سب سے پہلے کس نے پہنچائی؟

ج:۔ عمرو بن سالم الخزاعی نے۔

س:۔ ابو سفیان مدینہ میں اپنی بیٹی ام المومنینؓ ام حبیبہ سے ملنے آیا۔ حضورؐ کے بستر پر بیٹھنے لگا۔ ام حبیبہ نے روک دیا۔ ابو سفیان کے وجہ پوچھنے پر کیا جواب دیا؟

ج:۔ یہ رسول اللہ ﷺ کا بستر ہے۔ میں نہیں چاہتی کہ کوئی مشرک بستر پر بیٹھے۔

س:۔ فتح مکہ کے دن حضور اکرم ﷺ نے سب اہل مکہ کو معاف کر دیا۔ لیکن کچھ لوگوں کو اپنی شفقت سے محروم کرکے واجب القتل قرار دیا۔ ان کی تعداد بتائیں؟

ج:۔ سترہ۔

س:۔ عدی بن حاتم کی بہن کا نام کیا تھا جو گرفتار ہو کر خدمت اقدس میں تشریف لائی تھیں؟

ج:۔ حضرت سفانہ بنت حاتم۔

س:۔ نجران کے پہلے وفد سے جزیہ کی ادائیگی پر جو معاہدہ ہوا اس پر کن صحابہ کرام نے اپنی شہادتیں ثبت فرمائیں؟

ج:۔ حضرت اقرع بن حابس۔ حضرت غیلان بن عمرو۔ حضرت مالک بن عوف۔

س:۔ نجران کے وفد کی واپسی پر کون سے صاحب نجران سے مدینہ تشریف لا کر مسلمان ہوئے؟

ج:۔ حضرت بشیر بن معاویہ کنیت ابو علقمہ۔

س:۔ نجران کا دوسرا وفد کس کی سربراہی میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟

ج:۔ اسقف ابو الحارث کی قیادت میں۔

س:۔ اس میں کتنے افراد تھے؟

ج:۔ ساٹھ افراد۔

س:۔ بنو اسد کے کس فرد نے کبھی نبوت کا دعویٰ کیا تھا؟

ج:۔ طلحہ بن خویلد۔

س:۔ وفد بنی فزارہ کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟

ج:۔ غزوہ تبوک سے واپسی پر۔

س:۔ اس میں کتنے افراد شامل تھے؟

ج:۔ دس پندرہ۔

س:۔ بنی فزارہ نے حضورؐ سے کس بات کی درخواست کی تھی؟

ج:۔ بارش کے لئے دعا فرمائیں۔

س:۔ وفد بنی عامر کتنے آدمیوں پر مشتمل تھا؟

ج:۔ دو آدمیوں پر جو حضورؐ کو قتل کرنے کی خوفناک سازش بنا کر آئے تھے۔

س:۔ ان کافروں کے نام بتائیں؟

ج:۔ عامر بن طفیل۔ اربد بن قیس۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے وفد بنو عامر کے شر سے بچاؤ کے لئے دعا مانگی۔ بتایئے ان دونوں کو کس طرح موت آئی؟

ج:۔ عامر بن طفیل طاعون سے مرا اور اربد بن قیس پر بجلی گری۔

س:۔ علاقہ یمن کا ممتاز قبیلہ کندہ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بتایئے اس وفد میں کتنے آدمی تھے؟

ج:۔ یہ اسی سواروں کا وفد تھا۔

س:۔ قائد کون تھا اس وفد کا؟

ج:۔ اشعث بن قیس۔

س:۔ قبیلہ ازد کا وفد کس کی قیادت میں حضورؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا؟

ج:۔ صبرد بن عبداللہ ازدی۔

س:۔ اس وفد میں کتنے افراد شامل تھے؟

ج:۔ سات افراد۔

س:۔ شہر جرش سرکش قبائل کے قبضے میں تھا۔ مضبوط حفاظتی قلعہ بھی تھا۔ سرکش طاقتوں کو ہموار کرنے کے لئے حضورؐ نے کسے مقرر کیا؟

ج:۔ صبرد بن عبداللہ ازدی۔

س:۔ وفد ہمدان جو حضورؐ کی خدمت حاضر ہوا اس کے چند نمایاں آدمیوں کے نام بتائیں؟

ج:۔ مالک بن نمط۔ ابو ثور۔ عمیر بن مالک۔ صمام بن مالک۔
س:۔ وفد ہمدان میں کتنے افراد تھے؟
ج:۔ ایک سو بیس۔
س:۔ وفد محارب کب رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا؟
ج:۔ دس ہجری میں۔
س:۔ وفد غسان کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:۔ رمضان 10 ہجری۔
س:۔ سلامان قبیلہ کا وفد کب حضورؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا؟
ج:۔ شوال 10 ہجری۔
س:۔ اس میں کتنے افراد شامل تھے؟
ج:۔ سترہ افراد۔
س:۔ وفد بنی عبس کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:۔ وصال سے چند ماہ پہلے۔
س:۔ وفد غامد کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:۔ 10 ہجری۔
س:۔ اس میں کتنے افراد تھے؟
ج:۔ دس۔
س:۔ وفد بنی الحارث کب حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
ج:۔ شوال 10ھ میں۔
س:۔ اس وفد کے اہم افراد کا نام بتائیں؟
ج:۔ قیس بن الحصین۔ عبداللہ بن قراد۔
س:۔ حضورؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے والے وفد نخع میں کتنے آدمی تھے؟
س:۔ جیش عسرت کی مدینہ سے روانگی کب عمل میں آئی؟
ج:۔ رجب 9 ہجری۔
س:۔ رومیوں کے تبوک کے مقام پر جمع ہونے کی اطلاع مدینہ میں سب سے پہلے کس نے پہنچائی؟
ج:۔ شام کے نبطی سوداگروں نے جو مدینہ میں روغن زیتون بیچنے آتے تھے۔

س:۔ اصحاب الفیل کے لشکر پر کس وادی میں تباہی نازل ہوئی تھی؟

ج:۔ وادی محسر میں۔

س:۔ حضور کے لئے مسواک نرم کون کیا کرتی تھیں؟

ج:۔ ام المومنین عائشہؓ۔

س:۔ مسافع بن صفوان کون تھا؟

ج:۔ ام المومنین حضرت جویریہ کا پہلا خاوند۔

س:۔ ام المومنین حضرت صفیہ صفیہ کے نام سے کیوں مشہور ہوئیں؟

ج:۔ عرب میں مال غنیمت کا بہترین حصہ امام یا بادشاہ کے لئے ہوتا تھا۔ اس کو صفیہ کہتے تھے۔ چونکہ آپؐ بھی اسی طریق سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں اس لئے صفیہ کہلائیں۔

س:۔ ابن عساکر نے حضرت عائشہ سے روایت کی ہے کہ میں اندر بیٹھی کچھ سی رہی تھی۔ میرے ہاتھ سے سوئی گر گئی۔ بہت تلاش کرنے سے بھی نہ ملی۔ اتفاقاً رسول اللہؐ تشریف لے آئے تو مل گئی۔ یعنی کیسے مل گئی؟

ج:۔ آپؐ کے رخ روشنی سے تمام کمرہ روشن ہو گیا۔ حضرت عائشہؓ نے زمین سے سوئی اٹھالی۔

س:۔ ترمذی نے ابو ہریرہؓ کی حضورؐ کے رخ روشن کے بارے جو روایت بیان کی ہے وہ کیا ہے؟

ج:۔ آپؐ کے رخ روشن میں آفتاب گردش کرتا تھا۔ آپؐ جب ہنستے تھے تو دیواروں پر عکس پڑتا تھا۔

س:۔ کعب احبار کی اس بارے میں کیا روایت ہے؟

ج:۔ میں نے خواب میں آنحضورؐ کو دیکھا کہ آپؐ کے جسم پاک پر کوئی ایسا بال نہ تھا جو نور نہ ہوں۔

س:۔ آنحضرت ﷺ کی پیشانی مبارک کے بارے کیا فرماتی ہیں؟

ج:۔ میں بیٹھی چرخہ کلت رہی تھی اور حضورؐ اپنی جوتی کو پیوند لگا رہے تھے۔ آپؐ کی پیشانی مبارک پر پسینہ آ رہا تھا۔ اور نور کی شعاعیں نکل رہی تھیں۔

س:۔ رسول مقبول کی چشمان مبارک کیسی تھیں؟

ج:۔ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم رات کے اندھیرے میں ایسا ہی دیکھا کرتے تھے جیسا دن کی روشنی میں۔

س:۔ حافظ بیہقی سے اس کے بارے میں کیا روایت ہے؟

ج:۔ فرمایا خدا کی قسم تمہارے رکوع و سجود مجھ سے پوشیدہ نہیں۔ میں تم کو پیچھے سے ایسے ہی دیکھتا ہوں جیسے آگے سے۔

س:۔ آپؐ کی بغل مبارک کے بارے میں کیا روایت ہے؟

ج:۔ محب طبری نے آپؐ کے خصائص میں روایت کی ہے کہ آپؐ کی بغل مبارک دوسرے آدمیوں کی طرح متغیر اللون نہیں تھی اور اس میں بال بھی نہیں تھے۔

س:۔ داری نے اس کے بارے میں کیا روایت کی ہے؟

ج:۔ میں اپنے باپ کے ساتھ تھا۔ جب ماعز بن مالک کو آپؐ نے رجم (سنگسار) کرنے کا حکم دیا تو اس پر سنگ باری دیکھ کر میں خوف زدہ ہو گیا۔ آپؐ نے مجھے پہلو میں کر لیا تو اس وقت آپؐ کی بغل کا پسینہ مجھ کو لگا۔ اس کی خوشبو مشک کی طرح تھی۔

س:۔ حضور کے دست مبارک کی کیا شان ہے؟

ج:۔ عمرو بن میمون سے روایت ہے کہ مشرکین عمارؓ بن یاسر کو آگ میں ڈالنے والے تھے۔ اسی وقت رسول اللہ تشریف لائے۔ اپنا دست مبارک عمارؓ کے سر پر رکھ کر فرمایا۔ اے آگ عمار پر ٹھنڈی ہو جا جیسے تو حضرت ابراہیمؑ پر ٹھنڈی ہو گئی تھی۔ عمارؓ آگ سے محفوظ رہے۔

س:۔ حضورؐ کی انگشتان مبارک کی کیا شان تھی؟

ج:۔ طبرانی نے روایت کیا ہے حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب آپؐ اس دنیا میں تشریف لائے تو آپؐ کی مٹھیاں بند تھیں۔ اور انگشت شہادت سے آپؐ اشارہ فرماتے جیسے کوئی تسبیح پڑھتا ہے۔

س:۔ حضور ﷺ کی انگلی کے اشارے سے چاند دو ٹکڑے ہو جانے کا کیا واقعہ ہے؟

ج:۔ حدیث کی تمام کتابوں میں محدثین نے اس کو نقل کیا ہے کہ ابوجہل نے ایک دفعہ حضورؐ سے طنزیہ کہا کہ اگر تم چاند کو دو ٹکڑے کرنے کا معجزہ دکھا دو تو میں تم پر ایمان لے آؤں۔ آپؐ نے انگشت شہادت سے چاند کی طرف اشارہ کیا۔ چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے سینہ مبارک کی کیا شان تھی؟

ج:۔ آنحضورؐ کا سینہ نور کا منبع تھا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے قلب مبارک کے اسرار پر انوار کیا ہیں؟

ج:۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا انبیاء کی آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں ہوتا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے شکم مبارک کی کیا شان ہے؟

ج:۔ ام ہانی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے شکم مبارک کو دیکھا۔ وہ تہ شدہ کاغذ کی طرح تھا۔ یعنی کمر سے لگا ہوا تھا۔ آپؐ نے فرمایا ہم انبیاء کے شکم سے جو بول براز خارج ہوتا ہے زمین کو اس کو نگلنے کا حکم ہے۔ آپؐ کے براز کو کوئی نہ دیکھ سکا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کی پشت مبارک کیسی تھی؟

ج:۔ امام احمد نے معتر کعبی سے روایت کیا ہے رسول اللہ ﷺ نے جعرانہ سے عمرہ کے لئے احرام باندھا۔ میں نے آپؐ کی پشت مبارک دیکھی وہ چاند کی طرح چمک رہی تھی۔

س:۔ آپؐ کے قدم مبارک کی کیا شان ہے؟

ج:۔ عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ کے پائے مبارک خوبصورتی میں بے مثل و بے مثال تھے۔ جب آپؐ پتھر پر چلتے تو پتھر پر آپؐ کے قدم مبارک کا نشان منقش ہو جاتا۔ پتھر موم ہو جاتا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کا جسم مبارک کیسا تھا اور قدم مبارک کتنا تھا؟

ج:۔ ابن ابی خیمہ نے اپنی تاریخ میں حضرت عائشہ سے روایت کیا ہے کہ آنحضورؐ درمیانہ قد کے تھے۔ آپؐ کے جسم مبارک کا سایہ نہ تھا۔

س:۔ آنحضرت ﷺ کے پاپوش مبارک کی کیا شان تھی؟

ج:۔ بخاری نے باب البرکات میں لکھا ہے کہ جب رسول کریم شب معراج سدرۃ المنتہیٰ سے بھی آگے نکل کر حجابات خداوندی میں پہنچے تو "تعظیماً" نعلین مبارک اتارنے لگے تو آواز آئی۔ میرے حبیب آگے بڑھو۔ اور آگے۔ اور آگے۔ اپنے جوتوں کے ساتھ ہی ہمارے قریب تر ہو جاؤ۔

معجزات رسولؐ

س:۔ رسول اللہ ﷺ کے وہ معجزات کیا ہیں جن کا تعلق برکتوں اور

روایتوں سے ہے؟

ج۔ صحیحین میں ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دعا فرمائی کہ اے اللہ ابن عباس کو دین کی سمجھ اور تفسیر کا علم عطا کر۔ اس دعا کا اثر یہ ہوا کہ ان کے علم کی زیادتی کی وجہ سے حبر کا خطاب پایا اور تفسیر میں وہ مرتبہ ملا کہ ترجمان القرآن کہلائے۔

عمرو بن حریث سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے عبداللہ بن جعفر کے حق میں دعا فرمائی کہ اللہ ان کی خرید و فروخت میں برکت عطا فرما۔ دعا کا یہ اثر ہوا کہ وہ جو کچھ خریدتے اس میں کامل فائدہ ہوتا۔

س۔ آنحضور ﷺ کے وہ کونسے معجزے ہیں جن کا تعلق بیماروں کی شفا سے ہے؟

ج۔ صحیحین سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علیؓ کی آنکھیں دکھنے لگیں۔ آنحضورؐ نے لعاب دہن مبارک لگایا تو بالکل اچھی ہو گئیں۔

ہجرت کی رات غار ثور میں پناہ لینے کے دوران حضرت ابوبکرؓ کے پاؤں پر سانپ نے ڈس لیا۔ حضورؐ نے اپنا لعاب دہن مبارک زخم پر لگایا تو زہر زائل ہو گیا۔

س۔ رسول اللہ ﷺ کے وہ معجزے بیان کرو جن کا تعلق آسمان اور ستاروں سے ہے؟

ج۔ کفار نے جمع ہو کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں سوال اٹھایا کہ اگر تم سچے ہو تو چاند کے دو ٹکڑے کر دکھاؤ۔ آپؐ نے چاند کی طرف اشارہ کیا تو چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ غزوہ حنین میں جب گھمسان کا رن ہو رہا تھا۔ حضورؐ نے مٹھی میں مٹی لی اور کفار پر پھینکتے ہوئے ان کے درمیان سے نکل گئے۔ کسی کو حضورؐ نظر نہ آئے۔ ان کی نظربندی ہو گئی۔ ابو یعلی سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ کو جب حلیمہ سعدیہ دودھ پلانے کے لئے اپنے گاؤں لے گئیں تو ان دنوں وہاں قحط کی وجہ سے گھاس کی کمی تھی لیکن آنحضرتؐ کی برکت سے حلیمہؓ کی بکریاں وافر دودھ دینے لگیں۔

رسول اللہ کی پیشین گوئیاں

س۔ رسول اللہ ﷺ کی وہ کونسی پیشین گوئیاں ہیں جن کا تعلق خلفائے راشدین رضی اللہ اجمعین سے ہے؟

ج۔ ترمذی نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کیا ہے کہ آنحضورؐ نے حضرت عثمانؓ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ اس فتنے میں بے گناہ مارا جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا عراق کے بلوائیوں نے بلوہ کر کے حضرت عثمانؓ کو شہید کر دیا۔ خیبر کئی روز تک فتح نہ ہوا تو حضورؐ نے فرمایا کہ کل میں اس کو علم دوں گا جو خیبر فتح کرے گا۔ ایسا ہی ہوا حضرت علیؓ نے خیبر فتح کیا۔

حضرت ابو قتادہ سے مسلم نے روایت کی ہے کہ غزوہ خندق میں خندق کھودتے ہوئے حضورؐ نے حضرت عمارا بن یاسر سے فرمایا تھا تمہیں باغیوں کا ایک گروہ شہید کرے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ جنگ صفین میں معاویہ کی فوج کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔

خطبات رسولؐ

س۔ حضور کا انداز خطابت کیسا تھا؟

ج۔ آنحضرت ﷺ نہایت سادہ طریقے پر خطبہ دیتے تھے۔ خطبہ دیتے وقت خطبہ کا مخصوص لباس زیب تن فرماتے۔ جب آپؐ مسجد میں خطبہ دیتے تو دست مبارک میں عصا ہوتا اور جب میدان جنگ میں خطبہ دیتے تو کمان سے ٹیک لگا لیتے۔

س۔ آنحضرت نے جس خطابت اسلامیہ کی بنیاد رکھی اس کے موضوعات کیا تھے؟

ج۔ آنحضرت ﷺ نے خطابت اسلامیہ کی بنیاد رکھی۔ عہد جاہلیت کے موضوعات بالکل متروک ہو گئے۔ اور نئے موضوعات متعارف ہوئے۔

س۔ حضور ﷺ کی خطابت کے ذکر میں اہم امر کیا ہے؟

ج۔ حضورؐ کے انداز بیان کی اثر انگیزی۔

معلم انسانیت

س۔ علم کی قدر قیمت کے بارے میں حضورؐ کے کیا ارشادات ہیں؟

ج۔ حضورؐ نے علم کی بڑی قدر و قیمت بیان فرمائی اور مسلمانوں کو حصول علم کی طرف توجہ دلائی۔

س۔ علم ایک دولت ہے اس کا فائدہ کس وقت مقصود ہو سکتا ہے؟

ج۔ جب اس سے معاشرے کو انفرادی اور اجتماعی طور پر خیر نصیب ہو۔ خلق

خدا کو فائدہ پہنچے۔ حضورؐ کے کتمان علم کو حرام قرار دیا۔ حضورؐ کی اس طرز فکر نے ہزاروں انسانوں کے سینے میں علم کی شمع فروزاں کی۔

س:۔ حضورؐ نے علم کو کس میں شمار کیا؟

ج:۔ ارکان خیر۔ حضورؐ نے علم کا حصول ہر مسلمان پر فرض فرمایا۔ علم خدا شناسی اور خود شناسی کی معرفت پیدا کرتا ہے۔ ابلاغ علم کا یہی احساس تھا جس نے آپؐ کو اس نشر و اشاعت پر مختلف طریقوں سے آمادہ کیا۔ آپؐ کے پاس وفود آتے آپؐ انہیں اسلام کی تعلیم دیتے۔ صحابہ میں سے بعض کو مبلغ و معلم بنا کر بھیجتے خطوط ارسال کرتے۔ خود مختلف قبائل اور افراد تک پہنچتے۔

شارح کتاب اللہ

س:۔ شارح کتاب اللہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریمؐ کو یہ مقام عطا فرمایا کہ آپؐ کی کتاب کی شرح بیان کریں۔

س:۔ رسول اللہ نے اس فرض منصبی کو کتنے طریقوں سے انجام دیا؟

ج:۔ آپؐ نے تدریجی طور پر کامل دین الٰہی کے ان تمام حدود و احکام اور قوانین پر عمل کرکے دکھایا اور اس عملی پہلو کے ساتھ وہ توضیحات بھی شامل ہیں جو آپؐ نے مختلف اوقات میں فرمائیں۔ مثلاً آپؐ نے حجتہ الوداع کے موقع پر تمام مناسک حج عملاً ادا کرکے سکھا۔ قرآن کریم کے جملہ احکام کے متعلق عقائد و معاملات کی رسول اللہ نے بہترین تفصیلات بیان فرما دی ہیں۔

س:۔ کتاب کے علاوہ حکمت بھی آپؐ پر نازل کی گئی۔ جس کی تعلیم آپ لوگوں کو دیتے تھے۔ اس کا مطلب اس کے سوا اور کیا ہے کہ جس دانائی کے ساتھ آنحضورؐ قرآن مجید کی حکمت عملی کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کام کرتے اور قیادت و رہنمائی کے فرائض انجام دیتے تھے وہ محض آپؐ کی آزادانہ ذاتی قوت فیصلہ نہ تھی بلکہ یہ چیز بھی آپ پر اللہ نے نازل کی تھی۔ جسے آپؐ خود ہی استعمال نہ کرتے رہتے لوگوں کو بھی سکھاتے تھے؟

س:۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کچھ رشتے حرام فرمائے ہیں وہ کیا ہیں؟

ج:۔ ماں، بیٹی، بہن یا دو بہنوں کا عقد میں جمع کرنا حضور کا فیصلہ تھا کہ بیک وقت پھوپھی، بھتیجی، خالہ، یا بھانجی سے نکاح نہ کیا جائے۔ اس طرح خطرہ ہے کہ ان

کے درمیان صلہ رحمی اور محبت قائم نہ رہ سکے گی۔

س:۔ بیوہ عورت کے نکاح کے بارے حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ بیوہ عورت کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر نہ کیا جائے۔ اگر عورت انکار کر دے تو جبر جائز نہیں۔

س:۔ حضورؐ نے اپنے بارے کیا فرمایا؟

ج:۔ میری تعریف میں اس طرح غلو نہ کرنا جس طرح عیسیٰؑ کی تعریف میں نصاریٰ نے کیا۔ میں تو صرف اللہ کا بندہ ہوں اور رسول ہوں۔

س:۔ آپؐ نے گردش زر کے عمدہ اصولوں کے ساتھ دولت کے بارے میں کیا نقطہ نظر انسانوں کو دیا؟

ج:۔ آپؐ نے اسراف اور بخل کے درمیان اعتدال کی راہ دکھائی۔ ان اصلاحات کے ساتھ قرض حسنہ اور ہمدردی و ایثار کے اصول عملی طور پر جاری کئے جسے سے معاشرہ خود کفیل ہو گیا۔ تاریخ بتلاتی ہے کہ انسان نے سب سے زیادہ ظلم اس وقت کیا ہے جب اسے سیاسی اقتدار ملا ہے۔ رحمت نبوی نے انسانیت کے اس دلگداز پہلو پر بھی توجہ فرمائی۔ اصلاح و انقلاب سے اس کو نیا رنگ دیا۔ بتلایا کہ حاکم محکوم کی تفریق غلط ہے۔ حاکم صرف اللہ ہی کی ذات ہے اور انسان اس کا انتظامی نائب ہے۔

بے مثل داعی انقلاب

س:۔ سرور کائنات صلعم سے پہلے اور بعد دنیا میں بے شمار انقلاب آئے ہیں لیکن رسول عربیؐ کس اعتبار سے ان سب سے منفرد ہیں؟

ج:۔ اس اعتبار سے کہ حضورؐ نے انسانوں کو اپنے طرز عمل سے ایک دوسرے کا رفیق اور ہم جلیس بنا دیا۔ شیر اور بکری کو ایک گھاٹ پانی پلا دیا۔ حضورؐ نے گداؤں کو تاجدار اور تاجداروں کی کلیا پلٹ کرکے ان کو گداؤں کی صف میں کھڑا کر دیا۔

عظیم مقنن و منصف

س:۔ نبی کریم ﷺ کی ہمہ گیر شخصیت کا بے حد اہم پہلو کیا ہے؟

ج:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمہ گیر شخصیت کا بے حد اہم پہلو آپؐ کا قانون ساز ہونا ہے۔

س:۔ آپؐ کس بنیاد پر قانون سازی فرماتے تھے؟

ج:۔ آپؐ اپنے تشریعی اختیارات کی بنیاد پر قانون سازی فرماتے تھے۔

س:۔ امر بالمعروف سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ ہر ایسے کام کا حکم دینا جو شرعاً، اخلاقاً اور فطرۃً اچھے اور مفید ہوں۔

س:۔ نہی عن المنکر کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ ہر ایسے کام سے منع کرنا جو شرعاً، عقلاً، اخلاقاً اچھا نہ ہو۔

س:۔ تحلیل طیبات کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ ایسی تمام چیزوں کو حلال کرنا جو عمدہ مفید اور فطرۃ صحیحہ کے اعتبار سے پسندیدہ اور لذیذ ہوں۔

س:۔ تحریم خبائث سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ ایسی تمام چیزوں سے منع کرنا جو گندی ضرر رساں ذوق سلیم کے مطابق نہ ہوں۔

س:۔ وضع اصر کیا ہے؟

ج:۔ ان تمام تر سخت ترین احکام و شدید ترین پابندیوں کے بوجھ کو ہلکا کر دینا جن میں پہلی امتیں اپنی لغت و سرکشی کی پاداش میں مبتلا تھیں۔

س:۔ اسلام میں رسول مقبولؐ کی قانون کی اہمیت و حیثیت کیا ہے؟

ج:۔ آنحضورؐ اسلام کے اولیں قانون ساز تھے انہوں نے اس ضمن میں مسلمانوں کی رہنمائی کی۔

س:۔ رسول کریم ﷺ نے باہمی خرید و فروخت اور قرض کے لین دین میں کیا رہنمائی فرمائی؟

ج:۔ لوگوں کو خرید و فروخت اور لین دین کے ستھرے ستھرے قواعد و ضوابط اور اصولوں سے روشناس کرایا۔

س:۔ قانون حق شفعہ کیا ہے۔ اس کے شارع کون ہیں؟

ج:۔ رسول اکرمؐ قانون کی اس شق کے شارع ہیں کیونکہ آپ سے پہلے یہ قانون کہیں رائج نہ تھا۔

س:۔ آنحضورؐ نے محنت کی عظمت کو بلند کرنے کے لئے کیا کیا؟

ج:۔ محنت کا احترام سکھلایا۔ مزدور سے انصاف کا احساس دلایا۔ آپؐ نے اجرت کی ادائیگی پر خدمت لینے کی اجازت دی۔ مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ سوکھنے

سے پہلے ادا کرنے پر زور دیا۔

حیات رسول کا معاشی و معاشرتی پہلو

س:۔ زمانہ قبل از نبوت آپؐ نے کیا شغل اختیار کیا؟
ج:۔ شغل تجارت اختیار کیا۔
س:۔ کیا مال فے میں خمس ہے؟
ج:۔ مال فے میں خمس نہیں مال غنیمت میں خمس ہے۔
س:۔ خانگی زندگی میں حضورؐ کیسے تھے؟
ج:۔ آپؐ کی حیات طیبہ کا یہ پہلو بھی بے نظیر ہے۔ تمام ازواج سے مثالی سلوک کیا۔
س:۔ بحیثیت شوہر کیسے تھے؟
ج:۔ مثالی شوہر۔
س:۔ آپؐ کی مجلسی زندگی کیسی تھی؟
ج:۔ شمع ہر انجمن تھے۔
س:۔ حضورؐ کی بود و باش کیسی تھی؟
ج:۔ بڑی سادہ۔ قناعت و توکل کا سہارا تھا۔
س:۔ غلاموں کے ساتھ آپؐ کا سلوک کیسا تھا؟
ج:۔ غلام کو غلام نہ سمجھتے تھے۔ آپؐ نے اپنے ہر غلام کو آزاد کر دیا۔
س:۔ رسول اکرم ﷺ نے اپنے تمام امور دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب کے بارے کیا فرمایا؟
ج:۔ بار الٰہا! میرے تمام امور دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ۔
س:۔ جابر حاکم اور عادل کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا؟
ج:۔ قیامت کے دن محبوب ترین اور مقرب بندہ اللہ کے نزدیک عادل حاکم ہو گا اور انتہائی ملعون و معتوب شخص جابر حاکم ہو گا۔
س:۔ قدر نعمت کے بارے میں حضورؐ کا کیا فرمان ہے؟
ج:۔ اپنے سے پست کو دیکھو اور اپنے سے اونچے پر نظر نہ ڈالو اس طرح تم اللہ کی بہت سی نعمتوں کی قدر کر سکو گے۔

س:- رزق کے بارے میں رسول اللہ کا کیا ارشاد ہے؟
ج:- زمین کی گہرائیوں میں بھی رزق تلاش کرو۔
س:- انسان دوستی کا کیا درجہ ہے؟
ج:- ایمان باللہ کے بعد سب سے بہتر عمل انسانوں سے محبت ہے۔
س:- مساوات کے بارے حضورؐ کا کیا ارشاد ہے؟
ج:- مساوات پیدا کرو۔ اور امتیاز نہ آنے دو تاکہ دلوں میں اختلاف پیدا نہ ہو۔
س:- تذلیل کے بارے حضورؐ کا کیا ارشاد ہے؟
ج:- کسی کو ذلیل اور رسوا کرنے والے سے بدتر کوئی آدمی نہیں۔
س:- دشمن پر احسان کے بارے حضورؐ کا کیا ارشاد ہے؟
ج:- جب دشمن پر اختیار و اقتدار حاصل ہو جائے تو اس پر احسان کرو۔ اسے معاف کر دو۔
س:- کاہلی و سستی کے بارے حضورؐ کا کیا ارشاد ہے؟
ج:- کاہلی و سستی زندگی کو زنگ لگا دیتی ہے۔
س:- معذرت؟
ج:- جس فعل پر معذرت کرنا پڑے اس سے اجتناب کرو۔
س:- تعارف؟
ج:- برے آدمی سے بچو وہ تمہارا تعارف نہ بن جائے۔
س:- کنجوسی کیا ہے؟
ج:- کنجوسی ایک بہت برا مرض ہے۔
س:- بہترین عمل کیا ہے؟
ج:- تم اپنے برادر مومن کو مسرور کرو یا اس کا قرضہ ادا کرو۔
س:- احترام ہم جلیس کیا ہے؟
ج:- ہم نشینوں کا احترام بڑی بھاری نیکی ہے۔
س:- دولت کا بہترین مصرف کیا ہے؟
ج:- اپنے اہل و عیال۔
س:- بہترین صدقہ کونسا ہے؟
ج:- جو بے لوث ہو۔
س:- تعلیم و تعلیم کیا ہے؟

ج:۔ انسان علم حاصل کرے اور پھر علم دوسروں تک پہنچائے۔

س:۔ بہترین عیادت کیا ہے؟

ج:۔ مریض کے پاس زیادہ دیر نہ بیٹھنا۔

س:۔ کامل شخص کون ہے؟

ج:۔ جو کامل جدوجہد کرتا ہے۔

س:۔ ذخیرہ اندوزی کے بارے رسول مقبولؐ کا کیا ارشاد ہے؟

ج:۔ گنہ گار ذخیرہ اندوزی کرے گا۔

س:۔ جنت میں کون جائے گا؟

ج:۔ جنت میں رحمدل ہی جائے گا۔

س:۔ قاطع رحم کا کونسا ٹھکانہ ہے؟

ج:۔ دوزخ۔

س:۔ رد قضاو بلا کیا ہے؟

ج:۔ دعا۔

س:۔ عمل و ایمان لازم و ملزوم ہیں؟

ج:۔ بغیر عمل کے ایمان قبول نہیں اور بغیر ایمان کے عمل قبول نہیں۔

س:۔ عدل کا درجہ کیا ہے؟

ج:۔ عدل کا ایک لمحہ ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

س:۔ بہترین شخص کون ہے؟

ج:۔ جو خلق کے اعتبار سے بہترین ہے۔

س:۔ بردباری کیا ہے؟

ج:۔ قدرت انتقام رکھتے ہوئے معاف کر دینا۔

س:۔ قیامت کے دن کس پر شدید عذاب ہو گا؟

ج:۔ ظالم حاکم پر۔

س:۔ مہمان سے خدمت لینا کیا ہے؟

ج:۔ کمینگی۔

س:۔ جھوٹا اور سچا؟

ج:۔ فرمایا رسول اللہ نے سچ بولنے والا سب کو سچا اور جھوٹ بولنے والا سب کو جھوٹا سمجھتا ہے۔

س:۔ جنت کا دروازہ کہاں ہے؟

ج:۔ محراب شمشیر کے نیچے۔

س:۔ یہ دنیا کیا ہے؟

ج:۔ انقلابات کی بساط۔

س:۔ دنیا کی بہترین متاع کیا ہے؟

ج:۔ پاکباز عورت۔

س:۔ دعا کا فائدہ؟

ج:۔ دعا دافع بلیات ہے۔ نازل ہونے والی مصیبتوں کے دفاع میں آہنی حصار ہے۔

س:۔ رزق میں کمی کس چیز سے آتی ہے؟

ج:۔ گناہ سے۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ کی پیش کردہ دعوت اسلامی اپنی فطرت اور نوعیت کے لحاظ سے کن مختلف مزاجی کیفیتوں کی حامل تھی؟

ج:۔ حضور اکرم ﷺ جو دعوت لے کر اٹھے وہ اپنی نوعیت اور مزاج کے اعتبار سے ایک عالمگیر دعوت تھی۔

س:۔ حضورؐ کی دعوت کیا عربوں کے لئے ہی مخصوص تھی؟

ج:۔ نہیں ساری دنیا کے انسانوں کے لئے۔ اس کے راستے میں کوئی جغرافیائی حدود حائل نہ تھیں۔ وہ کسی خاص علاقے کے لوگوں کو خطاب نہ کرتی تھی۔ قرآن مجید کا عمومی انداز اور لب و لہجہ پوری بنی نوع انسان کو خطاب کرنے کا ہے۔

س:۔ علم و آگہی' فکر و نظر اور تحقیق و تدبر سے عاری تھے اس دعوت سے ان کی کیا کلیا کلپ ہوئی؟

ج:۔ وہ علم حقیقی سے مالا مال ہو گئے۔

س:۔ اسلامی معاشرے میں فاسق کون ہوتا ہے؟

ج:۔ جو اسلامی اصولوں کی پابندی نہ کرے۔

س:۔ معاشرے میں بدنگاہی اور اخلاقی بے ضابطگی پھیل جانے سے کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ شدید فسادات اور بحرانات پیدا ہوتے ہیں۔

س:۔ ایک آدمی کی موجودگی میں دو آدمیوں کی علیحدہ سرگوشی تیسرے آدمی کا دل وسوسوں سے بھر دیتی ہے۔ حضورؐ نے اس کا تدارک کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج:۔ جب تین آدمی ہوں تو تیسرے کو چھوڑ کر دو آپس میں کانا پھوسی نہ کریں۔

س:۔ معاشرے میں محتاجوں کی زیادتی اور گداگری کی بہتات بھی اس کی اخلاقی قدروں کو پامال کر دیتی ہے۔ حضورؐ نے اس کی روک تھام کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج:۔ جو آدمی بلا ضرورت سوال کرتا ہے وہ گویا آگ کی چنگاریوں میں ہاتھ ڈالتا ہے۔

س:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن کا مقام خودی کیا تجویز فرمایا؟

ج:۔ لوگوں سے کوئی چیز مت مانگو۔ اگر تمہارا کوڑا بھی ہاتھ سے گر جائے تو خود گھوڑے سے اتر کر اٹھاؤ۔

س:۔ معاشرے میں سخت کلامی اور غصہ بھی دلوں کو پھاڑ دیتا ہے۔ اتحاد و اتفاق کو تباہ کر دیتا ہے۔ حضورؐ نے اس کے تدارک کے لئے کیا ارشاد فرمایا؟

ج:۔ رضائے الٰہی کے لئے غصے کو پی جانا بہترین عمل ہے۔

س:۔ مذکورہ بالا حدیث شریف کس سے مروی ہے؟

ج:۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے۔

س:۔ وہ کونسا منفرد دین ہے جس نے اپنے بنیادی اعتقادات اور ارکان دین میں معاش کو باقاعدہ ایک مقام دیا ہے؟

ج:۔ اسلام۔

س:۔ حضورؐ نے زکوۃ نہ دینے کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج:۔ جس مال کی زکوۃ نہ دی جائے تباہ ہو جاتا ہے۔

س:۔ کونسی چیز انسان کو انسان نہیں رہنے دیتی؟

ج:۔ نفسانی خواہشات۔

س:۔ مال اور اولاد کی محبت کیا کرتی ہے؟

ج:۔ خدا کی یاد سے غافل کر دیتی ہے۔

س:۔ خدا کی راہ میں صرف نہ کرنے کا نتیجہ کیا ہے؟

ج:۔ ہلاکت و بربادی۔

س:۔ ہجرت کا سب سے اہم نتیجہ کیا ہوا؟

ج:۔ مدینہ منورہ میں ایک اسلامی ریاست وجود میں آ گئی۔

س:۔ ہجرت کرنے والے اور ہجرت نہ کرنے والے مسلمان میں کیا فرق ہے؟

ج:۔ ہجرت کرنے والا مرتبے' حقوق اور حیثیت میں ممتاز شمار ہوتا ہے۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے اہل زر کی سی قباحتیں پیدا ہونے سے اسلامی معاشرے کو بچانے کی کیا کوشش فرمائی؟

ج:۔ آپؐ نے قانون وراثت سے دولت کے دائمی سمٹاؤ کو شدت سے روکا۔ زکوۃ' صدقات' خیرات' حقوق اقرباء' حقوق والدین پورے معاشرے کے حقوق مقرر کرکے دولت والوں کے خزانوں میں کئی شگاف کر دیئے۔

س:۔ یہ دنیا اور کس کی مال و متاع جس کے لئے انسان شب و روز اتنا مصروف رہتا ہے کہ خدا اور رسول تک کو بھلا دیتا اس کی بے حقیقی کا آپؐ نے نفسیاتی طور پر کیا اظہار فرمایا؟

ج:۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ کا گزر بکری کے کان کٹے بچے پر ہوا جو راستے میں مردہ پڑا تھا آپؐ نے اپنے ساتھیوں کو مخاطب کرکے فرمایا کہ تم میں سے کوئی اس مردہ بچے کو صرف ایک درہم میں خریدنا پسند کریگا عرض کیا گیا۔ ہم تو اسے کسی قیمت پر بھی لینا پسند نہیں کرتے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ بخدا دنیا اللہ کے نزدیک اس سے زیادہ ذلیل اور بے وقعت ہے جتنا تمہارے نزدیک یہ مردہ بکری کا بچہ۔

س:۔ حضورؐ نے ہر امت کے لئے کوئی خاص آزمائش بتائی اور اپنی امت کی آزمائش کیا چیز بتائی؟

ج:۔ زر و مال۔

س:۔ زر و مال کی بابت حضورؐ نے ابو امامہؓ سے کیا فرمایا؟

ج:۔ اللہ تعالٰی نے میرے سامنے یہ بات رکھی کہ میرے لئے مکہ کی وادی کو سونے سے بھر دے۔ میں نے عرض کیا اے پروردگار مجھے سونا نہیں چاہیے بس دو وقت کی روٹی کافی ہے۔

س:۔ حضرت ابوالدردا کی بیوی روایت کرتی ہیں کہ میں نے حضرت ابوالدردا سے پوچھا کہ آپ بھی دوسروں کی طرح مال و منصب کیوں طلب نہیں کرتے تو ابو اوردا نے کیا جواب دیا؟

ج:۔ حضرت ابوالدردا نے جواب دیا۔ میرے سامنے ایک بڑی دشوار گزار گھاٹی

ہے۔ اس کو گرانبار اور زیادہ بوجھ والا عبور نہیں کر سکتا۔ اس لئے ہلکا پھلکا رہنا چاہتا ہوں۔

س:۔ کامیاب بندۂ خدا کی نشاندہی حضورؐ نے کن الفاظ میں فرمائی؟

ج:۔ کامیاب اور با مراد وہ بندہ ہے جس کو روزی بقدر کفاف ملی۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس کو اتنی روزی پر قانع بنا دیا۔

س:۔ حضورؐ اکرم نے معاشی توازن پیدا کرنے کے لئے بنیادی طور پر کیا کام سر انجام دیا؟

ج:۔ حضورؐ نے سب سے پہلے لوگوں کے دلوں سے دولت کی ہوس کو نکالا۔

س:۔ ذخیرہ اندوزی کے بارے اسلام کیا کہتا ہے؟

ج:۔ تجارت میں اندھا دھند دولت کمانے کو اسلام نا پسند کرتا ہے۔ اشیاء ضرورت کی ذخیرہ اندوزی اور عام لوگوں کی بے بسی سے فائدہ اٹھانے کو ناقابل معافی جرم قرار دیتا ہے۔

س:۔ جس نے چالیس دن تک سامان غذا کو ذخیرہ کئے رکھا اس کے بارے میں حضورؐ کیا فرماتے ہیں؟

ج:۔ اس کو اللہ تعالیٰ سے کوئی واسطہ نہیں۔

س:۔ اسلام میں سود کے بارے میں کیا احکام ہیں؟

ج:۔ سود کو قطعی حرام دے کر بلا محنت سرمائے کو خود بخود بڑھتے چلے جانے اور محنت سے بے نیاز ہو جانے کے تصور کو بالکل ختم کر دیا۔

س:۔ اسلام میں حق ملکیت کیا ہے؟

ج:۔ اسلام میں انفرادی ملکیت کے حق کو پورے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ بشرطیکہ وہ جائز ذرائع سے حاصل کی گئی ہو۔

س:۔ اسلام میں ملکیت زمین کا کیا اصول ہے؟

ج:۔ اسلام کی نظر میں اللہ تعالیٰ نے اس زمین کو تمام انسانوں کے لئے مستقر بنایا ہے۔ اور ان کے لئے اس میں متاع حیات رکھ دی ہے۔

س:۔ اسلام میں حق ملکیت کیا ہے؟

ج:۔ اسلام میں انفرادی ملکیت کے حق کو پورے طور پر تسلیم کیا گیا ہے بشرطیکہ وہ جائز ذرائع سے حاصل کی گئی ہو۔

س:۔ ملت کے برتر مفاد کا اسلام میں کیا اہتمام ہے؟

ج:۔ اسلام کے معاشی نظام میں ریاست کو افتادہ زمینوں کو قابل کاشت بنانے کا پابند کیا گیا ہے۔

س:۔ عصبیت کی طرف بلانے والے شخص کے بارے میں حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ وہ شخص ہم میں سے نہیں جو لوگوں کو عصبیت کی طرف بلاتا ہے۔

س:۔ حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو کیا نصیحت کی تھی؟

ج:۔ اچھی بات کا حکم دو اور بدی سے روک دو۔

س:۔ مومنین کی معاشرے میں کیا صفت بیان کی گئی ہے؟

ج:۔ وہ حق کی نصیحت اور ثابت قدمی کی تلقین کرتے ہیں۔

س:۔ حضور ﷺ نے ابو ذر غفاریؓ کی حق گوئی کے بارے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر ابوذر سے زیادہ حق گو اور کوئی نہیں۔

س:۔ تمام شہیدوں میں افضل شہید کون ہے؟

ج:۔ جو ظالم بادشاہ سے احتساب کرتے ہوئے مارا جائے۔

س:۔ استحصال سے پاک اسلامی معاشرے سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ حضور اکرم ﷺ نے جو معاشرہ قائم فرمایا اس کی بنیادیں عدل اور انصاف پر قائم تھیں۔

س:۔ حضور پر نورؐ نے ظلم کے بارے میں کیا حکم دیا ہے؟

ج:۔ ظالم کا ہاتھ پکڑ لو چاہے وہ تمہارا بھائی ہی کیوں نہ ہو۔

س:۔ حضورؐ نے فرمایا اپنے بھائی کی مدد کرو چاہے وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ظالم کی مدد کیونکر کی جائے؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا کہ تم اس کو ظلم سے روک دو۔

س:۔ غیر شرعی مصارف پر مال صرف کرنے کے بارے حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ حضورؐ نے غیر شرعی مصارف پر مال صرف کرنے سے روکا ہے۔

س:۔ کسی کو نقصان پہنچانے والے کے بارے میں حضورؐ نے کیا کہا؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا جو کسی کو نقصان پہنچائے گا اللہ اس کو نقصان پہنچائے گا۔

س:۔ پڑوسی سے زیادتی کرنے والے کے بارے میں حضور نے کیا فرمایا؟

ج:۔ وہ شخص جنت میں داخل نہ ہو سکے گا جس کا پڑوسی اس کی زیادتیوں سے محفوظ نہ ہو۔

س:۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا۔ یا رسول اللہ پڑوسی کا حق کیا ہے؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا اگر وہ تم سے قرض مانگے تو قرض دو۔ تم سے مدد چاہے تو اس کی مدد کرو۔ بیمار پڑ جائے تو اس کی عیادت کرو۔ مر جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جاؤ۔

س:۔ اسلامی معاشرے میں حضورؐ نے جانوروں کے کیا حقوق مقرر کئے ہیں؟

ج:۔ ان کی حق تلفی کو معصیت قرار دیا ہے۔

س:۔ بعض لوگ جانوروں کو چاند ماری کا نشانہ بناتے تھے تیر اندازی کی مشق کرتے تھے حضورؐ نے اسے سختی سے منع کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج:۔ امام بخاری کی روایت ہے کہ حضورؐ نے اس شخص پر لعنت بھیجی جو کسی جاندار چیز کو اپنا نشانہ مشق بنائے۔

س:۔ حضورؐ نے معاشرے کو بحران سے دو چار کرنے کی ہر صورت کا کیا تدارک کیا؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا جو شخص مسلمانوں کے لئے اشیاء کے نرخ گراں کرنے کی غرض سے ذخیرہ اندوزی کرے وہ غلط کار ہے۔ گنہ گار ہے۔

س:۔ جو اللہ کا واسطہ دے کر پناہ چاہے آپؐ نے اس کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

ج:۔ اس کو پناہ دو۔

س:۔ اسلام میں حکمت جہاد کیا ہے؟

ج:۔ جنگ و جہاد ایک انقلابی اقدام ہے اور ہر دور میں اس نظریاتی انقلاب کے لئے اس کی ضرورت ناگزیر ہے لیکن یہ بھی محض دشمن سے تیغ آزمائی کرنے کا نام نہیں بلکہ حکمت و دانش کے ہمہ پہلو استعمال کا نام ہے۔

س:۔ فتنہ پرور لوگوں کے مزید ظلم سہنا اور ان کو مزید رعایت دینا کسی صورت جائز اور درست نہ تھا۔ چنانچہ حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ تم ان سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین اللہ کے لئے ہو جائے۔ پھر اگر وہ باز آ جائیں تو سمجھ لو ظالموں کے سوا اور کسی پر دست درازی روا نہیں۔

س:۔ جب حضور اکرمؐ نے مدینہ میں تشریف لا کر جنگ و جہاد کا آغاز کیا اس وقت بھی اگر مسلمان جنگ کے لئے نہ اٹھتے تو کیا ہوتا؟

ج:۔ کفار کے فتنے کا جھکڑ بڑھ کر اسلام کی شمع کو بجھا دیتا چنانچہ مدینہ میں تشریف

لانے کے فوراً بعد کفار کے ساتھ جنگ وجدل کا آغاز ہوا۔

س:۔ مدینہ میں تشریف آوری کے بعد سب سے پہلے جو جنگی دستہ آپؐ نے قریش کے خلاف ارسال کیا اسے کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ سریہ سیف البحر۔

س:۔ جنگ و جہاد کا یہ سلسلہ ہجرت کے بعد شروع ہو کر کب تک شروع رہا؟

ج:۔ دین کے مکمل غلبہ اور باطل کے مکمل استیصال تک جاری رہا۔ اس جنگ و جہاد میں حضورؐ نے ایسی حکمت دانش کا راستہ اختیار کیا جس نے مسلمانوں کی جنگ کو دوسرے سب لوگوں کی جنگ سے ممتاز کر دیا۔

س:۔ وہ کونسی ایسی بات تھی کہ دشمنوں کے بڑے بڑے گروہ بھی مسلمانوں کے سامنے آتے ہوئے گھبراتے تھے؟

ج:۔ آپؐ کی جنگی حکمت۔

س:۔ اسلام میں جنگی قیدیوں کے ساتھ کیسا سلوک روا رکھا گیا؟

ج:۔ اسلام سے پہلے دنیا جنگی قیدیوں کے ساتھ بدترین بیمانہ سلوک کرتی تھی حضورؐ نے دنیا میں پہلی بار قیدیوں سے حسن سلوک کی حیرت انگیز مثال قائم کی۔

س:۔ اس حسن سلوک کی چند مثالیں پیش کریں؟

ج:۔ فدیہ لے کر قیدیوں کو آزاد کیا۔ جو فدیہ ادا نہ کر سکے ان کو بلا فدیہ چھوڑ دیا۔

س:۔ مسلمانوں کو کس جنگ میں سب سے پہلی بار قیدی ہاتھ لگے؟

ج:۔ جنگ بدر میں۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ نے جنگ کو عدل و انصاف اور امن کے قیام کا ذریعہ بنانے کا کیا راستہ اختیار کیا؟

ج:۔ وہی جو قرآن حکیم نے بتایا ہے۔ قرآن نے جنگ کو بس اسی وقت تک جائز رکھا ہے جب تک فتنہ و فساد باقی ہو۔

س:۔ حضورؐ کی جنگ میں بے مثال شجاعت اور غیر متزلزل یقین محکم کے بارے میں تاریخ اسلام کیا کہتی ہے؟

ج:۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ جو خود شجاعت و بہادری کا نشان ہیں فرماتے ہیں جب جنگ میں گھمسان کارن پڑتا اور لڑنے والوں کی آنکھوں میں خون اتر آتا تو

اس وقت ہم حضورؐ کی اوٹ لیا کرتے تھے۔ ہم سب سے آگے دشمن کی جانب نبی ﷺ ہوا کرتے تھے۔

س:۔ حضور اکرم ﷺ لشکر آرائی میں کیا حکمت اختیار کرتے تھے؟

ج:۔ حضورؐ ہمیشہ جنگ کے وقت لشکر آرائی میں ایسی حکمت اختیار کرتے تھے جس سے دشمن کو کمزور کیا جا سکے۔

س:۔ کیا رسول مقبول ﷺ کی جنگ اقتدار کے لئے تھی؟

ج:۔ حضورؐ کی تمام تر جنگ فی سبیل اللہ تھی۔

س:۔ حضورؐ کا پیش کردہ نظام کن بنیادوں پر قائم تھا؟

ج:۔ زندگی کی نا قابل تغیر اصولی اور نظریاتی بنیادوں پر۔

س:۔ اس میں کس چیز کو وجہ امتیاز قرار دے کر انسانی حقوق کو کامل مساوات کی بنیادوں پر قائم کیا گیا؟

ج:۔ اس میں اخلاق و کردار کو وجہ امتیاز قرار دے کر انسانی حقوق کو کامل مساوات کی بنیادوں پر قائم کیا گیا تھا۔

س:۔ سارے اسلامی نظام کی بنیاد کس چیز پر رکھی گئی تھی؟

ج:۔ سارے اسلامی نظام کی بنیاد وحدت اللہ' وحدت رسول اور وحدت ہدایت پر رکھی گئی تھی۔

س:۔ اسلامی ریاست کی بنیاد کس پر رکھی گئی تھی؟

ج:۔ ایک ایسے معاہدے پر جو پہلے ایک شخص اور ایک شہر کے باشندوں کے درمیان طے پایا تھا۔

س:۔ اس ریاست کی کوئی اور خصوصیت کیا تھی؟

ج:۔ اس کی ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ یہ ایک جامع تصور زندگی پر قائم ریاست تھی۔

س:۔ یہ ریاست اپنے اجتماعی امور میں کس کے سامنے جوابدہ تھی؟

ج:۔ یہ ریاست اپنے اجتماعی امور میں خدا کے سامنے جوابدہ تھی۔

س:۔ اس ریاست کا تصور حاکمیت کیا تھا؟

ج:۔ اس کی حاکمیت کا تعلق براہ راست خدا سے تھا خدا ہی اس کا حقیقی اور مستقل حاکم اعلیٰ تھا۔

س:۔ یہ ریاست کس کی ہدایت پر کام کرتی تھی؟

ج:۔ قرآن پاک کی ہدایات پر۔

س:۔ اس ریاست کا سب سے بڑا مقصد کیا تھا؟

ج:۔ خدا کے باغیوں کی سرکوبی۔ ایک عالمگیر دعوت انقلاب۔

س:۔ اس ریاست میں عمل کے بارے میں کیا شرط تھی؟

ج:۔ اس ریاست میں عمل کے بارے میں صالح کی شرط تھی۔

س:۔ یہ ریاست کتنے سال میں قائم ہوئی؟

ج:۔ صرف 23 سال کی قلیل مدت میں۔ ایک حیرت انگیز کارنامہ۔

س:۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مشیت کو پورا کرنے کے لئے عالم اسباب میں سے جن موزوں ترین عوامل کو یکجا کرنے کی ضرورت فرمائی ان عوامل میں سب سے بڑا اور سب سے موثر عامل کیا تھا؟

ج:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی۔

س:۔ حضورؐ نے غلاموں کی آزادی اور مظلوموں کی دادرسی کے لئے کیا کیا؟

ج:۔ غلاموں کی آزادی کی تحریک چلائی بے سہاروں' مظلوموں مسکینوں' محتاجوں کی معاونت کی مہم بھی جاری کی۔

س:۔ اسلامی تحریک کا انقلابی نعرہ کیا تھا؟

ج:۔ کلمہ طیبہ۔

س:۔ سفر معراج میں حضورؐ نے ارتقائی سیڑھی کے انتہائی کنارے پر کیا دیکھا تھا؟

ج:۔ ایک بہت بڑا فرشتہ جو زمین اور آسمان کے ساتوں طبقوں کو دونوں ہاتھوں میں لئے ہوئے تھا۔

س:۔ عرش کونسا مقام ہے؟

ج:۔ جہاں اللہ تعالیٰ رونق افروز ہیں۔

س:۔ نماز کا درجہ کیا ہے؟

ج:۔ افضل العمل ہے۔

س:۔ معراج سے واپسی رسول اللہؐ کیا تحفہ لے کر آئے تھے؟

ج:۔ نماز کا تحفہ۔

س:۔ اسلام اور مسلم کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ اسلام کے معنی ہیں اطاعت اور تابعداری۔ اور مسلم کے معنی ہیں اطاعت

اور تابعداری کرنے والا۔

س:- اسلام کی بنیادی تعلیم کیا ہے؟
ج:- امن و سلامتی کا پیغام۔
س:- خدا کی ایک صفت المومن ہے اس کے کیا معنی ہیں؟
ج:- امن عالم کی ضمانت دینے والا۔
س:- رسول اللہ کی تعلیم کو اپنا رہنمانہ بنانا کیا ہے؟
ج:- شرک فی صفات القرآن۔
س:- قرآن کریم کیا ہے؟
ج:- کتاب نور۔ عظیم آسمانی صحیفہ۔
س:- قرآن کا انداز کلام کیسا ہے؟
ج:- خدا کے جلال و جمال کا آئینہ دار۔
س:- اخنس بن شریق کون تھا؟
ج:- طائف کا سب سے بڑا رئیس اور خدا کا سب سے بڑا باغی۔
س:- عتبہ بن ربیعہ اور مسعود ثقفی کون تھے؟
ج:- جابر جاگیردار۔
س:- فلسطین میں کوہ زیتون کہاں واقع ہے؟
ج:- بیت المقدس کے بالکل قریب۔
س:- اس مقام کی کیا اہمیت ہے؟
ج:- یہاں حضرت عیسیٰ عبادت کیا کرتے تھے۔ اور یہیں سے یہودی انہیں گرفتار کر کے پلاطوس کے پاس لے گئے تھے۔
س:- دیوار گریہ کہاں ہے؟
ج:- بیت مقدس میں۔
س:- اس مقام کی اہمیت کیا ہے؟
ج:- یہودیوں کی سب سے مقدس جگہ ہے۔ ہیکل سلیمانی کی صدیوں پرانی دیوار ہے۔
س:- وادی جہنم کیا ہے؟
ج:- یروشلم کے جنوب میں واقع ہے۔
س:- یہودی یہاں کیا کرتے تھے؟

ج:۔ یہاں مالک بت کی پرستش کرتے تھے۔

س:۔ یہ بت کس دھات کا بنا تھا؟

ج:۔ پیتل کا۔

س:۔ اس بت کی شکل کیسی تھی؟

ج:۔ بیل کی۔

س:۔ ہیکل سلیمان کی عمارت کس چیز سے تیار ہوئی تھی؟

ج:۔ سنگ مرمر سے۔

س:۔ اس ہیکل پر کس نے حملہ کیا تھا؟

ج:۔ سیساق شاہ مصر نے۔ اور سب سونے چاندی کا سامان لے گیا۔

س:۔ تباہ شدہ ہیکل کی تعمیر کس نے کرائی؟

ج:۔ ہرلجام نامی ایک شخص نے۔

س:۔ اس تباہی کا سب سے بڑا سبب کیا تھا؟

ج:۔ رجعام کی بے دینی اور اعمال فاسقہ۔

س:۔ اس بے دین اور اعمال فاسقہ کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ اسرائیلی فرقوں نے باغی ہو کر علیحدہ حکومت بنالی۔

س:۔ اس حکومت کا والی کون تھا؟

ج:۔ یرلجام نامی ایک شخص۔

س:۔ ملک یہودیہ میں غارت گری کس نے مچائی تھی؟

ج:۔ بابل کے بادشاہ بخت نصر نے۔

س:۔ سلومی کون تھی؟

ج:۔ ہیرودیس کی محبوبہ۔

س:۔ سلومی نے حضرت یحییٰ کا سر کیوں کٹوایا تھا؟

ج:۔ حضرت یحییٰ کا سر کٹوانے کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے سلومی سے شادی کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

س:۔ ہیکل سلیمانی پر تاریخ میں کسی چھٹے حادثے کا بھی ذکر ہے وہ چھٹا حادثہ کیا ہے؟

ج:۔ 325 میں شاہ ٹیٹس نے یروشلم کا محاصرہ کر لیا یہودیوں کے خلاف جنگوں میں فتح حاصل کی۔ ہیکل کو جلا کر راکھ کر دیا۔

س:۔ اس حادثہ میں کتنے یہودی مارے گئے؟

ج:۔ 11 لاکھ یہودی۔

س:۔ اس حادثہ سے قبل چند آثار عجیبہ بھی ظہور میں آئے وہ آثار عجیبہ کیا تھے؟

ج:۔ ایک ستارہ تلوار کی شکل کا شہر کے اوپر نمودار ہوا۔ ایک دمدار ستارہ سارا سال دکھائی دیتا رہا۔ یہودیوں کے عید فسخ کی شب میں قربان گاہ کے پاس آدھے گھنٹے تک ایک ایسی روشنی رہی گویا دن ہے۔ ہیکل کا مشرقی دروازہ جو پیتل کا تھا اور بیس آدمیوں سے مشکل سے بند ہوتا تھا ایک رات خود بخود کھل گیا۔

س:۔ الصخرا کیا ہے؟

ج:۔ خانہ کعبہ اور گنبد خضرا کے بعد روئے زمین پر الصخرا مسلمانوں کے لئے بڑا ہی مقدس مقام ہے۔ یہ ایک چٹان ہے۔ جو زمین سے دو گز اونچی ہے۔

س:۔ الصخرا کے بارے میں بہت سی روایتیں مشہور ہیں کوئی ایک سی بیان کریں؟

ج:۔ ایک بڑی مشہور روایت یہ ہے کہ جنت سے نکل کر حضرت آدمؑ کے اس زمین پر آنے سے دو ہزار سال پہلے فرشتے اس کا طواف کر چکے ہیں۔

س:۔ الصخرا کے بارے کوئی اور روایت بیان کریں؟

ج:۔ طوفان نوح کے بعد حضرت نوح کی کشتی جہاں رکی تھی وہ یہی چٹان ہے۔

س:۔ کوئی اور بڑی مشہور روایت؟

ج:۔ قیامت کے دن حضرت اسرافیل اسی چٹان پر کھڑے ہو کر صور پھونکیں گے۔

س:۔ بہت محدثوں اور مفسروں کی الصخرا کے متعلق کیا رائے ہے؟

ج:۔ الصخرا بہشت کی چٹانوں میں سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کو بیت الجنت بھی کہتے ہیں۔

س:۔ الصخرا کے بارے اور کوئی روایت؟

ج:۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ختم الرسلین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء کرام نے عبادت کی ہے۔

س:۔ الصخرا کے بارے اور کوئی روایت؟

ج:۔ اسی 80 ہزار فرشتے ہر وقت اس کو حلقے میں لئے رکھتے ہیں۔

س:۔ اس کے علاوہ الصخرا کے بارے اور کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سب انبیاء اس پر بیٹھ کر خدا کے احکام لوگوں تک پہنچایا کرتے تھے۔ پھر یہ چٹان اڑ کر جانے کو تھی کہ حضرت جبریل نے اپنے ہاتھ سے حضرت محمدؐ کی تشریف آوری تک اس کو روک دیا۔ اور شب معراج حضورؐ نے ہمیشہ کے لئے اسے قائم رکھا۔

س:۔ فلسطین میں کوہ زیتون کہاں واقع ہے؟

ج:۔ بیت المقدس کے بالکل قریب ہے۔ یہاں حضرت عیسیٰ عبادت کیا کرتے تھے۔

س:۔ یہودی بابل میں کتنے برس بابلیوں کی غلامی میں رہے؟

ج:۔ یہودی بابل میں ستر برس بابلیوں کی غلامی میں رہے۔

س:۔ ان کو بابلیوں کی غلامی سے کس نے نجات دلائی؟

ج:۔ شہنشاہ خسرو کے ہاتھوں بابلیوں کا خاتمہ ہوا تو یہودی آزاد ہوئے۔

س:۔ بابلیوں کی قید میں یہودیوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ 340000 یہودی۔

س:۔ بابلیوں کی قید سے رہائی پاکر یہودی اپنے ملک میں داخل ہوئے تو ان میں ایک پیغمبر بھی تھا۔ ان کا نام بتائیں؟

ج:۔ حضر یشوع۔

س:۔ کیا صخرا یہودیوں کے نزدیک بھی مقدس و متبرک ہے اور کیوں ہے؟

ج:۔ ایک روایت ہے کہ یہ وہی چٹان ہے جس پر حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانہ میں یہودی اپنی قربانیاں اس پر لا کر رکھ دیا کرتے تھے۔ آسمان سے ایک شعلہ اترتا اور ان کو جلا کر راکھ کر دیتا۔

س:۔ یہ کس بات کی علامت تھی؟

ج:۔ قربانی کے قبول ہو جانے کی۔

س:۔ اہل اسلام کی نظر میں اس چٹان کی حرمت کیا ہے؟

ج:۔ رسول مقبول شب معراج پر یہیں سے براق پر سوار ہو کر خدا سے ملاقات کے لئے تشریف لے گئے تھے۔

س:۔ خلیفہ عبدالملک نے اس حرم کے لئے کیا خدمات سرانجام دی تھیں؟

ج:۔ اس کی خدمت کے لئے تن سو خدا مقرر کئے۔ سونے چاندی کے فانوس

جلائے جاتے۔ خالص چنبیلی کا تیل جلایا جاتا۔

س:۔ یہ فانوس کس نے لوٹے تھے؟

ج:۔ فانوس اور ان کی زنجیریں صلیبی جنگوں میں عیسائیوں نے لوٹ لی تھیں۔

س:۔ گنبد صخرا کس نے بنایا تھا؟

ج:۔ امیر المومنین عبدالملک نے۔

س:۔ کب بنایا تھا؟

ج:۔ سن 76ھ۔

س:۔ حضور نبی کریمؐ نے قبہ صخرا پر دست مبارک رکھ کر دعائی فرمائی تھی اور جس وقت تشریف لے جانے لگے تو چٹان تعظیم کے لئے بلند ہوئی لیکن آپؐ نے دست مبارک سے روک دیا جس سے کیا ہوا؟

ج:۔ اب تک وہیں رکی ہوئی ہے۔

س:۔ معراج کی رات نبی اکرم ﷺ نے قبہ الصلوۃ میں کیا کیا تھا؟

ج:۔ انبیاء اور فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھی تھی ان کی امامت فرمائی تھی۔ معراج کی رات آسمان کی طرف پرواز کی تھا۔

س:۔ اس مسجد کی عظمت کیا ہے؟

ج:۔ اس مسجد کی عظمت مسجد نبوی اور مسجد حرام کے علاوہ دنیا کی تمام مساجد سے زیادہ ہے۔

س:۔ اسلامی نقطہ نظر سے بیت المقدس کی اسلامی و مذہبی حیثیت کیا ہے؟

ج:۔ مسجد اقصیٰ کی وجہ سے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بعد تیسرا مقدس ترین مقام ہے۔

س:۔ مسجد اقصیٰ سے متعلق شب معراج کی روایت کیا ہے؟

ج:۔ معراج کی رات آنحضرت ﷺ ایک پر دار گھوڑے براق پر سوار ہوئے۔ اور سیاحت لامکانیت کا آغاز کیا۔

س:۔ سیاح لامکان کی سیاحت لامکانی کا یہ کونسا مقام تھا؟

ج:۔ پہلا آسمان۔

س:۔ انصار کے تمام قبائل میں اسلام کا چرچا کیسے پھیلا؟

ج:۔ حضرت مصعب بن عمیر کی انتھک تبلیغی کوششوں سے۔

س:۔ مدینہ منورہ کے باشندے کیسے ہیں؟

ج:۔ نیک سیرت۔ خوش مزاج۔ خوش پوش۔ مہمان نواز۔
س:۔ مکہ معظمہ سے قافلہ حجاج جب یہاں پہنچتا ہے تو کہاں ٹھہرتا ہے؟
ج:۔ مناخہ میں۔
س:۔ یہ مقدس شہر کتنے حصوں میں منقسم ہے؟
ج:۔ دو حصوں میں۔ ایک مدینہ جدید دوسرا مدینہ قدیم۔
س:۔ اس کی جغرافیائی اہمیت کیا ہے؟
ج:۔ صوبہ حجاز کا ایک بڑا شہر ہے۔
س:۔ دونوں موسموں میں اس کا درجہ حرارت کیا ہوتا ہے؟
ج:۔ موسم گرما میں درجہ حرارت 48 درجہ اوپر اور رات کو صفر سے 5 درجہ نیچے ہوتا ہے۔ اس لئے جاڑوں میں صبح کو پانی اکثر یخ ہو جاتا ہے۔
س:۔ ابتدائی دور میں یہاں کونسے لوگ آباد تھے؟
ج:۔ عمالیق آباد تھے۔
س:۔ اسلام کے دور میں یہاں کونسے قبائل آباد ہوئے؟
ج:۔ یہود اور قبائل اوس و خزرج۔
س:۔ اس شہر کی تعمیر کا کونسا زمانہ ہے؟
ج:۔ 1600 قبل مسیح۔
س:۔ مدینہ شہر کی وضع قطع کیسی ہے؟
ج:۔ نہایت دلکش دلفریب۔
س:۔ رات کے وقت یہ شہر کیسا لگتا ہے؟
ج:۔ برقی روشنیوں سے بقعہ نور نظر آتا ہے۔
س:۔ اس شہر کے بعض دروازوں میں کیا ہیں؟
ج:۔ محرابی کھڑکیاں۔
س:۔ اس شہر کی فوج کہاں رہتی ہے؟
ج:۔ باب الشامیہ کی جانب ایک قلعہ میں۔
س:۔ کیا اس میں کوئی مسافر خانہ بھی ہے؟
ج:۔ شہر کے اندر مسافر خانہ ہے۔
س:۔ مسجد نبوی کا حدود اربعہ کیا ہے؟
ج:۔ یہ مسجد مستطیل ہے۔ اس کے چاروں طرف دالان بنے ہوئے ہیں۔

س:۔ اس میں حضورؐ کا روضہ اقدس کہاں واقع ہے؟
ج:۔ قبلہ کی سمت کے والان میں مشرقی گوشے میں واقع ہے۔
س:۔ روضہ مقدس کے آگے ایک بڑا صندوق ہے اس صندوق میں کیا ہے؟
ج:۔ اس میں روضہ مبارک کی روشنی کا سامان مشعلیں اور شمعدان وغیرہ پڑے رہتے ہیں۔
س:۔ اس جگہ پاسبان کون ہوتے ہیں؟
ج:۔ اکثر حبشی النسل اور حلابی ہوتے ہیں۔
س:۔ یہاں کا موذن کس نسل سے ہے؟
ج:۔ حضرت بلالؓ کی نسل سے۔
س:۔ یہاں شمال کی طرف ایک نیا قبہ ہے جس میں مسجد کا تمام سامان رہتا ہے۔ اس قبہ کو کیا کہتے ہیں؟
ج:۔ قبہ الریب۔
س:۔ اس قبہ کے صحن میں کیا ہے؟
ج:۔ خرما کے درخت ہیں۔
س:۔ مسجد کی تمام دیواروں پر نیچے سے بلندی تک کیا ہے؟
ج:۔ سنگ رخام کا اجارہ بنا ہوا ہے۔
س:۔ اس مسجد کے کتنے دروازے ہیں؟
ج:۔ انیس دروازے۔ چار تو کھلے ہیں اور باقی سارے بند ہیں۔
س:۔ باب جبریل کے بارے میں کیا مشہور ہے؟
ج:۔ حضرت جبریل آنحضرت ﷺ کے پاس اسی دروازے سے تشریف لاتے تھے۔
س:۔ دوسرے دروازوں کے نام کیا ہیں؟
ج:۔ دوسرے دروازوں کے نام درج ذیل ہیں۔

باب النساء

باب المجیدی

باب الرحمتہ

باب السلام

باب الصدیق

باب عمر
باب السعود

س:۔ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تک کتنے مشہور راستے ہیں؟
ج:۔ چار راستے۔
س:۔ ان کے نام بتائیں؟
ج:۔ ان کے نام یہ ہیں۔
ام ورقہ
طریق مشرق
طریق سلطانی
طریق الغائر
س:۔ واثلہ بن اسقع کون تھے؟
ج:۔ اصحاب صفہ میں سے تھے۔
س:۔ حضرت معاذ بن جبلؓ کا اصحاب صفہ سے کیا تعلق تھا؟
ج:۔ ان کے نگران تھے۔
س:۔ عبداللہ بن سلام کون تھے؟
ج:۔ یہود مدینہ کے دینی پیشوا تھے۔
س:۔ ابو قیس سرمہ کون تھے؟
ج:۔ مشہور عیسائی واعظ اور فاضل الہیات تھے۔ مسلمان ہو گئے تھے۔
س:۔ جنگ کا اسلامی تصور کیا ہے؟
ج:۔ حریف کے شر کو رفع کرنا۔
س:۔ آنحضور ﷺ جنگ کے بعد کسی مفتوحہ علاقہ میں کب تک قیام کرتے تھے؟
ج:۔ تین دن۔
س:۔ ماہ حرام میں قتال کے بارے کیا حکم ہے؟
ج:۔ ماہ حرام میں قتال بند ہے۔
س:۔ روزوں کی غرض و غایت کیا ہے؟
ج:۔ تقویٰ۔
س:۔ وہ کونسی آواز ہے جس سے شبستان وجود لرز جاتا ہے؟

ج:۔ بندہ مومن کی اذاں۔

س:۔ حیزوم آگے بڑھو۔ جنگ بدر میں یہ آواز کس کی تھی؟

ج:۔ حضرت جبریل علیہ السلام۔

س:۔ ساقۃ العسکر کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ جو لشکر کے پیچھے پیچھے چلے اور اگر کسی کی کوئی چیز اتفاق سے گر گئی ہو تو اسے اٹھا کر مالک تک پہنچا دے۔

س:۔ رسول اللہ کا اولیں خطبہ کونسا ہے؟

ج:۔ بعثت کے بعد تین سال تک آنحضرتؐ فریضہ تبلیغ نہایت راز داری سے ادا فرماتے رہے کیونکہ مکہ شرک و بت پرستی کا مرکز تھا۔ اور وہاں کے باشندوں کے لئے عقیدہ توحید قبول کرنا آسان نہ تھا۔ اس لئے آپؐ کی دعوت صرف اسی طبقے تک محدود رہی جن کے دل کفر و شرک سے پاک تھے۔ اس طرح مسلمانوں کی ایک مختصر سی جماعت تیار ہو گئی۔ اور وہ وقت آگیا کہ باری تعالیٰ کی طرف سے ارشاد ہوا کہ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈر سنا دیجئے۔

جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ کوہ صفا پر تشریف لے گئے اور بلند آواز سے پکارا۔

واصباحاہ

یہ وہ نعرہ تھا جو عرب میں صرف اس وقت بلند کیا جاتا تھا جب کوئی ہنگامی کیفیت ہوتی۔ چنانچہ یہ آواز سن کر سب قریش چونک پڑے اور تھوڑی ہی دیر میں آپؐ کے گرد جمع ہو گئے تو آپؐ نے انہیں مخاطب کرکے ذیل کا خطبہ دیا۔

اے بنی عبدالمطلب! اے خاندان عبد مناف۔ اگر میں تم سے کہوں کہ ایک لشکر جرار اس پہاڑ کے پیچھے چھپا ہوا ہے تو میری بات کا تم یقین کر لو گے؟

جمع ہونے والوں نے کہا یقیناً کیونکہ آپ نے کبھی جھوٹ نہیں بولا تو پھر سنو۔ میں تمہیں اس ہولناک عذاب سے ڈرانا چاہتا ہوں جو بالکل تمہارے سر پر آ چکا ہے۔

قریش نسل آج تک کسی مرد عربی نے اپنی قوم کو ایسا تحفہ نہ دیا ہو گا جیسا کہ میں تمہیں دے رہا ہوں۔

میں تم کو دنیا اور آخرت کی ساری خوبیاں ساری فتح مندیاں دینا چاہتا ہوں۔ میرے خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم کو حق و صداقت کی دعوت

دوں۔ تو پھر کون ہے تم میں سے جو امر عظیم میں مجھ سے اشتراک عمل اور تعاون نہ کرے گا۔

لوگو! قافلہ سالار اپنے ساتھیوں سے کبھی جھوٹ نہ بولے گا۔

خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں تمہاری طرف خاص طور پر رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ اور میری رسالت تمام عالم انسانیت کو محیط ہے۔ بخدا تم کو ایک دن مرنا ہے جس طرح تم روز سوتے ہو اور پھر زندہ ہونا ہے جیسا کہ ہر خواب سے بیدار ہوتے ہو۔

اور یاد رکھو کہ تمہارے اعمال کا ضرور محاسبہ کیا جائے گا۔ پھر اس وقت نیکی کا بدلہ نیکی کے ساتھ اور برائی کا عوض برائی کے ساتھ دیا جائے گا۔

س:۔ حمد کس کے لئے مخصوص ہے؟

ج:۔ اللہ تعالیٰ کے لئے۔

س:۔ حضورؐ نے عبادت کے بارے کیا فرمایا؟

ج:۔ اللہ کی عبادت کرو اور اس کا کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

س:۔ ساری کائنات کا مالک اور حاکم کون ہے؟

ج:۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ و عم نوالہ۔

س:۔ حضورؐ نے مسلمانوں میں کس صفت کو سب سے زیادہ فروغ دینے کی کوشش کی؟

ج:۔ رحم کی صفت کو۔

س:۔ رحم کے بارے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ اللہ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو انسانوں پر رحم نہیں کرتا زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کریگا۔

س:۔ اخوت کیا ہے؟

ج:۔ بھائی چارہ۔

س:۔ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟

ج:۔ حضورؐ نے جواب دیا تیری ماں۔

س:۔ مکمل درجہ کی صلہ رحمی کرنے والا کون ہے؟

ج:۔ وہ شخص جو بدلے میں رشتہ داروں کا لحاظ کرتا ہے۔

س:۔ یتیم کی سرپرستی کرنے والے کے بارے میں حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ وہ جنت میں جائے گا۔

س:۔ بہتر صدقہ کیا ہے؟

ج:۔ کسی کو پیٹ بھر کر کھلانا۔

س:۔ خود پرستی کیا ہے؟

ج:۔ ایسی بری بلا جس سے ستر برس کے بہترین عمل برباد ہو جاتے ہیں۔

س:۔ ظلم ظالم کے لئے قیامت کے دن کیا بنے گا؟

ج:۔ سخت اندھیرا۔

س:۔ خدا کی نظر میں بدترین آدمی قیامت کے دن کون ہو گا؟

ج:۔ بد زبان اور فحش گو۔

س:۔ جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ اللہ تعالیٰ غضب ناک ہوتا ہے۔ اس کے غضب سے عرش ہلنے لگتا ہے۔

س:۔ سب سے برا شخص کون ہے؟

ج:۔ چغل خور۔

س:۔ زکوۃ کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج:۔ زر حاجات۔

س:۔ زکوۃ کیا ہے؟

ج:۔ اسلام کا رکن دین ہے۔

س:۔ دنیا میں کیسے رہنا چاہیے؟

ج:۔ دنیا میں ایسے رہو جیسے کہ تم ایک پردیسی ہو۔

س:۔ پرہیزگاری سے کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ انسان کے مراتب بلند ہوتے ہیں۔

س:۔ خدا کے نزدیک زیادہ معزز کون ہے؟

ج:۔ جو زیادہ پرہیزگار ہے۔

س:۔ حضرت عمرؓ نے حضرت بلال کے لئے کیا الفاظ کہے؟

ج:۔ وہ آج زندہ نہیں اگر ہوتے تو میں انہیں خلافت کے لئے نامزد کرتا۔

س:۔ تقویٰ کیا ہے؟

ج:۔ خدا کے احکام کی خلاف ورزی سے بچ کر حدود شریعت کے اندر رہتے

ہوئے زندگی گزارنا۔

س:۔ انسان کے اندر نیکی اور بدی کا پیمانہ نصب ہے بتائیے اس کا نام کیا ہے؟

ج:۔ انسان کا ضمیر۔

س:۔ حضور سرور کائنات ﷺ کے تربیت یافتہ صحابہ کرام میں یوں تو ایک ایک فرد عزیمت اور حق گوئی کا کوہ بلند تھے حضرت ابوذر غفاریؓ نے اسلام قبول کیا تو اسے پوشیدہ رکھنا پسند نہ کیا۔ تو تن تنہا حرم کعبہ میں جا کر انہوں نے کیا کیا؟

ج:۔ توحید کا نعرہ بلند کر دیا۔ اور اس وقت تک خاموش نہ ہوئے جب تک مار کھاتے کھاتے بے دم نہ ہو گئے۔

س:۔ حضورؐ نے عیش کوشی کے بارے کیا فرمایا؟

ج:۔ عیش کوشی سے بچو یہ اچھی چیز نہیں۔

س:۔ کلمہ طیبہ میں کیا ہے؟

ج:۔ توحید ــــ آخرت اور رسالت کے تینوں بنیادی عقیدے۔

س:۔ اس کلمہ کی تعریف کیا ہے؟

ج:۔ یہ کلمہ مختصر ہے۔ جامع ہے۔ بیک وقت دعوتی بھی ہے اور انقلابی بھی۔

س:۔ اس کلمہ نے کیا کیا؟

ج:۔ اہل عرب کا دل ہلا دیا۔ اس کلمے کی ایک ہی ضرب سے بڑے بڑے سرداران قریش بلبلا اٹھے۔

س:۔ اس کلمہ کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے؟

ج:۔ اس کا اختصار۔

س:۔ اس کلمے کی اور کیا خوبی ہے؟

ج:۔ فی الفور زبان پر چڑھ جاتا ہے۔

س:۔ اس کلمہ میں اور کیا تھا؟

ج:۔ جرات کا اظہار۔

س:۔ تحریک اسلامی کا منشور اعظم کیا تھا؟

ج:۔ حضورؐ کو بارہ سال دعوت پیش کرتے ہوئے گزر چکے تھے۔ یہ آپؐ کی دعوت قریش سے گزر کر آس پاس کے قبائل عرب' طائف اور دوسرے مقامات تک پہنچ چکی تھی۔ قریش کی طرف سے مخالفت کا سلسلہ انتہائی زوروں

پر تھا۔ مسلمان دوبار حبش کی طرف ہجرت کر چکے تھے۔ اب تیسری مدنی ہجرت بالکل تیار ان کے سامنے تھی۔ یہی وقت تھا جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحریک اسلامی کو منشور دیا گیا۔ جو حضورؐ کی طرف سے قریش اور ساری دنیا کے سامنے پیش کیا جاتا تھا اول تو اس منشور کے دینے کا طریقہ ہی انتہائی حیرت انگیز تھا۔

س:۔ اس کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ تحریک کو ایک آزاد اور خود مختار مستقر مل گیا۔ جس میں آزادی کے ساتھ مشورہ کر کے مسائل طے کئے جا سکتے تھے۔

س:۔ یہ کلمہ تحریک کی ہمہ وقت بولتی ہوئی زبان کیوں بن گیا؟

ج:۔ اس میں اسلامی دعوت کی دو مرکزی ذاتوں کا اجتماع اور تعارف موجود تھا۔ اللہ اکبر اسلامی تحریک کا ایسا نعرہ تھا کہ کفار کے پاس اس کا کوئی توڑ نہ تھا۔

س:۔ اس تحریک کی انفرادیت اور جداگانہ تشخیص کو مجروح ہونے سے بچانے کے لئے حضورؐ نے کیا قدم اٹھایا؟

ج:۔ آپؐ کی تمنا تھی کہ مسلمانوں کا قبلہ بھی یہود نصاریٰ کے قبلے سے آزاد اور مختلف ہو۔

س:۔ سورۃ کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ چند آیتوں کا مجموعہ۔

س:۔ نماز کا جزو لازم کیا ہے؟

ج:۔ سورۂ فاتحہ۔

س:۔ قرآن مجید کی اہم ترین سورہ کونسی ہے؟

ج:۔ سورۂ فاتحہ۔

س:۔ وہ لوگ جنہوں نے بحالت اسلام حضورؐ کو دیکھا اور اسلام پر ہی خاتمہ ہوا کیا کہلاتے ہیں؟

ج:۔ صحابہ۔

س:۔ قول و فعل رسول کریمؐ کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج:۔ حدیث۔

س:۔ وحی خفی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ حدیث کو۔

س:۔ قرآن کریم کی ہر آیت کیا ہے؟

ج:۔ قدرت خداوندی کی ایک نشانی۔
س:۔ مدارج نبوت کی پہلی سیڑھی کسے کہتے ہیں؟
ج:۔ سورۂ فاتحہ۔
س:۔ حضورؐ نے تبلیغی سرگرمیوں کا دائرہ کب وسیع کیا؟
ج:۔ طائف سے واپسی پر۔
س:۔ معراج میں حضورؐ نے تمام فرشتوں کی امامت کہاں کی تھی؟
ج:۔ بیت المقدس میں۔
س:۔ مواخات مہاجرین و انصار کے درمیان قائم ہوئی تو حضورؐ نے امیر حمزہؓ کے ساتھ کس کی اخوت قائم کی؟
ج:۔ زید بن حارثہؓ کی۔
س:۔ مواخات میں حضرت ابو بکرؓ کو کس کا بھائی بنایا؟
ج:۔ خارجہ بن زہیر کا۔
س:۔ حضرت عمرؓ سے کس کی اخوت قائم ہوئی؟
ج:۔ عتبان بن مالک کی۔
س:۔ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح کا بھائی کون بنا؟
ج:۔ سعد بن معاذ اشہلی۔
س:۔ زبیر بن العوامؓ کا بھائی کون بنا؟
ج:۔ سلامہ بن سلامؓ۔
س:۔ سعد بن زیدؓ کو کس کا بھائی بنایا؟
ج:۔ کعب نجاریؓ کا۔
س:۔ حضرت ابوذر غفاریؓ کس کے بھائی بنے؟
ج:۔ عمرو بن ساعدی کے۔
س:۔ حضرت عمارؓ بن یاسر کس کے بھائی بنے؟
ج:۔ ثابت بن عمرؓ۔
س:۔ مواخات میں حضورؐ نے حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟
ج:۔ یہ میرا بھائی ہے۔
س:۔ میثاق مدینہ کا مقصد کیا تھا؟
ج:۔ قبائل کے درمیان خانہ جنگی اور مخلوق خدا کا خون ناحق بہنے کا انسداد۔

س:۔ وہ سپہ سالار اعظم کون ہے جس نے دنیا کو تلوار سے نہیں اخلاق سے تسخیر کیا؟

ج:۔ سرور کائنات احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰؐ۔

س:۔ اہل قتال کون ہیں؟

ج:۔ جو عملاً جنگ میں حصہ لیتے ہیں۔

س:۔ غیر اہل قتال کون ہیں؟

ج:۔ جو جنگ میں حصہ نہیں لیتے۔

س:۔ آپؐ امیر سریہ سے کیا فرماتے تھے؟

ج:۔ مقاتلہ شروع ہونے سے پہلے دشمن کو اسلام کی دعوت دو۔

س:۔ مال غنیمت میں سے کچھ چھپانے کو حضورؐ کیا سمجھتے تھے؟

ج:۔ کبائر میں شمار کرتے تھے۔

س:۔ جنگ بدر سے پہلے جہیم بن الصلت نے کیا خواب دیکھا تھا؟

ج:۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ ایک پراسرار شخص نے اپنے اونٹ کے سینے پر ضرب لگائی۔ اسے لشکر میں چھوڑ دیا۔ اونٹ کے سینے سے خون کے فوارے چھوٹنے لگے۔ کوئی خیمہ ایسا نہ رہا جسے اس نے ترنہ کردیا ہو۔

س:۔ جنگ بدر میں حضرت عمرؓ نے کس کے خون سے اپنی تلوار رنگی تھی؟

ج:۔ اپنے ماموں کے خون سے۔

س:۔ جنگ بدر میں کونسے صحابی شریک نہ ہوئے تھے اور کیوں شریک نہ ہوئے تھے؟

ج:۔ اپنی زوجہ محترمہ کی علالت کی وجہ سے حضرت عثمانؓ اس جنگ میں شریک نہ ہو سکے تھے۔

س:۔ جنگ بدر سے واپس آکر حضورؐ نے صحابہ سے مشورہ کیا کہ جنگی قیدیوں کے معاملے میں کیا کیا جائے۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے۔ حضورؐ نے حضرت ابوبکرؓ کی رائے کو پسند فرمایا۔ بتائیے قیدیوں سے کیا فدیہ لیا گیا؟

ج:۔ ہر قیدی سے چار درہم فدیہ لے کر چھوڑ دیا۔

س:۔ آج کا دن کشت و خون کا دن ہے۔ بتائیے یہ کس نے کہا تھا؟

ج:۔ سعد بن عبادہؓ نے۔

س:۔ یہ الفاظ انہوں نے کب کہے تھے؟
ج:۔ فتح مکہ پر۔ جب وہ مکہ میں داخل ہوئے تھے۔
س:۔ صفوان بن امیہ اور عکرمہ بن ابو جہل نے قتال کے مقصد سے لوگوں کو کس مقام میں جمع کیا تھا؟
ج:۔ مقام خندمہ میں۔
س:۔ عبداللہ بن سعد کے بارے حضورؐ کا کیا حکم تھا؟
ج:۔ وہ مشرک اگر خانہ کعبہ کے پردوں میں بھی چھپا ہوا مل جائے تو اس کو قتل کر دو۔
س:۔ جب لشکر اسلام حنین کی طرف بڑھتے ہوئے وادی تہامہ سے گزر رہا تھا تو اسے کیا واقعہ پیش آیا تھا؟
ج:۔ دشمن نے اچانک حملہ کر دیا۔ بھگدڑ مچی تو لشکر اسلام بے تحاشا پلٹا۔ آدمی پر آدمی اور اونٹ پر اونٹ گرنے لگا۔
س:۔ اس بھگدڑ میں کیا ہوا؟
ج:۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ صرف چند مہاجر اور اہل بیت رہ گئے۔
س:۔ اس رجعت قہقری میں حضورؐ نے کیا فرمایا؟
ج:۔ اے لوگو کدھر جا رہے ہو۔ میری طرف آؤ۔ میں خدا کا رسول ہوں۔
س:۔ حضورؐ اس وقت پیدل تھے یا سوار؟
ج:۔ سفید گھوڑے پر سوار تھے۔ حضرت عباسؓ باگ پکڑے ہوئے تھے۔
س:۔ یہ کونسا گھوڑا تھا؟
ج:۔ یہ وہی گھوڑا تھا جو فروۃ الجزامی نے آپؐ کو ہدیہ بھیجا تھا۔
س:۔ تاریخ کہتی ہے اس وقت حضورؐ نے بلند آواز سے فرمایا مگر کیا فرمایا؟
ج:۔ یا معشرہ الانصار۔ یا معشر اصحاب السمرہ۔
س:۔ شکست کھا کر دشمنوں کی کیا حالت ہوئی؟
ج:۔ تین حصوں میں تقسیم ہوئے گئے۔ دم دبا کر بھاگے۔
س:۔ پہلا حصہ کس طرف بھاگا؟
ج:۔ طائف کی طرف۔
س:۔ دوسرا؟
ج:۔ اوطاس کی طرف۔

س:۔ تیسرا حصہ؟
ج:۔ نخلہ کی طرف۔
س:۔ اس جنگ میں دشمن کا علمبردار کون تھا؟
ج:۔ ذوالخمار۔
س:۔ جو حنین میں شکست کھا کر بھاگے تھے وہ کون تھے؟
ج:۔ بنی غیرہ۔ ثقیف کا ایک جزو۔
س:۔ ان کے تعاقب میں جو لوگ گئے ان میں ایک شخص ابن الدغنہ کے نام سے مشہور تھا۔ اس کا اصلی نام کیا تھا؟
ج:۔ ربیعہ بن رفیع۔
س:۔ غزوہ طائف میں طائف کی طرف کوچ کرتے ہوئے حضورؐ لیتہ کے مقام بحرۃ الرغا پہنچ گئے تو حضور نے کیا دینی کام انجام دیا؟
ج:۔ یہاں ایک مسجد تعمیر کرائی۔
س:۔ کہتے ہیں یہاں حضورؐ نے ایک اور کام بھی کیا تھا وہ کیا تھا؟
ج:۔ ایک خون کا قصاص لیا تھا۔ قاتل کو قتل کر دیا تھا۔
س:۔ لیتہ میں آپؐ نے ایک قلعے کو منہدم کرنے کا حکم بھی دیا تھا۔ یہ قلعہ کس کا تھا؟
ج:۔ مالک بن عوف کا۔
س:۔ قابل اعتماد اور ثقہ لوگوں کے بیان کے مطابق حضرت عثمانؓ نے غزوہ تبوک میں جیوش اسلام کے لئے کتنی دولت صرف کی تھی؟
ج:۔ ایک ہزار دینار۔
س:۔ سریہ ضحاک بن سفیان کلابی کا تاریخی پس منظر کیا ہے؟
ج:۔ ربیع الاول 9ھ میں حضورؐ نے ایک جیش کلاب کی طرف بھیجا۔ اس پر ضحاک بن سفیان بن عوف کو امیر کیا۔ اور اصیہ بن سلمہ کو بھی ان کے ساتھ بھیجا آج بھی جنگی ہوئی۔ کفار شکست ہوئی۔ وہاں پر ایک کنواں جہاں اصیدؓ بن سلمہ کو ان کا باپ ملا۔ اصید نے اپنے باپ کو اسلام کی دعوت دی۔ لیکن سلمہ نے اصید اور ان کے دین کو گالی دی۔ اصید نے سلمہ کے گھوڑے کو تلوار ماری جس سے وہ گھوڑے سے گر گیا تو اصید نے خود اپنے باپ کو قتل کر دیا۔
س:۔ عروہ ثقیف میں بڑے محبوب تھے۔ ان کی ہر بات چلتی تھی۔ ان کو یقین

تھا کہ مسلمان ہو جانے پر ان کی قوم مخالفت نہ کرے گی۔ قوم کو اسلام کی طرف بلانے کے لئے اپنے مکان کی شہ نشین پر نمودار ہوئے۔ قوم کو اسلام کی طرف بلایا تو بتائیے کیا ہوا؟

ج:۔ ہر طرف سے ان پر تیر برسنے لگے۔ شہید ہو گئے۔

س:۔ نبی کریمؐ کی ایک سے زیادہ بیویاں تھیں۔ ایسے میں ان کے درمیان عدل و توازن رکھنے میں حضورؐ نے کیا اسوۂ حسنہ قائم کیا؟

ج:۔ اپنی بیویوں کے حقوق کا لحاظ اور ان کے درمیان عدل و توازن آپؐ کا ایسا کارنامہ ہے جو مثالی حیثیت رکھتا ہے۔ بیوی کے تعلق میں معاشرتی حیثیت کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ خاوند اگر بیوی کو اپنے گھر میں عزت نہیں دیتا تو گھر کا نظام مستحکم نہیں ہو سکتا۔ آپؐ نے نہ صرف یہ کہ اپنی ازواج مطہرات کے وقار کا خیال رکھا بلکہ عورت کو بیوی کی حیثیت سے بلند مقام عطا کیا۔ آپؐ کے عمل اور آپؐ کے ارشادات سے یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ آپؐ اسوہ قرآن پاک کی اس آیت کی تفسیر ہے اور ان کے ساتھ اچھی طرح رہو سہو۔

س:۔ طائف سے واپسی پر آپؐ خالی ہاتھ گھر آئے تو یہ بات بعض بیویوں کو ناگوار گزری اور انہوں نے آپؐ سے مطالبہ کیا کہ انہیں بھی سیم و زر ملنا چاہیے۔ آپؐ کو اپنی درویشانہ طبیعت کی بنا پر ان کا یہ مطالبہ ناگوار محسوس ہوا۔ بتائیے قرآن کے حکم سے ان کو آپؐ نے کیا سزا دی؟

ج:۔ ایک مہینہ کے لئے ان سب سے الگ ہو گئے۔

س:۔ حضورؐ کے اس اقدام سے صحابہ کرام میں یہ عام خیال پیدا ہوا کہ آنحضرت نے ناراض ہو کر بیویوں کو طلاق دے دی ہے اس خیال سے عامتہ المسلمین میں کیا رد عمل ہوا؟

ج:۔ اس خیال سے سخت پریشانی پھیل گئی لیکن آپؐ نے اس بات کی تردید کر دی۔ آپؐ ایک ماہ کے بعد اپنے حجرہ سے باہر تشریف لائے۔

س:۔ یہ واقعہ تاریخ اسلام میں کس نام سے مشہور ہے؟

ج:۔ واقعہ ایلاء۔

س:۔ بیویوں کے حقوق میں معاشی تحفظ کو بھی اہمیت حاصل ہے قرآن پاک نے ان کے مہر و نفقہ کا حکم دیا ہے۔ حضورؐ نے ان امور کا اہتمام کیا؟

ج:۔ ان امور میں آپؐ کے اہتمام کا ذکر احادیث میں بصراحت موجود ہے۔ آپ

کم مہر کو پسند فرماتے تھے لیکن اسے عورت کا حق قرار دیتے ہوئے اسے ادا کرنا ضرور سمجھتے تھے۔

س:۔ حق مہر کی ادائیگی کے بارے میں حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج:۔ جس نے عورت سے اس ارادے سے شادی کی کہ وہ مہر ادا نہیں کرے گا وہ زانی ہے۔

س:۔ مہر کے بعد اہم چیز بیوی کے اخراجات کی ذمہ داری ہے۔ نبی کریمؐ نے اس سلسلے میں اصولی تعلیم کیا دی؟

ج:۔ حکم بن معاویہ سے مروی ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ شوہر پر بیوی کا کیا حق ہے۔ آپؐ نے فرمایا جب کھائے اسے کھلائے۔ جب پہنے اسے پہنائے۔ اس کے چہرے پر نہ مارے۔ اسے برا نہ کہے۔

س:۔ رسول اللہ کی خانگی زندگی کے بشری مظاہر میں زیادہ متاثر کرنے والا پہلو کونسا ہے؟

ج:۔ اس انسان کامل کی بشری زندگی کا جو پہلو بہت متاثر کرتا ہے وہ یہ ہے کہ آپؐ کے ہاں مرتبے کی تمام عظمتوں کے باوصف انسانی زندگی کے شائستہ مظاہر نظر آتے ہیں آپؐ اپنے گھر میں ازواج مطہرات سے جس طرح پیش آتے تھے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپؐ کے عادلانہ رویے سے ازواج مطہرات بڑی مطمئن تھیں۔

س:۔ رسول اللہ صلعم نے حجتہ الوداع پر جاتے ہوئے کس کو مدینہ کا عامل مقرر کیا؟

ج:۔ ابو رجانہ سعدی کو۔

س:۔ حج کیا ہے؟

ج:۔ رب البیت کی پرستش کا قدیم طریقہ۔

س:۔ سفر حج میں آفاقی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ جو شخص حدود میقات کے باہر سے آئے۔

س:۔ اس کے بعد؟

ج:۔ حضرت ابراہیم اور اسماعیل بھی کعبہ کے معمار بنے۔

س:۔ میزاب الرحمتہ کیا ہے؟

ج:۔ پرنالہ جس سے خانہ کعبہ کی چھت کا پانی نیچے گرتا ہے۔

س:۔ احرام کعبہ کیا ہے؟

ج:۔ خانہ کعبہ پر چڑھا ہوا سیاہ رنگ کا منقش غلاف۔

س:۔ حجراسود کا اور کیا نام ہے؟

ج:۔ یمین اللہ فی ارضہ۔

س:۔ حجراسود سے مصافحہ کرنا بھی کیا ہے؟

ج:۔ عبادت ہے۔

س:۔ حضرت زینبؓ بنت جحش کا نکاح حضورؐ کے ساتھ کس نے کرایا تھا؟

ج:۔ حضرت زینبؓ کے بھائی ابواحد بن جحش نے۔

س:۔ حضرت حفصہ بنت عمرؓ حضورؐ کی زوجیت میں آنے نے سے پہلے کس کی زوجیت میں تھیں؟

ج:۔ خلیس بن حذافہ سہمی کی زوجیت میں۔

س:۔ حضرت ام حبیبہؓ کا نکاح آنحضور صلعم سے کس نے کرایا تھا؟

ج:۔ خالد بن سعید ابن العاص۔

س:۔ حضورؐ کی کس زوجہ نے اپنے آپ کو رسول اللہؐ کے لئے ہبہ کر دیا تھا؟

ج:۔ حضرت میمونہؓ۔

س:۔ حضرت عمرؓ کب شہید ہوئے؟

ج:۔ 26 ذی الحجہ 23ھ کو۔

س:۔ آپ کو کس نے شہید کیا؟

ج:۔ فیروز نامی مجوسی النسل عیسائی نے۔

س:۔ آپ کس وقت شہید ہوئے؟

ج:۔ آپ صبح کی نماز میں شہید ہوئے۔

س:۔ آپ کے دور میں اسلام کو بڑی فتوحات حاصل ہوئیں بتائیں کتنے شہر فتح ہوئے؟

ج:۔ ایک ہزار چھتیس شہر۔

س:۔ مفتوحہ شہروں میں سے چند ایک کے نام بتائیں؟

ج:۔ شام۔ فلسطین۔ مصر۔ عراق۔ عجم۔ سیستان۔ مکران۔ خراسان۔

س:۔ حضرت علیؓ پر حملہ کرنے والے خارجی کا نام کیا تھا؟

ج:۔ ابن ملجم۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ نے حجتہ الوداع پر جاتے ہوئے کس کو مدینہ کا عامل مقرر کیا؟

ج:۔ ابو رجانہ سعدی کو۔

س:۔ حج کیا ہے؟

ج:۔ رب الیست کی پرستش کا قدیم طریقہ۔

س:۔ سفر حج میں آفاقی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ جو شخص حدود میقات کے باہر سے آئے۔

س:۔ اس کے بعد؟

ج:۔ حضرت ابراہیم اور اسماعیل بھی کعبہ کے معمار بنے۔

س:۔ میزاب الرحمتہ کیا ہے؟

ج:۔ پرنالہ جس سے خانہ کعبہ کی چھت کا پانی نیچے گرتا ہے۔

س:۔ احرام کعبہ کیا ہے؟

ج:۔ خانہ کعبہ پر چڑھا ہوا سیاہ رنگ کا منقش غلاف۔

س:۔ حجراسود کا اور کیا نام ہے؟

ج:۔ یمین اللہ فی ارضہ۔

س:۔ حجراسود سے مصافحہ کرنا بھی کیا ہے؟

ج:۔ عبادت ہے۔

س:۔ حضرت زینبؓ بنت جحش کا نکاح حضورؐ کے ساتھ کس نے کرایا تھا؟

ج:۔ حضرت زینبؓ کے بھائی ابواحمد بن جحش نے۔

س:۔ حضرت حفصہ بنت عمرؓ حضورؐ کی زوجیت میں آنے سے پہلے کس کی زوجیت میں تھیں؟

ج:۔ خلیس بن حذافہ سہمی کی زوجیت میں۔

س:۔ حضرت ام حبیبہؓ کا نکاح آنحضور ﷺ سے کس نے کرایا تھا؟

ج:۔ خالد بن سعید ابن العاص۔

س:۔ حضورؐ کی کس زوجہ نے اپنے آپ کو رسول اللہؐ کے لئے ہبہ کر دیا تھا؟

ج:۔ حضرت میمونہؓ۔

س:۔ حضرت عمرؓ کب شہید ہوئے؟

ج:۔ 26 ذی الحجہ 23ھ کو۔

س:۔ آپ کو کس نے شہید کیا؟

ج:۔ فیروز نامی مجوسی النسل عیسائی نے۔

س:۔ آپ کس وقت شہید ہوئے؟

ج:۔ آپ صبح کی نماز میں شہید ہوئے۔

س:۔ آپ کے دور میں اسلام کو بڑی فتوحات حاصل ہوئیں بتائیں کتنے شہر فتح ہوئے؟

ج:۔ ایک ہزار چھتیس شہر۔

س:۔ مفتوحہ شہروں میں سے چند ایک کے نام بتائیں؟

ج:۔ شام۔ فلسطین۔ مصر۔ عراق۔ عجم۔ سیستان۔ مکران۔ خراسان۔

س:۔ حضرت علیؓ پر حملہ کرنے والے خارجی کا نام کیا تھا؟

ج:۔ ابن ملجم۔

س:۔ حضرت شقران کے بارے میں تاریخ کیا کہتی ہے؟

ج:۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے حبشی غلام تھے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو ہبہ کر دیا۔ حضورؐ نے ان کو آزاد کر دیا۔

س:۔ حضورؐ نے حضرت شقران کو کیا کام سونپا ہوا تھا؟

ج:۔ مستورات کے ناقوں کی حدی خوانی کرتے تھے۔

س:۔ حضرت ابو رافعؓ کس کے غلام تھے؟

ج:۔ حضرت عباسؓ کے۔ انہوں نے ان کو حضورؐ کو پیش کر دیا۔

س:۔ حضرت سفینہ کے بارے تاریخ کیا کہتی ہے؟

ج:۔ آپ فارسی تھے۔ حضرت ام سلمہ زوجہ رسول ﷺ کے غلام تھے۔ انہوں آزاد کر کے رسول مقبول ﷺ سے مشروط کر دیا۔

س:۔ آپ کا نام سفینہ کیوں تھا؟

ج:۔ آپ صحابہ کرام کا وزنی سامان اٹھاتے تھے۔

س:۔ ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج:۔ رومان۔

س:۔ حضورؐ کے ساتھ غزوات میں شریک ہونے کے علاوہ آپ کیا کرتے تھے؟

ج:۔ اذان دیتے تھے۔

س:۔ رسول کریم ﷺ کے خریدے اور آزاد کئے ہوئے غلام ابو کبشہؓ کا

اصلی نام کیا تھا؟

ج:۔ سلیم۔

س:۔ ابو کبشہؓ نے کن غزوات میں شرکت کی؟

ج:۔ بدر اور دیگر غزوات میں۔

س:۔ رو یقع کون تھے؟

ج:۔ رسول کریمؐ کے خریدے ہوئے آزاد کردہ غلام۔

س:۔ آپ کا اصلی نام کیا تھا؟

ج:۔ ابو مویہہ۔

س:۔ رباح الاسود کون تھے؟

ج:۔ آزاد کردہ غلام۔ رسول اللہ ﷺ کے لئے کبھی کبھی اذان بھی دیتے تھے۔

س:۔ فضالہ کون تھے؟

ج:۔ غلام تھے۔ کسی نے ہدیہ کے طور پر حضورؐ کو پیش کیا تھا۔

س:۔ مدعم کون تھے؟

ج:۔ حبشی غلام تھے۔ رفاعہ بن زید الجزامی نے حضورؐ کو پیش کیا۔

س:۔ ابخشہ کون تھے؟

ج:۔ رسول مقبولؐ کے ہدی خواں غلام تھے۔

س:۔ آنحضرتؐ خاص مواقع اور مقدس ایام و تقریبات پر خصوصی خطبے ارشاد کرتے۔ رمضان المبارک کے فضائل و محاسن پر آپؐ نے کیا خطبہ دیا؟

ج:۔ لوگو! تمہارے پاس عظیم و مبارک مہینہ آگیا ہے اس مہینے میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے۔

اللہ نے اس مہینے میں روزے واجب کر دیئے ہیں۔ اور عبادت شب کو نفل قرار دیا ہے۔

جس نے یہ نفل ادا کیا گویا اس نے غیر رمضان میں فرض ادا کیا۔

یہ مہینہ صبر کا مہینہ ہے۔ اور صبر کا اجر جنت ہے۔ یہ مہینہ مساوات انسانی کا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں مومن کا رزق بڑھتا ہے۔

جس نے کسی روزہ دار کو روزہ افطار کرایا۔ اللہ اس کے گناہ بخش دے گا۔

جو افطار کرانے کا ثواب مفطر کے روزے کے برابر ہو گا بغیر اس کے کہ

اس کے ثواب سے کچھ کم کر دیا جائے۔ اللہ یہ ثواب ہر شخص کو ادا کرے گا جو کسی روزہ دار کو افطار کرائے۔ خواہ افطاری کھجور' لسی یا پانی کا ایک گھونٹ ہی کیوں نہ ہو جس نے روزہ دار کا شکم سیر کیا اللہ اس کو حوض کوثر سے اس طرح سیراب کرے گا کہ اس کو جنت میں داخلے تک پیاس نہ لگے گی۔

اس مہینے کے ابتدائی حصے میں رحمت ملے گی۔ درمیانی حصے میں مغفرت ملے گی اور آخری حصے میں جہنم سے بالکل گلو خلاصی حاصل ہو گی۔

جو اس مہینے میں غلام سے زائد کام نہ لے گا اللہ اس کو جہنم سے بالکل نجات دے دے گا۔

(بحوالہ مشکوٰۃ المصابیح)

س:۔ آپ کا مہتمم بالشان خطبہ کونسا ہے؟

ج:۔ آپ کا مہتمم بالشان خطبہ وہ ہے جو آپؐ نے حجتہ الوداع کے موقعہ پر دیا تھا۔ یہ خطبہ احکام شریعت کا ایک سادہ سا مجموعہ ہے۔ جو سلاست' روانی' شستگی الفاظ اور جامعیت کے لحاظ سے اپنی نظیر آپ ہے۔

س:۔ حجتہ الوداع کا خطبہ آپ نے کہاں اور کب دیا۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟

ج:۔ 10 ھ میں آنحضرت نے حج بیت اللہ کا ارادہ فرمایا یہ خبر تمام اطراف میں پھیل گئی۔ اور ہزارہا مسلماں آپؐ کی ہمرکابی کے لئے جمع ہو گئے۔ 26 ذیقعدہ کو آپؐ مدینہ منورہ سے چلے اور 5 ذوالحجہ کو مکہ پہنچ کر خانہ کعبہ کا طواف دو رکعت نماز ادا کی پھر مناسک حج ادا کرتے رہے۔ 29 ذوالحجہ کو عرفات میں تشریف لے گئے۔ اور اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر حج کا خطبہ دیا۔ آپؐ نے فرمایا۔ لوگوں سنو کیونکہ شاید اس سال کے بعد اس جگہ اس مہینہ میں اس شہر میں تم سے نہ مل سکوں۔ مجھ سے سنو۔ میں تفصیل سے بیان کر دوں۔

لوگو! تمہارا خون' تمہارا مال اس دن اس ماہ اور اس شہر کی حرمت کی طرح حرام ہے۔ تاآنکہ تم اپنے رب سے جا ملو۔ کیا میں نے بات پہنچا دی۔ اے اللہ گواہ رہنا۔ جس شخص کے پاس کوئی امانت ہو وہ جس کی امانت ہے اسے لوٹا دے۔ جاہلیت کا سود ختم کیا جاتا ہے۔ پہلا سود جس سے میں اس حکم کا آغاز کرتا ہوں میرے چچا عباس بن عبدالمطلب کا سود ہے۔ جاہلیت کا خون ہدر ہے اور اس ضمن میں پہلا خون جسے ہم معاف کرتے ہیں عمرو بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب کا خون ہے۔ جاہلیت کے اعزازات ختم کئے جاتے ہیں۔ بجز خدمت

کعبہ کے اور حجاج کو پانی پلانے کے قتل عمد میں قصاص ہو گا اور شبہ عمد کہ کسی کو لاٹھی یا پتھر سے مار ڈالا جائے اس میں سو اونٹ دینے ہوں گے۔ جو اس پر اضافہ کرے گا وہ اہل جاہلیت میں سے ہے۔ کیا میں نے حق تبلیغ ادا کر دیا۔ اے اللہ گواہ رہنا۔ پھر فرمایا۔

لوگو! تمہاری عورتوں کا تم پر حق ہے۔ اور تمہارا ان پر حق۔ تمہارا حق یہ ہے کہ وہ تمہارے بستر پر کسی دوسرے کو دعوت نہ دیں۔ اور تمہاری اجازت کے بغیر کسی آدمی کو تمہارے گھر نہ آنے دیں جسے تم ناپسند کرتے ہو اور کوئی بے حیائی کا کام نہ کریں۔ اگر وہ ایسا کریں تو اللہ نے تمہیں اجازت دے دی ہے کہ انہیں خواب گاہوں میں اکیلا چھوڑ دیں۔ اور انہیں اس طرح مارو کہ کوئی نشان نہ پڑے۔ اگر باز آ جائیں اور تمہاری اطاعت کرنے لگیں تو تمہارے ذمہ دستور کے مطابق ان کا نفقہ اور لباس ہے۔ عورتیں تمہارے پاس قیدی ہیں اپنے لئے کوئی اختیار نہیں رکھتیں۔ اللہ کی امانت کے طور پر تم نے انہیں حاصل کیا اور اللہ کے کلمے سے تمہارے لئے ان سے تمتع جائز ہوا۔ عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو اور ان کے ساتھ بھلائی کا سلوک کرو۔ کیا میں نے حق تبلیغ ادا کر دیا۔ اے اللہ گواہ رہنا۔ پھر فرمایا۔

جو شخص اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے شخص کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرے یا جو غلام اپنے موالی کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرے اس پر اللہ کی' فرشتوں کی اور سب انسانوں کی لعنت ہو۔ اس سے کوئی بدلہ اور معاوضہ وصول نہیں کیا جائے گا۔

نیز فرمایا کہ عربی کو عجمی پر اور کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں مگر تقویٰ کے ساتھ۔

س:۔ خطبہ خم غدیر حضورؐ نے کس مقام پر دیا تھا اور اس میں کس امر کی وضاحت فرمائی تھی؟

ج:۔ حج سے فراغت کے بعد آپؐ مہاجرین و انصار کی معیت میں مدینہ کی طرف لوٹے۔ اثنائے سفر میں غدیر خم کے مقام پر کیا۔ اور پھر خطبہ ارشاد فرمایا۔

لوگو! میں بھی انسان ہوں اور بہت ممکن ہے کہ خدا کا فرشتہ جلد آ جائے اور مجھے جانا پڑے۔ میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ ایک اللہ کی کتاب دوسرے میرے اہل بیت۔ ان کو مضبوطی سے تھامے رہنا۔ اور میں ان کے

بارے میں تم کو خدا کی یاد دلاتا ہوں۔
(اس فقرے کو آپؐ نے تین بار دہرایا)
کیا تم نہیں جانتے کہ میں مومنوں میں ہر مسلمان پر اس کی جان سے زیادہ حق رکھتا ہوں۔
پھر فرمایا۔

بار الہا۔ جس کا میں مولا اس کا علیؓ مولا۔ الہی جو علیؓ سے محبت رکھے تو بھی اس سے محبت رکھنا اور جو علیؓ سے عداوت کرے تو بھی اس سے عداوت رکھنا۔

س:۔ رسول اللہ ﷺ کا آخری خطبہ کونسا ہے؟

ج:۔ زمانہ علالت میں جب آپؐ کو افاقہ ہوتا تو مسجد میں نماز کے لئے تشریف لاتے۔ صحابہ کو اپنے دیدار سے مشرف فرماتے۔ حضرت فضل بن عباس سے روایت ہے کہ ایک روز آپؐ بخار کی حالت میں سر پر پٹی باندھے مسجد میں تشریف لائے۔ اور فرمایا کہ اے فضل میرا ہاتھ پکڑ کر لے چلو۔ آپؐ منبر پر رونق افروز ہوئے۔ جب لوگ حاضر ہوئے تو آپؐ نے ذیل کا خطبہ کا ارشاد فرمایا۔

لوگو! میں خدا کی حمد کرتا ہوں۔ جس کے سوا کوئی خدا نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک اس نے ہمارے حقوق مقرر کر دیئے ہیں۔

تو جس کی پشت پر میں نے تازیانہ مارا ہوا یہ میری پشت حاضر ہے قصاص لے لے۔ اور جس کو برا بھلا کہا ہو وہ بھی اپنا بدلہ لے لے۔

اور اگر کسی سے میں نے مال لیا ہو تو میرا مال حاضر ہے اس میں سے اپنا حق لے لے۔ اور یہ نہ سوچنا کہ اس قصاص سے میرے دل میں کینہ پیدا ہو گا۔ یہ میری فطرت نہیں۔ آگاہ ہو کہ تم میں سے وہ شخص مجھے زیادہ پسند ہو گا جو مجھ سے اپنا حق لے لے یا مجھے معاف کر دے تاکہ میں سکون و اطمینان کے ساتھ اللہ سے ملاقات کر سکوں۔

اور میں یہ محسوس کر رہا ہوں کہ اس قدر کہنا کافی نہ ہو گا مجھے یہ اعلان کئی بار کرنا پڑے گا۔

لوگو! جس کے پاس بھی کسی کی کوئی چیز ہو تو وہ اسے واپس کر دے اور دنیا کی بدنامی و رسوائی کا خیال نہ کرے۔ کیونکہ دنیا کی ذلت آخرت کی رسوائی سے کمتر

ہے۔

ایک (بندے) کو اللہ نے اختیار دیا کہ دنیا لے لے یا جو اللہ کے پاس ہے اس کو چن لے۔

تو اس نے وہی پسند کیا جو اللہ کے پاس ہے۔

(بخاری ج 1 ص 516)

س:۔ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ میں پہلا خطبہ دیتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا۔

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں۔ اسی کی تعریف کرتا ہوں۔ اسی سے مدد چاہتا ہوں۔ اسی سے معافی چاہتا ہوں۔ اسی سے ہدایت طلب کرتا ہوں۔ اسی پر ایمان رکھتا ہوں۔ اور اس سے انکار نہیں کرتا جو اس کا انکار کرے اس سے عداوت رکھتا ہوں۔ اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ لا شریک ہے۔ اور محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ انہیں ہدایت دے کر' نور اور موعظت رسولوں کی آمد کی بندش' قلت علم لوگوں کی گمراہی' زمانہ کے اختتام' قرب قیامت' موت کے قریب آ جانے پر بھیجا۔

جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا۔ راست رو ہو گا۔ جو ان کی نا فرمانی کرے گا گمراہ ہو گا حد سے بڑھ جائے گا اور ضلالت میں جا پڑے گا۔ مسلمانوں کے لئے بہترین وصیت وہ ہے جو ان کو آخرت کے لئے آمادہ کرے۔ اور انہیں اللہ سے ڈرنے کا حکم دے۔ ان امور سے بچتے رہو جن سے اللہ نے روکا ہے۔

اس سے بہتر کوئی نصیحت نہیں۔ اور اس سے بہتر کوئی ذکر نہیں۔

اللہ کا تقویٰ جو شخص خوف اور خشیت الٰہی سے اس پر عمل کرتا ہے اور سچے دل سے آخرت کا طالب ہے اور اپنے مخفی اور ظاہری امور کی جو اس کے اور اللہ کے درمیان ہیں اصلاح کرتا ہے۔ اور اس سے صرف خدا کی خوشنودی چاہتا ہے۔ اس کے لئے یہ امر دنیا میں یادگار موت کے بعد ذخیرہ ہو گا۔ اور جو شخص اس کے سوا دوسری طرح کے اعمال کرتا ہے وہ تمنا کرے گا کہ کاش اس کے اور قیامت کے درمیان ایک بعید فاصلہ ہوتا۔

اللہ اپنے آپ سے تمہیں ڈراتا ہے۔ اور وہ بندوں پر مہربان ہے۔ وہ ایسا

ہے جو سچی بات کرتا ہے۔ وعدہ پورا کرتا ہے۔ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ کیونکہ اس کا ارشاد ہے۔ میرے ہاں بات بدلی نہیں جاتی۔ اور میں بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

پس اللہ سے ڈرو اپنی دنیا اور آخرت کے معاملات ہیں۔ مخفی اور ظاہر امور میں۔ کیونکہ جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کے گناہ دور کر دے گا اور اسے بہت بڑا اجر دے گا۔ جو اللہ سے ڈرا اس نے بہت کامیابی حاصل کر لی۔

س:۔ حدیبیہ کی صلح کے بعد آنحضرتؐ نے ایک دن تمام صحابہ کو جمع کیا تو کیا خطبہ دیا؟

ج:۔ اے لوگو! اللہ نے مجھے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اس لئے میرے متعلق تم لوگ اس طرح اختلافات نہ کرو۔ جس طرح حضرت عیسیٰ کے متعلق ان کے حواریوں نے کیا تھا۔

صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ! حواریوں نے کس طرح اختلاف کیا؟ آپ نے فرمایا۔

عیسیٰؑ نے حواریوں کو اسی چیز کی دعوت دی تھی جس کی میں نے تمہیں دعوت دی ہے۔ عیسیٰ نے ان میں سے جن لوگوں کو قریب کے مقامات پر بھیجا وہ تو اس سے خوش رہے لیکن جنہیں دور بھیجا تھا انہوں نے ادھر کا رخ نہ کیا تو عیسیٰؑ نے اللہ سے ان کی شکایت کی تو نتیجہ یہ ہوا کہ انکار کرنے والوں میں سے ہر آدمی ناراض ہو گیا۔

س:۔ حضورؐ نے نیکی اور بدی کی تشریح کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج:۔ نیکی حسن اخلاق ہے۔ اور گناہ وہ ہے جو دل میں کھٹک پیدا کرے۔

اپنے دل سے پوچھ کر اپنے نفس سے فتویٰ لیا کرو نیکی وہ ہے جس سے دل اور نفس میں طمانیت پیدا ہو اور گناہ وہ ہے جو دل میں کھٹکے اور دل کو ادھیڑ بن میں اگرچہ لوگ تمہیں اس کا کرنا جائز ہی کیوں نہ بتائیں۔ انسان کی یہ داخلی کیفیات اس کے ضمیر ہی سے تعلق رکھتی ہیں یہی خدا کا وہ واعظ ہے جو انسان کے اندر پہرہ دینے کے لئے بٹھایا گیا ہے تاکہ اسے سیدھے راستے پر قائم کرے۔ اور بھٹکنے سے روکے۔

جب تمہاری نیکی تمہیں خوشی بخشے اور تمہاری بدی تم کو غمگین کر دے تم مومن ہو۔

س:۔ فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ کے خطبہ کے ارشادات رقم کریں؟

ج:۔ وہ مکہ جس کے رہنے والوں نے اسلام کو صفحہ ہستی سے مٹا دینے میں کوئی کوتاہی نہ کی تھی فتح ہوا تو حضورؐ کا رد عمل تاریخ انسانی کا عظیم معجزہ ہے۔ جس کی مثال ملنا مشکل ہے۔ آپؐ نے سواری پر بیت اللہ کا طواف کیا اور بتوں کو چھڑی سے ٹھوکتے ہوئے کعبۃ اللہ کے دروازے پر پہنچے اور وہاں لوگوں سے درج ذیل خطاب فرمایا۔ حق آگیا اور باطل گیا اور باطل کو جانا ہی تھا۔

نہیں ہے کوئی خدا مگر وہ کہ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اس نے اپنا وعدہ پورا کر دکھایا۔

اپنے بندہ کی مدد کی اور تمام لشکروں کو تہس نہس کر دیا آگاہ ہو کر زمانہ جاہلیت کے تمام مفاخرخوں بہا وغیرہ کو میں نے اپنے پاؤں تلے مسل دیا۔

صرف تولیت کعبہ اور حاجیوں کی آب رسانی کا کام بدستور جاری رہے گا۔

اے قوم قریش! اللہ نے زمانہ جاہلیت کی نخوت اور نسبی غرور کو ختم کر دیا۔

سب لوگ [illegible] السلام کی اولاد ہیں اور آدمؑ مٹی سے بنے تھے اور جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے۔

اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا۔ اور شاخیں اور قبیلے بنائے۔

تم میں خدا کے نزدیک سب سے معزز وہی ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے۔

خدا نے جس دن سے آسمان و زمین بنائے اس شہر کو محترم قرار دیا ہے اور قیامت تک یونہی اس کا احترام رہے گا۔

مجھ سے پہلے کسی کو اس میں لڑائی کی اجازت نہیں دی گئی۔ اور مجھے بھی بس تھوڑی دیر کے لئے اجازت دی گئی ہے۔ پس یہ شہر بہ حرمت خدا قیامت تک محترم و مکرم رہے گا۔ نہ اس کے کانٹوں کو توڑا جائے گا۔ اور نہ اس کا شکار ہنکایا جا سکتا ہے۔ نہ ہی اس میں پڑی ہوئی کس کو چیز اٹھائی جا سکتی ہے ہاں اگر مالک کی تلاش کے لئے اٹھائی جائے تو جائز ہے۔ اور حد تو یہ ہے کہ حرم کی گھاس تک نہیں کاٹی جا سکتی۔

(بخاری و مسلم)

س:۔ حضورؐ کا خطبہ خیف کیا ہے؟

ج:۔ مکہ فتح ہو چکا تو آنحضرتؐ نے منیٰ کے پاس مقام خیف میں قیام فرمایا۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں مکی زندگی کے دوران جب قریش نے آپؐ کے خاندان کا مقاطعہ کیا تو آپؐ اپنے خاندان سمیت تین برس تک مقیم رہے۔ اسی مناسبت سے یہ جگہ شعب ابو طالب کہلائی۔ حضورؐ نے یہاں درج ذیل خطبہ دیا۔ اللہ اس آدمی کو تر و تازہ رکھے جس نے میری بات سن کر یاد کی۔ پھر اسے ان لوگوں تک پہنچا دیا جنھوں نے نہ سنی۔ کیونکہ بہت سے مسئلہ جاننے والے لوگ بھی نا سمجھ ہوتے ہیں۔ اور بسا اوقات لوگ ایک مسئلہ کو ایسے شخص تک پہنچا دیتے ہیں جو ان سے بہت زیادہ سمجھدار ہوتا ہے۔

تین باتیں ایسی ہیں جو مسلمان کا سینہ پاک رکھتی ہیں۔ علم میں خلوص۔ مسلمان حاکم وقت کی خیر خواہی۔ اور ہمیشہ جماعت کا ساتھ دینا۔ کہ ان کی دعا اس کی پشت پر رہے گی۔ جس کو آخرت کا خیال ہے اللہ اس کے سارے کام درست کرے گا۔

اس کا دل غنی ہو گا۔

اور دنیا ذلیل ہو کر خود اس کے پاس آ جائے گی۔

اور جو دنیائے غم میں پریشان ہو گا۔

اللہ اس کے سارے کام پراگندہ کر دے گا۔

اور ان تمام کوششوں کے باوجود مقدر سے زیادہ ہرگز نہ پائے گا۔

(اعجاز القرآن ص 112)

س:۔ حضورؐ نے جعرانہ میں کیا خطبہ دیا تھا؟

ج:۔ 8 ھ میں غزوہ حنین پیش آیا۔ اس موقع پر جو مال غنیمت ہاتھ آیا تھا وہ مقام جعرانہ میں جمع کیا گیا اور پھر آپؐ نے اس میں سے مکہ کے نو مسلموں کو تالیف قلوب کے لئے بڑی فیاضی سے انعامات دیئے۔

یہ لوگ آنحضرتؐ کے قریبی اور ہموطن تھے انصار کے بعض نوجوانوں کو یہ بات ناگوار گزری۔ آپؐ کو علم ہوا تو آپؐ نے کھڑے ہو کر یہ خطبہ دیا۔

اے گروہ انصار!

کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ تم پہلے گمراہ تھے پھر میری وجہ سے تم نے ہدایت پائی۔

تم بکھرے ہوئے تھے میری وجہ سے جمع ہوئے۔

تم مفلس تھے خدا نے میری وجہ سے تم کو غنی کر دیا۔
ہاں بخدا تم بھی یہ کہہ سکتے ہو اور یہ کہنا تمہارا سچ ہو گا کہ اے محمد تم ہمارے پاس اس وقت آئے جب ساری دنیا تمہاری تکذیب کر رہی تھی۔
اس وقت ہم ہی تھے جنھوں نے تمہاری تصدیق کی۔ سب نے تم کو چھوڑ دیا تھا لیکن ہم نے مدد کی۔
دوسروں نے تم کو نکال دیا تھا ہم نے تمہیں پناہ دی۔
تم غریب تھے ہم نے تمہاری مدد کی۔
لیکن اے انصار!
کیا تم کو یہ پسند نہیں کہ لوگ بکریاں اور اونٹ لے کر گھر جائیں اور تم پیغمبر کو لے کر اپنے گھر جاؤ۔
خدا کی قسم تم لوگ جس چیز کو لے کر واپس جاؤ گے وہ اس سے بہتر ہے جس کو یہ لوگ لے کر جا رہے ہیں۔

س:۔ غزوہ تبوک کے بارے میں حضورؐ نے کیا خطبہ دیا تھا؟

ج:۔ 9ھ میں آنحضرت کو اطلاع ملی کہ رومیوں نے مدینہ منورہ پر حملے کے لئے سرحد شام میں ایک بہت بھاری لشکر جمع کیا ہے جس میں عرب قبائل بھی شامل ہیں۔ آپؐ نے مناسب سمجھا کہ اس جارحیت کو روک دیا جائے تاکہ ملک کے اندرونی امن کو خطرہ لاحق نہ ہو۔ مقابلہ چونکہ ایک زبردست دشمن سے تھا اس لئے آپؐ نے مجاہدین اسلام کو تیاری کا حکم دیا۔ اور مسلمانوں سے چندے کی اپیل کی جس پر لوگوں نے پر زور لبیک کہا۔
تیس ہزار جمعیت لے کر آپؐ تبوک پہنچے تو معلوم ہوا کہ خبر صحیح نہ تھی۔ آپ نے وہاں صحابہ کرام کے سامنے ایک بلیغ خطبہ دیا۔ جو جوامع الکلم کا بہترین نمونہ ہے۔ حمد و ثناء کے بعد آپؐ نے فرمایا۔
امابعد خدا کے کلام سے سچا اور کوئی کلام نہیں۔
کلمہ تقویٰ سے بہتر کوئی مضبوط رشتہ نہیں۔
ابراہیمؑ کی ملت سے بہتر کوئی ملت نہیں۔
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے بہتر کوئی سنت نہیں۔
اللہ کا ذکر سارے اذکار پر شرف رکھتا ہے۔
بہترین حکایت قرآن ہے۔

بہترین کام اولو العزمی کے کام ہیں۔
بدعلت سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔
انبیائے کے راستے سے بہتر کوئی راستہ نہیں۔
ہدایت کے بعد گمراہی پرلے درجے کی نابینائی ہے۔
بہترین کام وہ ہیں جو نفع بخش ہوں۔
بہترین ہدایت وہ ہے جس کی پیروی کی جائے۔
بدترین کورے دل کا اندھا پن ہے۔
اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔
تھوڑا اور کافی مال غفلت میں ڈالنے والی تونگری سے بہتر ہے۔
بدترین معذرت وہ ہے جو ہنگام نزع کی جائے۔
اور سب سے بری ندامت قیامت کی ندامت ہے۔
بعض لوگ جمعہ میں حاضر ہوتے ہیں مگر ان کی دل غائب ہوتے ہیں۔
بعض لوگ بہت کم ذکر خدا کرتے ہیں۔
سب سے بڑی مجرم جھوٹی زبان ہے۔
سب سے بڑی دولت بے نیازی ہے۔
بہترین زاد راہ تقویٰ ہے۔
خوف الٰہی حکمت کا سرچشمہ ہے۔
سچی بات دل میں بیٹھ جاتی ہے۔
شک کفر کی علامت ہے۔
خیانت جہنم کا سامان ہے۔
بدمست ہونا آگ میں جھلسنا ہے۔
شعر گوئی شیطانی مشغلہ ہے۔
شراب گناہوں کو محیط ہے۔
مال یتیم کھانے سے بدتر کوئی کھانا نہیں۔
شقی ماں کے پیٹ ہی میں بدبخت ہوتا ہے۔
ہر ایک کو زمین سے چار ہاتھ حصہ ملے گا۔
کام کے انجام پر نظر ہونی چاہیے۔
عمل کا انحصار نتیجہ پر ہے۔

جھوٹا خواب بدترین خواب ہے۔
مومن کو گالی دینا فسق ہے۔
مومن سے لڑائی کفر ہے۔
مومن کی غیبت اللہ کی سب سے بڑی معصیت ہے۔
مومن کا مال اس کی جان کے برابر محترم ہے۔
جو غصہ ضبط کرتا ہے خدا اس کو عوض دیتا ہے۔
جو لوگوں کے عیب پھیلاتا ہے خدا اس کو ذلیل کرتا ہے۔
صابر کو خدا دگنا اجر دیتا ہے۔
نافرمان کو خدا عذاب دیتا ہے۔

(زاد المعارج 1ص 467)

س:۔ رسول اللہ ﷺ نے اطاعت امیر کے بارے میں خطبہ کی صورت میں کیا فرمایا؟

ج:۔ امیر کی اطاعت اسلام کا ایک رکن اور مسلمانوں کی شیرازہ بندی کا اہم ذریعہ ہے۔

مجھ سے پہلے ہر نبی کا یہ فرض تھا کہ وہ اپنی امت کو خیر کی طرف دعوت اور شر سے بچنے کی نصیحت کرے۔

میری امت کیلئے ابتدائی دور سکون و اطمینان کا ہوگا لیکن آخری دور ابتلا و خلفشار کا زمانہ ہوگا۔

ہر آنے والا فتنہ اور حادثہ فتنوں سے زیادہ تباہ کن ہوگا۔

اے مسلمانو!

دوسروں کا مال حرام طریقہ سے نہ کھاؤ۔

یاد رکھو امیر کی اطاعت جائز امور میں ہے لیکن جب اس کی اطاعت اللہ کی معصیت کی طرف لے جائے تو پھر امیر کی اطاعت ختم ہو جاتی ہے۔

(مسلم ج 2ص 126)

س:۔ حضرت فاطمہ بنت قیس سے روایت ہے کہ حضورؐ نے دجال کے بارے میں خطبہ دیا۔ وہ خطبہ کیا ہے؟

ج:۔ روایت ہے کہ ایک روز آنحضرتؐ نے منادی کرائی کہ سب لوگ نماز کے لئے جمع ہو جائیں۔ لوگ جمع ہوئے آپؐ کے پیچھے نماز پڑھی۔ پھر آپؐ منبر پر

جلوہ افروز ہوئے۔ اور ذیل کا خطبہ ارشاد فرمایا۔
میں نے تم کو اس وقت کسی وعظ و نصیحت کے لئے جمع نہیں کیا بلکہ واقعہ یہ ہے کہ تمیم داری جو نصرانی تھا آج مسلمان ہوا ہے۔ اور وہ دجال کے متعلق ایک واقعہ سناتا ہے۔ جو میرے اس بیان کے مطابق ہے جو میں نے دجال کی بابت تم سے بیان کیا تھا۔
وہ کہتا ہے کہ قبیلہ لخم و جزام کے تیس مردوں کے ساتھ ایک کشتی پر سوار ہوا۔ موجوں کے تلاطم نے ایک مہینہ تک پریشان کیا پھر مغرب کے قریب ہم کشتی میں سوار ہو کر جزیرے میں داخل ہوئے۔
ہم نے وہاں ایک مخلوق دیکھی۔ جس پر لمبے لمبے بال اس قدر تھے کہ آگے پیچھے کی تمیز مشکل ہو گئی تھی۔ ہم لوگوں نے پوچھا۔ تم کون ہو؟
وہ کہنے لگی کہ میں جساسہ ہوں۔
ہم لوگوں نے کہا۔ جساسہ کا کیا مطلب ہے؟
اس نے کہا تم دیر میں جاؤ۔ وہاں ایک شخص ملے گا۔ جو تمہارے حالات معلوم کرنے کا مشتاق ہے۔
جب اس نے آدمی کا تذکرہ کیا تو ہم ڈرے۔ یہ کوئی شیطان کی خالہ نہ ہو۔
بہر کیف ہم دیر میں داخل ہوئے۔ وہاں جا کر کیا دیکھتے ہیں کہ ایک لحیم شحیم آدمی ہے۔ ایسا عجیب الخلقت اور بھاری بھر کم آدمی پہلے نہیں دیکھا تھا۔
وہ شخص جکڑا ہوا تھا۔ اور اس کے ہاتھ گھٹنوں کے بیچ میں سے نکل کر گردن سے بندھے ہوئے تھے۔ ہم نے پوچھا کہ تم کون ہو؟
اس نے کہا تم کو تو ہمارا پتہ ملے گا۔ تم بتاؤ کون ہو؟
ہم نے کہا۔ ہم عرب کے رہنے والے ہیں۔ سمندر میں سفر کر رہے تھے۔ ایک مہینہ تک طوفان میں پھنسے رہے۔ پھر اس جزیرہ کی طرف نکل آئے۔ ہم نے جزیرہ میں داخل ہوتے ہی ایک عجیب و غریب مخلوق دیکھی جو لمبے لمبے بالوں سے ڈھکی ہوئی تھی۔ ہم نے پوچھا تم کون ہو۔ اس نے کہا جساسہ۔
ہم نے کہا کہ یہ جساسہ کیا بلا ہے؟ اس نے کہا کہ تم دیر میں جاؤ وہاں تمہیں ایک آدمی ملے گا۔ ہم بہ عجلت تمام یہاں پہنچے۔ ہمیں ایسا خیال تھا کہ وہ چڑیل نہ ہو۔
یہ سن کر اس نے ہم سے نخلستان کی بابت استفسار کیا۔ ہم نے کہا تم کس کا حال

معلوم کرنا چاہتے ہو۔ اس نے کہا میرا منشا یہ ہے کہ اس نخلستان میں برگ و بار آتے ہیں یا نہیں ہم نے کہا کہ ہاں آتے کیوں نہیں۔ اس نے کہا کہ عنقریب وہ سب بے ثمر ہو جائیں گے۔

پھر اس نے کہا۔ بحر طبریہ کا کیا حال ہے؟

ہم نے کہا کیا حال ہے؟

اس نے کہا کیا اس میں پانی ہے۔ ہم نے کہا اس میں تو کافی پانی ہے۔

اس پر وہ بولا عنقریب اس کا پانی خشک ہو جائے گا۔ پھر اس نے دریافت کیا کہ چشمہ زغر کا کیا حال ہے؟ کیا اس چشمہ میں پانی ہے؟ اور اس کے پانی سے وہاں کے لوگ اپنے کھیتوں کو سینچ رہے ہیں۔

ہم نے کہا۔ ہاں پانی تو بہت ہے اور لوگ اس کے پانی کو اپنے کھیتوں کو سرسبز و شاداب بنا رہے ہیں۔

پھر اس نے پوچھا کہ نبی امیؐ نے اب تک کیا کیا ہے؟

ہم نے کہا کہ انہوں نے مکہ کو ترک کر دیا ہے اور مدینہ میں سکونت اختیار کر لی ہے۔

اس نے پوچھا کہ کیا عرب ان سے جدال و قتال کر چکے ہیں؟

ہم نے کہا کہ ہاں۔

لڑائی کا انجام کیا ہوا۔ اس نے پھر سوال کیا۔

ان کا سب پر غلبہ ہوا اور لوگ ان کے مطیع ہو گئے۔

ہم نے جواب دیا۔

اس نے کہا کہ واقعی ایسا ہو گیا ہے؟ ہم نے کہا کہ ہاں ایسا ہی ہوا ہے۔ پھر اس نے کہا کہ ان کے لئے اطاعت ہی مناسب ہے۔ اب سنو کہ میں کون ہوں۔

میں دجال ہوں۔ مجھے امید ہے کہ جلد ہی مجھ کو یہاں سے خروج کی اجازت مل جائے گی۔ اور کوئی جگہ ایسی نہ ہو گی جہاں میں نہ جاؤں گا سوائے مکہ و مدینہ کے۔ میرا سفر چالیس دن تک جاری رہے گا۔ مجھے مکہ و مدینہ میں جانے کی اجازت نہ ہو گی۔ جب میں ان شہروں میں سے کسی شہر میں داخل ہونا چاہوں گا تو فرشتے مجھے کوڑے ماریں گے۔ داخل نہ ہونے دیں گے۔

س:۔ حدود قائم کرنے کے بارے میں حضور نے کیا خطبہ صادر فرمایا؟

ج:۔ آنحضرت حدود قائم کرنے میں بڑی نرمی برتتے تھے۔ معمولی سے شبہ پر

بھی ملزم کو چھوڑ دیتے تھے۔ تاہم جرم قطعی طور پر ثابت ہو جاتا تو پھر کسی کی سفارش نہ سنتے اور مجرم کو قرار واقعی سزا دینا ضروری سمجھتے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ قریش کے معزز گھرانے کی ایک عورت نے چوری کا ارتکاب کیا اور حضورؐ کے سامنے پیش کی گئی۔ اس کے رشتہ داروں نے حضرت اسامہ بنؓ زید سے سفارش کرائی۔ آپؐ نے سنا تو رنگ بدل گیا کہ تم حد شرعی کے بارے میں سفارش کرتے ہو۔

پھر آپؐ نے خطبہ فرمایا۔

تم حد شرعی کے بارے سفارش کرنے آئے ہو تو تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ پچھلی امتیں اسی لئے تباہ ہو گئیں کہ جب ان میں سے کوئی معزز آدمی چوری کرتا تھا تو اس کو چھوڑ دیتے اور جب کوئی کمزور آدمی چوری کرتا تو اس کی سزا دیتے۔ خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ اگر فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرتی میں اس کے بھی ہاتھ کٹوا دیتا۔

س:۔ حضورؐ کا وہ خطبہ کیا ہے جس میں آپؐ نے مسلمانوں کو تبلیغ دعوت کی وسعت کا احساس دلایا؟

ج:۔ اس خطبے میں حضورؐ نے فرمایا۔

س:۔ قرآن تو دنیا کے لئے نصیحت ہے اور تم ایک زمانے کے بعد اس کی خبر جانو گے؟

ج:۔ میں کالے اور گورے سب انسانوں کی طرف بھیجا گیا ہوں مجھ سے پہلے جو نبی بھی گزرا ہے وہ اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا۔ پہلے ہر نبی خاص اپنی قوم کی خاطر بھیجا جاتا تھا۔ پہلے ہر نبی اپنی قوم کی طرف معبوث ہوتا تھا اور میں تمام انسانوں کے لئے معبوث ہوا ہوں۔ میری بعثت اور قیامت اس طرح ہیں۔

یہ فرماتے ہوئے نبیؐ نے اپنی دو انگلیاں اٹھائیں۔ مطلب یہ تھا کہ جس طرح ان دو انگلیوں کے درمیان کوئی تیسری انگلی نہیں اسی طرح میرے اور قیامت کے درمیان بھی کوئی بنوں نہیں۔

س:۔ حضورؐ نے معاشی زندگی کے رہنما اصولوں کے متعلق کئی خطبات صادر فرمائے۔ ان میں سے کوئی ایک خطبہ بیان کریں؟

ج:۔ معاشی زندگی دراصل اس جدوجہد کا نام ہے جو معاشی اصطلاح کے مطابق انسانی احتیاجات کی تکمیل کے لئے دولت کمانے اور اسے صرف کرنے سے

متعلق ہے یہ غنائم تمہارے ہی لئے ہیں میری اپنی ذات کا ان میں کوئی حصہ نہیں بجز خمس کے اور وہ خمس بنی اجتماعی مصالح پر صرف کر دیا جاتا ہے۔ للهٰذا ایک سوئی اور ایک ایک دھاگا تک لا کر رکھ دو۔ کوئی چھوٹی یا بڑی چیز چھپا کر نہ رکھو۔ ایسا کرنا شرمناک ہے اور اس کا نتیجہ دوزخ ہے۔

س:۔ آنحضورؐ سب کچھ مستحق لوگوں میں تقسیم کر دیا کرتے تھے۔ آپؐ کی حیثیت ایک نمائندہ کی تھی جو مسلمانوں کی امانت پر متصرف تھا۔ آپؐ کے کسی خطبے سے اس امر کی وضاحت کریں؟

ج:۔ حضورؐ نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ جب کسی نبی کو معاشی تسکین کا سامان مہیا کرتا ہے تو وہ ان کے بعد اس کے سپرد ہوتا ہے جو ان کا قائم مقام ہوتا ہے۔

اور جس نے خدا سے خوف کیا وہ پورا پورا کامیاب ہوا اور یاد رکھو کہ تقویٰ انسان کو اس کی برہمی' عتاب اور ناراضی سے بچاتا ہے۔ پرہیز گاری چہرہ کو روشن' اللہ کو خوش اور مرتبہ کو بلند کرتی ہے۔

لوگو! احکام خداوندی پر عمل کرو۔ اپنا مقسوم حاصل کرو۔ اور اس کی اطاعت میں کوتاہی نہ کرو۔ دوسروں پر احسان کیا کرو۔ اس کے دشمنوں سے نفرت کرو۔ اور اس کی راہ پر اچھی طرح جہاد کرو۔

س:۔ ہجرت کے پہلے سال نبی سالم کے محلے میں نماز جمعہ کے خطبے میں حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج:۔ حمد مخصوص ہے اللہ کے ساتھ میں اسی کی مدح کرتا ہوں۔ اور اسی سے مغفرت کا طالب ہوں۔ میں اسی پر ایمان رکھتا ہوں۔ اور اس کے کسی حکم سے انکار نہیں کرتا۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور محمدؐ اس کا بندہ اور رسول ہے۔

جس کو اس نے ہدایت و نور کے ساتھ ایسے دور میں بھیجا جب انبیاء کا سلسلہ منقطع ہو چکا تھا۔ علم نابود ہو رہا تھا۔ لوگ گمراہ تھے۔ زمانہ درہم برہم تھا۔ ہر طرف قیامت برپا تھی۔ اور موت کا فرشتہ سر پر منڈلا رہا تھا۔

پس جس نے خدا کے بھیجے ہوئے رسول کی اطاعت کی اس نے ہدایت پائی۔ اور جس نے نافرمانی کی وہ ضلالت و گمراہی کے غار میں گر پڑا۔

میں تم کو پرہیزگار بننے کی وصیت کرتا ہوں۔ کیونکہ ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان کو اس سے بہتر وصیت نہیں ہو سکتی کہ وہ اسے زاد راہ آخرت مہیا کرنے کی تلقین کرے اور خدا سے ڈرتے رہنے کی وصیت کرے۔

اللہ سے ڈرو جیسا کہ خود اس نے اپنی ذات سے تم کو ڈرانے کا حکم دیا ہے۔
اس سے بہتر کوئی نصیحت نہیں اور نہ اس سے بہتر کوئی وعظ ہو سکتا ہے۔
یاد رکھو کہ جو خوف خدا کی وجہ سے تقویٰ اختیار کرے گا وہی اخروی نعمتیں زائد حاصل کر سکے گا۔

اور جو اپنا معاملہ خلوص کے ساتھ خدا سے استوار کرے گا وہ دنیا میں نیک نام ہو گا اور آخرت کے دن کٹھن مرحلوں میں فائز المرام ہو گا۔ جبکہ ہر شخص کو اپنے اعمال حسنہ کی سخت ضرورت ہو گی۔ اور برے اعمال سے سخت نفرت ہو گی۔

جب وہ اپنے سیاہ اعمال کو دیکھے گا تو ان ہولناک مضرتوں کو دیکھ سکے گا اور کہے گا کہ کاش یہ اعمال مجھ سے بہت دور کے فاصلہ پر ہوتے۔

اللہ تم کو اپنی ذات سے ڈراتا ہے۔ وہ اپنے بندوں پر بے حد مہربان ہے۔ قسم ہے اس کی ذات کی جس کی بات سچی اور وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے کہ یہ بات اٹل ہے کیونکہ خود اس کا ارشاد ہے کہ میرے حضور بات نہیں بدلی جاتی اور نہ میں بندوں پر ظلم کرتا ہوں۔

پس تم اپنے دینی اور دنیاوی امور میں ظاہر و باطن میں اللہ کی برہمی سے ڈرو کیونکہ جو خدا کے غصے سے ڈرتا ہے اللہ اس کے گناہ کو معاف کر دیتا ہے۔ اور اس کو بڑھا کر اجر دیتا ہے۔

اور جس نے خدا سے خوف کیا وہ پورا پورا کامیاب ہوا اور یاد رکھو کہ تقویٰ انسان کو اس کی برہمی' عتاب اور ناراضی سے بچاتا ہے۔

پرہیزگاری چہرہ کو روشن' اللہ کو خوش اور مرتبہ کو بلند کرتی ہے احکام خداوندی پر عمل کرو۔ اپنا مقسوم حاصل کرو اور اس کی اطاعت میں کوتاہی نہ کرو۔

اللہ تم کو کتاب کی تعلیم دے چکا ہے اور تم پر راہ حق واضح کر چکا ہے۔ اب وہ دیکھنا چاہتا ہے کہ تم میں جھوٹا کون ہے۔ اور سچا کونسا ہے۔

لوگو! دوسروں پر تم احسان کیا کرو۔ جس طرح اس نے تم پر احسان کیا۔ اس کے دشمنوں سے نفرت کرو اور اس کی راہ پر اچھی طرح جہاد کرو۔ اس نے تم کو

منتخب کیا اور مسلمان بنایا۔
اب ہلاکت ہو گی تو وہ بھی دلیل کے ساتھ اور زندگی ہو گی تو وہ بھی دلیل کے ساتھ اور خدا کے سوا کوئی قوی نہیں۔
اللہ کا ذکر بہت کیا کرو۔ اور آنے والے دن کے لئے اعمال کا ذخیرہ کر لو۔ اور جس نے خدا کے دامن سے اپنے کو وابستہ کیا اور اپنا معاملہ صاف رکھا تو اللہ ہر معاملہ میں اس کی دستگیری کرے گا۔ خدا جو چاہے فیصلہ کرے لوگ اس کے خلاف فیصلہ نہیں کر سکتے وہ سب کا مالک ہے۔ کسی کا زر خرید نہیں۔
وہ سب سے بڑا ہے اور ہر قسم کی طاقت و قوت کا تاجدار ہے۔

(طبری 12ص 255)

س:۔ رسول پاک ﷺ نے فضیلت کلاک پاک پر کیا خطبہ دیا؟
ج:۔ حضورؐ نے اپنے اس خطبہ میں فرمایا۔
حمد اللہ ہی کے لئے مخصوص ہے۔ میں اس کی حمد کرتا ہوں۔ اسی طالب امداد ہوں۔ اور اپنے نفس کی سرکشی اور اپنے اعمال کی کجروی سے پناہ مانگتا ہوں جس کو اللہ ہدایت دے اس کی کوئی ہدایت نہیں کر سکتا۔ میں گواہی دیتا کہ اللہ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔ بہترین کلام قرآن مجید ہے۔ جس کے دل کو اللہ نے قرآن سے سرفراز کیا اور جس کو کفر کی گمراہی سے نکال کر اسلام کے محل میں داخل کیا اور اس نے انسانی باتوں سے ہٹ کر قرآن کو اپنے لئے چن لیا وہ یقیناً کامیاب ہوا۔ جس کو اللہ پسند کرے اس تم کو بھی پسند کرو۔ اور اپنے دل کی گہرائیوں میں اس کی محبت کو جاگزیں کر لو۔
کلام الٰہی پڑھنے میں کبیدگی اور اس کے ذکر سے کشیدگی اختیار نہ کرو۔ نہ اپنے دل کو اس کے لئے سخت کرو۔
اللہ کی عبادت کرو اور اس کا کسی کو شریک نہ قرار دو۔ اور زبان سے جو نکالو اس کو کر دکھاؤ۔
اور محبت الٰہی کے زیر سایہ تم آپس میں ایک دوسرے سے خلوص و محبت سے رہو۔

(اعجاز القرآن)

س:۔ اپنی بیٹی سیدۃ النساء فاطمتہ الزہرا کے نکاح پر حضورؐ نے کیا خطبہ دیا تھا؟
ج:۔ اس موقعہ پر آپؐ نے مندرجہ ذیل خطبہ دیا تھا۔

تمام تعریفیں اس خدا کے ساتھ مخصوص ہیں جو نعمتیں دینے والا ہے۔ اور ہر شے جس کی قدرت و ہیبت کی وجہ سے اس کے سامنے سرنگوں ہے اور جس کے عذاب سے خوف زدہ رہنا چاہیے۔
اس کا حکم زمین اور آسمان پر جاری ہے۔
اس نے اپنی قدرت سے مخلوقات کو پیدا کیا۔ اس کو حلال و حرام کی تمیز عطا کی۔
دین اسلام کے ذریعے سے ان کو عزت دی اور اپنے نبی محمد کے واسطے سے ان کو مکرم و معزز کیا۔
اللہ نے ازدواجی رشتے کو قرابت کا ذریعہ بنایا۔

اختتامیہ

س:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو دعوت لے کر اٹھے وہ کس مزاج کی تھی؟
ج:۔ وہ عالمگیریت کی حامل تھی۔ دنیا بھر کے انسانوں کے لئے تھی۔
س:۔ قرآن پاک کا عمومی لب و لہجہ کیسا ہے؟
ج:۔ پوری نوع انساں کو خطاب کرنے کا۔
س:۔ اس دعوت کی کوئی اور خصوصیت؟
ج:۔ اس دعوت میں بلالؓ و خبابؓ کو ابو سفیان اور عتبہ ایسے سرداروں سے زیادہ درجہ حاصل تھا۔
س:۔ اس دعوت کا نصب العین کیا تھا؟
ج:۔ دنیا میں حاکمیت الٰہی کا قیام و نفاذ۔
س:۔ دعوت اسلامی کا مخصوص و منفرد کردار کیا تھا؟
ج:۔ مجاہدانہ کردار۔
س:۔ اس تنظیم و تحریک کا اہم اصول کیا تھا؟
ج:۔ سمع و اطاعت۔
س:۔ اس کا دوسرا اصول کیا تھا؟
ج:۔ شورائیت۔
س:۔ اس کا تیسرا اصول کیا تھا؟
ج:۔ باہمی خیر خواہی۔

س:۔ اس کا چوتھا اصول کیا تھا؟

ج:۔ اخوت و تعاون۔

س:۔ حضورؐ نے دعوت اسلامی کا آغاز کیسے کیا؟

ج:۔ بڑے نامساعد حالات میں۔ ساری دنیا دشمن تھی۔

س:۔ حضورؐ کے معجزۂ کلام سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ حضورؐ کا نطق مبارک۔

س:۔ ایک بار حضرت علیؓ نے حضورؐ کے مسلک زندگی کے بارے کچھ سوالات کئے تھے۔ وہ سوالات کیا تھے؟

ج:۔ حضرت علیؓ نے پوچھا۔ آپؐ کا سرمایہ کیا ہے۔

س:۔ حضورؐ نے جواب دیا؟

ج:۔ عرفان۔

س:۔ آپؐ کا کردار کیا ہے؟

ج:۔ جہاد۔

س:۔ رضائے الٰہی آپؐ کے نزدیک کیا ہے؟

ج:۔ میری غنیمت۔

س:۔ سب سے عزت کی موت کونسی ہے؟

ج:۔ شہادت۔

س:۔ سب سے افضل بات کیا ہے؟

ج:۔ اللہ کا ذکر۔

س:۔ بہترین ہدایت کونسی ہے؟

س:۔ سب سے بہترین کتاب کونسی ہے؟

ج:۔ قرآن مجید۔

س:۔ بہترین تونگری کیا ہے؟

ج:۔ دل کی بے نیازی۔

س:۔ اسلام میں جہاد کیا ہے؟

ج:۔ زندگی کا جزو ہے۔

س:۔ متکبر آدمی کے بارے کیا حکم ہے؟

ج:۔ جنت میں داخل نہ ہو گا۔

س:۔ مال اور اولاد کی محبت کے بارے قرآن میں کیا ہے؟
ج:۔ خدا کی یاد سے غافل کرتی ہے۔
س:۔ حضورؐ نے ملت کے اندر کس چیز کو سب سے زیادہ اہمیت دی؟
ج:۔ اتحاد کو۔
س:۔ آخرت کے عقیدے سے کیا ہوتا ہے؟
ج:۔ ذمہ داری پیدا ہوتی ہے۔
س:۔ اسلام کس چیز کو وجہ امتیاز قرار دیتا ہے؟
س:۔ حضورؐ کو چودہ نکاتی منشور کہاں ملا تھا؟
ج:۔ حضورؐ کو معراج میں چودہ نکاتی منشور دیا گیا تھا۔
س:۔ نخوت و تکبر کی چال کے بارے حضورؐ نے کیا فرمایا؟
ج:۔ نخوت اور تکبر سے پرہیز کرو۔ غرور کی چال سے نہ تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ پہاڑوں سے اونچے ہو سکتے ہو۔

کتابیات

فہرست ماخذ

مراجع و مصادر

1:۔ احکام القرآن۔ ابوبکر الجصاص' المطبعۃ البہیہ مصر۔
2:۔ احکام القرآن۔ قاضی ابوبکر بن العربی۔ طبع مصر۔
3:۔ اسد الغابہ۔ ابن الاثیر۔
4:۔ الاستیعاب۔ حافظ ابو عمر بن عبدالبر حیدر آباد دکن۔ دائرۃ المعارف۔
5:۔ الاشاعہ فی اشراط الساعہ۔ محمد بن عبدالرسول البرزنجی۔
6:۔ الاصابہ فی تمیز الصحابہ۔ حافظ ابن حجر۔
7:۔ الامامتہ والسیاست۔ ابن قیبہ۔
8:۔ الانقاء۔ حافظ عمر بن عبدالبر۔ المکتبہ القدسی قاہرہ۔
9:۔ البدایہ والنہایہ۔ ابن کثیر۔ مطبعتہ السعادہ مصر۔
10:۔ البیان والتبیین۔ الجاحظ۔ مطبعتہ الفتوح الادبیہ مصر۔
11:۔ الجوہرۃ المنیفہ فی شرح شرح وصیتہ الامام ابی حنیفہ دائرۃ المعارف حیدر آباد

دکن۔
12:- الدرر الکامنہ۔ ابن حجر العسقلانی۔
13:- الریاض النضرہ فی مناقب العشرہ۔ محب الدین الطبری۔
14:- السیر۔ امام محمد شیبانی۔
15:- السیرۃ النبویہ۔ ابن ہشام۔
16:- السنن الکبریٰ۔ بیہقی
17:- الصواعق المحرقہ۔ ابن حجر الہیتمی۔
18:- العقد الفرید۔ ابن عبد ربہ لجنتہ التالیف والترجمہ۔
19:- العواصم من القواصم۔ قاضی ابوبکر ابن العربی۔
20:- الغفران۔ ابوالعلا معری۔
21:- الفصل فی الملل والاھوا والنحل۔ ابن حزم۔
22- الفرق بین الفرق۔ عبدالقاہر البغدادی۔
23:- الفقہ الاکبر۔ امام ابوحنیفہ۔
24:- الفہرست۔ ابن الندیم۔
25:- الکامل فی التاریخ۔ ابن الاثیر۔
26:- کشاف۔ زمخشری۔
27:- المبسوط۔ السرخی۔
28:- المغنی و الشرح الکبیر۔ ابن قدامہ۔
29:- الموطا۔ امام مالک۔
30:- الوصیہ۔ امام ابوحنیفہ۔
31:- تاریخ الامم و الملوک۔ الطبری۔
32:- تاریخ الخلفاء۔ السیوطی۔
33:- تاریخ الوزرا۔ الجشیاری۔
34:- تاریخ بغداد۔ الخطیب۔
35:- تحفہ اثنا عشریہ۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی۔
36:- تذکرۃ الحفاظ۔ الذہبی۔
37:- ترجمان القرآن۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی۔
38:- تفسیر قرآن العظیم۔ ابن کثیر۔

39:- تفہیمات۔ حضرت مولانا ابوالاعلیٰ مودودی۔

40:- تفہیم القرآن """"""

41:- تکملہ۔ ابن خلدون؟

42:- تہذیب التہذیب۔ ابن حجر۔

43:- ثلاث رسائل۔ الجاحظ

44:- جامع البیان فی تفسیر القرآن۔ ابن جریر الطبری۔

45:- حسن المحاضرہ۔ السیوطی۔

46:- حلیۃ الاولیاء۔ ابو نعیم الاصفہانی۔

47:- ذیل الجواہر المضیۃ۔ ملا علی قاری۔

48:- رسالۃ الصحابہؓ۔ ابن المقفع۔

49:- رسائل و مسائل۔ ابوالاعلیٰ مودودی۔

50:- روح المعانی۔ علامہ آلوسی۔

51:- سنن ابن ماجہ۔

52:- سنن ابوداؤد۔

53:- سنن الدارمی۔

54:- سنن الترمذی۔

55:- سنن نسائی۔

56:- شرح السیر الکبیر۔ السرخسی۔

57:- شرح الطحاویہ۔ ابن ابی العز الحنفی۔

58:- شرح الفقہ الاکبر۔ ملا علی قاری مطبع مجتبائی دہلی۔

59:- شرح مسلم۔ امام بخاری۔

60:- صحیح مسلم۔ امام مسلم۔

61:- طبقات ابن سعد۔

62:- عمدۃ القاری۔ بدرالدین عینی۔

63:- عیون الاخبار۔ ابن قتیبہ۔

64:- فتاویٰ۔ ابن تیمیہ۔

65:- فتح الباری۔ ابن حجر۔

66:- کتاب الام۔ امام شافعی۔

Rs. 200.00

ISLAMI

اسلامی کتاب گھر

پبلیشرز و ڈسٹریبیوٹرس

۲۸۶۱، کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی۔۲